معجم القرآن
ولقد یسرنا القرآن للذکر فهل من مدکر
سید فضل الرحمٰن
www.maktabah.org

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ O

قرآنی الفاظ کی مکمل و مفصل فہرست مع ترجمہ وتراکیب،

صرف ونحو اور حوالہ جات واشاریہ

مُعجمُ القُرآن

حافظ سید فضل الرحمٰن

زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز

نام کتاب : معجم القرآن
مؤلف : حافظ سید فضل الرحمٰن
صفحات : ۵۷۶
پہلا ایڈیشن : ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۴ء
دوسرا ایڈیشن : ۱۴۰۷ھ/۱۹۸۶ء
تیسرا ایڈیشن : ربیع الثانی ۱۴۲۹ھ/اپریل ۲۰۰۸ء

ناشر

اے-۴/۱۷، ناظم آباد نمبر ۴، کراچی - فون: ۶۶۸۴۷۹۰
E-mail:syed.azizurrahman@gmail.com

اشارات

۱	ح	باب	حَسِبَ، يَحْسِبُ
۲	س	//	سَمِعَ، يَسْمَعُ
۳	ض	//	ضَرَبَ، يَضْرِبُ
۴	ف	//	فَتَحَ، يَفْتَحُ
۵	ک	//	كَرُمَ، يَكْرُمُ
۶	ن	//	نَصَرَ، يَنْصُرُ
۷	است	//	استفعْال
۸	اف	//	افعال
۹	افت	//	افتعال
۱۰	افعلا	//	اِفْعِلَال
۱۱	افعیلا	//	افعيلال
۱۲	انف	//	انفعال
۱۳	تف	//	تفعيل
۱۴	تفا	//	تفاعل
۱۵	تفع.	//	تفعل
۱۶	مفا	//	مفاعلة

فہرست عنوانات

تقریظ

حضرت ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خانؒ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لغاتِ قرآن اور الفاظِ قرآن پر ہمارے بڑے بڑے علماء نے کام کیا ہے بلکہ غیر مسلموں نے بھی بالخصوص فہرستِ الفاظ پر متعدد کتابیں شائع کی ہیں۔ خود ہمارے دور میں اور ہمارے ملک میں بھی ایسی کئی کتابیں مرتب ہوئی ہیں جن کی افادیت مسلم ہے۔ لیکن ایک ایسی کتاب کی پھر بھی ضرورت محسوس ہورہی تھی جس میں افہام وتفہیم کا طریقہ زیادہ سے زیادہ آسان ہو، صرف ونحو کی تصریحات بھی شامل ہوں اور بیک نظر تمام الفاظ کے مقامات آسانی سے تلاش کرلئے جائیں۔ اس مقصد کے پیش نظر ہمارے مخدوم زادہ مولانا حافظ فضل الرحمٰن صاحب مدجدہ نے موضوع سے متعلق متعدد کتابوں کا مطالعہ کرکے اور عرصے کی تگ ودو کے بعد یہ پاکیزہ کتاب مرتب فرمائی ہے جس سے بفضلہٖ تعالیٰ امید ہے کہ ہر مبتدی کے لئے آسانی ہوگی اور وہ کم سے کم وقت میں قرآن سے بہت قریب ہوسکے گا۔

اللہ پاک حضرت مؤلف، حضرت کاتب اور ہر قاری کو جزائے خیر اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین۔

فقط

احقر غلام مصطفیٰ خان

۹۔ شعبان ۱۴۰۵ھ

تقریظ

علامہ مولانا محمد عبدالرشید نعمانی

بسم الله الرحمن الرحيم

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب نقشبندی مجددی علیہ الرحمہ علمی حلقۂ احباب میں محتاجِ تعارف نہیں۔ میں نے مولانا ممدوح کے بارے میں اپنے تاثرات کا ذکر اس مضمون میں کر دیا ہے جو ''مقاماتِ زواریہ'' میں شائع ہو چکا ہے۔

حضرت شاہ صاحبؒ کے خلف الرشید صاحبزادہ حافظ سید فضل الرحمٰن صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی یہ مختصر اور جامع فرہنگ اس انداز سے مدون کی ہے کہ ہر لفظ جس شکل میں قرآن مجید میں وارد ہوا ہے اسی طرح اس کو اپنی اصلی صورت میں بہ ترتیب حروف ہجا مرتب کر کے اس کے معنی اور ضروری تشریح نقل کر دی ہے، پھر ہر لفظ کے ساتھ اس کا اشاریہ بھی ذکر کر دیا ہے تاکہ ضرورت کے وقت قرآن کریم سے مراجعت میں آسانی ہو۔ اس طرح یہ کتاب مختصر ہونے کے ساتھ عام لوگوں کے لئے خاصی مفید بن گئی ہے۔ اس کتاب کی مزید خصوصیات خود مؤلف نے اس کے دیباچے میں ذکر کر دی ہیں جس سے اس کی افادیت کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

ہمارے محترم جناب منشی محمد اعلیٰ صاحب شروع سے دینی ذوق رکھتے تھے۔ توفیقِ الٰہی نے ان کی دستگیری کی ہے۔ بزرگوں کی صحبت اور فیضان نے ان کی صلاحیتوں کو جلا بخشی ہے۔ ابتدا میں کسبِ حلال کے لئے خوشنویسی کو اپنا ذریعہ معاش بنایا، بہت سی دینی کتابیں ان کی حسن کتابت کا آئینہ ہیں۔ تقسیم ملک کے بعد موصوف نے ادارۂ مجددیہ کی تاسیس کی اور حضرات اکابرِ نقشبندیہ کی تصانیف اور ان کے تراجم شائع کئے۔ نیز اپنے شیخ حضرت مولانا سید زوار

حسین شاہ صاحب علیہ الرحمہ کی تالیفات کو بھی نہایت اہتمام سے شائع کیا۔ اس کتاب کی اشاعت کی سعادت بھی حق تعالیٰ کی طرف سے ہمارے منشی صاحب ہی کی قسمت میں آئی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کارِ خیر میں برکت دے، اس خدمت کو قبولیت سے نوازے اور ان حضرات کی سعی کو مشکور فرمائے۔ آمین۔ والحمد للہ اولاً وآخراً۔

محمد عبدالرشید نعمانی

۱۳۔ رجب ۱۴۰۵ھ

☆ سابق مہتمم ومفتی واستاذِ حدیث مدرسہ امینیہ، دہلی، مہتمم جامعۃ الصالحات، کراچی

تقریظ

مولانا مفتی محمد ضیاء الحق دہلویؒ ☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم! امابعد قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کا کلام ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا علمی معجزہ ہے جو آپ کی نبوت کی طرح قیامت تک آپ کی نبوت کی دلیل کے طور پر باقی رہے گا۔ قرآن مجید بندوں کے نام اللہ تعالیٰ کا آخری پیغام اور بہترین ضابطۂ حیات ہے۔ جس کی حفاظت کی ذمہ داری خود اس نے لی ہے۔ اور اپنے کچھ مخلص بندوں کو اس کی خدمت پر مامور فرما دیا، حفاظ کی لامحدود تعداد نے اسے اپنے سینوں میں محفوظ کرلیا، قرّا نے اس کے الفاظ اور حروف کی صحتِ ادائیگی پر بے پناہ محنت کی، اور علمائے عظام نے ضخیم تفاسیر لکھ کر اس کے معانی و مطالب کی توضیح و تشریح کی اور اپنی عمریں اس پر صرف کردیں۔ روئے زمین پر بغیر تحریف و تغیر اور تنسیخ کے سب سے زیادہ چھپنے والی اور سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب قرآن مجید ہے۔ مسلمانوں کا شاید ہی کوئی گھر ہو جس میں روزانہ قرآن مجید کی تلاوت نہ کی جاتی ہو۔

قرآن مجید ایک مجرب نسخہ ہے جس نے مردہ قوموں کے سینوں کو نور سے جگمگا دیا اور ان کو دنیا کا ہادی اور رہبر بنا دیا۔

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

عربی زبان کی نحو و صرف، علمِ معانی و علم بیان، علمِ اخلاق اور نہ جانے کتنے علوم و فنون اسی کتاب کی بدولت مدون و مرتب ہوئے اور اس کے عجائبات تا قیامِ قیامت ختم نہ ہوں گے۔

حضرت شاہ عبدالقادرؒ تحریر فرماتے ہیں کہ ''جب میں ایک آیت کا ترجمہ لکھنے بیٹھتا تھا تو

☆ سابق مہتمم و مفتی و استاذِ حدیث مدرسہ امینیہ، دہلی، مہتمم جامعۃ الصالحات، کراچی،

میرے سامنے معانی ومطالب کے فوارے چھوٹنے لگتے تھے۔''

مختلف حضرات نے مختلف انداز میں اپنے اپنے ذوق کے مطابق قرآن مجید کی خدمت کی ہے۔ حضرات علمائے کرام نے متعدد کتابیں ''لغات القرآن'' کے نام سے لکھی ہیں جو متداول ہیں اور جو قرآن مجید کے سمجھنے میں ممد ومعاون ہیں۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی زیر نظر کتاب ہے جسے حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ مرحوم ومغفور کے فرزند بلند ارجمند جناب حاجی حافظ سید فضل الرحمٰن صاحب زید مجدہم نے مرتب کیا ہے۔

کتاب کے چند صفحے میں نے دیکھے۔ موصوف نے حروف تہجی کے حساب سے اسے مرتب کیا ہے کہ الفاظ کو تلاش کرنے میں سہولت ہو پھر وہ لفظ رفعی حالت میں کہاں اور نصبی اور جری حالت میں کہاں کہاں استعمال ہوا ہے اور اس کے معنی کیا ہیں۔ ہر لفظ کے ساتھ سورت اور آیت کا حوالہ بھی ہے جہاں جہاں قرآن مجید میں وہ استعمال ہوا ہے۔

کتابت اور طباعت بھی اعلیٰ ہے جس کا کریڈٹ جناب منشی محمد اعلیٰ صاحب خوشنویس کو پہنچتا ہے۔ اللہ تعالیٰ حافظ صاحب موصوف کی اس کاوش کو قبول فرمائیں اور کتاب کو قبولیتِ عامہ بخشیں۔ آمین

علما اور طلبا کے لئے خاص طور پر مفید ہے اور ان کے زیرِ مطالعہ رہنی چاہئے۔

خادمِ علما

محمد ضیاء الحق دہلوی

مقدمہ طبع اول

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد للّٰہ و کفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ. اما بعد،

حق سبحانہٗ وتعالیٰ قرآن مجید فرقان حمید میں ارشاد فرماتا ہے:

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ (ص:۲۹)

یہ ایک مبارک اور بابرکت کتاب ہے جس کو ہم نے آپ کی طرف نازل فرمایا تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور وفکر کریں اور تاکہ عقل مند لوگ اس سے نصیحت حاصل کریں۔

اس آیتِ مبارکہ میں حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے مسلمانوں کو قرآنِ کریم پڑھنے، اس کے معنی سمجھنے، اس میں غور وفکر کرنے اور اس سے نصیحت حاصل کرنے کی ترغیب فرمائی ہے۔ نیز حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ (بخاری)

تم میں وہ شخص بہتر ہے جو قرآن مجید کا علم حاصل کرے اور دوسروں کو سکھائے۔

اس حدیث شریف سے بھی قرآن کریم پڑھنے اور پڑھانے کی فضیلت واضح ہے۔

قرآنِ کریم کے جملہ علوم، تفسیر وتراجم اور لغات پر ابتدائے اسلام سے آج تک ہر دور اور ہر قرن میں علمائے کرام نے اپنی اپنی فکر وہمت کے مطابق بڑا کام کیا اور بے شمار ضخیم مجلدات تیار فرمائیں۔ نیز غالباً ۱۹۴۵ء میں محترم حضرت علامہ مولانا عبدالرشید نعمانی مدظلہ العالی نے بھی چھ ضخیم جلدوں میں ''لغات القرآن'' تالیف فرمائی جو ندوۃ المصنفین دہلی سے شائع ہوکر خراجِ تحسین حاصل کرچکی ہے۔ چونکہ اس زمانے میں پارہ اور رکوع کے حوالے کا

رواج تھا اسی کو مولانا موصوف نے اپنی تالیف میں اختیار کیا، لیکن اب سہل پسندی کا دور ہے سورۃ اور آیت کے نمبر کا حوالہ کافی سمجھا جانے لگا اس لئے پیش نظر تالیف میں اس پر عمل کیا گیا۔

ان کوششوں اور تالیفات کے پیش نظر بظاہر مزید کسی تالیف کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی تھی۔ لیکن بفحوائے آیتِ کریمہ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ یعنی حق تعالیٰ کے علم کا کوئی احاطہ نہیں کرسکتا مگر جس قدر وہ چاہے۔'' اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے جب قدر جس سے کام لینا چاہا اسی قدر اس پر علوم کی راہیں کھول دیں نیز یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ جس طرح قرآن کریم کے علوم پر اب تک کام ہوتا رہا ہے انشاء اللہ آئندہ بھی قیامت تک ہوتا رہے گا۔ پیش نظر تالیف بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

جو کچھ کہ ہوا، ہوا کرم سے تیرے
جو کچھ ہوگا تیرے کرم سے ہوگا

پیش نظر تالیف کا اصل محرک ''کلمات القرآن'' تفسیر و بیان مؤلفہ شیخ حسنین محمد مخلوف مطبوعہ قاہرہ ۱۳۷۵ھ۔۱۹۵۶ء ہے۔ جو محترم مولانا سید طیب حسین صاحب منگلوری مدظلہ سے حاصل ہوئی اور حضرت مولانا ممدوح نے فرمایا کہ اگر اس کتاب ''کلمات القرآن'' کا اردو ترجمہ شائع ہو جائے تو عوام کو قرآن مجید سمجھنے میں بڑی سہولت ہو جائے گی، چنانچہ اس کتاب کا فوٹو اسٹیٹ کرا کر محفوظ کرلیا گیا اور موضوع سے متعلق مزید کتابوں کی جستجو شروع کردی۔ بحمد للہ جلد ہی خاصا ذخیرہ حاصل ہوگیا۔ اس سلسلے میں مزید ترغیب وتحریک کا باعث حضرت حاجی محمد اعلیٰ مدظلہ العالی بانی ادارۂ مجددیہ ہیں جن کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں۔

بعد ازاں ان کتابوں کے مطالعے اور حضرت حاجی صاحب مدظلہ کے مشورے اور رہنمائی سے جو خاکہ ذہن میں تیار ہوا اس کے مطابق کام شروع کردیا۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے مزید راہیں کھول دیں اور کام نے ترمیم وتنسیخ کے مراحل طے کر کے موجودہ شکل اختیار کی، الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ کام تکمیل کو پہنچ گیا۔ اس احسان پر حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا جس قدر بھی شکر کروں کم ہے۔

شکر نعمت ہائے تو چنداں کہ نعمت ہائے تو
عذر تقصیراتِ ما چنداں کہ تقصیراتِ ما

تحدیثِ نعمت کے طور پر ان چند خصوصیات کا ذکر کردینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ جن کا

پیشِ نظر تالیف میں خیال رکھا گیا ہے۔ وھو ہذا:

۱۔ بعض کتب میں لغات القرآن کو الفاظ کے مادے کے اعتبار سے ترتیب دیا ہے جیسا کہ صاحب المعجم المفہرس نے کیا ہے لیکن چونکہ مادے کا معلوم کرنا عوام کے لئے آسان نہیں اس لئے پیشِ نظر تالیف میں مادے کی بجائے تمام الفاظِ قرآنی کو ان کی اپنی ہی صورت میں حروفِ تہجی کی ترتیب سے مرتب کیا گیا ہے۔

۲۔ تمام الفاظ کو قرآنی رسم الخط میں لکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۳۔ تمام ابواب حروفِ تہجی کے اعتبار سے قائم کئے گئے ہیں اور ہر باب میں فصول کو بھی حروفِ تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے اور پوری کتاب میں بائیں جانب والے ہر صفحہ پر ایک گلدستہ کی شکل بنا کر اس میں باب والے حروف کو درج کر دیا ہے تا کہ پہلی ہی نظر میں باب معلوم ہو سکے۔

۴۔ (الف) ثلاثی مجرد کے ابواب کو الفاظ کے ساتھ ہی قوسین میں اس باب کا پہلا حرف لکھ کر ظاہر کیا گیا ہے جیسے کَرِهَ (س) قَتَلَ (ن) وَجَدَ (ض) وغیرہ۔ یہاں ''س'' باب سَمِعَ يَسْمَعُ کے لئے۔ ''ن'' باب نَصَرَ يَنْصُرُ کے لئے اور ''ض'' باب ضَرَبَ يَضْرِبُ کو ظاہر کرتا ہے، اور ''ف'' باب فَتَحَ يَفْتَحُ کو ''ک'' باب كَرُمَ يَكْرُمُ کو اور ''ح'' باب حَسِبَ يَحْسِبُ کو ظاہر کرتے ہیں۔

(ب) اسی طرح ثلاثی مزید کے ابواب کیلئے بھی لفظ سے متصل قوسین میں اس باب کے ابتدائی دو یا زائد حروف کو لکھا گیا ہے جیسے وَدَّعَكَ (تف) نَكْتَلَ۔ (افت) قَاتَلَ (مفا) نُلْقِىْ (اف) وغیرہ۔ یہاں ''تف'' باب تَفْعِيْل کے لئے۔ ''افت'' باب اِفْتِعَال کے لئے۔ ''مفا'' باب مُفَاعَلَة کے لئے۔ ''اف'' باب اِفْعَال کے لئے۔ تفع باب تَفَعُّل کے لئے۔ ''تفا'' باب تَفَاعُل کے لئے۔ ''انف'' باب اِنْفِعَال کے لئے، ''است'' باب اِسْتِفْعَال کے لئے۔ ''افعلا'' باب اِفْعِلَال کے لئے، اور۔ ''افعیلا'' باب اِفْعِيْلَال کے لئے لکھے گئے ہیں۔

(ج) جہاں کہیں ایک ہی باب کے ایک سے زیادہ مشتقات ایک ہی فصل میں آئے ہیں وہاں ثلاثی مجرد و مزید دونوں صورتوں میں باب کا تعین پہلے لفظ کے ساتھ کیا گیا ہے جیسے نَسْئَلُ (ف) نَسْئَلُكَ، نَسْئَلُنَّ نَسْئَلَنَّهُمْ، یہ تمام مشتقات ایک ہی باب فتح سے ہیں اس لئے صرف

پہلے لفظ نَسْئَلُ کے ساتھ قوسین میں صرف ''ف'' کو لکھ کر باب ''فتح'' کی نشاندہی کی گئی ہے۔

نیز نُذِیْقَنَّ (اف)،نُذِیْقَنَّهُمْ، نُذِیْقُهٗ، نُذِیْقُهُمْ ۔ یہ تمام مشتقات ثلاثی مزید کے باب افعال سے ہیں اسی لئے یہاں بھی باب کے تعین کے لئے صرف پہلے لفظ نُذِیْقَنَّ کے ساتھ ''اف'' لکھا گیا ہے۔

فہرست الفاظ کے سلسلے میں یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ جو لفظ اپنے آخری حرف کی حرکت (زبر، زیر اور پیش وغیرہ) کے اختلاف کے ساتھ متعدد مقامات پر آیا ہے اس کو آخری حرف کی حرکت یعنی زبر، زیر، پیش، تنوین اور الٹے پیش وغیرہ کے اعتبار سے مع حوالہ علیحدہ علیحدہ درج کر دیا گیا ہے۔ جیسے بَلَدَ، بَلَدً، بَلَدِ، بَلَدٍ، بَلَدُ وغیرہ۔

۵۔ عام طور پر الفاظ کے وہ معنی لکھے گئے ہیں جو علماء ومفسرین کے نزدیک قرآن مجید میں مراد لئے گئے ہیں اس سلسلے میں حضرت شاہ رفیع الدین وحضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہما اللہ کے تراجم، امام راغب اصفہانی کی کتاب ''المفردات فی غریب القرآن'' اور حضرت مولانا محمد عبدالرشید صاحب نعمانی مدظلہ العالی کی ''لغات القرآن'' قابل ذکر ہیں۔ نیز جو الفاظ قرآن کریم میں مختلف مقامات پر مختلف معانی میں استعمال ہوئے ہیں، ان کو مع ترجمہ وحوالہ مکرر درج کر دیا گیا ہے۔

۶۔ معانی کے بعد نہایت اختصار کے ساتھ سادہ زبان میں الفاظ کی ضروری صرفی ونحوی تشریح کی گئی ہے، ہر مشتق کا مصدر لکھ دیا گیا ہے، اگر لفظ اسم ہے تو واحد ہونے کی صورت میں اس کی جمع اور جمع کی صورت میں اس کا واحد بتا دیا گیا ہے۔ نیز تذکیر وتانیث کی بھی نشاندہی کر دی گئی ہے۔ جو الفاظ مصدر واسم دونوں طرح استعمال ہوئے ہیں وہاں دونوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ یہ تمام تشریحات ہر مشتق کے ساتھ دی گئی ہیں۔ ایک ہی فصل میں ایک باب کے ایک سے زیادہ مشتقات اور صیغے ایک ہی جگہ ہونے کی صورت میں یہ تفصیلات صرف پہلے لفظ کے ساتھ لکھی گئی ہیں۔

(۷) ہر لفظ کے معنی اور صرفی ونحوی تشریح کے بعد اس لفظ کا حوالہ یا حوالہ جات دیئے گئے ہیں، جو الفاظ قرآن کریم میں دس سے زیادہ مقامات پر آئے ہیں ان کے حوالے اختصار کی غرض سے ترک کر دیئے گئے ہیں۔ تاہم ایسے بیشتر الفاظ کے بھی دو تین حوالے دے دیئے گئے ہیں۔

پہلے رواج تھا کہ قرآن کریم کے الفاظ کے حوالے کے لئے پارہ ورکوع دیتے تھے جن کی تلاش میں کچھ دشواری ہوتی تھی لیکن اب سہولت کی خاطر سورۃ اور آیت کا حوالہ دینے لگے، چنانچہ پیش نظر کتاب میں بھی اسی طریقے کو اختیار کیا گیا ہے۔ لہٰذا خط کے اوپر کا ہندسہ اس آیت کو ظاہر کرتا ہے جس میں وہ لفظ آیا ہے اور خط کے نیچے کا ہندسہ سورۃ کا نمبر بتاتا ہے۔ نمبروں کے لئے المعجم المفہرس کو اصل قرار دیا گیا ہے۔ بعض قرآن کریم میں نمبروں کے لئے احتیاط ملحوظ نہیں رکھی گئی اس لئے عرض ہے کہ دیئے ہوئے نمبر پر آیت نہ ملنے کی صورت میں آگے پیچھے کی آیت بھی ملاحظہ فرمالی جائے۔

کتاب کی تصحیح وتنقیح میں امکان بھر کوشش کی گئی ہے اور اپنی دانست میں کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی لیکن بقولے ''انسان خطاونسیان کا پتلا ہے'' اس لئے قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کوئی غلطی یا قابل اصلاح بات نظر آئے تو اس کی نشاندہی فرما کر ممنون فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصیح کی جا سکے۔

آخر میں دعا ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ پیش نظر کتاب کو عوام کے لئے مفید ونافع فرمائے اور جو کوتاہیاں اس تالیف میں سرزد ہوئی ہوں ان سے درگزر فرما کر شرف قبولیت بخشے، آمین۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا انَّكَ انْتَ السَّمِيْعُ العَلِيْمُ وَتُبْ عَلَيْنَا انَّكَ انْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ، وصلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى علىٰ خير خلقه سيّدِنَا مُحمد و آله و اصحابه اجمعين يا ارحم الراحمين

سید فضل الرحمٰن
۱۳ شعبان المعظم ۱۴۰۵ھ

مقدمہ طبع دوم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم اما بعد

حق سبحانہٗ وتعالیٰ کا جس قدر شکر کیا جائے کم ہے کہ اس نے تالیفِ ہٰذا ''معجم القرآن'' کو ایسا حسن قبول عطا فرمایا کہ اس کا پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا اور اب نظر ثانی کے بعد دوسرا ایڈیشن پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے، الحمدللہ ثم الحمدللہ۔

از دست وزبان کہ برآید
کز عہدۂ شکرش بدر آید

نظر ثانی کے دوران مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھا گیا ہے۔

۱۔ پورے متن پر نظر ثانی کے ساتھ ساتھ رسم الخط، مطالب ومعانی اور حوالوں کی تصیح کی گئی ہے۔

۲۔ چند نئے الفاظ کا بھی اضافہ کیا گیا ہے جو طبع اول میں شامل ہونے سے رہ گئے تھے۔

۳۔ طبع اول میں ''صلہ'' بیان نہیں کیا گیا تھا لیکن اب معنی کے ساتھ ساتھ قوسین میں دیدیا گیا ہے، جیسے اتَیٰ وہ آئے (بلا صلہ) وہ لائے (بصلہ با)۔ تَابَ وہ باز آ گیا (بلا صلہ) اس نے توبہ کی (بصلۂ الیٰ)، اس نے توبہ قبول کی (بصلۂ علیٰ)۔ تَرْغَبُوْنَ تم رغبت کرتے ہو، تم چاہتے ہو (بصلۂ فی)، تم اعراض کرتے ہو، تم روگردانی کرتے ہو (بصلۂ عن)۔ وغیرہ۔

۴۔ طباعت وغیرہ کی خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

۵۔ قرآن کریم میں بہت سے الفاظ کے ساتھ اضافی کلمات ملے ہوئے ہوتے ہیں جیسے بِاَمْوَالِ (اصل لفظ اَمْوَالِ) سَیَدْخُلُوْنَ (یَدْخُلُوْنَ)۔ فَسَلِّمُوْا (سَلِّمُوْا)۔ کَزَرْعٍ (زَرْعٍ)۔ لَجَعَلَهٗ (جَعَلَهٗ) وغیرہ، ایسے مرکبہ الفاظ پہلے ایڈیشن میں بھی شامل کئے گئے تھے اور اس نظر ثانی شدہ ایڈیشن میں مزید ایسے الفاظ لئے گئے ہیں، اگر چہ اس طرح بہت سے

الفاظ مکرر آ گئے ہیں تاہم عوام کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسا کیا گیا ہے۔

۶۔ طبع اول میں بعض الفاظ کے ساتھ ان کی اہمیت کے پیش نظر تشریحی نوٹ دیئے گئے تھے طبع ثانی میں ایسے مزید نوٹ شامل کئے گئے ہیں۔

۷۔ الفاظ کو ان کے آخری حرف کی حرکت (زبر، زیر، پیش وغیرہ) کے اعتبار سے پورے طور پر علیحدہ علیحدہ لینے کی کوشش کی گئی ہے۔

پیش نظر دوسرے ایڈیشن میں تقریباً بتیس صفحات کا اضافہ ہوا ہے۔ نیز گزشتہ چند ماہ میں کاغذ کی قیمت اور طباعت کے مصارف بھی خاصے بڑھ گئے ہیں اس کے باوجود کتاب کی عمومی افادیت کو مدِنظر رکھتے ہوئے اس کے ہدیے میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔

حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہم سب کو قرآن مجید صحیح طرح پڑھنے اور اس کے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

سید فضل الرحمٰن

۲۳رشوال ۱۴۰۷ھ

مقدمہ طبع سوم

الحمد للہ رب العالمین و الصلوٰۃ والسلام علی افضل الرسل وخاتم الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین، اما بعد

اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر و احسان ہے کہ اس نے اس تالیف کو جو متعدد مرتبہ شائع ہو چکی ہے قبولیت عامہ عطا فرمائی۔ اب اس کا مکمل نظر ثانی اور کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ نیا ایڈیشن پیش کیا جا رہا ہے۔

نظر ثانی میں مندرجہ ذیل کا خیال رکھا گیا ہے۔

۱۔ پورے متن پر نظر ثانی کی گئی ہے۔

۲۔ الفاظ کے معانی و مطالب کی تصحیح کے ساتھ ساتھ جہاں ضرورت محسوس ہوئی وہاں معانی میں اضافہ کیا گیا ہے۔

۳۔ خاصی بڑی تعداد میں الفاظ کا اضافہ کیا گیا ہے جو سابقہ ایڈیشنوں میں شامل ہونے سے رہ گئے تھے۔

۴۔ حوالوں کی تصحیح کے ساتھ ساتھ نئے حوالوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔

۵۔ قرآن کریم میں جو الفاظ دس یا اس سے زیادہ مقامات پر آئے ہیں، سابقہ ایڈیشنوں میں ان کے صرف ۲ یا تین حوالے دیئے گئے تھے۔ اس کے برعکس اس ایڈیشن میں ان الفاظ کے تمام حوالے دے دیئے گئے ہیں جو ۲۵ سے ۳۰ مقامات پر آئے ہیں۔ مثلاً

ضَلٰلٍ: گمراہی، بھٹکنا، گم ہو جانا۔ ۱۶۴/۳، ۴۴/۶، ۶۰/۷، ۸/۱۲، ۳۰/۱۲، ۱۴/۱۳، ۳/۱۴، ۳۸/۱۹، ۵۴/۲۱، ۹۷/۲۶، ۸۵/۲۸، ۱۱/۳۱، ۲۴/۳۴، ۲۳/۳۶، ۴۷/۳۶، ۲۲/۳۹، ۲۵/۴۰، ۵۰/۴۰، ۸/۴۲، ۳۰/۴۳، ۳۲/۴۶، ۲۷/۵۰، ۲۳/۵۴، ۴۷/۵۴، ۲/۶۲، ۹/۶۷، ۲۹/۶۷،

البتہ جو الفاظ ۳۰ سے زیادہ مقامات پر آئے ہیں، ان کے ۲۵ حوالے دے کر ان کی کل تعداد لکھ دی گئی ہے۔ مثلاً:

قُلْ: (ن) تو کہہ، تو بات کر۔ قَوْلٌ سے امر، اصل میں اُقْوُلُ تھا۔ ٨٠/٢، ٩١/٢، ٩٣/٢، ٩٤/٢، ٩٧/٢، ١٢٠/٢، ١١١/٢، ١٣٥/٢، ١٣٩/٢، ١٤٠/٢، ١٤٢/٢، ١٨٩/٢، ٢١٥/٢، ٢١٧/٢، ٢١٩/٢، ٢٢٠/٢، ٢٢٢/٢، ١٢/٣، ١٥/٣، ٢٠/٣، ٢٩/٣، ٣١/٣، ٣٢/٣، ٦١/٣، ٦٤/٣، ...... ٢٩٦ جگہ

٦۔ سابقہ ایڈیشنوں کی طرح اس ایڈیشن میں بھی الفاظ کو آخری حرف کی حرکت کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ دیا گیا ہے۔ مثلاً:

سَحَابَ: بادل، ابر، جمع سُحُبٌ۔ ١٢/١٣،

سَحَابًا: بادل، ابر۔ ٥٧/٧، ٤٣/٢٤، ٤٨/٣٠، ٩/٥٥،

سَحَابِ: بادل، ابر۔ ١٦٤/٣، ٨٨/٢٧،

سَحَابٌ: بادل، ابر۔ ٤٠/٢٤، ٤٤/٥٢،

اس طرح اس ایڈیشن میں تقریباً ٤٠، صفحات کا اضافہ ہوا ہے۔

حوالوں کے سلسلے میں ایک بڑی دشواری یہ درپیش رہی کہ کمپیوٹر میں حوالوں کے ہندسے کسر میں نہیں لکھے جا سکتے۔ مثلاً سابقہ ایڈیشنوں میں لفظ تَمَنَّوْنَ کا حوالہ اس طرح آیا ہے:

تَمَنَّوْنَ: تم تمنا (آرزو) کرتے ہو۔ تَمَنِّیٌ سے مضارع۔ ١٤٣/٣،

کمپیوٹر میں ١٤٣/٣ لکھنا اب بھی ممکن نہیں، اسی لئے ہماری انتہائی کوشش کے باوجود یہ کام طویل عرصے تک رکا رہا۔ آخرکار جناب عارف حسام (پاک ڈیٹا مینجمنٹ سروسز) نے اس مسئلے کو حل کیا اور ہم معجم القرآن کو موجودہ شکل میں پیش کرنے کے قابل ہوئے۔ ہم تہ دل سے جناب عارف حسام کے شکرگزار ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کو اجر عظیم اور جزائے خیر عطا فرمائے۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس سعی کو مقبول و منظور فرمائے اور ہم سب کو قرآن کریم سمجھ کر پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

سید فضل الرحمٰن

٧/ربیع الثانی ١٤٢٩ھ

١٦/اپریل ٢٠٠٨ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بَابُ الهَمزہ

الف اور ہمزہ میں فرق:

(۱) الف حروفِ ہجاء کا پہلا حرف ہے، اس کا مخرج جوفِ دہن ہے اور اس کی صفتِ لازمہ رخاوت ہے۔

(۲) عربی میں الف ہمیشہ ساکن ہوتا ہے یعنی اس پر کوئی حرکت نہیں ہوتی اسی لئے الف سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔

(۳) الف ہمیشہ جھٹکے کے بغیر ادا ہوتا ہے یعنی الف میں آواز نہ تو بالکل رکتی ہے اور نہ سخت ہوتی ہے۔

(۴) الف کا ماقبل ہمیشہ مفتوح (زبر والا) ہوتا ہے، تلفظ میں یہ زبر ''الف'' کی وجہ سے لمبا ہوجاتا ہے جیسے مَا، لاَ وغیرہ۔

(۵) اپنی ادائیگی کے لئے 'الف' ہمیشہ دوسرے حرفوں کا محتاج ہے۔

ھمزہ (۱) ہمزہ حروف ہجا کا اٹھائیسواں حرف ہے اس کا مخرج اقصیٰ حلق اور صفتِ لازمہ شدت ہے۔

(۲) ہمزہ شدت یعنی جھٹکے کے ساتھ ادا ہوتا ہے۔

(۳) دوسرے حرفوں کی طرح ہمزہ محرک (یعنی زبر، زیر، پیش والا) بھی ہوتا ہے اور مجزوم بھی۔

(۴) اگر الف کو متحرک کردیا جائے یعنی اس پر زبر، زیر یا پیش لگادیا جائے تو اس کو الف نہیں بلکہ ہمزہ کہتے ہیں خواہ وہ الف ہی کی شکل میں لکھا ہوا ہو۔

(۵) ہمزہ کی کتابت الف کی طرح بھی ہوتی ہے اور عین کے سر (ء) کی طرح بھی۔

(٦) اگر ہمزہ کے بعد ساکن یا تشدید والا حرف آجائے تو تلفظ میں یہ ہمزہ حذف ہوجاتا ہے اور اس کا ماقبل الف کے بعد والے ساکن یا مشدّد حرف کے ساتھ ملاکر پڑھا جاتا ہے جیسے مَاالْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ. مَااللّٰہُ مُبْدِیْهِ. ایسے ہمزہ کو جو دوسرے الفاظ کے ساتھ ملاکر پڑھنے میں حذف ہوجائے ہمزۂ وصل کہتے ہیں اور جو ہمزہ ملاکر پڑھنے میں حذف نہ ہو اسے ہمزۂ قطعی کہتے ہیں۔

ہمزہ بہت سے معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے جیسے:۔

(الف) ہمزۂ استخبار: وہ ہمزہ جس سے کسی چیز کے بارے میں خبر دریافت کی جائے جیسے اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا یعنی کیا آپ ایسے شخص کو زمین پر (خلیفہ) بنائیں کے جو اس میں فساد کرے۔

(ب) ہمزۂ تسویہ: وہ ہمزہ جس سے دو چیزوں کے درمیان برابری ظاہر کی جائے، جیسے: ءَ اَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ یعنی آپ ان کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔

(ج) ہمزۂ استفہام کے لئے بھی آتا ہے جیسے اَرَءَیْتَ (کیا تو نے دیکھا) وغیرہ۔

ء الف

اٰبَآءِ: باپ دادا، واحد اَبٌ۔ ۳۱/۲۴،

اٰبَآئِكَ: تیرے باپ دادا۔ ۱۳۳/۲،

اٰبَآئكُمْ: تمہارے باپ دادا۔ ۲۰۰/۲، ۲۳/۹، ۲۴/۴۳،

اٰبَآئِكُمْ: تمہارے باپ دادا۔ ۶۱/۲۴،

اٰبَائِكُمُ: تمہارے باپ دادا۔ ۲۶/۲۶، ۱۲۶/۳۷، ۸/۴۴،

اٰبَـآؤُکُـمْ: تمہارے باپ دادا۔ ۱۱، ۲۲/۴، ۹۱/۶، ۷۱/۷، ۲۴/۹، ۴۰/۱۲، ۵۴/۲۱، ۴۳/۳۴، ۲۳/۵۳،

اٰبَآؤُکُمُ: تمہارے باپ دادا۔ ۷۶/۲۶

اٰبَـآءَ نَـا: ہمارے باپ دادا۔ ۱۷۰/۲، ۱۰۴/۵، ۲۸/۷، ۹۵/۷، ۷۸/۱۰، ۷۴/۲۶، ۵۳/۲۱، ۲۱/۳۱، ۲۲، ۲۳/۴۳،

اٰبَآئِنَا: ہمارے باپ دادا۔ ۲۴/۲۳، ۳۶/۲۸، ۳۶/۴۴، ۲۵/۴۵،

اٰبَـآؤُنَـا: ہمارے باپ دادا۔ ۱۴۸/۶، ۷۰، ۱۷۳/۷، ۶۲، ۸۷/۱۱، ۱۰/۱۴، ۳۵/۱۶، ۸۳/۲۳، ۶۷، ۶۸/۲۷، ۱۷/۳۷، ۴۸/۵۶،

اٰبَـآءَ هُـمْ: ان کے باپ دادا۔ ۴۴/۲۱، ۱۸/۲۵، ۵/۳۳، ۶۹/۳۷، ۲۹/۴۳، ۲۲/۵۸،

اٰبَآءَ هُمُ: ان کے باپ دادا۔ ۶۸/۲۳،

اٰبَآئِهِمْ: ان کے باپ دادا، ۸۷/۶، ۲۳/۱۳، ۵/۱۸، ۵/۳۳، ۸/۴۰،

اٰبَآؤُهُمْ: ان کے باپ دادا، ۱۷۰/۲، ۱۰۴/۵، ۱۰۹/۱۱، ۶/۳۶،

اٰبَآئِهِنَّ: ان عورتوں کے باپ دادا۔ ۳۱/۲۴، ۵۵/۳۳،

اٰبَآءِ یْ: میرے باپ دادا۔ ۳۸/۱۲،

اٰتِ: (اف) تو دے۔ اِیْتَاءٌ سے امر۔ ۲۶/۱۷، ۳۸/۳۰،

اٰتِ: (ض) آنے والا۔ اِتْیَانٌ سے اسم فاعل ۱۳۴/۶، ۵/۲۹،

اٰتَی: (اف) اس نے دیا، اِیْتَاءٌ سے ماضی، ۱۷۷/۲، ۱۸/۹،

اٰتٰكَ: اس نے تجھ کو دیا۔ ۷۷/۲۸،

اٰتٰكُمْ: اس نے تم کو دیا، ۲۰، ۴۸/۵، ۱۶۵/۶، ۳۴/۱۴، ۳۳/۲۴، ۳۶/۲۷، ۲۳/۵۷،

اٰتٰكُمُ: اس نے تم کو دیا۔ ۷/۵۹،

اٰتٰنا: اس نے ہم کو دیا۔ ۷۵/۹

اٰتٰنِیْ: اس نے مجھ کو دیا۔ ۲۸، ۶۳/۱۱،

اٰتٰنِ ‍ۦَ: اس نے مجھ کو دیا۔ ۳۶/۲۷،

اٰتٰهُ: اس نے اس کو دیا۔ ۲۵۱/۲، ۲۵۲/۲، ۷/۶۵،

اٰتٰهَا: اس نے اس (عورت) کو دیا۔ ۷/۶۵،

اٰتٰهُمْ: اس نے ان کو دیا۔ ۷۶/۹، ۱۷/۴۷، ۱۶/۵۱، ۱۸/۵۲،

اٰتٰهُـمُ: اس نے ان کو دیا۔ ۱۴۸/۳، ۱۷۰/۳، ۱۸۰/۳، ۳۷، ۵۴/۴، ۵۹/۹،

اٰتٰهُمَا: اس نے ان دونوں کو دیا۔ ۱۹۰/۷،

اٰتَتْ: اس (عورت) نے دیا۔ ۲۶۵/۲، ۳۱/۱۲، ۳۳/۱۸،

اٰتِنَا: تو ہم کو دے۔ ۲۰۰، ۲۰۱/۲، ۱۹۴/۳، ۱۰، ۶۲/۱۸،

اٰتَوْا: انہوں نے دیا۔ ۶۰/۲۳،

اٰتَوُا: انہوں نے دیا۔ اِیْتَاءٌ سے ماضی۔ ۱۷۷/۲، ۵، ۱۱/۹، ۴۱/۲۲،

اٰتُوْا: تم دو (بلاصلہ) تم لاؤ (بصلۂ با) اِیْتَاءٌ سے امر۔ ۴۳، ۸۳/۲، ۱۱۰/۲، ۲، ۴، ۷۷/۴، ۱۴۱/۶، ۲۸/۲۲، ۵۶/۲۴، ۱۳/۵۸، ۱۱/۶۰، ۲۰/۷۳،

اٰتُـوْنَـا: تم ہمیں دو (بلاصلہ)، تم ہمارے پاس لاؤ (بصلۂ با)۔ ۱۰/۱۴،

اٰتُوْنِیْ: تم مجھے دو (بلاصلہ)، تم میرے پاس لاؤ (بصلۂ با)۔ ۹۶/۱۸،

اٰتَوْهُ: انہوں نے اس کو دیا۔ ۶۶/۱۲،

اٰتَوْهَا: انہوں نے اس (عورت) کو دیا۔ ۱۴/۳۳،

اٰتُوْهُمْ: تم ان کو دو۔ ۳۳/۴، ۳۳/۲۴، ۱۰/۶۰،

اٰتُوْهُنَّ: تم ان (عورتوں) کو دو۔ ۲۴، ۲۵/۴،

اٰتِهِمْ: تو ان کو دے۔ ۳۸/۷، ۶۸/۳۳،

اٰتِیْ: آنے والا۔ اِتْیَانٌ سے اسم فاعل۔ ۹۳/۱۹،

اٰتَیْتَ: تو نے دیا۔ اِیْتَاءٌ سے ماضی۔ ۸۸/۱۰، ۵۰/۳۳،

اٰتِیَةٌ: آنے والی۔ اِتْیَانٌ سے اسمِ فاعل مؤنث، مراد قیامت۔ ۸۵/۱۵،

اٰتَیْتُكَ: میں نے تجھے دیا۔ ۱۴۴/۷

اٰتَیْتُكُمْ: میں نے تم کو دیا۔ ۸۱/۳،

اٰتَیْتُمْ: تم نے دیا۔ ۲۳۳/۲، ۲۰/۴، ۳۹/۳۰،

اٰتَیْتُمُ: تم نے دیا۔ ۱۲/۵،

اٰتَیْتُمُوْهُنَّ: تم نے ان عورتوں کو دیا۔ ۲۲۹/۲، ۱۹/۴، ۵/۵، ۱۰/۶۰،

اٰتَیْتَنَا: تو نے ہم کو دیا۔ ۱۸۹/۷،

اٰتَیْتَنِیْ: تو نے مجھ کو دیا۔ ۱۰۱/۱۲،

اٰتَیْتَهُنَّ: تو نے ان عورتوں کو دیا۔ ۵۱/۳۳،

اٰتِیْكَ: میں تیرے پاس آؤں گا (بلاصلہ) میں تیرے پاس لاؤں گا (بصلۂ با)۔ ۴۰/۲۷، ۳۹/۲۷،

اٰتِیْكُمْ: میں تمہارے پاس لانے والا ہوں، میں تمہیں پیش کرنے والا ہوں۔ ۷/۲۷، ۱۹/۴۴،

اٰتِیْنَ: تم (مؤنث) دیا کرو، تم دیتی رہو۔ ۳۳/۳۳،

اٰتَیْنَا: ہم نے دیا۔ ۴۸/۲، ۵۱/۲، ۵۳، ۸۷/۲، ۲۵۳/۲، ۱۷/۳، ۵۴/۴، ۱۵۳/۴، ۱۶۳/۴، ۱۵۴/۶، ۱۱۰/۱۱، ۲/۱۷، ۵۵/۱۷، ۵۹/۱۷، ۱۰۱/۱۷، ۴۹/۲۳، ۳۵/۲۵، ۱۵/۲۷، ۴۳/۲۸، ۲۳/۳۲، ۱۳/۳۲، ۱۰/۳۴، ۵۳/۴۰، ۴۵/۴۱، ۱۶/۴۵، ۲۷/۵۷،

اٰتَیْنٰكَ: ہم نے تجھ کو دیا۔ ۸۷/۵، ۹۹/۲۰،

اٰتَیْنٰكُمْ: ہم نے تم کو دیا۔ ۶۳، ۹۳/۲، ۱۷۱/۷،

اٰتَیْنٰهُ: ہم نے اس کو دیا۔ ۸۴/۷، ۱۷۵/۷، ۶۵/۸، ۱۲/۹، ۲۲/۱۲، ۱۲۲/۱۲، ۲۲/۱۶، ۷۴/۲۱، ۱۴/۲۸، ۷۶/۲۸، ۲۷/۲۹، ۲۰/۳۸، ۲۷/۵۷،

اٰتَیْنٰهَا: ہم نے اس عورت کو دیا۔ ۸۳/۶،

اٰتَیْنٰهُمْ: ہم نے ان کو دیا۔ ۲۱۱/۲، ۵۴/۴، ۶۷/۴، ۸۱/۱۵، ۵۵/۱۶، ۶۶/۲۹، ۳۴/۳۰، ۴۴/۳۴، ۴۵/۳۴، ۴۰/۳۵، ۲۱/۴۳، ۳۳/۴۴، ۱۷/۴۵،

اٰتَیْنٰهُمُ: ہم نے ان کو دیا۔ ۴۷/۲۹، ۱۲۱/۲، ۱۴۶/۲، ۲۰/۶، ۸۹/۶، ۱۱۴/۶، ۳۶/۱۳، ۵۲/۲۸،

اٰتَیْنٰهُمَا: ہم نے ان دونوں کو دیا۔ ۱۱۷/۳۷

اٰتِیَنَّهُمْ: میں ان کے پاس ضرور آؤں گا۔ ۱۷/۷

اٰتِیْهِ: اس کے پاس آنے والا۔ ۹۵/۱۹،

اٰتِیْهِمْ: ان کے پاس آنے والا۔ ۷۶/۱۱،

اٰثَارًا: نشانیاں۔ نقوشِ قدم، واحد اَثَرٌ ۲۱/۴۰، ۸۲/۴۰

اٰثٰرِ: نشانیاں، علامتیں۔ ۵۰/۳۰،

اٰثَارَهُمْ: ان کی نشانیاں، ان کی علامتیں۔ ۱۲/۳۶،

اٰثَارِهِمْ: ان کے نشانات۔ ۴۶/۵، ۶/۱۸، ۲۳/۴۳، ۲۷/۵۷،

اٰثٰرِهِمْ: ان کے نشانات۔ ۷۰/۳۷، ۲۲/۴۳،

اٰثَارِهِمَا: ان دونوں کے نقوشِ قدم۔ ۶۴/۱۸،

اٰثَرَ: (اف) اس نے ایثار کیا، اس نے ترجیح دی، اس نے پسند کیا۔ اِیْثَارٌ سے ماضی۔ ۳۸/۷۹،

اٰثَرَكَ: اس نے تجھ کو ترجیح دی، اس نے تجھ کو پسند کیا۔ ۹۱/۱۲،

اٰثِمًا: (س) گنہگار، اَثَمٌ و اِثْمٌ سے اسم فاعل، ۲۴/۷۶،

اٰثِمٌ: گنہگار۔ ۲۸۳/۲،

اٰثِمِیْنَ: گنہگار لوگ، واحد آثِمٌ۔ ۱۰۶/۵،

اٰخِذٌ: (ن) اخذ کرنے والا، لینے والا، پکڑنے

والا۔ اَخْذٌ سے اسم فاعل۔ ٥٦/١١،

اٰخِذِیْنَ: اخذ کرنے والے، لینے والے، پکڑنے والے۔ ١٦/٥١،

اٰخِذِیْهِ: اس کے لینے والے، اس کے پکڑنے والے۔ ٢٦٧/٢،

اٰخَرَ: دوسرا، مزید، اور جمع آخَرُوْنَ۔ ١٠٢/٩، ٩٦/١٥، ٢٢/١٧، ٣٩/١٧، ١٤/٢٣، ١١٧/٢٣، ٦٨/٢٥، ٢١٣/٢٦، ٨٨/٢٨، ٥١/٥١، ٢٦/٥٠،

اٰخَرِ: دوسرا، مزید، اور۔ ٢٧/٥،

اٰخَرُ: دوسرا، مزید، اور۔ ٣٦/١٢، ٤١/١٢، ٥٨/٣٨،

اٰخِرِ: آخری، پچھلا، جمع اَوَاخِرُ۔ ٨/٢، ٦٢/٢، ١٢٦/٢، ١٧٧/٢، ٢٢٨/٢، ٢٣٢/٢ ٢٦٤/٢، ١١٤/٣، ٣٨/٤، ٣٩، ٥٩/٤، ١٣٦/٤، ١٦٢/٤، ٦٩/٥، ١٨، ١٩/٩، ٢٩/٩، ٤٤/٩، ٤٥/٩، ٩٩/٩، ٢/٢٤، ٣٦/٢٩، ٢١/٣٣، ٣/٥٧، ٢٢/٥٨، ٦/٦٠، ٢/٦٥،

اٰخِرُ: آخری، پچھلا۔ ١٠/١٠،

اٰخَرٰنِ: دوسرے دو۔ ١٠٦، ١٠٧/٥،

اٰخِرَةَ: آخرت، پچھلا گھر جمع اَوَاخِرُ۔ ١٥٢/٣، ٦٧/٨، ١٩/١٧، ١١/٢٢، ٧٧/٢٨، ٢٠/٢٩، ٦٤/٢٩، ٣٩/٣٣، ٩/٣٩، ٣٩/٤٠، ٥٣/٧٤، ٢١/٧٥، ١٣/٩٢،

اٰخِرَةِ: آخرت، پچھلا گھر۔ ٤، ٨٦/٢، ١٠٢/٢، ١١٤/٢، ١٣٠/٢، ٢٠٠/٢، ٢٠١/٢، ٢١٧/٢، ٢٢٠/٢، ٢٢/٣، ٤٥/٣، ٥٦/٣، ٧٧، ٨٥/٣، ١٤٥/٣، ١٤٨/٣، ١٧٦/٣، ٧٤/٤، ١٣٤/٤، ٥/٥، ٣٣/٥، ٤١/٥، ٩٢/٦، ١١٣/٦، ١٥٠/٦، ٤٥، ١٤٧/٧، ... ... ٩٣ جگہ

اٰخِرَةُ: آخرت، پچھلا گھر۔ ٩٤/٢، ٧٧/٤، ٣٢/٦، ١٦٩/٧، ٢١/١٧، ٨٣/٢٨، ٣٥/٤٣، ١٧/٨٧، ٤/٩٣،

اٰخِرِنَا: ہمارے آخر، ہمارے پچھلے۔ ١١٤/٥،

اٰخَرُوْنَ: دوسرے لوگ، واحد آخَرُ ١٠٢/٩، ١٠٦/٩،

٤/٢٥، ٢٠/٧٣،

اٰخِرَهٗ: اس کا آخر۔ ٧٢/٣،

اٰخَرِیْنَ: دوسرے بعد والے۔ ٩١، ١٣٣/٤، ٤١/٥، ٦/٦، ١٣٣/٦، ٦٠/٨، ١١/٢١، ٣١/٢٣، ٤٢/٢٣، ٦٤/٢٦، ٦٦/٢٦، ١٧٢/٢٦، ٨٢/٣٧، ١٣٦/٣٧، ٣٨/٣٨، ٢٨/٤٤، ٣/٦٢،

اٰخِرِیْنَ: پچھلے۔ ٨٤/٢٦، ٧٨/٣٧، ١٠٨، ١١٩/٣٧، ١٢٩/٣٧، ٥٦/٤٣، ١٤/٥٦، ٤٠/٥٦، ٤٩/٥٦، ١٧/٧٧،

اٰدَمَ: سب سے پہلے پیغمبر، سب آدمیوں کے باپ، یعنی حضرت آدم علیہ السلام۔ ٣١/٢، ٣٤/٢، ٣٣/٣، ٥٩/٣، ٢٧/٥، ١١/٧، ٢٦، ٢٧/٧، ٣١، ٣٥/٧، ١٧٢/٧، ٦١/١٧، ٧٠/١٧، ٥٠/١٨، ٥٨/١٩، ١١٥/٢٠، ١١٦/٢٠، ٦٠/٣٦،

اٰدَمُ: حضرت آدم علیہ السلام۔ ٣٣/٢، ٣٥، ٣٧/٢، ١٩/٧، ١١٧/٢٠، ١٢٠/٢٠، ١٢١/٢٠،

اٰذَانَ: کان، واحد اُذُنٌ۔ ١١٩/٤،

اٰذَانٌ: کان۔ ١٧٩، ١٩٥/٧، ٤٦/٢٢،

اٰذَانِنَا: ہمارے کان۔ ٥/٤١،

اٰذَانِهِمْ: ان کے کان۔ ١٩/٢، ٢٥/٦، ٤٦/١٧، ١١، ٥٧/١٨، ٤٤/٤١، ٧/٧١،

ءٰالذَّكَرَیْنِ: کیا ان دونوں مذکروں کو، ١٤٣، ١٤٤/٦،

اٰذَنَ: (اف) میں حکم دوں، میں اجازت دوں اِیْذَانٌ سے ماضی غائب بمعنی متکلم۔ ١٢٣/٧، ٤٩/٢٦، ٧١/٢٠،

اٰذَنّٰكَ: ہم نے تجھ کو جتا دیا، ہم نے تجھ کو سنا دیا۔ اِیْذَانٌ سے ماضی۔ ٤٧/٤١،

اٰذَنْتُكُمْ: میں نے تم کو خبر دی۔ ١٠٩/٢١

اٰذَوْا: (اف) انہوں نے ایذا دی۔ اِیْذَاءٌ سے ماضی۔ ٦٩/٣٣،

اٰذُوْهُمَا: ان دونوں کو ایذا دو۔ ان دونوں کو تکلیف دو۔ اِیْذَاءٌ سے امر۔ ١٦/٤،

اٰذَیتُمُونَا: تم نے ہم کو ایذا دی تم نے ہم کو تکلیف دی۔ ۱۲/۱۴،

اٰزَرَ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام۔ ۷۴/۶،

اٰزَرَہٗ: (مفا) اس نے اس کو قوی کیا۔ مُؤَازَرَۃٌ سے ماضی۔ ۲۹/۴۸،

اٰزِفَۃِ: (س) نزدیک آنے والی۔ مراد قیامت۔ اَزْفٌ و اُزُوْفٌ سے اسم فاعل ۱۸/۴۰،

اٰزِفَۃُ۔ نزدیک آنے والی۔ مراد قیامت۔ ۵۷/۵۳،

اٰسٰی: میں افسوس کروں، میں غم کھاؤں۔ اَسًی سے مضارع۔ ۹۳/۷،

اٰسَفُوْنَا: (اف) انہوں نے ہم کو ناراض کیا، انہوں نے ہم کو غصہ دلایا، اِیْسَافٌ سے ماضی، ۵۵/۴۳،

اٰسِنٍ: (ض ن س) سخت بدبودار، متغیر، بدل جانے والا۔ اَسَنٌ و اُسُوْنٌ سے اسمِ فاعل۔ ۱۵/۴۷،

اٰصَالِ: شام کو، واحد اَصِیْلٌ. ۲۰۵/۷، ۱۵/۱۳، ۳۶/۲۴،

اٰفَاقِ: دنیا، گردونواح، اطراف، واحد اُفُقٌ ۵۳/۴۱،

اٰفِلِیْنَ: (ض ن س) غائب ہونے والے، غروب ہونے والے۔ اُفُوْلٌ سے اسمِ فاعل واحد آفِلٌ. ۷۶/۶

اٰکِلُوْنَ: (ن) کھانے والے۔ اَکْلٌ سے اسم فاعل واحد آکِلٌ. ۶۶/۳۷، ۵۲/۵۶،

اٰکِلِیْنَ: کھانے والے۔ ۲۰/۲۳

اٰلَ: قوم، اولاد، گھر کے لوگ، دوست۔ ۵۰/۲، ۳۳/۳، ۱۳۰/۷، ۵۹/۱۵، ۶۱/۱۵، ۵۶/۲۷، ۱۳/۳۴، ۴۶/۴۰، ۳۴/۵۴، ۴۱/۵۴،

اٰلِ: قوم، اولاد، گھر کے لوگ، دوست۔ ۴۹/۲، ۱۱/۳، ۱۴۱/۷، ۵۲، ۵۴/۸، ۶/۱۲، ۶/۱۴، ۶/۱۹، ۲۸/۴۰،

اٰلُ: قوم، اولاد، گھر والے، دوست، ۲۴۸/۲، ۸/۲۸،

اٰلُفٍ: ہزاروں، واحد اَلْفٌ. ۱۲۴، ۱۲۵/۳،

اٰلَآءَ: احسانات، نعمتیں، واحد اِلًی. ۶۹، ۷۴/۷

اٰلَآءِ: احسانات، نعمتیں۔ ۵۵/۵۳، ۱۳/۵۵، ۱۶/۵۵، ۱۸/۵۵، ۲۱/۵۵، ۲۳/۵۵، ۲۵/۵۵، ۲۸/۵۵، ۳۰/۵۵، ۳۲/۵۵، ۳۴، ۳۶، ۳۸/۵۵، ۴۰/۵۵، ۴۲/۵۵، ۴۷/۵۵، ۴۹، ۵۱، ۵۳/۵۵، ۵۵/۵۵، ۵۷/۵۵، ۵۹/۵۵، ۶۱/۵۵، ۶۳/۵۵، ۶۵/۵۵، ۶۷/۵۵، ۶۹/۵۵، ۷۱/۵۵، ۷۳/۵۵، ۷۵/۵۵، ۷۷/۵۵، ۴۵/۵۵،

اٰلِہَۃَ: بہت سے معبود۔ اِلٰہٌ واحد ۵/۳۸

اٰلِہَۃً: بہت سے معبود۔ ۱۹/۶، ۷۴/۶، ۱۳۸/۷، ۱۵/۱۸، ۸۱/۱۹، ۲۱/۲۱، ۲۴/۲۱، ۹۹/۲۱، ۳/۲۵، ۲۳/۳۶، ۷۴/۳۶، ۸۶/۳۷، ۴۵/۴۳، ۲۸/۴۶،

اٰلِہَۃٌ: بہت سے معبود۔ ۱۳۴/۷، ۴۲/۱۷، ۲۲، ۴۳/۲۱،

اٰلِہَتَکَ: تیرے معبود۔ ۱۲۷/۷،

اٰلِہَتَکُمْ: تمہارے معبود۔ ۳۶، ۶۸/۲۱، ۲۳/۷۱،

اٰلِہَتِکُمْ: تمہارے معبود۔ ۶/۳۸،

اٰلِہَتَنَا: ہمارے معبود۔ ۵۳، ۵۴/۱۱، ۵۹، ۶۲/۲۱، ۴۲/۲۵، ۳۶/۳۷، ۲۲/۴۶،

اٰلِہَتُنَا: ہمارے معبود۔ ۵۸/۴۳،

اٰلِہَتِہِمْ: ان کے معبود۔ ۹۱/۳۷،

اٰلِہَتُہُمْ: ان کے معبود۔ ۱۰۱/۱۱،

اٰلِہَتِیْ: میرے معبود۔ ۴۶/۱۹،

آٰلْـئٰنَ: کیا اب، ہمزۂ استفہامیہ اور اَلْاٰنَ سے مرکب ہے۔ ۵۱، ۹۱/۱۰،

اٰمُرَنَّہُمْ: (ن س ک) میں ان کو ضرور حکم دوں گا اَمْرٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۱۱۹/۴،

اٰمِرُوْنَ: حکم دینے والے۔ اَمْرٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۲/۹،

اٰمُرُہٗ: میں اس کو حکم دیتی ہوں۔ ۳۲/۱۲،

اٰمَنَ: (اف) وہ ایمان لایا، اس نے امن دیا، اس نے مانا۔ اِیْمَانٌ سے ماضی۔ ۱۳/۲، ۶۲/۲،

۱۲۶/۲، ۱۷۷/۲، ۲۵۳/۲، ۲۸۵/۲، ۹۹/۳، ۱۱۰/۳، ۵۵/۴، ۶۹/۵، ۴۸/۶، ۷۵/۷، ۸۶/۷، ۱۸/۹، ۱۹/۹، ۸۳/۱۰، ۹۹/۱۰، ۳۶/۱۱، ۴۰/۱۱، ۳۸/۴۰، ۱۰/۴۶، ۸۸/۱۸، ۶۰/۱۹، ۸۲/۲۰، ۷۰/۲۵، ۶۷/۲۸، ۸۰/۲۸، ۲۶/۲۹، ۳۷/۳۴، ۳۰/۴۰،

اٰمِنْ: توایمان لا، تومان لے۔ اِیْمَانٌ سے امر۔ ۱۷/۴۶،

اٰمِنًا: امن والا۔ اَمْنٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲۶/۲، ۹۷/۳، ۳۵/۱۴، ۵۷/۲۸، ۶۷/۲۹، ۴۰/۴۱،

اٰمَنَّا: ہم ایمان لائے، ہم نے مانا۔ ۸، ۱۴/۲، ۷۶/۲، ۱۳۶/۲، ۷/۳، ۱۶/۳، ۵۲/۳، ۵۳/۳، ۸۴/۳، ۱۱۹/۳، ۱۹۳/۳، ۴۱/۵، ۵۹/۵، ۶۱/۵، ۸۳/۵، ۱۱۱/۵، ۱۲۱/۷، ۱۲۶/۷، ۷۰/۲۰، ۷۳/۲۰، ۱۰۹/۲۳، ۵۳/۲۸، ۲/۲۹، ۱۰/۲۹، ۴۶/۲۹، ۵۲/۳۴، ۸۴/۴۰، ۱۴/۴۹، ۲۹/۶۷، ۲/۷۲، ۱۳/۷۲، ۴۷/۲۴، ۴۷/۲۶،

اٰمَنْتُ: میں ایمان لایا، میں نے مانا۔ ۹۰/۱۰، ۲۵/۳۶، ۱۵/۴۲،

اٰمَنَتْ: وہ ایمان لائی، اس نے مانا۔ ۱۵۸/۶، ۹۰/۱۰، ۹۸/۱۰، ۶/۲۱، ۱۴/۶۱،

اٰمِنَةً: امن والی۔ اَمْنٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۲/۱۶،

اٰمَنْتُمْ: تم ایمان لائے، تم نے مانا۔ ۱۳۷/۲، ۱۴۷/۴، ۱۲/۵، ۷۶، ۱۲۳/۷، ۴۱/۸، ۵۱، ۸۴/۱۰، ۷۱/۲۰، ۴۹/۲۶،

اٰمَنُکُمْ: میں تم پر اعتماد کرتا ہوں، میں تمہارا اعتبار کرتا ہوں۔ اَمْنٌ سے مضارع۔ ۶۴/۱۲،

اٰمَنُوْا: وہ ایمان لائے، انہوں نے مانا۔ ۹، ۱۳/۲، ۲۵، ۲۶/۲، ۶۲، ۷۶/۲، ۸۲/۲، ۱۰۳/۲، ۱۰۴/۲، ۱۳۷/۲، ۱۵۳/۲، ۱۶۵/۲، ۱۷۲/۲، ۱۷۸/۲، ۱۸۳/۲، ۲۰۸/۲، ۲۱۲/۲، ۲۱۳/۲، ۲۱۴/۲، ۲۱۸/۲، ۲۴۹/۲، ۲۵۴/۲، ۲۵۷/۲، ۲۶۴/۲، ۲۶۷/۲، ۲۷۷/۲، ۲۷۸/۲...... ۲۵۸ جگہ

اٰمِنُوْا: تم ایمان لاؤ۔ ۱۳، ۴۱/۲، ۹۱/۲، ۷۲/۳، ۱۷۹/۳، ۱۹۳/۳، ۴۷/۴، ۱۳۶/۴، ۱۷۰/۴، ۱۷۱/۴، ۱۱۱/۵، ۱۵۸/۷، ۸۶/۹، ۱۰۷/۱۷، ۳۱/۴۶، ۷/۵۷، ۲۸/۵۷، ۸/۶۴،

اٰمِنُوْنَ: امن والے، مطمئن۔ اَمْنٌ سے اسم فاعل۔ ۸۹/۲۷، ۳۷/۳۴،

اٰمَنَھُمْ: اس نے ان کو امن دیا۔ ۴/۱۰۶،

اٰمِنِیْنَ: مطمئن، بے خوف۔ ۹۹/۱۲، ۴۶، ۸۲/۱۵، ۱۴۶/۲۶، ۳۱/۲۸، ۱۸/۳۴، ۵۵/۴۴، ۲۷/۴۸،

آمِّیْنَ: (ن) قصد کرنے والے۔ اَمٌّ سے اسم فاعل واحد آمٌّ۔ ۲/۵،

اٰنٍ: کھولتا ہوا گرم پانی، اِنًی سے اسم فاعل۔ ۴۴/۵۵،

اٰنَآءَ: اوقات، گھڑیاں۔ واحد اِنیٰ۔ ۱۱۳/۳، ۹/۳۹،

اٰنَآئِ: اوقات، گھڑیاں۔ ۱۳۰/۲۰،

اٰنَسَ: (اف) اس نے دیکھا، اس نے محسوس کیا۔ اِیْنَاسٌ سے ماضی۔ ۲۹/۲۸،

اٰنَسْتُ: میں نے دیکھا، میں نے محسوس کیا۔ ۱۰/۲۰، ۷/۲۷، ۲۹/۲۸،

اٰنَسْتُمْ: تم نے دیکھا، تم نے محسوس کیا۔ ۶/۴،

اٰنِفًا: اب، ابھی، اسی وقت، اسم ظرف ہے۔ ۱۶/۴۷،

اٰنِیَةٍ: (ض س) سخت کھولتی ہوئی۔ اِنًی سے اسم فاعل۔ ۵/۸۸،

اٰنِیَةٍ: برتن، واحد اِنَاءٌ۔ ۱۵/۷۶،

اٰوٰی: (اف) اس نے جگہ دی، اس نے اتارا، اس نے ٹھہرایا، اِیْوَاءٌ سے ماضی۔ ۶۹/۱۲، ۹۹/۱۲، ۶/۹۳،

اٰوٰکُمْ: اس نے تم کو ٹھکانا دیا۔ اس نے تم کو ٹھہرایا، اِیْوَاءٌ سے ماضی۔ ۲۶/۸،

اٰوَوْا: انہوں نے جگہ دی، انھوں نے ٹھہرایا، ایواءٌ سے ماضی۔ ۷۲، ۷۴/۸،

اٰوِیْ: میں پناہ حاصل کروں گا۔ اُوِیٌّ سے مضارع ۴۳، ۸۰/۱۱،

اٰوَیْنٰھُمَآ: ہم نے ان دونوں کو ٹھکانا دیا، ہم نے

ان دونوں کوٹھہرایا۔ ۵۰/۲۲،

ایٰتِ: آیتیں،نشانیاں۔واحد آیَةٌ۔ ۶۱/۲، ۱۱۸/۲،
۲۱۹/۲، ۲۳۱،۲۶۶/۲، ۴/۳، ۱۹،۲۱/۳، ۵۸،۷۰/۳،
۹۸،۱۱۲/۳، ۱۱۳/۳، ۱۱۸/۳، ۱۹۹/۳، ۱۴۰/۴،
۷۵/۵، ۴/۶، ۲۷/۶، ۳۳/۶، ۴۶/۶، ۵۵/۶، ۶۵،۹۷/۶،
۱۵۵/۴،...... ۸۷ جگہ

ایٰتِ: آیتیں،نشانیاں۔ ۹۹،۱۶۴/۲، ۱۹۰/۳، ۹۹/۶،
۱۳۳/۷، ۶،۶۷/۱۰، ۳،۴/۱۳، ۵/۱۴، ۷۵/۱۵، ۱۲/۱۶، ۷۹/۱۶،
۱۰۱/۱۷، ۵۴/۲۰، ۱۲۸/۲۰، ۱۶/۲۲، ۳۰/۲۳، ۱/۲۴ ۳۴،۴۶/۲۴، ۱۲/۲۷،
۸۶/۲۷، ۲۴/۲۹، ۲۱/۳۰،...... ۳۷ جگہ

ایٰتُ: آیتیں،نشانیاں۔ ۲۵۲/۲، ۱۰۱/۳، ۱۰۸/۳، ۱۰۹/۶،
۱،۱۰۱/۱۰، ۱/۱۲، ۵۸/۱۹، ۲/۲۶، ۱/۲۷، ۲/۲۸، ۵۰/۲۹، ۲/۳۱،
۶/۴۵، ۲۰/۵۱،

ایٰتٌ: آیتیں،نشانیاں۔ ۷،۹۷/۳، ۷/۱۲، ۴۹/۲۹، ۵۰/۲۹،
۴،۵/۴۵، ۲۰/۵۱،

ایٰتِكَ: تیری آیتیں، تیری نشانیاں۔ ۱۲۹/۲،
۱۳۴/۲۰، ۴۷/۲۸،

ایٰتِنَا: ہماری نشانیاں،ہمارے احکام۔ ۳۹/۲، ۱۵۱/۲،
۱۱/۳، ۵۶/۴، ۱۰/۵، ۸۶/۵، ۳۹،۴۹/۶، ۵۴/۶، ۶۸/۶، ۱۵۰/۶،
۱۵۷/۶، ۹/۷، ۳۶/۷، ۴۰/۷، ۵۱/۷، ۶۴/۷، ۷۲/۷، ۱۰۳/۷،
۱۳۶/۷، ۱۴۶/۷، ۱۴۷/۷، ۱۵۶/۷،...... ۸۰ جگہ

ایٰتُنَا: ہماری نشانیاں،ہمارے احکام۔ ۳۱/۸،
۷۲،۷۳/۸، ۱۵/۱۰، ۷۳/۱۹، ۱۲۶/۲۰، ۷۲/۲۲، ۱۳/۲۷، ۷/۳۱، ۳۳/۳۴،
۲۵/۴۵، ۷/۴۶، ۱۵/۶۸، ۱۳/۸۳،

ایٰتِہٖ: اس کی نشانیاں۔ ۷۳/۲، ۱۸۷/۲، ۲۲۱/۲، ۲۴۲/۲،
۱۰۳/۳، ۱۶۴/۳، ۸۹/۵، ۲۱/۶، ۹۳/۶، ۱۱۸/۶، ۳۷/۷، ۶۵/۹،
۱۷/۱۰، ۵۲/۲۲، ۵۹/۲۴، ۹۳/۲۷، ۲۰/۳۰، ۲۱/۳۰، ۲۲/۳۰، ۲۳/۳۰،
۲۴،۲۵،۴۶/۳۰،...... ۳۳ جگہ

ایٰتُہٗ: اس کی نشانیاں۔ ۲/۸، ۱/۱۱، ۳،۴۴/۴۱،

ایٰتِہَا: اس کی نشانیاں۔ ۳۲/۲۱،

ایٰتِیْ: میری نشانیاں۔ ۴۱/۲، ۴۴/۵، ۱۳۰/۶، ۳۵/۷، ۱۴۶/۷،
۵۶/۱۸، ۱۰۶/۱۸، ۴۲/۲۰، ۳۷/۲۱ ۶۶/۲۳، ۱۰۵/۲۳، ۸۴/۲۷، ۵۹/۳۹، ۳۱/۴۵،

ایَةَ: آیت،نشانی،حکم خداوندی، ۲۴۸/۲، ۱۲/۱۷، ۲۰/۷۹،

ایَةٌ: آیت، نشانی، حکم خداوندی۔ ۲۴۸/۲، ۲۵۹/۲،
۴۱/۳، ۴۹/۳، ۱۱۴/۵، ۳۷/۶، ۷۳/۷، ۹۲/۱۰، ۶۴/۱۱، ۱۰۳/۱۱،
۷۷/۱۵، ۱۱/۱۶، ۱۳/۱۶، ۶۵/۱۶، ۶۷/۱۶، ۶۹/۱۶، ۱۰۱/۱۶، ۱۰/۱۹، ۲۱/۱۹،
۲۲/۲۰، ۹۱/۲۱، ۵۰/۲۳، ۳۷/۲۵، ۴/۲۶، ۸/۲۶، ۶۷/۲۶، ۴۵ جگہ

ایَةٍ: آیت، نشانی حکم خداوندی۔ ۱۰۶/۲، ۱۴۵/۲،
۲۱۱/۲، ۴۹/۳، ۵۰/۳، ۴/۶، ۲۵/۶، ۳۵/۶، ۱۰۶/۷، ۱۳۲/۷، ۱۴۶/۷،
۲۰۳/۷، ۹۷/۱۰، ۱۰۵/۱۲، ۳۸/۱۳، ۱۰۱/۱۶، ۴۷/۲۰، ۱۳۳/۲۰، ۵/۲۱،
۱۵۴/۲۶، ۵۸/۳۰، ۴۶/۳۶، ۷۸/۴۰، ۴۸/۴۳،

ایَةٌ: آیت،نشانی،حکم خداوندی، ۱۱۸/۲، ۱۳/۳، ۳۷/۶، ۱۰۹/۶،
۱۲۴/۶، ۲۰/۱۰، ۷/۱۳، ۲۷/۱۳، ۱۵/۳۴، ۳۳/۳۶، ۳۷/۳۶، ۴۱/۳۶،

ایٰتُكَ: تیری نشانی۔ ۴۱/۳، ۱۰/۱۹،

ایَتَیْنِ: دونشانیاں،دونمونے۔ ۱۲/۱۷،

ء ب

اَبٌ: باپ، جمع آبَاءٌ۔ ۴۰/۳۳،

اَبًا: باپ۔ ۷۸/۱۲،

اَبًّا: گھاس،چارہ،جمع اَوُبٌ۔ ۳۱/۸،

اَبٰی: (ف ض) اس نے انکار کیا، اس نے حکم نہ مانا
اِبَاءٌ سے ماضی، ۳۴/۲، ۳۱/۱۵، ۸۹/۱۷، ۵۹،۱۱۶/۲۰، ۵۰/۲۵،

اَبَی: اس نے انکار کیا۔ ۹۹/۱۷،

اَبَابِیْلَ: غول کے غول پرندوں کے جھنڈ کے
جھنڈ۔ یہ جمع ہے اس کا واحد نہیں آتا۔ ۳/۱۰۵،

اَبَارِیْقَ: لوٹے، واحد اِبْرِیْقٌ۔ ۱۸/۵۶،

اَبَاکُمْ: تمہارا باپ۔ ۸۰/۱۲،

اَبَانَا: ہمارا باپ۔ ۸،۱۱/۱۲، ۱۷/۱۲، ۶۳/۱۲، ۶۵/۱۲، ۸۱/۱۲، ۹۷/۱۲،

اَبَاہُ: اس کا باپ۔ ۶۱/۱۲،

اَبَاہُمْ: ان کا باپ۔ ۱۶/۱۲،

اَبَتِ: میرا باپ، اصل میں۔ اَبِی تھا، یائے متکلم 'کوت' سے بدل دیا گیا۔ ۴،۱۰۰/۱۲، ۴۲/۹، ۴۳/۹، ۴۴/۹، ۴۵/۹، ۲۶/۲۸، ۱۰۲/۳۷،

اِبْتَدَعُوْھَا: (افت) انہوں نے اپنے آپ گھڑ لیا اِبْتِدَاعٌ سے ماضی۔ ۲۷/۵۷،

اَبْتَرُ: (ن) بے اولاد، بے نسل۔ بَتْرٌ سے صفتِ مشبہ۔ ۳/۱۰۸

اِبْتَغِ: (افت) تو تلاش کر، اِبْتِغَآءٌ سے امر، ۱۱۰/۱۷، ۷۷/۲۸،

اِبْتَغٰی: اس نے تلاش کیا۔ ۷/۲۳، ۳۱/۷۰،

اِبْتِغَـآءَ: چاہنا، تلاش کرنا، مصدر ہے۔ ۲۰۷/۲، ۲۶۵/۲، ۲۷۲/۲، ۷/۳، ۱۰۴،۱۱۴/۴، ۱۷،۲۲/۱۳، ۲۸/۱۷، ۲۷/۵۷، ۱/۶۰، ۲۰/۹۲،

اِبْتِغَآءِ: چاہنا، تلاش کرنا۔ ۱۰۴/۴،

اِبْتِغَاؤُکُمْ: تمہارا تلاش کرنا۔ ۲۳/۳۰،

اِبْتَغَوْا: انہوں نے تلاش کیا۔ ۴۲/۱۷،

اِبْتَغُوْا: تم تلاش کرو۔ ۱۸۷/۲، ۳۵/۵،

اِبْتَغَوُا: انہوں نے تلاش کیا۔ ۴۸/۹،

اَبْتَغِیْ: میں چاہوں، میں تلاش کروں۔ ۱۱۴/۶،

اِبْتَغَیْتَ: تو نے چاہا، تو نے تلاش کیا۔ ۵۱/۳۳،

اِبْتَلٰی: (افت) اس نے آزمایا، اس نے امتحان لیا۔ اِبْتِلَآءٌ سے ماضی۔ ۱۲۴/۲،

اِبْتَلٰـہُ: اس نے اس کو آزمایا، اس نے اس کو جانچا۔ ۱۵/۸۹،

اِبْتَلُوْا: تم آزماؤ، تم جانچو۔ اِبْتِلَآءٌ سے امر۔ ۶/۴،

اُبْتُلِیَ: وہ آزمایا گیا، اِبْتِلَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۱/۳۳،

اَبْحُرٍ: سمندر، دریا، واحد بَحْرٌ۔ ۲۷/۳۱،

اَبَـدًا: ہمیشہ، کبھی۔ ۹۵/۲، ۵۷/۴، ۱۲۲/۴، ۱۶۹/۴، ۲۴/۵، ۱۱۹/۵، ۲۲/۹، ۸۳/۹، ۸۴/۹، ۱۰۰/۹، ۱۰۸/۹، ۳/۱۸، ۲۰/۱۸، ۳۵/۱۸، ۵۷/۱۸، ۴/۲۴، ۱۷/۲۴، ۲۱/۲۴، ۵۳/۳۳، ۶۵/۳۳، ۱۲/۴۸، ۹/۶۴، ۱۱/۵۹، ۴/۶۰، ۷/۶۲، ۱۱/۶۵، ۲۳/۷۲، ۸/۹۸،

اَبَدِّلَہٗ: (تف) میں اس کو بدل ڈالوں۔ تبدِیْلٌ سے مضارع۔ ۱۵/۱۰،

اَبْرَارَ: نیک لوگ۔ ۱۳/۸۲

اَبْرَارِ: نیک لوگ، واحد بَرٌّ، بَارٌّ۔ ۱۹۳/۳،

اِبْرٰھِمَ: بڑے اولوالعزم پیغمبر اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جد امجد، جنہوں نے شہر مکہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے بیت اللہ شریف تعمیر کیا۔ ۱۲۴/۲، ۱۲۵/۲، ۱۳۳/۲، ۱۳۰/۲، ۱۳۵/۲، ۱۴۰/۲، ۲۵۸/۲، ۳۳/۳، ۶۵/۳، ۶۷/۳، ۶۸/۳، ۶۹/۳، ۷۴/۳، ۷۵،۷۶/۳، ۸۴/۳، ۹۵/۳، ۹۷/۳، ۱۲۶/۳، ۳۵/۴، ۵۴/۴، ۱۲۵/۴، ۱۶۳/۴، ۷۵/۶، ۸۳/۶، ۱۶۱/۶، ۷۰/۹، ۱۱۴/۹، ۶۹/۱۱، ۷۴/۱۱، ۷۵/۱۱، ۶/۱۲، ۳۸/۱۲، ۵۱/۱۵، ۱۲۰/۱۶، ۱۲۳/۱۶، ۴۱/۱۹، ۵۸/۱۹، ۵۱/۲۱، ۶۹/۲۱، ۲۶/۲۲، ۴۳/۲۲، ۷۸/۲۲، ۶۹/۲۶، ۷۸/۲۶، ۱۶/۲۹، ۳۱/۲۹، ۷/۳۳، ۸۳/۳۷، ۱۰۹/۳۷، ۴۵/۳۸، ۱۳/۴۲، ۲۴/۵۱، ۳۷/۵۳، ۲۶/۵۷، ۴/۶۰، ۱۹/۸۷،

اِبْـرٰھِـمُ: اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر پیغمبر۔ ۱۲۶/۲، ۱۲۷/۲، ۱۳۲/۲، ۲۶۰/۲، ۶۷/۳، ۷۴/۶، ۷۶/۱۱، ۳۵/۱۴، ۴۶/۱۹، ۶۰/۲۱، ۶۲/۲۱، ۱۰۴/۳۷، ۲۶/۴۳،

اَبْرَحَ: (س) میں ٹلوں گا، میں چھوڑوں گا۔ بَرْحٌ سے مضارع۔ ۸۰/۱۲،

اَبْرَحُ: میں ٹلوں گا، میں چھوڑوں گا۔ ۶۰/۱۸،

اَبْرَصَ: کوڑھی، برص زدہ، جمع بُرْصٌ، ۴۹/۳، ۱۱۰/۵،
اَبْرَمُوْا: (اف) انہوں نے طے کرلیا، انہوں نے پختہ ارادہ کرلیا، انہوں نے ٹھہرایا، اِبْرَامٌ سے ماضی۔ ۷۹/۴۳،
اُبْرِئُ: (اف) میں اچھا کرتا ہوں۔ اِبْرَاءٌ سے مضارع۔ ۴۹/۳،
اُبَرِّئُ: (تف) میں بری کرتا ہوں، میں پاک کرتا ہوں۔ تَبْرِئَةٌ سے مضارع۔ ۵۳/۱۲،
اُبْسِلُوْا: (اف) وہ مبتلا ہوئے، وہ پھنس گئے۔ اِبْسَالٌ سے ماضی مجہول۔ ۷۰/۶،
اَبْشِرُوْا: (اف) تم خوشخبری سنو، تم خوش رہو۔ اِبْشَارٌ سے امر۔ ۳۰/۴۱،
اَبْصَارَ: آنکھیں، بینائی، واحد بَصَرٌ۔ ۱۰۳/۶، ۳۱/۱۰، ۷۸/۱۶، ۷۸/۲۳، ۹/۳۲، ۲۳/۶۷،
اَبْصَارًا: آنکھیں، بینائی۔ ۲۶/۴۶،
اَبْصَارِ: آنکھیں، بینائی۔ ۳/۳، ۴۳/۲۴، ۴۴/۲۴، ۴۵/۳۸، ۲/۵۹،
اَبْصَارُ: آنکھیں، بینائی۔ ۱۰۳/۶، ۴۲/۱۴، ۹۷/۲۱، ۴۶/۲۲، ۳۷/۲۴، ۱۰/۳۳، ۶۳/۳۸،
اَبْصَارَكُمْ: تمہاری آنکھیں یا بینائی۔ ۴۶/۶،
اَبْصَارُكُمْ: تمہاری آنکھیں یا بینائی۔ ۲۲/۴۱،
اَبْصَارُنَا: ہماری آنکھیں۔ ۱۵/۱۵،
اَبْصَارُهَا: اس (عورت) کی آنکھیں۔ ۹/۷۹،
اَبْصَارَهُمْ: ان کی آنکھیں۔ ۲۰/۲، ۱۱۰/۶، ۲۳/۴۷،
اَبْصَارِهِمْ: ان کی آنکھیں ۷/۲، ۲۰/۲، ۱۰۸/۱۶، ۳۰/۲۴، ۵۱/۶۸،
اَبْصَارُهُمْ: ان کی آنکھیں۔ ۴۷/۷، ۲۰/۴۱، ۲۶/۴۶، ۷/۵۴، ۴۳/۶۸، ۴۴/۷۰،
اَبْصَارِهِنَّ: ان عورتوں کی آنکھیں۔ ۳۱/۲۴،
اَبْصَرَ: (اف) اس نے دیکھا۔ اِبْصَارٌ سے ماضی۔ ۱۰۴/۶،
اَبْصِرْ: تو دیکھ یا دکھا، اِبْصَارٌ سے امر۔ ۳۸/۱۹، ۱۷۹/۳۷
اَبْصِرْبِهٖ: وہ کیا خوب دیکھنے والا ہے۔ ۲۶/۱۸،
اَبْصَرْنَا: ہم نے دیکھا، ہماری آنکھیں کھل گئیں۔ ۱۲/۳۲،
اَبْصِرْهُمْ: تو ان کو دیکھ۔ ۱۷۵/۳۷،
اِبْعَثْ: (ف) تو بھیج، تو مقرر کر، بَعْثٌ سے امر، ۱۲۹/۲، ۲۴۶/۲، ۳۶/۲۶،
اُبْعَثُ: میں اٹھایا جاؤں گا۔ بَعْثٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۳/۱۹،
اِبْعَثُوْا: تم بھیجو۔ ۳۵/۴، ۱۹/۱۸،
اَبْغِيْ: (ض) میں تلاش کروں۔ میں ڈھونڈوں بَغْیٌ سے مضارع۔ ۱۶۴/۶،
اَبْغِيْكُمْ: میں تمہارے لئے تلاش کروں، ۱۴۰/۷،
اَبَقَ: (ن ض) وہ بھاگا۔ اِبَاقٌ سے ماضی۔ ۱۴۰/۳۷،
اَبْقٰی: بہت باقی رہنے والا، دیرپا، ہمیشہ رہنے والا۔ بَقَاءٌ سے اسم تفضیل۔ ۷۱/۲۰، ۷۳/۲۰، ۱۲۷/۲۰، ۱۳۱/۲۰، ۶۰/۲۸، ۳۶/۴۲، ۱۷/۸۷،
اَبْقٰی: (اف) اس نے باقی چھوڑا، اس نے باقی رکھا۔ اِبْقَاءٌ سے ماضی۔ ۵۱/۵۳،
اَبْكٰی: (اف) اس نے رلایا، اِبْكَاءٌ سے ماضی، ۴۳/۵۳،
اَبْكَارًا: کنواری لڑکیاں، واحد بِكْرٌ ۳۶/۵۶، ۵/۶۶،
اِبْكَارِ: (اف) صبح کرنا، مصدر ہے۔ ۴۱/۳، ۵۵/۴۰،
اَبْكَمُ: (س) گونگا۔ بَكَمٌ سے صفتِ مشبہ۔ ۷۶/۱۶،
اِبِلِ: اونٹ، واحد و جمع دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۱۴۴/۶، ۱۷/۸۸،
اِبْلَعِيْ: (ف) تو نگل جا۔ بَلْعٌ سے امر۔ ۴۴/۱۱،
اَبْلُغَ: (ن) میں پہنچ جاؤں، بُلُوْغٌ سے مضارع، ۶۰/۱۸،

اَبْلُغُ: میں پہنچ جاؤں۔ ۳۶/۴۰،

اَبْلَغْتُکُمْ: (اف) میں نے تم کو پہنچادیا۔ اِبْلاغٌ سے ماضی۔ ۷۹/۷، ۹۳/۷، ۵۷/۱۱،

اُبَلِّغُکُمْ: (تف) میں تم کو تبلیغ کرتا ہوں۔ میں تم کو پہنچاتا ہوں۔ تَبْلِیْغٌ سے مضارع۔ ۶۲/۷، ۶۸/۷، ۲۳/۴۶،

اَبْلَغُوْا: انہوں نے پہنچایا، اِبْلاغٌ سے ماضی، ۲۸/۷۲،

اَبْلِغْهُ: تو اس کو پہنچادے۔ اِبْلاغٌ سے امر۔ ۶/۹،

اِبْلِیْسَ: (اف) شیطان کا نام، ناامید، دھوکا دینے والا، اِبْلاس سے مشتق ہے۔ ۳۴/۲، ۳۱/۱۵، ۱۱/۱۷، ۶۱/۱۷، ۵۰/۱۸، ۱۱۶/۲۰، ۹۵/۲۶، ۷۴/۳۸،

اِبْلِیْسُ: شیطان کا نام۔ ۳۲/۱۵، ۲۰/۳۴، ۷۵/۳۸،

اِبْنَ: بیٹا۔ جمع اَبْنَاءٌ۔ ۸۷/۲، ۱۷۷/۲، ۲۵۳/۲، ۱۵۷/۴، ۱۷/۵، ۱۱۰/۵، ۱۱۲/۵، ۱۱۶/۵، ۱۰۵/۷، ۳۱/۹، ۲۶/۱۷، ۹۴/۲۰، ۵۰/۲۳، ۳۸/۳۰،

اِبْنَ السَّبِیْلِ: راستہ کا بیٹا یعنی مسافر۔ ۱۷۷/۲، ۲۶/۱۷، ۳۸/۳۰،

اِبْنَ اُمَّ: ماں کا بیٹا۔ یعنی بھائی۔ ۱۵۰/۷، ۹۴/۲۰،

اِبْنِ: (ض) تو بنا۔ بِنَاءٌ سے امر۔ ۳۶/۴۰، ۱۱/۶۶،

اِبْنِ: بیٹا۔ ۲۱۵/۲، ۳۶/۴، ۴۶/۵، ۷۸/۵، ۴۱/۸، ۶۰/۹، ۷/۳۳، ۲۷/۵۷، ۷/۵۹،

اِبْنِ السَّبِیْلِ: راستہ کا بیٹا یعنی مسافر۔ ۲۱۵/۲، ۳۶/۴، ۴۱/۸، ۶۰/۹، ۷/۵۹،

اِبْنُ: بیٹا۔ ۴۵/۳، ۱۷۱/۴، ۱۷/۵، ۷۲/۵، ۷۵/۵، ۱۱۴/۵، ۳۰/۹، ۳۴/۱۹، ۵۷/۴۳، ۶/۶۱، ۱۴/۶۱،

اَبْنَآءَ: بیٹے۔ واحد اِبْنٌ۔ ۲۵/۴۰،

اَبْنَآءِ: بیٹے۔ ۳۱/۲۴، ۵۵/۳۳،

اَبْنَؤُا: بیٹے۔ ۱۸/۵،

اَبْنَآئُکُمْ: تمہارے بیٹے۔ ۴۹/۲، ۶۱/۳، ۱۴۱/۷، ۶/۱۴، ۴/۳۳،

اَبْنَآئِکُمْ: تمہارے بیٹے۔ ۲۳/۴،

اَبْنَاؤُکُمْ: تمہارے بیٹے۔ ۱۱/۴، ۲۴/۹،

اَبْنَآءَنَا: ہمارے بیٹے۔ ۶۱/۳،

اَبْنَآئِنَا: ہمارے بیٹے۔ ۲۴۶/۲،

اَبْنَآءَهُمْ: ان کے بیٹے۔ ۱۴۶/۲، ۲۰/۶، ۱۲۷/۷، ۴/۲۸، ۲۲/۵۸،

اَبْنَآئِهِنَّ: ان عورتوں کے بیٹے۔ ۳۱/۲۴، ۵۵/۳۳،

اِبْنَتَ: بیٹی۔ ۱۲/۶۶،

اِبْنَتَیَّ: میری دو بیٹیاں۔ ۲۷/۲۸،

اِبْنَكَ: تیرا بیٹا۔ ۸۱/۱۲،

اُبْنُوْا: (ض) تم بناؤ۔ بِنَاءٌ سے امر۔ ۲۱/۱۸، ۹۷/۳۷،

اِبْنَهٗ: اس کا بیٹا۔ ۴۲/۱۱،

اِبْنِهٖ: اس کا بیٹا۔ ۱۳/۳۱،

اِبْنَهَا: اس عورت کا بیٹا۔ ۹۱/۲۱،

اِبْنَیْ: دو لڑکے۔ ۲۷/۵،

اِبْنَیْ اٰدَمَ: آدم کے دو بیٹے۔ ۲۷/۵،

اَبَوْا: (ف ض) انہوں نے انکار کیا۔ اِبَاءٌ سے ماضی۔ ۷۷/۱۸،

اَبْوَابَ: دروازے، واحد بَابٌ۔ ۴۴/۶، ۲۳/۱۲، ۲۹/۱۶، ۷۲/۳۹، ۷۶/۴۰، ۱۱/۵۴،

اَبْوَابًا: دروازے۔ ۳۴/۴۳، ۱۹/۷۸،

اَبْوَابِ: دروازے۔ ۶۷/۱۲، ۴۴/۱۵،

اَبْوَابُ: دروازے۔ ۴۰/۷، ۵۰/۳۸،

اَبْوَابِهَا: اس کے دروازے۔ ۱۸۹/۲،

اَبْوَابُهَا: اس (دوزخ) کے دروازے۔ ۷۱/۳۹، ۷۳/۳۹،

اَبَوٰهُ: اس کے ماں باپ۔ ۱۱/۴، ۸۰/۱۸،

اَبُوْكِ: تیرا (مؤنث) باپ۔ ۲۸/۱۹،

اَبُوْنَا: ہمارا باپ۔ ۲۳/۲۸،

اَبُوْهُمْ: ان کا باپ۔ ٦٨/١٢، ٩٤/١٢،

اَبُوْهُمَا: ان دونوں کا باپ۔ ٨٢/١٨،

اَبَوَيْكَ: تیرے (دونوں) ماں باپ۔ ٦/١٢

اَبَوَيْكُمْ: تمہارے ماں باپ۔ ٢٧/٧

اَبَوَيْهِ: اس کے ماں باپ۔ ١١/٤

اَبِیْ: میرا باپ۔ ٨٠/١٢، ٩٣/١٢، ٨٦/٢٦، ٢٥/٢٨، ١/١١١،

اَبْيَضُ: سفید۔ بَيَاضٌ سے صفتِ مشبہ جمع بِيْضٌ۔ ١٨٧/٢،

اِبْيَضَّتْ: (افعلا) وہ سفید ہوگئیں۔ اِبْيِيَاضٌ سے ماضی۔ ١٠٧/٣، ٨٤/١٢،

اَبِيْكُمْ: تمہارا باپ۔ ٩/١٢، ٥٩/١٢، ٨١/٢، ٧٨/٢٢،

اَبِیْ لَهَبٍ: شعلہ کا باپ۔ ابولہب، عبدالعزیٰ بن عبد المطلب کا لقب ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک کافر چچا اور آپ ﷺ کا بہت بڑا دشمن تھا۔ ١/١١١،

اَبَيْنَ: انہوں نے انکار کیا۔ اِبَاءٌ سے ماضی۔ ٧٢/٣٣،

اُبَيِّنَ: (تف) میں بیان کروں۔ تَبْيِيْنٌ سے مضارع۔ ٦٣/٤٣،

اَبِيْنَا: ہمارا باپ۔ ٨/١٢،

اَبِيْهِ: اس کا باپ۔ ٧٤/٦، ١١٤/٩، ٤/١٢، ٤٢/١٩، ٥٢/٢١، ٧٠/٢٦، ٨٥/٣٧، ٢٦/٤٣، ٤/٦٠، ٣٥/٨٠،

اَبِيْهِمْ: ان کا باپ۔ ٦٣/١٢،

ء ت

اَتَى: (اف) وہ آیا۔ اِتْيَانٌ سے ماضی۔ ٢٦/١٦، ٨٩/٢٦، ٥٢/٥١،

اَتٰى: وہ آیا۔ اِتْيَانٌ سے ماضی ١/١٦، ٦٠/٢٠، ٦٩/٢٠، ١/٧٦،

اَتٰكَ: وہ تیرے پاس آیا۔ ٩/٢٠، ٢١/٣٨، ٢٤/٥١، ١٥/٧٩، ١٧/٨٥، ١/٨٨،

اَتٰكُمْ: وہ تمہارے پاس آیا۔ ٤٠، ٤٧/٦، ٥٠/١٠،

اَتٰنَا: وہ ہمارے پاس آیا۔ ٤٧/٧٤،

اَتٰهَا: وہ اس کے پاس آیا۔ ٢٤/١٠، ١١/٢٠، ٣٠/٢٨،

اَتٰهُمْ: وہ ان کے پاس آیا ٣٤/٦، ٤٦/٢٨، ٣/٣٢، ٣٥/٤٠، ٥٦/٤٠،

اَتٰهُمْ: وہ ان کے پاس آیا۔ ٢٦/١٦، ٢٥/٣٩، ٢/٥٩،

اَلتَّآئِبُوْنَ: (ن) توبہ کرنے والے۔ تَوْبَةٌ سے اسم فاعل۔ ١١٢/٩،

اِتِّبَاعَ: (افت) اتباع کرنا۔ پیروی کرنا۔ مصدر ہے۔ ١٥٧/٤،

اِتِّبَاعٌ: اتباع کرنا۔ پیروی کرنا۔ ١٧٨/٢،

اَتْبَعَ: (اف) وہ پیچھے لگا۔ اِتْبَاعٌ سے ماضی۔ ٨٥/١٨، ٨٩/١٨، ٩٢/١٨،

اَتَّبِعُ: (افت) میں اتباع کرتا ہوں۔ میں پیروی کرتا ہوں۔ اِتْبَاعٌ سے مضارع۔ ٥٠، ٥٦/٦، ٢٠٣/٧، ١٥/١٠، ٩/٤٦،

اِتَّبِعْ: تو اتباع کر، تو پیروی کر۔ اِتِّبَاعٌ سے امر۔ ١٠٦/٦، ١٠٩/١٠، ٦٥/١٥، ١٢٣/١٦، ١٥/٣١، ٢/٣٣، ١٨/٤٥،

اِتَّبَعَ: اس نے اتباع (پیروی) کی۔ اِتِّبَاعٌ سے ماضی۔ ١٦٢/٣، ١٢٥/٤، ١٦/٥، ١٧٦/٧، ١١٦/١١، ٢٨/١٨، ١٦/٢٠، ٤٧/٢٠، ١٢٣/٢٠، ٧١/٢٣، ٥٠/٢٨، ٢٩/٣٠، ١١/٣٦،

اِتَّبَعْتَ: تو نے اتباع (پیروی) کی۔ ١٢٠/٢، ١٤٥/٢، ٣٧/١٣

اِتَّبَعْتُ: میں نے اتباع (پیروی) کی۔ ٣٨/١٢،

اِتَّبَعْتُمْ: تم نے اتباع کی۔ تم نے پیروی کی۔ ٨٣/٤،

اِتَّبَعْتَنِیْ: تو نے میری اتباع کی، تو نے میری پیروی کی۔ ٧٠/١٨،

اِتَّبَعَتْهُمْ: اس (مؤنث) نے ان کی اتباع (پیروی) کی۔ ٢١/٥٢،

اَتَّبِعُكَ: میں تیری اتباع (پیروی) کروں گا، ۶۶/۱۸،

اِتَّبَعَكَ: اس نے تیری اتباع (پیروی) کی۔ ۶۴/۸، ۲۷/۱۱، ۴۲/۱۵، ۱۱۱/۲۶، ۲۱۵/۲۶،

اِتَّبَعَكُمَا: اس نے تم دونوں کی اتباع (پیروی) کی۔ ۳۵/۲۸،

اَتْبَعْنَا: (اف) ہم نے پیچھے لگا دیا، ہم نے ہلاکت میں ایک کے بعد ایک کا نمبر لگا دیا۔ اِتْبَاعٌ سے ماضی۔ ۴۴/۲۳،

اِتَّبَعْنَا: ہم نے اتباع کی، ہم نے پیروی کی۔ ۵۳/۳،

اِتَّبَعْنٰکُمْ: ہم نے تمہاری اتباع (پیروی) کی۔ ۱۶۷/۳،

اَتْبَعْنٰهُمْ: ہم نے ان کے پیچھے لگا دیا۔ ۴۲/۲۸،

اِتَّبَعَنِیْ: اس نے میری اتباع (پیروی) کی، ۱۰۸/۱۲،

اِتَّبِعْنِیْ: تو میری اتباع (پیروی) کر۔ اِتِّبَاعٌ سے امر۔ ۴۳/۱۹،

اِتَّبَعُوْا: انہوں نے اتباع (پیروی) کی۔ ۱۰۲/۲، ۱۶۶/۲، ۱۶۷/۲، ۱۷۴/۳، ۱۵۷/۷، ۵۹، ۹۷/۱۱، ۵۹/۱۹، ۷/۴۰، ۳/۴۷، ۱۴/۴۷، ۱۶/۴۷، ۲۸/۴۷، ۳/۵۴، ۲۱/۷۱،

اِتَّبِعُوْا: تم اتباع (پیروی) کرو۔ اِتِّبَاعٌ سے امر۔ ۱۷۰/۲، ۹۵/۳، ۳/۷، ۱۲/۲۹، ۲۱/۳۱، ۲۰، ۲۱/۳۶، ۵۵/۳۹،

اُتْبِعُوْا: ان کے پیچھے لگا دیا گیا۔ اِتْبَاعٌ سے ماضی مجہول۔ ۶۰، ۹۹/۱۱،

اُتُّبِعُوْا: (اف) ان کی اتباع (پیروی) کی گئی اِتِّبَاعٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۶۶/۲،

اِتَّبَعُوْكَ: انہوں نے تیری اتباع (پیروی) کی۔ ۵۵/۳، ۴۲/۹،

اِتَّبِعُوْنِ: تم میری اتباع (پیروی) کرو۔ ۳۸/۴۰، ۶۱/۴۳

اِتَّبِعُوْنِیْ: تم میری اتباع (پیروی) کرو۔ ۳۱/۳، ۹۰/۲۰،

اِتَّبَعُوْهُ: انہوں نے اس کی اتباع کی، انہوں نے اس کی پیروی کی۔ ۶۸/۳، ۱۱۷/۹، ۲۰/۳۴، ۲۷/۵۷،

اِتَّبِعُوْهُ: تم اس کی اتباع (پیروی) کرو۔ ۱۵۳/۶، ۱۵۵/۶، ۱۵۸/۷،

اِتَّبَعُوْهُم: انہوں نے ان کی اتباع (پیروی) کی۔ ۱۰۰/۹،

اَتْبَعُوْهُمْ: وہ ان کے پیچھے لگے، وہ ان کے پیچھے پڑے۔ ۶۰/۲۶،

اَتَّبِعُهُ: میں اس کی اتباع (پیروی) کروں گا۔ ۴۹/۲۸،

اَتْبَعَهُ: وہ اس کے پیچھے لگا۔ ۱۷۵/۷، ۱۸/۱۵، ۱۰/۳۷،

اِتَّبِعْهَا: تو اس کی (مؤنث) اتباع کر۔ ۱۸/۴۵،

اَتْبَعَهُمْ: وہ ان کے پیچھے لگا۔ ۹۰/۱۰، ۷۸/۲۰،

اَتَتْ: (ض) وہ آئی۔ اِتْیَانٌ سے ماضی۔ ۲۷/۱۹، ۴۲/۵۱،

اَتَتْكَ: وہ تیرے پاس آئی۔ ۱۲۶/۲۰،

اَتَتْكُمْ: وہ تمہارے پاس آئی۔ ۴۰/۶،

اَتَتْهُمْ: وہ ان کے پاس آئی۔ ۷۰/۹،

اَتُحَاجُّوْنَنَا: کیا تو ہم سے حجت کرتا ہے، کیا تو ہم سے جھگڑا کرتا ہے۔ مُحَاجَّۃٌ سے مضارع۔ ۱۳۹/۲،

اِتِّخَاذِكُمُ: (افت) تمہارا اختیار کرنا۔ تمہارا لینا، مصدر ہے۔ ۵۴/۲،

اَتَّخِذُ: میں اختیار کروں، میں بناؤں۔ اِتِّخَاذٌ سے مضارع۔ ۱۴/۶، ۲۳/۳۶،

اَتَّخِذُ: میں نے اختیار کیا۔ میں نے دوست بنایا اِتِّخَاذٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ۲۸/۲۵،

اِتَّخَذَ: اس نے اخذ کیا۔ اس نے اختیار کیا، اس نے مقرر کیا، اس نے بنایا۔ اِتِّخَاذٌ سے ماضی۔ ۱۱۶/۲، ۱۲۵/۴، ۱۴۸/۷، ۶۸/۱۰، ۴۰/۱۷،

۴/۱۸، ۶۱/۱۸، ۶۳/۱۸، ۸۷/۱۹، ۸۸/۱۹، ۷۸/۱۹، ۲۶/۲۱، ۹۱/۲۳، ۴۳/۲۵،
۱۶/۴۳، ۲۳/۴۵، ۳/۷۲، ۱۹/۷۳، ۲۹/۷۶، ۳۹/۷۸،

اِتَّخَذَتْ: اس (مؤنث) نے اختیار کیا، اس نے لیا۔ ۱۷/۱۹، ۴۱/۲۹،

اِتَّخَذْتَ: تو نے اختیار کیا، تو نے لیا۔ ۷۷/۱۸، ۲۹/۲۶،

اِتَّخَذْتُ: میں نے اختیار کیا، میں نے لیا۔ میں نے مقرر کیا۔ ۲۷/۲۵،

اَتَّخَذتُمْ: تم نے اختیار کیا، تم نے لیا۔ ۸۰/۲،

اِتَّخَذْتُمْ: تم نے اختیار کیا، تم نے لیا۔ اِتِّخَاذٌ سے ماضی۔ ۱۶/۱۳،

اِتَّخَذْتُمْ: تم نے اختیار کیا، تم نے لیا۔ تم نے مقرر کیا۔ ۵۱، ۹۲/۲، ۲۵/۲۹، ۳۵/۴۵،

اِتَّخَذْتُمُوْهُ: تم نے اس کو اختیار کیا، تم نے اس کو بنایا۔ ۹۲/۱۱،

اِتَّخَذْتُمُوْهُمْ: تم نے ان کو اختیار کیا۔ ۱۱۰/۲۳،

اَتَّخِذَنَّ: میں ضرور اختیار کروں گا۔ اِتِّخَاذٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۱۸/۴،

اَتَّخَذْنٰهُ: ہم نے اس کو اختیار کیا، ہم نے اس کو بنایا، ہم نے اس کو مقرر کیا۔ اِتِّخَاذٌ سے ماضی۔ ۱۷/۲۱،

اَتَّخَذْنٰهُمْ: ہم نے ان کو اختیار کیا، ہم نے ان کو بنایا۔ ۶۳/۳۸،

اِتَّخَذُوْا: انہوں نے اختیار کیا، انہوں نے لیا، انہوں نے مقرر کیا، اِتِّخَاذٌ سے ماضی، ۵۱/۷، ۱۵۲/۷،
۱۵۳/۴، ۵۷/۵، ۷۰/۶، ۳۰/۷، ۳۱/۹، ۸۱/۱۹، ۱۰۷/۹، ۱۵/۱۸،
۵۶/۱۸، ۱۰۶/۱۸، ۲۱/۲۱، ۲۴/۲۱، ۳/۲۵، ۳۰/۲۵، ۴۱/۲۹، ۷۴/۳۶،
۳/۳۹، ۴۳/۳۹، ۲۸/۴۰، ۶/۴۲، ۹/۴۲، ۱۰/۴۵، ۱۶/۵۸، ۲/۶۳،

اِتَّخِذُوْا: تم اختیار کرو، تم لو۔ اِتِّخَاذٌ سے امر۔ ۱۲۵/۲،

اِتَّخَذُوْكَ: انہوں نے تجھ کو اختیار کیا، انہوں نے تجھ کو بنایا۔ ۷۳/۱۷،

اِتَّخِذُوْنِیْ: تم مجھے اختیار کرو، تم مجھے بناؤ۔ اِتِّخَاذٌ سے امر۔ ۱۱۶/۵،

اِتَّخَذُوْهُ: انہوں نے اس کو اختیار کیا، انہوں نے اس کو لیا۔ ۱۴۸/۷،

اِتَّخِذُوْهُ: تم اس کو اختیار کرو، تم اس کو لو۔ ۶/۳۵،

اِتَّخَذُوْهَا: انہوں نے اس (مؤنث) کو اختیار کیا۔ ۵۸/۵،

اِتَّخَذُوْهُمْ: انہوں نے ان کو اختیار کیا۔ انہوں نے ان کو بنایا۔ ۸۱/۵،

اِتَّخِذْهُ: تو اس کو اختیار کر، تو اس کو لے۔ ۹/۷۳،

اِتَّخَذَهَا: اس نے اس کو اختیار کیا، اس نے اس کو بنایا۔ ۹/۴۵،

اِتَّخِذِیْ: تو (مؤنث) اختیار کر، تو بنا۔ اِتِّخَاذٌ سے امر۔ ۶۸/۱۶،

اَتَخْشَوْنَهُمْ: (س) کیا تم ان سے ڈرتے ہو۔ خُشْیَۃٌ سے مضارع۔ ۱۳/۹،

اَتْرَابًا: ہم عمر عورتیں۔ ہم جولیاں۔ واحد تِرْبٌ۔ ۳۷/۵۶، ۳۳/۷۸،

اَتْرَابٌ: ہم عمر عورتیں۔ ہمجولیاں۔ ۵۲/۳۸،

اُتْرِفْتُمْ: (اف) تمہیں خوشحالی دی گئی۔ اِتْرَافٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۳/۲۱،

اَتْرَفْنٰهُمْ: ہم نے ان کو آسودگی دی۔ ہم نے ان کو عیش وآرام دیا۔ اِتْرَافٌ سے ماضی۔ ۳۳/۲۳،

اُتْرِفُوْا: ان کو عیش وآرام دیا گیا۔ ۱۱۶/۱۱،

اُتْـرُكِ: (ن) تو ترک کر، تو چھوڑ۔ تَـرْكٌ سے امر۔ ٢٤/٤٤،

اِتَّسَقَ: (افت) وہ مکمل ہوا، وہ پورا ہوا۔ اِتِّسَاقٌ سے ماضی۔ ١٨/٨٤،

اِتَّقِ: (افت) تو ڈر۔ اِتِّقَاءٌ سے امر۔ ٢٠٦/٢، ١، ٣٧/٣٣،

اَتْقَى: (ض) بڑا پرہیز گار، بڑا ڈرنے والا۔ وَقْیٌ سے اسم تفضیل یہ لفیف مفروق ہے اور اس کا 'فا' کلمہ 'وْ' ہے لہٰذا خلافِ قیاس 'وْ' کو 'ت' سے بدل دیا۔ ١٧/٩٢،

اِتَّـقٰی: اس نے پرہیز گاری اختیار کی، وہ ڈرا۔ اِتِّقَاءٌ سے ماضی ١٨٩، ٢٠٣/٢، ٧٦/٣، ٧٧/٤، ٣/٥، ٥/٩٢،

اَتْـقٰـكُمْ: تم میں سب سے زیادہ پرہیز گار، تم میں سب زیادہ ڈرنے والا۔ وَقْیٌ سے اسمِ تفضیل۔ ١٣/٤٩،

اَتْقَنَ: (اف) اس نے مضبوط کیا، اس نے درست کیا۔ اِتْقَانٌ سے ماضی۔ ٨٨/٢٧،

اِتَّقَوْا: (اف) وہ ڈرے۔ اِتِّقَاءٌ سے ماضی۔ ١٠٣/٢، ٢١٢/٢، ١٥/٣، ١٧٢/٣، ١٩٨/٣، ٦٥/٥، ٩٣/٥، ٥٦/٧، ٢٠١/٧، ١٠٩/١٢، ٣٥/١٣، ٣٠/١٦، ١٢٨/١٦، ٧١/١٩، ٢٠/٣٩، ٦١/٣٩، ٧٣/٣٩

اِتَّقُوْا: تم ڈرو، تم پرہیز گاری اختیار کرو۔ اِتِّـقَاءٌ سے امر۔ ٢٤، ٤٨/٢، ١٢٣/٢، ١٨٩/٢، ١٩٤/٢، ١٩٦/٢، ٢٠٣/٢، ٢٢٣/٢، ٢٣١/٢، ٢٣٣/٢، ٢٧٨/٢، ٢٨١/٢، ٢٨٢/٢، ٥٠/٣، ١٠٢/٣، ١٢٣/٣، ١٣٠/٣، ١٣١/٣، ٢٠٠/٣، ١/٤، ١٣١/٤، ٢/٥، ٤/٥، ٧/٥، ٨/٥...... ٦٩ جگہ

اِتَّقُوْنِ: تم مجھ سے ڈرو۔ ٤١، ١٦٧/٢، ٢/١٦، ٥٢/٢٣، ١٦/٣٩،

اِتَّقُوْهُ: تم اس سے ڈرو۔ ٧٢/٦، ١٦/٢٩، ٣١/٣٠، ٣/٧١،

اِتَّقَيْتُنَّ: تم سب (عورتیں) پرہیز گاری اختیار کرو۔ ٣٢/٣٣،

اِتَّـقِيْنَ: تم سب (عورتیں) ڈرتی (پرہیز گار) رہو۔ ٥٥/٣٣،

اَتْلُ: (ن) میں تلاوت کرتا ہوں، میں پڑھتا ہوں تِلَاوَةٌ سے مضارع۔ ١٥١/٦،

اُتْـلُ: تو تلاوت کر۔ تو پڑھ۔ تِلَاوَةٌ سے امر۔ ١٧٥/٧، ٧١/١٠، ٢٧/١٨، ٦٩/٢٦، ٤٥/٢٩، ٢٧/٥،

اَتْلُوْا: میں تلاوت کرتا ہوں۔ میں پڑھتا ہو۔ ٨٣/١٨،

اَتْلُوَ: میں تلاوت کرتا ہوں۔ میں پڑھتا ہوں ٩٢/٢٧،

اُتْـلُوْهَا: تم اس کی تلاوت کرو۔ تم اس کو پڑھو۔ تِلَاوَةٌ سے امر۔ ٩٣/٣،

اُتِـمَّ: (اف) میں تمام کروں۔ میں پورا کروں۔ اِتْمَامٌ سے مضارع۔ ١٥٠/٢،

اَتْمِمْ: تو تمام کر۔ تو پورا کر اِتْمَامٌ سے امر۔ ٨/٦٦،

اَتْمَمْتَ: تو نے تمام کیا۔ تو نے پورا کیا۔ ٢٧/٢٨،

اَتْمَمْتُ: میں نے تمام کیا، میں نے پورا کیا۔ ٣/٥،

اَتْـمَمْنٰهَا: ہم نے اس کو تمام کیا، ہم نے اس کو پورا کیا۔ ١٤٢/٧،

اَتِمُّوْا: تم تمام کرو۔ اِتْمَامٌ سے امر۔ ١٨٧/٢،

اَتَـمَّهَا: اس نے اس کو (مؤنث) تمام کیا، اس نے اس کو پورا کیا۔ ٦/١٢،

اَتَمَّهُنَّ: اس نے ان (مؤنث) کو تمام کیا۔ اس نے ان کو پورا کیا۔ ١٢٤/٢،

اَتَوْا: (ض) وہ آئے (بلاصلہ) وہ لائے (بصلہ ب) اِتْیَانٌ سے ماضی۔ ١٨٨/٣، ١٣٧/٧، ٤٠/٢٥، ١٨/٢٧،

اُتُـوْا: (اف) وہ دیئے جائیں گے۔ اِیْتَـاءٌ سے ماضی مجهول۔ ٢٥/٢،

اَتُـوْبُ: (ن) میں باز رہتا ہوں (بلاصلہ) میں توبہ قبول کرتا ہوں (بصلہ علیٰ) میں توبہ کرتا

حَامِيَةً: (س) دہکتی ہوئی۔ جلتی ہوئی۔ حَمْیٌ سے اسم فاعل۔ ۴/۸۸،

حَامِيَةٌ: دہکتی ہوئی، جلتی ہوئی ۱۱/۱۰۱،

ح ب

حُبَّ: (ض ک) محبت، پسند، دوستی، مصدر ہے۔ ۳۲/۳۸،

حُبًّا: محبت کرنا، پسند کرنا۔ ۱۶۵/۲، ۳۰/۱۲، ۲۰/۸۹،

حُبًّا جَمًّا: بہت محبت کرنا، بہت دوست رکھنا ۲۰/۸۹،

حُبِّ: محبت۔ پسند۔ دوستی۔ ۱۶۵/۲، ۸/۱۰۰،

حُبٍّ: محبت۔ ۱۴/۳،

حَبَّ: غلہ۔ اناج۔ جمع حُبُوبٌ. ۹/۵۰،

حَبًّا: دانے۔ اناج۔ ۹۹/۶، ۳۳/۳۶، ۱۵/۷۸، ۲۷/۸۰،

حَبِّ: دانہ۔ گٹھلی۔ ۹۵/۶،

حَبٍّ: غلہ۔ اناج۔ ۱۲/۵۵،

حِبَالَهُمْ: ان کی رسیاں۔ واحد حَبْلٌ. ۴۴/۲۶،

حِبَالُهُمْ: ان کی رسیاں۔ ۶۶/۲۰،

حَبَّبَ: (تف) اس نے محبت ڈالی۔ اس نے محبوب بنا دیا۔ تَحْبِيبٌ سے ماضی۔ ۷/۴۹،

حَبَّةٍ: دانہ۔ ۲۶۱/۲، ۵۹/۶، ۴۷/۲۱، ۱۶/۳۱

حَبِطَ: (س ض) وہ کھویا گیا۔ وہ غارت ہوا۔ وہ ضائع ہوا۔ حَبْطٌ سے ماضی۔ ۵/۵، ۸۸/۶، ۱۶/۱۱

حَبِطَتْ: وہ ناپید ہوگئے۔ وہ ضائع ہوگئے۔ ۲۱۷/۲، ۲۲/۳، ۵۳/۵، ۱۴۷/۷، ۱۷/۹، ۶۹/۹، ۱۰۵/۱۸

حُبُكِ: راستے، راہیں واحد حِبَاكٌ وحَبِيكَةٌ ۷/۵۱

حَبْلِ: رسی، سلسلہ، عہد، جمع حِبَالٌ۔ ۱۰۳/۳، ۱۶/۵۰

حَبْلِ الْوَرِيْدِ: رگ جان، شہ رگ۔ وہ رگ جو دل سے دماغ تک ہے جس کے کٹنے سے موت واقع ہوجاتی ہے۔ ۱۶/۵۰

حَبْلٍ: اسی ذریعہ۔ پناہ، سلسلہ۔ ۱۱۲/۳

حَبْلٌ: رسّی، سلسلہ، ذریعہ پناہ۔ ۵/۱۱۱

حُبِّهٖ: اس کی محبت۔ ۱۷۷/۲، ۸/۷۶

ح ت

حَتّٰى: جب تک، یہاں تک، حرف جر ہے۔ ۵۵/۲، ۱۰۲/۲، ۱۰۹/۲، ۱۲۰/۲، ۱۸۷/۲، ۱۹۱/۲، ۱۹۳/۲، ۲۱۴/۲، ۲۲۱/۲، ۲۳۰/۲، ۲۳۵/۲، ۹۲/۳، ۱۵۲/۳، ۱۷۹/۳، ۱۸۳/۳، ۶/۴، ۱۵/۴، ۱۸/۴، ۴۳/۴، ۶۵/۴، ۸۹/۴، ۱۴۰/۴، ۲۲/۵، ۲۵/۶، ۳۱/۶، ۶۱/۶، ...... ۱۱۰ جگہ

حَتْمًا: (ض) لازم۔ ضرور۔ مقدر۔ ۷۱/۱۹

ح ث

حَثِيْثًا: (ن) تیزی سے۔ دوڑتا ہوا۔ حَثٌّ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ ۵۴/۷

ح ج

حَجَّ: (ن) حج کرنا۔ قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۹۶/۲، ۱۹۷/۲

حَجَّ: اس نے حج کیا۔ حَجٌّ اور حِجٌّ سے ماضی۔ ۱۵۸/۲

حَجِّ: حج۔ ۱۸۹/۲، ۱۹۶/۲، ۱۹۷/۲، ۳/۹، ۲۷/۲۲

حَجٌّ: حج۔ ۱۹۷/۲

حِجُّ: حج کرنا۔ ۹۷/۳

حِجَابًا: (ن) آڑ۔ پردہ میں کرنا۔ جمع حُجُبٌ. ۴۵/۱۷، ۱۷/۱۹

حِجَابِ: آڑ۔ پردہ۔ ۳۲/۳۸

حِجَابٍ: آڑ۔ پردہ۔ ۵۳/۳۳، ۵۱/۴۲

حِجَابٌ: آڑ۔ پردہ۔ ۴۶/۷، ۵/۴۱

حِجَارَةً: پتھر۔ کنکریاں۔ واحد حَجَرٌ. ۳۲/۸، ۸۲/۱۱، ۷۴/۱۵، ۵۰/۱۷، ۳۳/۵۱

حِجَارَةِ: پتھر۔ کنکریاں۔ ۷۴/۲

حِجَارَةٍ: پتھر۔ کنکریاں۔ ۴/۱۰۵

حِجَارَةُ: پتھر۔ کنکریاں۔ ۲۴/۲، ۶/۶۶

حُجَّةَ: حجت۔ جھگڑا۔ دلیل۔ جمع حُجَجٌ. ۱۵/۴۲

حُجَّةُ: حجت۔ جھگڑا۔ دلیل۔ ۱۴۹/۶

حُجَّةٌ: حجت۔ جھگڑا۔ دلیل۔ ۱۵۰/۲، ۱۶۵/۴

حُجَّتُنَا: ہماری حجت، ہماری دلیل، جمع حُجَجٌ ۸۳/۶

حُجَّتَهُمْ: ان کی حجت۔ ان کی دلیل۔ ۲۵/۴۵

حُجَّتُهُمْ: ان کی حجت۔ ان کی دلیل۔ ۱۶/۴۲

حِجَجٍ: کئی حج۔ کئی برس۔ کان کی لو، واحد حِجَّةٌ. ۲۷/۲۸

حَجَرَ: پتھر۔ جمع حِجَارٌ و حِجَارَةٌ و اَحْجَارٌ۔ ۶۰/۲، ۱۶۰/۷

حِجْرًا: رکاوٹ۔ منع کرنا۔ پناہ۔ عقل۔ قوم ثمود کی بستی۔ ۲۲/۲۵، ۵۳/۲۵

حِجْرِ: قوم ثمود کی بستی۔ ۸۰/۱۵،
حِجْرٍ: عقلمند۔ دانا۔ ۵/۸۹،
حِجْرٌ: اچھوتی۔ مخصوص۔ ممنوع۔ وہ بستی جہاں قوم ثمود رہتی تھی۔ ۱۳۸/۶،
حُجُرَاتِ: حجرے، کمرے، چار دیواری۔ واحد حُجْرَةٌ. ۴/۴۹،
حُجُوْرِكُمْ: تمہاری آغوشیں۔ تمہاری گودیں واحد حِجْرٌ۔ ۲۳/۴،

ح د

حِدَادٍ: غضبناک۔ تیز۔ واحد حَدِيْدٌ۔ ۱۹/۳۳،
حَدَائِقَ: باغات۔ وہ باغ جس کی چار دیواری بنی ہوئی ہو۔ واحد حَدِيْقَةٌ. ۶۰/۲۷، ۳۲/۷۸، ۳۰/۸۰،
حَدَبٍ: (س) اونچی جگہ، بلندی، ٹیلہ، مصدر ہے ۹۶/۲۱،
حَدِّثْ: (تف) تو بتا، تو بیان کر، تَحْدِيْثٌ سے امر۔ ۱۱/۹۳،
حُدُوْدَ: حدیں۔ احکام۔ قاعدے۔ واحد حَدٌّ. ۲۲۹/۲، ۲۳۰/۲، ۹۷/۹، ۱/۶۵،
حُدُوْدِ: حدیں۔ احکام۔ قاعدے۔ ۱۱۲/۹،
حُدُوْدُ: حدیں۔ ۱۸۷/۲، ۲۳۰/۲، ۲۲۹/۲، ۱۳/۴، ۴/۵۸، ۱/۶۵،
حُدُوْدَهٗ: اس کی حدیں۔ اس کے احکام۔ اس کے قاعدے۔ ۱۴/۴،
حَدِيْثًا: بات۔ خبر۔ جمع اَحَادِيْثُ. ۴۲/۴، ۷۸/۴، ۸۷/۴، ۱۱۱/۱۲، ۳/۶۶،
حَدِيْثِ: بات، خبر، ۶/۱۸، ۶/۳۱، ۲۳/۳۹، ۵۹/۵۳، ۸۱/۵۶، ۴۴/۶۸،
حَدِيْثٍ: بات۔ خبر۔ ۱۴۰/۴، ۶۸/۶، ۱۸۵/۷، ۵۳/۳۳، ۶/۴۵، ۳۴/۵۲، ۵۰/۷۷،
حَدِيْثُ: بات۔ خبر۔ ۹/۲۰، ۲۴/۵۱، ۱۵/۷۹، ۱۷/۸۵، ۱/۸۸،

حَدِيْدَ: لوہا۔ تیز چیز دوسرے معنی میں حِدَّةٌ (تیزی) سے صفت مشبہ۔ ۱۰/۳۴، ۲۵/۵۷،
حَدِيْدًا: لوہا۔ تیز چیز۔ ۵۰/۱۷،
حَدِيْدِ: لوہا۔ تیز چیز۔ ۹۶/۱۸،
حَدِيْدٍ: لوہا۔ تیز چیز۔ ۲۱/۲۲،
حَدِيْدٌ: لوہا۔ تیز چیز۔ ۲۲/۵۰،

ح ذ

حَذَرَ: (س) ڈرنا۔ خوف۔ مصدر ہے۔ ۱۹/۲، ۲۴۳/۲،
حِذْرَكُمْ: تمہاری احتیاط۔ تمہارا ہتھیار۔ تمہارا بچاؤ۔ ۷۱/۴، ۱۰۲/۴،
حِذْرَهُمْ: ان کی احتیاط۔ ان کا بچاؤ۔ ۱۰۲/۴،

ح ر

حَرَّ: (ن،ض) حرارت، گرمی۔ جمع حُرُوْرٌ۔ ۸۱/۱۶،
حَرًّا: حرارت، گرمی۔ ۸۱/۹،
حَرِّ: حرارت، گرمی۔ ۸۱/۹،
حُرِّ: آزاد۔ جمع اَحْرَارٌ. ۱۷۸/۲،
حُرٌّ: آزاد۔ ۱۷۸/۲،
حَرَامَ: حرمت والا۔ محترم۔ ۹۷/۵، ۲۸/۹، ۲۷/۴۸،
حَرَامًا: حرام۔ ممنوع۔ ۵۹/۱۰،
حَرَامِ: حرمت والا۔ محترم۔ ۱۴۴/۲، ۱۴۹/۲، ۱۵۰/۲، ۱۹۱/۲، ۱۹۴/۲، ۱۹۶/۲، ۱۹۸/۲، ۲۱۷/۲، ۲/۵، ۳۴/۸، ۷/۹، ۱۹/۹، ۱/۱۷، ۲۵/۲۲، ۲۵/۴۸،
حَرَامُ: حرمت والا۔ محترم۔ ۱۹۴/۲،
حَرَمٌ: حرمت والا۔ محترم۔ ۹۵/۲۱،
حَرَامٌ: حرام۔ ممنوع۔ لازم۔ جمع حُرُمٌ۔ ۱۱۶/۱۶،
حَرْبِ: لڑائی۔ جنگ۔ جمع حُرُوْبٌ. ۶۴/۵، ۵۷/۸،

حَرْب: لڑائی۔ جنگ۔ ٢٧٩/٢،
حَرْبُ: لڑائی۔ جنگ۔ ٤/٤٧،
حَرْثَ: (ن) کھیتی، مصدر ہے ٧١/٢، ٢٠٥/٢، ١١٧/٣، ٢٠/٤٢،
حَرْثِ: کھیتی۔ ١٤/٣، ١٣٦/٦، ٤٨/٢١،
حَرْثٌ: کھیتی۔ ٢٢٣/٢، ١٣٨/٦،
حَرْثَكُمْ: تمہاری کھیتی۔ ٢٢٣/٢،
حَرْثِكُمْ: تمہاری کھیتی۔ ٢٢/٦٨،
حَرْثِهٖ: اس کی کھیتی۔ ٢٠/٤٢،
حَرَجًا: (ن) حرج، تنگی، گناہ، مصدر ہے، ٦٥/٤، ١٢٥/٦،
حَرَجٍ: حرج۔ تنگی۔ گناہ۔ ٦/٥، ٧٨/٢٢، ٣٨/٣٣،
حَرَجٌ: حرج، تنگی، گناہ، ٢/٧، ٩١/٩، ٦١/٢٤، ٣٧/٣٣، ٥٠/٣٣، ١٧/٤٨،
حَرْدٍ: (ن) بخیلی۔ تیزی اور غصہ کے ساتھ روکنا۔ قصد کرنا۔ مصدر ہے۔ ٢٥/٦٨،
حَرَسًا: محافظ۔ چوکیدار۔ واحد حَارِسٌ. ٨/٧٢،
حَرَصْتَ: (ض س) تو نے حرص کی۔ تو نے لالچ کیا۔ حِرْصٌ سے ماضی۔ ١٠٣/١٢،
حَرَصْتُمْ: تم نے حرص کی۔ تم نے لالچ کیا۔ ١٢٩/٤،
حَرَضًا: (ض، ن) مضمحل، بیمار، بے کار، ضعف۔ مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ٨٥/١٢،
حَرِّضِ: (تف) تو ترغیب دلا، تو تاکید کر۔ (بصلۂ علیٰ) تَحْرِيضٌ سے امر۔ ٨٤/٤، ٦٥/٨،
حَرْفٍ: کنارہ۔ دھار۔ طرف۔ جمع حِرَفٌ و حُرُوفٌ. ١١/٢٢،
حَرِّقُوْهُ: (تف) اس کو جلاؤ، تَحْرِيقٌ سے امر، ٦٨/٢١،
حَرَّمَ: (تف) اس نے حرام کیا۔ اس نے منع کیا۔ تَحْرِيمٌ سے ماضی۔ ١٧٣/٢، ٢٧٥/٢، ٩٣/٣، ٧٢/٥، ١١٩/٦، ١٤٣/٦، ١٤٤/٦، ١٥٠/٦، ١٥١/٦، ٣٢/٧، ٣٣/٧، ٢٩/٩، ٣٧/٩، ١١٥/١٦، ٣٣/١٧، ٦٨/٢٥،

حَرَمًا: حرم، پناہ کی جگہ، ادب کا مقام۔ ٥٧/٢٨، ٦٧/٢٩،
حُرِّمَ: (تف) وہ حرام کیا گیا۔ وہ منع کیا گیا۔ تَحْرِيمٌ سے ماضی مجہول۔ ٥٠/٣، ٩٦/٥، ٣/٢٤،
حُرُمًا: حالت احرام، احرام میں، واحد حَرَامٌ ٩٦/٥،
حُرُمٌ: حرمت والے۔ محترم۔ امن والے۔ ٥/٩،
حُرُمٌ: حرام، ادب والے، احرام باندھنے والے ١/٥، ٩٥/٥، ٣٦/٩،
حُرُمٰتِ: حرمتیں، بزرگیاں، واحد حُرْمَةٌ. ٣٠/٢٢،
حُرُمٰتُ: حرمتیں۔ بزرگیاں۔ ١٩٤/٢،
حُرِّمَتْ: (تف) وہ حرام کی گئی، وہ ممنوع کی گئی، تَحْرِيمٌ سے ماضی مجہول۔ ٢٣/٤، ٣/٥، ١٣٨/٦،
حَرَّمْنَا: ہم نے حرام کیا، ہم نے ممنوع کیا، تَحْرِيمٌ سے ماضی۔ ١٦٠/٤، ١٤٦/٦، ١٤٨/٦، ٣٥/١٦، ١١٨/١٦، ١٢/٢٨،
حَرَّمُوْا: انھوں نے حرام کیا۔ انھوں نے ممنوع کیا۔ ١٤٠/٦،
حَرَّمَهَا: اس نے اس کو حرمت دی۔ اس نے اس کو محترم بنایا۔ ٩١/٢٧،
حَرَّمَهُمَا: اس نے ان دونوں کو حرام کر دیا۔ اس نے ان دونوں کو ممنوع قرار دیا۔ ٥٠/٧،
حَرُوْرُ: (ض، ن) گرم ہوا۔ لو، دھوپ۔ مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ٢١/٣٥،
حَرِيْرًا: ریشم۔ ١٢/٧٦،
حَرِيْرٌ: ریشم۔ ٢٣/٢٢، ٣٣/٣٥،
حَرِيْصٌ: (ض س) حرص کرنے والا۔ لالچ کرنے والا۔ حِرْصٌ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر صفت مشبہ جمع حِرَاصٌ. ١٢٨/٩،
حَرِيْقِ: (س) جلتی ہوئی آگ، بھڑکتی ہوئی آگ،

حَــرُقٌ سے صفت مشبہ۔ ١٨١/٣، ٥٠/٨، ٩/٢٢، ٢٢/٢٢، ١٠/٨٥

ح ز

حِزْبَ: گروہ۔جماعت۔جمع اَحْزَابٌ. ٥٦/٥، ١٩/٥٨، ٢٢/٥٨

حِزْبٍ: گروہ۔جماعت۔ ٥٣/٢٣، ٣٢/٣٠

حِزْبُ: گروہ۔جماعت۔ ١٩/٥٨، ٢٢/٥٨

حِزْبَهٗ: اس کا گروہ۔اس کی جماعت۔ ٦/٣٥

حِزْبَيْنِ: دوگروہ۔دوجماعتیں،دوفرقے۔ ١٢/١٨

حَزَنَ: (ن) رنج،غم،اندوہ،بیقراری،جمع اَحْزَانٌ۔ ٣٤/٣٥

حَزَنًا: رنج دینے والا۔غم دینے والا۔ ٩٢/٩، ٨/٢٨

حُزْنِ: رنج۔غم۔بیقراری۔ ٨٤/١٢

حُزْنِيْ: میرا رنج،میرا غم،میری بے قراری۔ ٨٦/١٢

ح س

حِسَابَ: (ن) حساب،شمار،گنتی،مصدر ہے۔ ٥/١٠، ١٢/١٧

حِسَابًا: حساب۔شمار۔گنتی۔ ٨/٦٥، ٢٧/٧٨، ٣٦/٧٨، ٨/٨٤

حِسَابِ: حساب۔شمار۔گنتی۔ ٢٠٢/٢، ١٩/٣، ١٩٩/٣، ٤/٥، ١٨/١٣، ٢١/١٣، ٤١/١٣، ٤١/١٤، ٥١/١٤، ٣٩/٢٤، ١٦/٣٨، ٢٦/٣٨، ٥٣/٣٨، ١٧/٤٠، ٢٧/٤٠

حِسَابِ: حساب۔شمار۔گنتی۔ ٢١٢/٢، ٢٧/٣، ٣٧/٢٤، ٣٨/٢٤، ٣٩/٣٨، ١٠/٣٩، ٤٠/٤٠

حِسَابُ: حساب۔شمار۔گنتی۔ ٤٠/١٣

حِسَابَكَ: تیرا حساب۔تیرا شمار۔ ٥٢/٦

حِسَابَهٗ: اس کا حساب۔اس کا شمار۔ ٣٩/٢٤

حِسَابُهٗ: اس کا حساب۔اس کا شمار۔ ١١٧/٢٣

حِسَابَهُمْ: ان کا حساب۔ ٢٦/٨٨

حِسَابِهِمْ: ان کا حساب۔ ٥٢/٦، ٦٩/٦

حِسَابُهُمْ: ان کا حساب۔ ١/٢١، ١١٣/٢٦

حِسَابِيَهْ: میرا حساب۔ ٢٠/٦٩

حِسَان: حسین۔خوبصورت۔واحد حَسَنٌ و حَسَنَاءٌ۔ ٧٦/٥٥

حِسَانٌ: حسین،خوبصورت،نفیس،واحد حَسَنٌ و حَسِيْنٌ اور حَسَنَةٌ. ٧٠/٥٥

حَسِبَ: (س) اس نے گمان کیا۔اس نے خیال کیا۔حِسْبَانٌ سے ماضی۔ ١٠٢/١٨، ٢/٢٩، ٤/٢٩، ٢١/٤٥، ٢٩/٤٧

حُسْبَانًا: آفت۔عذاب۔حساب۔ ٩٦/٦، ٤٠/١٨

حُسْبَانٍ: حساب۔شمار۔گردش۔ ٥/٥٥

حَسِبْتَ: (س) تونے گمان کیا۔تونے خیال کیا۔ حِسْبَانٌ سے ماضی۔ ٩/١٨

حَسِبْتُمْ: تم نے گمان کیا،تم نے خیال کیا، ٢١٤/٢، ١٤٢/٣، ١٦/٩، ١١٥/٢٣

حَسِبَتْهُ: اس (مؤنث) نے اس کو گمان کیا۔ اس نے اس کو خیال کیا۔ ٤٤/٢٧

حَسِبْتَهُمْ: تونے ان کو گمان کیا،تونے ان کو خیال کیا۔ ١٩/٧٦

حَسْبُكَ: (ک) وہ تجھ کو کافی ہے،مصدر ہے، ٦٢/٨

حَسْبُكَ: وہ تجھ کو کافی ہے۔ ٦٤/٨

حَسْبُنَا: ہم کو کافی ہے۔ ١٧٣/٣، ١٠٤/٥، ٥٩/٩

حَسِبُوْا: انھوں نے گمان کیا۔انھوں نے خیال کیا۔ ٧١/٥

حَسْبُهٗ: اس کو کافی ہے۔ ٢٠٦/٢، ٣/٦٥

حَسْبُهُمْ: ان کو کافی ہے۔ ۶۸/۹، ۸/۵۸،

حَسْبِیَ: مجھ کو کافی ہے۔ ۱۲۹/۹، ۳۸/۳۹،

حَسَدَ: (ن ض) اس نے حسد کیا، دوسرے کو اچھی حالت میں دیکھ کر جلنے کو حسد کہتے ہیں، حَسَدٌ سے ماضی۔ ۵/۱۱۳،

حَسَدًا: حسد کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۰۹/۲،

حَسَرٰتٍ: (س) حسرتیں، افسوس، پشیمانیاں۔ واحد حَسْرَۃٌ. ۱۶۷/۲، ۸/۳۵،

حَسْرَۃً: حسرت، افسوس، پشیمانی، ۱۵۶/۳، ۳۶/۸، ۳۰/۳۶،

حَسْرَۃِ: حسرت۔ افسوس، پشیمانی۔ ۳۹/۱۹،

حَسْرَۃٌ: حسرت۔ افسوس۔ پشیمانی۔ ۵۰/۶۹،

حَسْرَتٰی: اے افسوس۔ ۵۶/۳۹،

حَسْرَتَنَا: ہماری حسرت۔ ہمارا افسوس۔ ۳۱/۶،

حُسْنَ: (ک ن) اچھا ہونا۔ عمدہ ہونا۔ مصدر ہے۔ ۱۴۸/۳، ۲۵/۳۸، ۴۰/۳۸، ۴۹/۳۸،

حُسْنًا: اچھا ہونا، عمدہ ہونا، ۸۳/۲، ۸۶/۱۸، ۱۱/۲۷، ۸/۲۹، ۲۳/۴۲،

حُسْنُ: اچھا ہونا، عمدہ ہونا، مصدر ہے۔ ۱۴/۳، ۱۹۵/۳، ۲۹/۱۳،

حَسُنَ: وہ اچھا ہوا۔ وہ خوب ہوا۔ حُسْنٌ سے ماضی۔ ۶۹/۴،

حَسَنًا: اچھا۔ عمدہ۔ خوب۔ ۲۴۵/۲، ۳۷/۳، ۱۲/۵، ۱۷/۸، ۳/۱۱، ۸۸/۱۱، ۶۷/۱۶، ۲/۱۸، ۸۶/۲۰، ۵۸/۲۲، ۶۱/۲۸، ۸/۳۵، ۱۶/۴۸، ۱۱/۵۷، ۱۸/۵۷، ۱۷/۶۴، ۲۰/۷۳،

حَسَنٍ: اچھا۔ عمدہ۔ خوب۔ ۳۷/۳،

حُسْنٰی: اچھی۔ عمدہ۔ حُسْنٌ سے فُعْلٰی کے وزن پر تفضیل۔ ۹۵/۴، ۱۳۷/۷، ۱۸۰/۷، ۱۰۷/۹، ۲۶/۱۰، ۱۸/۱۳، ۶۲/۱۶، ۱۰/۱۷، ۸۸/۱۸، ۸/۲۰، ۱۰۱/۲۱، ۵۰/۴۱، ۳۱/۵۳، ۱۰/۵۷، ۲۴/۵۹، ۶/۹۲، ۹/۹۲،

حَسَنٰتِ: خوبیاں۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ واحد حَسَنَۃٌ. ۱۶۸/۷، ۱۱۴/۱۱،

حَسَنٰتٍ: خوبیاں۔ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ ۷۰/۲۵،

حَسُنَتْ: وہ اچھی ہوئی، وہ خوب ہوئی، حُسْنٌ سے ماضی۔ ۳۱/۱۸، ۷۶/۲۵،

حَسَنَۃَ: نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ ۹۵/۷،

حَسَنَۃً: نیک بھلائی۔ خوبی۔ ۲۰۱/۲، ۴۰/۴، ۸۵/۴، ۱۵۶/۷، ۴۱/۱۶، ۱۲۲/۱۶، ۲۳/۴۲،

حَسَنَۃِ: نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ ۱۶۰/۶، ۶/۱۳، ۲۲/۱۳، ۱۲۵/۱۶، ۴۶/۲۷، ۸۹/۲۷، ۵۴/۲۸، ۸۴/۲۸،

حَسَنَۃٍ: نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ ۷۹/۴،

حَسَنَۃُ: نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ ۱۳۱/۷، ۳۴/۴۱،

حَسَنَۃٌ: نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ ۱۲۰/۳، ۷۸/۴، ۵۰/۹، ۳۰/۱۶، ۲۱/۳۳، ۱۰/۳۹، ۴/۶۰، ۶/۶۰،

حُسْنُهُنَّ: ان کا حسن، ان کی خوبصورتی۔ ۵۲/۳۳،

حُسْنَیَیْنِ: دو اچھی چیزیں۔ ۵۲/۹،

حُسُوْمًا: (ن ض) لگاتار، پے در پے، جڑ کاٹنے والی، منحوس۔ مصدر بھی ہے اور حَسْمٌ سے اسم فاعل بھی، واحد حَاسِمٌ۔ ۷/۶۹،

حَسِیْبًا: (ن) حساب لینے والا، حساب کرنے والا، حِسَابٌ سے صفتِ مشبہ ۶/۴، ۸۶/۴، ۱۴/۱۷، ۳۹/۳۳،

حَسِیْرٌ: (ن ض) درماندہ، تھکا ہوا، عاجز۔ حَسْرٌ سے صفت مشبہ۔ ۴/۶۷،

حَسِیْسَهَا: اس کی آہٹ، اس کا کھٹکا، اس کی آواز۔ ۱۰۲/۲۱،

ح ش

حَشْرِ: (ن) لوگوں کا اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ گھیرنا۔

مصدر ہے، ۲/۵۹

حَشْرٌ: اکٹھا کرنا۔ گھیرنا۔ ۴۴/۵۰

حَشَرَ: اس نے اکٹھا کیا۔ اس نے جمع کیا۔ ۲۳/۷۹،

حُشِرَ: وہ اکٹھا کیا گیا۔ وہ جمع کیا گیا۔ ۱۷/۲۷، ۶/۴۶،

حُشِرَتْ: وہ اکٹھی کی گئی۔ وہ جمع کی گئی۔ وہ خلط ملط کی گئی، حَشْرٌ سے ماضی مجہول ۵/۸۱،

حَشَرْتَنِیْ: تو نے مجھے اٹھایا۔ ۱۲۵/۲۰،

حَشَرْنَا: ہم نے اکٹھا کیا، ہم نے جمع کیا۔ ۱۱۱/۶،

حَشَرْنٰھُمْ: ہم نے ان کو اکٹھا (جمع) کیا۔ ۴۷/۱۸،

ح ص

حَصَادِہٖ: (ن ض) اس (کھیتی) کی کٹائی۔ مصدر ہے۔ ۱۴۱/۶،

حَصَبُ: (ض) پتھر۔ ایندھن۔ کنکری مارنا۔ ۹۸/۲۱،

حَصْحَصَ: وہ ظاہر ہوگیا، وہ کھل گیا، حَصْحَصَۃٌ سے ماضی۔ یہ رباعی مجرد ہے۔ ۵۱/۱۲،

حَصَدْتُّمْ: (ن ض) تم نے درانتی سے کاٹا۔ تم نے فصل کو کاٹا۔ حَصَادٌ سے ماضی۔ ۴۷/۱۲،

حَصِرَتْ: (ک س) وہ رک گئی۔ وہ تنگ ہوگئی۔ حَصْرٌ سے ماضی۔ ۹۰/۴،

حُصِّلَ: (تف) وہ حاصل کیا گیا۔ وہ ظاہر کیا گیا۔ سینوں کا بھید کھول دیا گیا۔ تَحْصِیْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۰/۱۰۰،

حَصُوْرًا: (ض ن) پاکباز۔ اپنے نفس کو لذت سے بہت روکنے والا۔ عورتوں سے بے رغبت۔ حَصْرٌ سے فَعُوْلٌ کے وزن پر مبالغہ۔ ۳۹/۳،

حُصُوْنُھُمْ: ان کے قلعے۔ واحد حِصْنٌ۔ ۲/۵۹،

حَصِیْدًا: (ن ض) کٹی ہوئی کھیتی۔ جڑ سے کٹا ہوا۔ ۲۴/۱۰، ۱۵/۲۱،

حَصِیْدِ: کٹی ہوئی کھیتی۔ جڑ سے کٹا ہوا۔ ۹/۵۰،

حَصِیْدٌ: کٹی ہوئی کھیتی۔ جڑ سے کٹا ہوا۔ ۱۰۰/۱۱،

حَصِیْرًا: قید خانہ۔ جیل خانہ، حَصْرٌ سے صفت مشبہ، فاعل و مفعول دونوں کے معنی دیتا ہے۔ ۸/۱۷،

ح ض

حَضَرَ: (ن س) وہ حاضر ہوا، وہ آیا، حُضُوْرٌ و حَضَارَۃٌ سے ماضی ۱۳۳/۲، ۱۸۰/۲، ۸/۴، ۱۸/۴، ۱۰۶/۵،

حَضَرُوْہُ: وہ اس کے پاس حاضر ہوئے۔ وہ اس کے پاس آئے۔ ۲۹/۴۶،

ح ط

حُطَامًا: (ض) ریزہ ریزہ۔ چورہ چورہ۔ حَطْمٌ سے بمعنی مفعول۔ ۲۱/۳۹، ۶۵/۵۶، ۲۰/۵۷،

حَطَبًا: لکڑی۔ ایندھن۔ جمع اَحْطَابٌ۔ ۱۵/۷۲،

حَطَبِ: لکڑی۔ ایندھن۔ ۴/۱۱۱،

حِطَّۃٌ: معافی کی درخواست۔ بخشش مانگنا۔ کمی کی درخواست۔ توبہ۔ ۵۸/۲، ۱۶۱/۷،

حُطَمَۃِ: (ض) توڑ پھوڑ دینے والی۔ روندنے والی۔ جہنم کے ایک طبقہ کا نام۔ حَطْمٌ سے مبالغہ ۴/۱۰۴،

حُطَمَۃُ: توڑ پھوڑ دینے والی۔ روندنے والی۔ جہنم کے ایک طبقہ کا نام۔ ۵/۱۰۴،

ح ظ

حَظًّا: حصہ، نصیب، جمع حُظُوْظٌ۔ ۱۷۶/۳، ۱۳/۵، ۱۴/۵،

حَظِّ: حصہ۔نصیب۔ ۱۱/۴، ۱۷۶/۴،

حَظٍّ: حصہ۔نصیب۔ ۷۹/۲۸، ۳۵/۴۱،

ح ف

حَفَدَةً: (ض) پوتے۔خدمت میں سرگرم ہونا۔ حَفْدٌ سے۔اسم فعال واحد حَافِدٌ۔ ۷۲/۱۶،

حُفْرَةٍ: (ض) گڑھا، حَفْرٌ سے، جمع حُفَرٌ ۱۰۳/۳،

حَفِظَ: (س) اس نے حفاظت کی۔اس نے نگرانی کی۔یادکرنا۔حِفْظٌ سے ماضی۔ ۳۴/۴،

حِفْظًا: حفاظت، بچاؤ۔مصدر ہے۔ ۷/۳۷، ۱۲/۴۱،

حَفَظَةً: حفاظت کرنے والا۔نگہبان۔واحد حَافِظٌ۔ ۶۱/۶،

حَفِظْنٰهَا: ہم نے اسکی حفاظت کی۔ہم نے اس کا بچاؤ کیا۔ ۱۷/۱۵،

حِفْظُهُمَا: ان دونوں کی حفاظت۔ان دونوں کی نگرانی۔ ۲۵۵/۲،

حَفَفْنٰهُمَا: (ن) ہم نے ان دونوں کو گھیر لیا۔ حَفٌّ سے ماضی۔ ۳۲/۱۸،

حَفِيًّا: بحث کرنے والا، بڑا مہربان۔تحقیق کرنے والا۔ ۴۷/۱۹،

حَفِيٌّ: بحث کرنے والا۔تحقیق کرنے والا۔پیچھے پڑ کر سوال کرنے والا۔بڑا مہربان حَفَاوَةٌ سے صفت مشبہ۔جمع اَحْفِيَاءُ۔ ۱۸۷/۷،

حَفِيْظًا: (س) حفاظت کرنے والا۔نگہبان۔یاد رکھنے والا۔ ۸۰/۴، ۱۰۷/۶، ۴۸/۴۲،

حَفِيْظٍ: حفاظت کرنے والا۔نگہبان۔یادرکھنے والا۔ ۱۰۴/۶، ۸۶/۱۱، ۳۲/۵۰،

حَفِيْظٌ: حفاظت کرنے والا۔نگہبان۔یادرکھنے والا۔ ۵۷/۱۱، ۵۵/۱۲، ۲۱/۳۴، ۶/۴۲، ۴/۵۰،

ح ق

حَقَّ: (ن) وہ حق ہوا۔وہ ثابت ہوا۔وہ سچ ہوا۔ حَقٌّ سے ماضی۔ ۶۳/۲۸، ۱۳/۳۲،

حَقَّ: حق، سچ، درست، ٹھیک۔ ۴۲/۲، ۱۲۱/۲، ۱۴۶/۲، ۷۱/۳، ۱۰۲/۳، ۱۷۱/۴، ۵۷/۶، ۹۱/۶، ۱۰۵/۷، ۱۶۹/۷، ۷/۸، ۸/۸، ۳۲/۸، ۸۲/۱۰، ۱۷/۱۳، ۵۶/۱۸، ۲۴/۲۱، ۷۴/۲۲، ۷۸/۲۲، ۲۵/۲۴، ۷۵/۲۸، ۴/۳۳، ۶/۳۴، ۲۳/۳۴، ...... ۴۴ جگہ

حَقًّا: حق، سچ، درست، ٹھیک۔ ۱۸۰/۲، ۲۳۶/۲، ۲۴۱/۲، ۱۲۲/۴، ۱۵۱/۴، ۴۴/۷، ۴/۸، ۷۴/۸، ۱۱۱/۹، ۴/۱۰، ۱۰۳/۱۰، ۱۰۰/۱۲، ۳۸/۱۶، ۹۸/۱۸، ۴۷/۲۰، ۹/۲۱،

حَقِّ: حق، سچ، درست، ٹھیک۔ ۶۱/۲، ۷۱/۲، ۱۱۹/۲، ۱۷۶/۲، ۲۱۳/۲، ۲۵۲/۲، ۳/۳، ۱۰۸/۳، ۱۵۴/۳، ۱۰۵/۴، ۱۷۰/۴، ۲۷/۵، ۴۸/۵، ۵۳/۵، ۷۷/۵، ۸۴/۵، ۵/۶، ۳۰/۶، ۶۲/۶، ۷۳/۶، ۹۳/۶، ۱۱۴/۶، ۱۵۱/۶، ۴۳/۷، ...... ۱۱۴ جگہ

حَقٍّ: حق، سچ، درست، ٹھیک۔ ۲۱/۳، ۱۱۲/۳، ۱۸۱/۳، ۱۵۵/۴، ۱۱۶/۵، ۷۹/۱۱، ۴۰/۲۲،

حَقُّ: حق، سچ، درست، ٹھیک۔ ۲۶/۲، ۹۱/۲، ۱۰۹/۲، ۱۴۴/۲، ۱۴۷/۲، ۱۴۹/۲، ۲۸۲/۲، ۶۰/۳، ۶۲/۳، ۶۶/۶، ۸/۷، ۳۳/۷، ۱۱۸/۷، ۴۸/۹، ۳۲/۱۰، ۷۶/۱۰، ۹۴/۱۰، ۱۰۸/۱۰، ۱۷/۱۱، ۴۵/۱۱، ۱۲۰/۱۱، ۵۱/۱۲، ۱/۱۳، ۱۹/۱۳، ۸۱/۱۷، ۲۹/۱۸، ۵۳ جگہ

حَقٌّ: حق، سچ، درست، ٹھیک۔ ۸۶/۳، ۵۳/۱۰، ۵۵/۱۰، ۲۱/۱۸، ۱۳/۲۸، ۶۰/۳۰، ۳۳/۳۱، ۵/۳۵، ۶۴/۳۸، ۵۵/۴۰، ۷۷/۴۰، ۳۲/۴۵، ۱۷/۴۶، ۱۹/۵۱، ۲۳/۵۱، ۲۴/۷۰،

حُقُبًا: برسوں تک، طویل مدت تک، جمع اَحْقَابٌ۔ ۶۰/۱۸،

حَقَّتْ: ثابت ہوئی، پوری ہوئی، مطابق ہوئی،

حَقّ سے ماضی۔ ۳۳/۱۰، ۹۶/۱۰، ۳۶/۱۶، ۷۱/۳۹، ۶/۴۰،

حُقَّتْ: وہ اسی لائق ہے، وہ ثابت کی گئی، حَقٌّ سے ماضی مجہول۔ ۲/۸۴، ۵/۸۴،

حَقَّهٗ: اس کا حق۔ ۱۴۱/۶، ۲۶/۱۷، ۳۸/۳۰،

حَقِيْقٌ: سزاوار، لائق، ثابت، قائم۔ حَقٌّ سے صفت مشبہ۔ ۱۰۵/۷،

ح ک

حُكَّامِ: حاکم، فیصلہ کرنے والا، واحد حَاكِمٌ، ۱۸۸/۲،

حَكَمَ: (ن) اس نے حکم دیا۔ اس نے فیصلہ دیا۔ حُكْمٌ سے ماضی۔ ۴۸/۴۰،

حَكَمًا: منصف۔ فیصلہ کرنے والا۔ حُكْمٌ سے صفت مشبہ واحد اور جمع سب کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ ۳۵/۴، ۱۱۴/۶،

حُكْمَ: (ن) حکم، فیصلہ، مصدر بھی ہے اسم بھی ہے۔ ۵۰/۵،

حُكْمَ: (ک) حکمت۔ فہم۔ سمجھ۔ عقل۔ مصدر ہے۔ ۷۹/۳، ۸۹/۶، ۱۲/۱۹، ۱۶/۴۵،

حُكْمًا: حکمت۔ فہم۔ سمجھ۔ ۵۰/۵، ۱۴/۲۸،

حُكْمِ: حکم۔ تجویز۔ ۴۸/۵۲، ۴۸/۶۸، ۲۴/۷۶،

حُكْمُ: حکم۔ فیصلہ۔ حکومت۔ ۴۳/۵، ۵۷/۶؛ ۶۲/۶، ۴۰/۱۲، ۶۷/۱۲، ۷۰/۲۸، ۸۸/۲۸، ۱۲/۴۰، ۱۰/۶۰،

حَكَمْتَ: تو نے حکم دیا۔ تو نے فیصلہ دیا۔ ۴۲/۵،

حِكْمَةَ: (ک) حکمت۔ دانائی، سمجھ، جمع حِكَمٌ. ۱۲۹/۲، ۱۵۱/۲، ۲۵۱/۲، ۲۶۹/۲، ۴۸/۳، ۱۶۴/۳، ۵۴/۴، ۱۱۳/۴، ۱۱۰/۵، ۱۲/۳۱، ۳۴/۳۳، ۲۰/۳۸، ۲/۶۲،

حِكْمَةِ: حکمت۔ دانائی۔ سمجھ۔ ۲۳۱/۲، ۱۲۵/۱۶، ۳۹/۱۷، ۳۴/۳۳، ۶۳/۴۳،

حِكْمَةٍ: حکمت۔ دانائی۔ سمجھ۔ ۸۱/۳،

حِكْمَةٌ: حکمت۔ دانائی۔ سمجھ۔ ۵/۵۴،

حَكَمْتُمْ: تم نے حکم دیا۔ تم نے فیصلہ کیا۔ ۵۸/۴،

حُكْمِهٖ: اس کا حکم، اس کا فیصلہ۔ ۴۱/۱۳، ۲۶/۱۸، ۷۸/۲۷،

حُكْمُهٗ: اس کا حکم۔ اس کا فیصلہ۔ ۱۰/۴۲،

حُكْمِهِمْ: ان کا حکم۔ ان کا فیصلہ۔ ۷۸/۲۱،

حَكِيْمًا: حکمت والا، دانا، جمع حُكَمَاءُ۔ ۱۱/۴، ۱۷/۴، ۲۴/۴، ۵۶/۴، ۹۲/۴، ۱۰۴/۴، ۱۱۱/۴، ۱۳۰/۴، ۱۵۸/۴، ۱۶۵/۴، ۱۷۰/۴، ۱/۳۳، ۴/۴۸، ۷/۴۸، ۱۹/۴۸، ۳۰/۷۶،

حَكِيْمِ: حکیم۔ حکمت والا۔ ۱۲۶/۳، ۱/۱۰، ۲/۳۱، ۲/۳۶، ۱/۳۹، ۲/۴۵، ۲/۴۶، ۱/۶۲، ۵۸/۳،

حَكِيْمٍ: حکیم، حکمت والا۔ ۱/۱۱، ۶/۲۷، ۴۲/۴۱، ۴/۴۴،

حَكِيْمٌ: حکیم۔ حکمت والا۔ ۳۲/۲، ۱۲۹/۲، ۶/۳، ۱۸/۳، ۶۲/۳، ۱۸/۶، ۷۳/۶، ۸۳/۱۲، ۱۰۰/۱۲، ۴/۱۴، ۶۰/۱۶، ۹/۲۷، ۲۶/۲۹، ۴۲/۲۹، ۲۷/۳۰، ۹/۳۱، ۱/۳۴، ۲۷/۳۴، ۲/۳۵، ۸/۴۰، ۳/۴۲، ۸۴/۴۳، ۳۷/۴۵، ۳۰/۵۱، ۱/۵۷، ۱/۵۹، ...... ۳۵ جگہ

حَكِيْمٌ: حکیم۔ حکمت والا۔ ۲۰۹/۲، ۲۲۰/۲، ۲۲۸/۲، ۲۴۰/۲، ۲۶۰/۲، ۲۶/۴، ۳۸/۵، ۸۳/۶، ۱۲۸/۶، ۱۳۹/۶، ۱۰/۸، ۴۹/۸، ۶۳/۸، ۶۷/۸، ۷۱/۸، ۱۵/۹، ۲۸/۹، ۴۰/۹، ۶۰/۹، ۷۱/۹، ۹۷/۹، ۱۰۶/۹، ۱۱۰/۹، ۶/۱۲، ۳۵/۱۵، ...... ۳۳ جگہ

ح ل

حِلًّا: (ض) حلال۔ مصدر ہے۔ ۹۳/۳،

حِلٌّ: حلال۔ ۵/۵، ۱۰/۶۰، ۲/۹۰،

حَلَّافٍ: (ض) بڑا حلف اٹھانے والا۔ بڑا قسمیں کھانے والا، حَلْفٌ سے فَعَّالٌ کے وزن پر مبالغہ۔ ۱۰/۶۸،

حَلٰلًا: (ض) حلال، جائز۔ مصدر ہے۔ ۱۶۸/۲،

۸۸/۵، ۶۹/۸، ۵۹/۱۰، ۱۱۴/۱۶،
حَلٰلٌ: حلال۔ ۱۱۶/۱۶،
حَلَآئِلُ: بیویاں۔ واحد حَلِیْلَۃ۔ ۲۳/۴،
حَلَفْتُمْ: (ض) تم نے حلف اٹھایا، تم نے قسم کھائی، حَلْفٌ سے ماضی۔ ۸۹/۵،
حُلْقُوْمَ: حلق۔ گلا۔ جمع حَلَاقِیْمُ۔ ۸۳/۵۶،
حَلَلْتُمْ: تم حلال ہوئے، تم احرام سے باہر آئے، حِلٌّ و حَلَالٌ سے ماضی۔ ۲/۵،
حُلُمَ: (ن) بلوغ، عقل، خواب دیکھنا۔ جمع اَحْلَامٌ۔ ۵۸/۲۴، ۵۹/۲۴،
حُلُّوْا: (تف) ان کو پہنایا جائے گا۔ تَحْلِیَۃٌ سے ماضی مجہول۔ ۲۱/۷۶،
حِلْیَۃً: زیور، گہنے، آرائش، جمع حُلًی۔ ۱۴/۱۶، ۱۲/۳۵،
حِلْیَۃِ: زیور۔ گہنے۔ آرائش۔ ۱۸/۴۳،
حِلْیَۃٍ: زیور۔ گہنے۔ آرائش۔ ۱۷/۱۳،
حَلِیْمًا: (ک) حلیم تحمل والا۔ بردبار۔ اللہ تعالیٰ کا اسم صفاتی، حِلْمٌ سے صفت مشبہ، جمع حُلَمَاءُ ۴۴/۱۷، ۵۱/۳۳، ۴۱/۳۵،
حَلِیْمٍ: حلیم۔ تحمل والا۔ بردبار۔ ۱۰۱/۳۷،
حَلِیْمٌ: حلیم۔ تحمل والا۔ بردبار۔ ۸۷/۱۱،
حَلِیْمٌ: حلیم، تحمل والا، بردبار۔ ۲۲۵/۲، ۲۳۵/۲، ۲۶۳/۲، ۱۵۵/۳، ۱۲/۴، ۱۰۱/۵، ۷۵/۱۱، ۱۱۴/۹، ۵۹/۲۲، ۱۷/۶۴،
حُلِیِّهِمْ: ان کے زیورات۔ ان کے گہنے۔ واحد حُلًی۔ ۱۴۸/۷،

ح م

حٰمٓ: حروف مقطعات ہیں۔ ۱/۴۰، ۱/۴۱، ۱/۴۲، ۱/۴۳، ۱/۴۴، ۱/۴۵، ۱/۴۶،
حٰمٓ عٓسٓقٓ: حروف مقطعات ہیں۔ ۱/۴۲،
حِمَارِ: گدھا۔ جمع حُمُرٌ و حَمِیْرٌ۔ ۵/۶۲،
حِمَارِكَ: تیرا گدھا۔ ۲۵۹/۲،
حَمَّالَۃَ: (ض) خوب اٹھانے والی۔ حَمْلٌ سے فَعَّالَۃٌ کے وزن پر مبالغہ۔ ۴/۱۱۱،
حَمْدِ: (س) حمد۔ تعریف۔ ثنا۔ خوبی۔ مصدر بھی ہے اسم بھی، کسی اختیاری خوبی پر زبان سے تعریف کرنے کو حمد کہتے ہیں۔ یہ شکر کے مقابلے میں عام ہے کیونکہ شکر نعمت کے ساتھ مخصوص ہے۔ ۹۸/۱۵، ۱۵/۳۲، ۱۳۰/۲۰، ۷۵/۳۹، ۷/۴۰، ۵۵/۴۰، ۵/۴۲، ۳۹/۵۰، ۴۸/۵۲، ۳/۱۱۰،
حَمْدٌ: حمد، تعریف، ثنا، خوبی۔ ۱/۱، ۱/۶، ۴۵/۶، ۴۳/۷، ۱۰/۱۰، ۳۹/۱۴، ۷۵/۱۶، ۱۱۱/۱۷، ۱/۱۸، ۲۸/۲۳، ۱۵/۲۷، ۵۹/۲۷، ۹۳/۲۷، ۷۰/۲۸، ۶۳/۲۹، ۱۸/۳۰، ۲۵/۳۱، ۱/۳۴، ۱/۳۵، ۳۴/۳۵، ۱۸۲/۳۷، ۲۹/۳۹، ۷۴/۳۹، ۷۵/۳۹، ۶۵/۴۰، ۳۶/۴۵، ۱/۶۴،
حَمْدِكَ: تیری حمد، تیری تعریف، تیری خوبی ۳۰/۲،
حَمْدِهٖ: اس کی حمد، اس کی تعریف، اس کی خوبی۔ ۱۳/۱۳، ۴۴/۱۷، ۵۲/۱۷، ۵۸/۲۵،
حُمْرٌ: سرخ۔ واحد اَحْمَرُ و حَمْرَاءُ۔ ۲۷/۳۵،
حُمُرٌ: گدھے۔ واحد حِمَارٌ۔ ۵۰/۷۴،
حَمَلَ: (ض) اس نے اٹھایا، حَمْلٌ سے ماضی، ۱۱۱/۲۰،
حَمْلًا: حمل، بوجھ، پیٹ کا بچہ، جمع اَحْمَالٌ ۱۸۹/۷،
حَمْلٍ: حمل۔ بوجھ۔ پیٹ کا بچہ۔ ۲/۲۲، ۶/۶۵،
حِمْلًا: بوجھ۔ جمع حَمُوْلَۃٌ و اَحْمَالٌ۔ ۱۰۱/۲۰،
حِمْلُ: بوجھ۔ ۷۲/۱۲،
حُمِّلَ: (تف) اس پر بار رکھا گیا۔ وہ لادا گیا۔ تَحْمِیْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۵۴/۲۴،
حَمَلَتْ: اس کو حمل ہو گیا، اس نے اٹھایا، حَمْلٌ

سے ماضی۔ ۱۸۹/۷،

حَمَلَتْ: وہ لگی ہوئی ہے۔ ۱۴۶/۶،

حُمِلَتِ: وہ اٹھائی گئی، حَمْلٌ سے ماضی مجہول، ۱۴/۶۹،

حُمِّلْتُمْ: (تف) تم پر بار رکھا گیا۔ تم پر بوجھ رکھا گیا۔ تَحْمِیْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۵۴/۲۴،

حَمَلْتَهٗ: تو نے اس کو بھیجا، تو نے اس کو رکھا، ۲۸۶/۲،

حَمَلَتْهُ: وہ اس کے ساتھ حاملہ ہوگئی۔ اس نے اس کو اٹھایا۔ ۲۲/۱۹، ۱۴/۳۱، ۱۵/۴۶،

حَمَلْنَا: ہم نے سوار کیا، ہم نے چڑھالیا، ۳/۱۷، ۵۸/۱۹، ۴۱/۳۶،

حُمِّلْنَا: ہم پر لادا گیا۔ ہم سے اٹھوایا گیا۔ ۸۷/۲۰،

حَمَلْنٰكُمْ: ہم نے تم کو سوار کیا۔ ہم نے تم کو چڑھالیا۔ ۱۱/۶۹،

حَمَلْنٰهُ: ہم نے اس کو سوار کرلیا۔ ہم نے اس کو چڑھالیا۔ ۱۳/۵۴،

حَمَلْنٰهُمْ: ہم نے ان کو سوار کیا؛ ہم نے ان کو چڑھایا۔ ۷۰/۱۷،

حُمِّلُوْا: (تف) ان سے اٹھوایا گیا۔ ان پر لادا گیا۔ ۵/۶۲،

حَمْلُهٗ: اس کا حمل۔ اس کو پیٹ میں رکھنا ۱۵/۴۶،

حَمْلَهَا: اس کا حمل۔ ۲/۲۲،

حِمْلِهَا: اس کا بوجھ۔ ۱۸/۳۵،

حَمَلَهَا: اس نے اس کو اپنے ذمہ لیا۔ اس نے اس کو اٹھالیا۔ ۷۲/۳۳

حَمْلَهُنَّ: ان عورتوں کا حمل۔ ۴/۶۵، ۶/۶۵،

حَمُوْلَةً: باربردار، بوجھ اُٹھانے والے، لدنے والے، بلند قد والے، حَمْلٌ سے صفت مشبہ، ۱۴۲/۶،

حَمَاٍ: دلدلی۔ کیچڑ جو پانی سے زیادہ قریب ہونے کی بنا پر کالی پڑ جاتی ہے۔ گارا، گیلی مٹی۔ ۲۶/۱۵، ۲۸/۱۵، ۳۳/۱۵

حَمِئَةٍ: کیچڑ والا۔ سیاہ رنگ کا پانی۔ دلدل والا۔ حَمَأٌ سے صفت مشبہ۔ ۸۶/۱۸،

حَمِیَّةَ: حمیت۔ عزت۔ ضد۔ عار۔ ۲۶/۴۸،

حَمِیْدًا: (س) تعریف کیا ہوا۔ سراہا ہوا۔ حَمْدٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۳۱/۴،

حَمِیْدِ: تعریف کیا ہوا، سراہا ہوا، ۱/۱۴، ۲۴/۲۲، ۶/۳۴، ۸/۸۵،

حَمِیْدِ: تعریف کیا ہوا۔ سراہا ہوا۔ ۴۲/۴۱،

حَمِیْدُ: تعریف کیا ہوا۔ سراہا ہوا۔ ۶۴/۲۲، ۲۶/۳۱، ۱۵/۳۵، ۲۸/۴۲، ۲۴/۵۷، ۶/۶۰،

حَمِیْدٌ: تعریف کیا ہوا۔ سراہا ہوا۔ ۲۶۷/۲، ۷۳/۱۱، ۸/۱۴، ۱۲/۳۱، ۶/۶۴،

حَمِیْرَ: گدھے۔ واحد حِمَارٌ۔ ۸/۱۶،

حَمِیْرِ: گدھے۔ ۱۹/۳۱

حَمِیْمًا: کھولتا ہوا پانی۔ جمع حَمَائِمُ۔ ۱۵/۴۷، ۲۵/۷۸،

حَمِیْمًا: دلی دوست، غم کھانے والا، جمع اَحِمَّاءُ ۱۰/۷۰،

حَمِیْمِ: کھولتا ہوا پانی، نہایت گرم پانی۔ ۴۸/۴۴، ۴۶/۴۴،

حَمِیْمٍ: کھولتا ہوا پانی۔ نہایت گرم پانی۔ ۷۰/۶، ۴/۱۰، ۶۷/۳۷، ۴۳/۵۵، ۴۲/۵۶، ۹۳/۵۶،

حَمِیْمٍ: دلی دوست۔ غم کھانے والا۔ ۱۰۱/۲۶، ۱۸/۴۰، ۳۰،

حَمِیْمٌ: کھولتا ہوا پانی۔ نہایت گرم پانی۔ ۱۹/۲۲،

حَمِیْمٌ: کھولتا ہوا پانی۔ نہایت گرم پانی۔ ۵۷/۳۸،

حَمِیْمٌ: دلی دوست، غم کھانے والا ۳۴/۴۱، ۳۵/۶۹، ۱۰/۷۰،

ح ن

حَنَاجِرَ: گلے، نرخرے، حلق، واحد حَنْجَرَةٌ ۱۰/۳۳،

حَنَاجِر: گلے۔ نرخرے۔ حلق۔ ۱۸/۴۰،

حَنَانًا: (ض) مہربانی۔ رقتِ قلب۔ رحمت۔ شفقت۔ مصدر ہے۔ ۱۳/۱۹،

حِنْثِ: (س) گناہ۔ قسم توڑنا۔ مصدر بھی ہے اسم بھی۔ جمع اَحْنَاثٌ. ۴۶/۵۶،

حُنَفَآءَ: (ض) حنفی، یکسو ہونے والے، مائل ہونے والے، اللہ تعالیٰ کی طرف ہونے والے۔ واحد حَنِیْفٌ. ۳۱/۲۲، ۵/۹۸،

حَنِیْذٍ: (ض) بُھنا ہوا، تلا ہوا، بریاں، حَنْذٌ سے صفتِ مشبہ بمعنی مفعول۔ ۶۹/۱۱،

حَنِیْفًا: (ض) ایک طرف ہونے والا۔ یک سو ہونے والا۔ حَنْفٌ سے صفتِ مشبہ۔ جمع اَحْنَافٌ. ۱۳۵/۲، ۶۷/۳، ۹۵/۳، ۱۲۵/۴، ۷۹/۶، ۱۶۱/۶، ۱۰۵/۱۰، ۱۲۰/۱۶، ۱۲۳/۱۶، ۳۰/۳۰،

حُنَیْنٍ: حنین ایک وادی کا نام ہے جو مکہ مکرمہ سے عرفات کی جانب دس میل سے کچھ زائد فاصلہ پر ہے۔ ۲۵/۹،

ح و

حَوَارِیُّوْنَ: حواری۔ اصحاب۔ واحد حَوَارِیٌّ. ۵۲/۳، ۱۱۲/۵، ۱۴/۶۱،

حَوَارِیّٖنَ: حواری۔ اصحاب۔ ۱۱۱/۵، ۱۴/۶۱،

حَوَایَا: آنتیں۔ اوجھڑی۔ واحد حَوِیَّةٌ. ۱۴۶/۶،

حُوْبًا: گناہ۔ قصور۔ وبال۔ ۲/۴،

حُوْتَ: مچھلی۔ جمع حِیْتَانٌ۔ ۶۳/۱۸،

حُوْتِ: مچھلی۔ ۴۸/۶۸،

حُوْتُ: مچھلی۔ ۱۴۲/۳۷،

حُوْتَهُمَا: ان دونوں کی مچھلی۔ ۶۱/۱۸،

حُوْرٍ: حوریں۔ جنت کی عورتیں۔ واحد حَوْرَاءُ، ۵۴/۴۴، ۲۰/۵۲،

حُوْرٌ: حوریں۔ جنت کی عورتیں۔ ۷۲/۵۵، ۲۲/۵۶،

حَوْلَ: گرداگرد۔ گرد۔ ۶۸/۱۹،

حَوْلِ: گرد۔ حلقہ باندھے ہوئے۔ ۷۵/۳۹،

حَوْلِ: ایک برس۔ ایک سال۔ ۲۴۰/۲،

حِوَلًا: (ن) جگہ بدلنا۔ پلٹنا۔ حَوْلٌ سے مصدر ہے ۱۰۸/۱۸،

حَوْلَكَ: تیرے گرد۔ ۱۵۹/۳،

حَوْلَكُمْ: تمہارے گرد۔ تمہارے آس پاس۔ ۱۰۱/۹، ۲۷/۴۶،

حَوْلَهٗ: اس کے گرد۔ اس کے آس پاس۔ ۱۷/۲، ۱/۱۷، ۲۵/۲۶، ۳۴/۲۶، ۷/۴۰،

حَوْلَهَا: اس کے گرد۔ ۹۲/۶، ۸/۲۷، ۷/۴۲،

حَوْلَهُمْ: ان کے گرد۔ ۱۲۰/۹،

حَوْلِهِمْ: ان کے گرد۔ ۶۷/۲۹،

حَوْلَیْنِ: دو برس۔ دو سال۔ ۲۳۳/۲،

ح ی

حَیَّ: (س) وہ زندہ رہا، وہ جیا، حَیَاةٌ سے ماضی ۴۲/۸،

حَیَّ: زندہ۔ جاندار۔ ۲۷/۳، ۹۵/۶، ۳۱/۱۰، ۱۹/۳۰،

حَیًّا: زندہ ہونا، زندہ رہنا، ۱۵/۱۹، ۳۱/۱۹، ۳۳/۱۹، ۶۶/۱۹، ۷۰/۳۶،

حَیِّ: زندہ، جاندار، ۲۷/۳، ۹۵/۶، ۳۱/۱۰، ۱۱۱/۲۰، ۵۸/۲۵، ۱۹/۳۰،

حَیٍّ: زندہ۔ جاندار۔ ۳۰/۲۱،

حَیُّ: وہ زندہ ہے۔ ۲۵۵/۲، ۲/۳، ۶۵/۴۰،

حَیٰوةَ: (س) حیات، زندگی، بچاؤ، جینا۔ ۸۶/۲، ۷۴/۴، ۱۵/۱۱، ۳/۱۴، ۱۰۷/۱۶، ۲۸/۳۳، ۲۹/۵۳، ۲/۶۷، ۳۸/۷۹، ۱۶/۸۷،

حَیٰوةً: حیات۔ زندگی۔ جینا۔ ۹۷/۱۶، ۳/۲۵،

حَیٰوۃِ: حیات۔زندگی،جینا۔ ۸۵/۲، ۲۰۴/۲، ۱۴/۳، ۱۱۷/۳،
۹۴/۴، ۱۰۹/۴، ۳۲/۷، ۱۵۲/۷، ۳۸/۹، ۵۵/۹، ۷/۱۰، ۲۳/۱۰،
۲۴/۱۰، ۶۴/۱۰، ۸۸/۱۰، ۹۸/۱۰، ۲۶/۱۳، ۳۴/۱۳، ۲۷/۱۴، ۷۵/۱۷، ۲۸/۱۸،
۴۵/۱۸، ۴۶/۱۸، ۱۰۴/۱۸، ۷۲/۲۰، ۹۷/۲۰،

حَیٰوۃِ: حیات۔زندگی۔جینا۔ ۹۶/۲،

حَیٰوۃُ: حیات،زندگی،جینا۔ ۲۱۲/۲، ۱۸۵/۳، ۳۲/۶، ۷۰/۶،
۱۳۰/۶، ۵۱/۷، ۲۶/۱۳، ۱۰۷/۱۶، ۳۳/۳۱، ۵/۳۵، ۳۶/۴۷، ۲۰/۵۷،

حَیٰوۃٌ: حیات،زندگی،جینا۔ ۱۷۹/۲،

حَیَاتِکُمْ: تمہاری حیات۔تمہاری زندگی ۲۰/۴۶،

حَیَاتُنَا: ہماری حیات،ہماری زندگی،ہمارا جینا،
۲۹/۶، ۳۷/۲۳، ۲۴/۴۵،

حَیَاتِیْ: میری حیات،میری زندگی،میرا جینا ۲۴/۸۹،

حَیَّۃٌ: سانپ۔اژدہا۔جمع حَیَّاۃٌ۔ ۲۰/۲۰،

حِیْتَانُھُمْ: ان کی مچھلیاں۔واحد حُوْتٌ۔ ۱۶۳/۷،

حَیْثُ: جہاں،جس جگہ۔ ۳۵/۲، ۵۸/۲، ۱۴۴/۲، ۱۴۹/۲،
۱۵۰/۲، ۱۹۱/۲، ۲۲۲/۲، ۸۹/۴، ۹۱/۴، ۱۲۴/۶، ۱۹/۷، ۲۷/۷،
۱۶۱/۷، ۱۸۲/۷، ۵/۹، ۵۶/۱۲، ۶۸/۱۲، ۶۵/۱۵، ۲۶/۱۶، ۴۵/۱۶،
۶۹/۲۰، ۳۶/۳۸، ۲۵/۳۹، ۴۷/۳۹، ۲/۵۹، ۳/۶۵، ۶/۶۵، ۴۴/۶۸،

حَیْرَانَ: (س) حیران،پریشان،سرگرداں،متردد،
حَیْرَۃٌ سے صفتِ مشبہ،جمع حَیَارٰی ۷۱/۶،

حِیْلَ: (س ن) حائل کردیا گیا۔پردہ ڈال دیا گیا۔
آڑ بنادی گئی،حَوْلٌ سے ماضی مجہول، ۵۴/۳۴،

حِیْلَۃً: حیلہ،فریب،تدبیر،بہانہ،حَوْلٌ سے مشتق
ہے۔جمع حِیَلٌ۔ ۹۸/۴،

حِیْنَ: وقت۔زمانہ۔مدت۔جمع اَحْیَانٌ۔ ۱۰۱/۵،
۱۰۶/۵، ۱۷۷/۵، ۵/۱۱، ۶/۱۶، ۳۹/۲۱، ۵۸/۲۴، ۴۲/۲۵، ۲۱۸/۲۶،
۱۷/۳۰، ۱۸/۳۰، ۳/۳۸، ۴۲/۳۹، ۵۸/۳۹، ۴۸/۵۲،

حِیْنِ: وقت۔زمانہ۔مدت۔ ۱۵/۲۸،

حِیْنٍ: وقت،زمانہ،مدت۔ ۳۶/۲، ۹۸/۱۰، ۳۵/۱۲، ۲۵/۱۴،
۸۰/۱۶، ۱۱۱/۲۰، ۲۵/۲۳، ۵۴/۲۳، ۴۴/۳۶، ۱۴۸/۳۷، ۱۷۴/۳۷، ۱۷۸/۳۷،
۸۸/۳۸، ۴۳/۵۱،

حِیْنٌ: وقت۔زمانہ۔مدت۔ ۱/۷۶،

حِیْنَئِذٍ: اس وقت۔ ۸۴/۵۶،

حَیُّوْا: تم سلام کرو،تم دعا کرو،تَحِیَّۃٌ سے امر، ۸۶/۴،

حَیَوَانُ: (س) زندگی،جینا۔مصدر ہے۔ ۶۴/۲۹،

حَیَّوْكَ: انھوں نے تجھے سلام کیا،انھوں نے
تجھ کو دعا دی۔ تَحِیَّۃٌ سے ماضی۔ ۸/۵۸،

حُیِّیْتُمْ: تمہیں سلام کیا جائے،تمہیں دعا دی
جائے،تَحِیَّۃٌ سے ماضی مجہول۔ ۸۶/۴،

﴿بَابُ الْخاء﴾

خ ا

خَابَ: (ض) وہ ناکام ہوا۔ وہ نامراد ہوا۔ خَیْبَۃٌ سے ماضی۔ ۱۵/۱۴، ۶۱/۲۰، ۱۱۱/۲۰، ۱۰/۹۱،

خَاتَمَ: (ض) ختم کرنے والا، مہر، خَتْمٌ و خَتَامٌ سے اسم فاعل اور اسم۔ جمع خَوَاتِمُ و خُتُمٌ۔ ۴۰/۳۳،

خَاتَمَ النَّبِیّنَ: نبیوں کے آخری۔ نبیوں کے ختم پر۔ یعنی حضرت محمد ﷺ، آپ کو خاتم النبین اسلئے کہا گیا کہ آپ نے تشریف لا کر نبوت کو ختم یعنی پورا کر دیا (المفردات) ۴۰/۳۳،

خَادِعُھُمْ: (ف) ان کو فریب دینے والا، ان کو دھوکا دینے والا۔ خَدْعٌ سے اسم فاعل ۱۴۲/۴،

خَارِجٍ: (ن) نکلنے والا، باہر آنے والا، خُرُوجٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲۲/۶،

خٰرِجِیْنَ: نکلنے والے، باہر آنے والے، واحد خَارِجٌ۔ ۱۶۷/۲، ۳۷/۵،

خٰزِنِیْنَ: خزانہ کرنے والے، جمع کرنے والے، ذخیرہ کرنے والے۔ خَزْنٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲/۱۵،

خَاسِرَۃٌ: (ن) خسارے والی، نقصان والی، خُسْرٌ اور خُسْرَانٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲/۷۹،

خٰسِرُوْنَ: خسارہ پانے والے، نقصان اٹھانے والے۔ ۲۷/۲، ۱۲۱/۲، ۹۰/۷، ۹۹/۷، ۱۷۸/۷، ۳۷/۸، ۶۹/۹، ۱۴/۱۲، ۱۰۹/۱۶، ۳۴/۲۳، ۵۲/۲۹، ۶۳/۳۹، ۱۹/۵۸، ۹/۶۳،

خٰسِرِیْنَ: خسارہ پانے والے، نقصان اٹھانے والے۔ ۶۴/۲، ۸۵/۳، ۱۴۹/۳، ۵/۵، ۲۱/۵، ۳۰/۵، ۵۳/۵، ۲۳/۷، ۹۲/۷، ۱۴۹/۷، ۹۵/۱۰، ۴۷/۱۱، ۱۵/۳۹، ۶۵/۳۹، ۲۳/۴۱، ۲۵/۴۱، ۳۵/۴۲، ۱۸/۴۶،

خَاسِئًا: (س ف) ذلیل کرنے والا۔ خوار کرنے والا۔ خَسْأٌ سے اسم فاعل۔ ۴/۶۷،

خٰسِئِیْنَ: ذلیل کئے ہوئے، خوار کئے ہوئے، خَسْأٌ سے اسم فاعل بمعنی مفعول۔ ۶۵/۲، ۱۶۶/۷،

خَاشِعًا: (ف) خشوع کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا، جھکنے والا، دب جانے والا، خُشُوْعٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۵۹،

خٰشِعٰتِ: خشوع کرنے والی عورتیں، عاجزی کرنے والی عورتیں۔ ۳۵/۳۳،

خَاشِعَۃً: خشوع کرنے والی، عاجزی کرنے والی، جھکنے والی، خشک، قحط زدہ۔ ۳۹/۴۱، ۴۳/۶۸، ۴۴/۷۰،

خَاشِعَۃٌ: خشوع کرنے والی۔ عاجزی کرنے والی۔ جھکنے والی۔ ۹/۷۹، ۲/۸۸،

خٰشِعُوْنَ: خشوع کرنے والے۔ عاجزی کرنے والے۔ ۲/۲۳،

خٰشِعِیْنَ: خشوع کرنے والے۔ عاجزی کرنے والے۔ ۴۵/۲، ۱۹۹/۳، ۹۰/۲۱، ۳۵/۳۳، ۴۵/۴۲،

خَآصَّۃً: (ن) خاص کر۔ چن کر۔ خَصٌّ و خُصُوْصٌ سے اسم فاعل۔ ۲۵/۸،

خٰضِعِیْنَ: (ف) خضوع کرنے والے۔ عاجزی

کرنے والے۔ جھکنے والے۔ خَضعًا و خُضُوْعٌ سے اسم فاعل۔ ۴/۲۶،

خَاضُوْا: (ن) انھوں نے بحث کی۔ وہ گھسے۔ وہ مشغول ہوئے۔ خَوْضٌ سے ماضی۔ ۶۹/۹،

خَاطَبَهُمُ: (مفا) اس نے ان سے خطاب کیا۔ اس نے ان سے بات چیت کی، مُخَاطَبَةٌ سے ماضی۔ ۶۳/۲۵،

خَاطِئَةِ: (س) خطا کار۔ گنہگار۔ جرم کرنے والی۔ خَطَاءٌ سے مصدر اور اسم فاعل۔ ۹/۶۹،

خَاطِئَةٍ: (س) خطا کار، گنہگار، جرم کرنے والی، ۱۶/۹۶،

خَاطِئُوْنَ: خطا کرنے والے، گنہگار، مجرم، واحد خَاطِئٌ. ۳۷/۶۹،

خٰطِئِيْنَ: خطا کرنے والے، گنہگار، مجرم ۲۹/۱۲، ۹۱/۱۲، ۹۷/۱۲، ۸/۲۸،

خَافَ: اس نے خوف کیا۔ وہ ڈرا۔ خَوْفٌ سے ماضی۔ ۱۸۲/۲، ۱۰۳/۱۱، ۱۴/۱۴، ۴۶/۵۵، ۴۰/۷۹،

خَافَتْ: اس (مؤنث) نے خوف کیا، وہ ڈری، ۱۲۸/۴،

خَافِضَةٌ: (ض) پست کرنے والی، جھکا دینے والی، ذلیل کرنے والی، خَفْضٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۵۶،

خَافُوْا: انھوں نے خوف کیا۔ وہ ڈرے۔ ۹/۴،

خَافُوْنَ: مجھ سے خوف کرو، مجھ سے ڈرو، خَوْفٌ سے امر۔ ۱۷۵/۳،

خَافِيَةٌ: (س) چھپنے والی، پوشیدہ ہونے والی، بھید، خِفَاءٌ سے اسم فاعل، جمع خَوَافِيٌ ۱۸/۶۹،

خٰلٰتِكَ: تیری خالائیں۔ واحد خَالَةٌ ۵۰/۳۳،

خٰلٰتِكُمْ: تمہاری خالائیں۔ ۶۱/۲۴،

خٰلٰتُكُمْ: تمہاری خالائیں۔ ۲۳/۴،

خَالِدًا: (ن) ہمیشہ رہنے والا۔ سدا رہنے والا۔ خُلُوْدٌ سے اسم فاعل۔ ۱۴/۴، ۹۳/۴، ۶۳/۹،

خَالِدٌ: ہمیشہ رہنے والا۔ سدا رہنے والا۔ ۱۵/۴۷،

خٰلِدُوْنَ: ہمیشہ رہنے والے۔ سدا رہنے والے۔ ۲۵/۲، ۳۹/۲، ۸۲/۲، ۲۱۷/۲، ۲۵۷/۲، ۲۷۵/۲، ۱۰۷/۳، ۱۱۶/۳، ۸۰/۵، ۳۶/۷، ۴۲/۷، ۱۷/۹، ۲۶/۱۰، ۲۷/۱۰، ۲۳/۱۱، ۵/۱۳، ۳۴/۲۱، ۹۹/۲۱، ۱۰۲/۲۱، ۱۱/۲۳، ۱۰۳/۲۳، ۷۱/۴۳، ۷۴/۴۳، ۱۷/۵۸،

خٰلِدِيْنَ: ہمیشہ رہنے والے، سدا رہنے والے۔ ۱۶۲/۲، ۱۵/۳، ۸۸/۳، ۱۳۶/۳، ۱۹۸/۳، ۱۳/۴، ۵۷/۴، ۱۲۲/۴، ۱۶۹/۴، ۸۵، ۱۱۹/۵، ۱۳۸/۶، ۲۰/۷، ۲۲/۹، ۶۸، ۷۲/۹، ۸۹/۹، ۱۰۰/۹، ۱۰۷/۱۱، ۱۰۸/۱۱، ۲۳/۱۴، ۲۹/۱۶، ۱۰۸/۱۸، ۷۶/۲۰، ۵۸/۲۹،

خٰلِدَيْنِ: وہ دو ہمیشہ رہنے والے۔ ۱۷/۵۹،

خَالِصًا: (ن) خالص، صاف۔ خُلُوْصٌ سے اسم فاعل۔ ۶۶/۱۶،

خَالِصُ: خالص۔ صاف۔ ۳/۳۹،

خَالِصَةً: خالص۔ صاف۔ ۹۴/۲، ۳۲/۷، ۵۰/۳۳،

خَالِصَةٍ: خالص۔ صاف۔ ۴۶/۳۸،

خَالِصَةٌ: خالص۔ صاف۔ ۱۳۹/۶،

خٰلِفِيْنَ: (ن) پیچھے رہنے والے۔ خَلْفٌ سے اسم فاعل واحد خَالِفٌ. ۸۳/۹،

خَالِقِ: (ن) پیدا کرنے والا۔ بنانے والا۔ خَلْقٌ سے اسم فاعل، اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔ ۳/۳۵،

خَالِقٌ: پیدا کرنے والا۔ نمونے کے بغیر بنانے والا۔ ۱۰۲/۶، ۱۶/۱۳، ۶۲/۳۹، ۶۲/۴۰، ۲۴/۵۹،

خَالِقُ: پیدا کرنے والا۔ بنانے والا۔ ۲۸/۱۵، ۷۱/۳۸،

خٰلِقُوْنَ: پیدا کرنے والے۔ بنانے والے۔ ۳۵/۵۲، ۵۹/۵۶،

خٰلِقِيْنَ: پیدا کرنے والے، بنانے والے، ۱۴/۲۳، ۱۲۵/۳۷،

خَالِكَ: تیرا ماموں۔ جمع اَخْوَالٌ. ۵۰/۴۳،

خَالِیَةِ: (ن) خالی ہونے والا۔ گزشتہ۔ گزرنے والی۔ خُلُوٌّ و خَلَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۶۹،

خٰمِدُوْنَ: (ن س) بجھے ہوئے، بجھنے والے، خَمْدٌ و خُمُوْدٌ سے اسم فاعل، واحد خَامِدٌ۔ ۲۹/۳۶،

خٰمِدِیْنَ: بجھنے والے۔ ۱۵/۲۱،

خَامِسَةَ: پانچویں۔ ۹/۲۴،

خَامِسَةُ: پانچویں۔ ۷/۲۴

خَانَتٰهُمَا: (ن) ان دونوں عورتوں نے ان دونوں کی خیانت کی۔ خِیَانَةٌ سے ماضی۔ ۱۰/۶۶،

خَانُوْا: انھوں نے خیانت کی۔ انھوں نے دغا کی۔ ۷۱/۸

خَاوِیَةً: (ض) گرے ہوئے، خالی، کھوکھلے، خَوَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۵۲/۲۷،

خَاوِیَةٍ: کھوکھلے۔ گرے ہوئے۔ ۷/۶۹

خَاوِیَةٌ: گری ہوئی۔ خالی۔ کھوکھلی۔ بے روح۔ ۲۵۹/۲، ۴۲/۱۸، ۴۵/۲۲،

خَآئِبِیْنَ: (ض) ناکام، نامراد، ناامید ہونے والے، خَیْبَةٌ سے اسم فاعل۔ واحد خَائِبٌ. ۱۲۷/۳،

خَآئِضِیْنَ: (ن) بیہودہ گوئی کرنے والے، گھسنے والے۔ بحث کرنے والے۔ خَوْضٌ سے اسم فاعل۔ واحد خَائِضٌ. ۴۵/۷۴،

خَآئِفًا: (ن) خوف کھانے والا۔ ڈرنے والا۔ خَوْفٌ سے اسم فاعل۔ ۱۸/۲۸، ۲۱/۲۸،

خَآئِفِیْنَ: خوف کھانے والے۔ ڈرنے والے۔ واحد خَائِفٌ. ۱۱۴/۲،

خَآئِنَةَ: (ن) خیانت، چوری کرنے والی۔ خِیَانَةٌ سے اسم فاعل۔ ۱۹/۴۰،

خَآئِنَةٍ: خیانت کرنے والی۔ چوری کرنے والی۔ ۱۳/۵،

خَآئِنِیْنَ: خیانت کرنے والے۔ چوری کرنے والے۔ واحد خَائِنٌ. ۱۰۵/۴، ۵۸/۸، ۵۲/۱۲،

خ ب

خَبَالًا: (ن) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ خراب کرنا۔ فساد کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۱۸/۳، ۴۷/۹،

خَبٰٓئِثَ: خبیث کام۔ گندے کام۔ واحد خَبِیْثَةٌ ۱۵۷/۷، ۷۴/۲۱

خَبَتْ: (ن) وہ دھیمی ہوئی، وہ بجھی، خَبْوٌ و خُبُوٌّ سے ماضی۔ ۹۷/۱۷،

خَبُثَ: (ک) وہ خبیث ہوا۔ وہ خراب ہوا۔ خَبَاثَةٌ اور خُبْثٌ سے ماضی۔ ۵۸/۷،

خَبَرٍ: خبر۔ حال۔ جمع اَخْبَارٌ۔ ۷/۲۷، ۲۹/۲۸،

خُبْرًا: (ک) خبر رکھنا۔ سمجھ رکھنا۔ واقفیت رکھنا۔ مصدر ہے۔ ۶۸/۱۸، ۹۱/۱۸،

خُبْزًا: روٹی۔ نان۔ ۳۶/۱۲،

خَبْءَ: (ف) پوشیدہ، چھپا ہوا۔ مصدر ہے۔ ۲۵/۲۷،

خَبِیْثَ: (ک) خبیث، گندی چیز، گھٹیا چیز، ناپاک، خُبْثٌ سے صفت مشبہ ۲۶۷/۲، ۱۷۹/۳، ۲/۴، ۳۷/۸،

خَبِیْثِ: خبیث۔ گندی چیز۔ ناپاک۔ ۱۰۰/۵،

خَبِیْثُ: خبیث۔ گندی چیز۔ ناپاک۔ ۱۰۰/۵،

خَبِیْثٰتِ: خبیث عورتیں۔ ۲۶/۲۴،

خَبِیْثٰتُ: خبیث عورتیں۔ ۲۶/۲۴،

خَبِیْثَةِ: ناپاک۔ گندی۔ ۲۶/۱۴،

خَبِیْثَةٍ: ناپاک عورتیں۔ گندی عورتیں۔ ۲۶/۱۴،

خَبِیْثُوْنَ: خبیث مرد۔ گندے لوگ۔ ۲۶/۲۴،

خَبِیثِینَ: خبیث مرد۔ گندے مرد۔ ٢٦/٢٤،

خَبِیرًا: (س) خبردار، دانا، اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ہے، قرآن مجید میں صرف اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال ہوا ہے۔ خَبَرٌ سے صفتِ مشبہ۔ ٣٥/٤، ٩٤/٤، ١٢٨/٤، ١٣٥/٤، ١٧/١٧، ٣٠/١٧، ٩٦/١٧، ٥٨/٢٥، ٥٩/٢٥، ٢/٣٣، ٣٤/٣٣، ١١/٤٨،

خَبِیرٍ: خبردار، دانا، اللہ تعالیٰ کا اسم صفاتی۔ ١/١١، ١٤/٣٥،

خَبِیرُ: خبردار، دانا۔ ١٨/٦، ٧٣/٦، ١٠٣/٦، ١/٣٤، ٣/٦٦، ١٤/٦٧،

خَبِیرٌ: خبردار۔ دانا۔ ٢٣٤/٢، ٢٧١/٢، ١٥٣/٣، ١٨٠/٣، ٨/٥، ١٦/٩، ١١١/١١، ٦٣/٢٢، ٣٠/٢٤، ٥٣/٢٤، ٨٨/٢٧، ١٦/٣١، ٢٩/٣١، ٣٤/٣١، ٣١/٣٥، ٢٧/٤٢، ١٣/٤٩، ١٠/٥٧، ٣/٥٨، ١١/٥٨، ١٣/٥٨، ١٨/٥٩، ١١/٦٣، ٨/٦٤، ١١/١٠٠،

خ ت

خَتَّارٍ: (ض ن) بڑا دھوکہ باز۔ عہد توڑنے والا۔ بہت جھوٹا۔ غدّار۔ خَتْرٌ سے مبالغہ۔ ٣٢/٣١،

خِتٰمُهٗ: اس کی مُہر کرنے کی چیز۔ اس کا مہر لگانے کا مسالہ۔ ٢٦/٨٣،

خَتَمَ: (ض) اس نے مہر لگائی۔ خَتْمٌ سے ماضی۔ ٧/٢، ٤٦/٦، ٢٣/٤٥،

خ د

خَدَّكَ: تیرا گال، تیرا رخسار، جمع خُدُوْدٌ۔ ١٨/٣١،

خ ذ

خُذْ: (ن) تو قبول کر، تُو لے، تو پکڑ، اَخْذٌ سے امر ٢٦٠/٢، ١٤٤/٧، ١٠٣/٩، ٧٨/١٢، ٤٤/٣٨،

خُذِ: تو قبول کر۔ تو اختیار کر۔ تو لے۔ ١٩٩/٧، ١٢/١٩،

خُذُوْا: تم قبول کرو۔ تم اختیار کرو۔ تم لو۔ ٦٣/٢، ٩٣/٢، ٧١/٤، ١٠٢/٤، ٣١/٧، ١٧١/٧،

خَذُوْلًا: وقت پر دھوکا دینے والا۔ مصیبت میں تنہا چھوڑ دینے والا۔ خَذْلٌ و خِذْلَانٌ سے فَعُوْلٌ کے وزن پر مبالغہ۔ ٢٩/٢٥،

خُذُوْهُ: تم اس کو لو، تم اس کو پکڑو ٤١/٥، ٤٧/٤٤، ٧/٥٩، ٣٠/٦٩،

خُذُوْهُمْ: تم ان کو لو۔ تم ان کو پکڑو۔ ٨٩/٤، ٩١/٤، ٥/٩،

خُذْهَا: تو اس (مؤنث) کو لے۔ تو اس کو پکڑ۔ ١٤٥/٧، ٢١/٢٠،

خ ر

خَرَّ: (ن ض) وہ گر پڑا۔ خَرٌّ و خُرُوْرٌ سے ماضی۔ ١٤٣/٧، ٢٦/١٢، ٣١/٢٢، ١٤/٣٤، ٢٤/٣٨،

خَرَابِهَا: (س) اس کا خراب کرنا۔ اس کا ویران کرنا۔ مصدر ہے۔ ١١٤/٢،

خَرَاجُ: خراج۔ معاوضہ۔ اجر و ثواب۔ مال۔ جمع اَخْرَاجٌ و اَخْرِجَةٌ۔ ٧٢/٢٣،

خَرّٰصُوْنَ: (ن) اٹکل دوڑانے والے، جھوٹ بکنے والے خَرْصٌ سے مبالغہ، واحد خَرَّاصٌ ١٠/٥١،

خَرَجَ: (ن) وہ نکلا۔ خُرُوْجٌ سے ماضی۔ ١١/١٩، ٢١/٢٨، ٧٩/٢٨،

خَرْجًا: آمدنی، معاوضہ، محصول، مال۔ جمع اَخْرَاجٌ۔ ٩٤/١٨، ٧٢/٢٣،

خَرَجْتَ: تو نکلا۔ ١٤٩/٢، ١٥٠/٢،

خَرَجْتُمْ: تم نکلے۔ ١/٦٠،

خَرَجْنَ: وہ (عورتیں) نکلیں۔ ٢٤٠/٢،

خَرَجْنَا: ہم نکلے۔ ٤٢/٩،

خَرَجُوْا: وہ نکلے۔ ٢٤٣/٢، ٦١/٥، ٤٧/٨، ٤٧/٩، ١٦/٤٧،

خَرْدَلٍ: رائی۔ واحد خَرْدَلَةٌ۔ ۴۷/۲۱، ۱۶/۳۱،

خُرْطُوْمِ: ناک۔ سونڈ۔ جمع خَرَاطِیْمُ۔ ۱۶/۶۸،

خَرَقْتَهَا: (ض) تونے اس کو پھاڑ ڈالا۔ تو نے اس کو قطع کر دیا، خَرْقٌ سے ماضی۔ ۷۱/۱۸،

خَرَقُوْا: انھوں نے تراشا، انھوں نے گھڑ لیا۔ ۱۰۰/۶،

خَرَقَهَا: اس نے اس کو پھاڑ ڈالا۔ اس نے اس میں چھید کر دیا۔ ۷۱/۱۸،

خَرُّوْا: (ن ض) وہ گر پڑے، خَرٌّ و خُرُوْرٌ سے ماضی ۱۰۰/۱۲، ۵۸/۱۹، ۱۵/۳۲،

خُرُوْجَ: (ن) نکلنا۔ مصدر ہے۔ ۴۶/۹،

خُرُوْجٍ: نکلنا۔ مصدر ہے۔ ۸۳/۹، ۴۲/۵۰،

خُرُوْجٍ: نکلنا۔ مصدر ہے۔ ۱۱/۴۰،

خُرُوْجُ: نکلنا۔ مصدر ہے۔ ۱۱/۵۰،

خ ز

خَزَآئِنَ: خزانے۔ دفینے۔ واحد خَزَانَةٌ و خَزِیْنَةٌ۔ ۱۰۰/۱۷،

خَزَآئِنِ: خزانے۔ دفینے۔ ۵۵/۱۲،

خَزَآئِنُ: خزانے، دفینے ۵۰/۶، ۳۱/۱۱، ۹/۳۸، ۳۷/۵۲، ۷/۶۳،

خَزَآئِنُهٗ: اس کے خزانے۔ اس کے دفینے ۔ ۲۱/۱۵،

خَزَنَةِ: خزانچی، چوکیدار، نگہبان، واحد خَازِنٌ ۴۹/۴۰،

خَزَنَتُهَا: اس کے خزانچی۔ اس کے چوکیدار۔ اس کے نگہبان۔ ۷۱/۳۹، ۷۳/۳۹، ۸/۶۷،

خِزْیَ: (س) ذلت، خواری، رسوائی، مصدر ہے، ۲۷/۱۶، ۲۶/۳۹،

خِزْیِ: ذلت۔ خواری۔ رسوائی۔ ۹۸/۱۰، ۶۶/۱۱، ۱۶/۴۱،

خِزْیُ: ذلت۔ خواری۔ رسوائی۔ ۶۳/۹،

خِزْیٌ: ذلت، خواری، رسوائی۔ ۸۵/۲، ۱۱۴/۲، ۳۳/۵،

۳۱/۵، ۹/۲۲،

خ س

خَسَارًا: (س) خسارہ، نقصان، مصدر ہے۔ ۸۲/۱۷، ۳۹/۳۵، ۲۱/۷۱،

خَسِرَ: اس نے خسارہ پایا، اس نے نقصان اٹھایا، خَسْرٌ سے ماضی۔ ۱۱۹/۴، ۳۱/۶، ۱۴۰/۶، ۴۵/۱۰، ۱۱/۲۲، ۷۸/۴۰، ۸۵/۴۰،

خُسْرًا: (س) خسارہ۔ نقصان۔ مصدر ہے۔ ۹/۶۵،

خُسْرٍ: خسارہ۔ نقصان۔ ۲/۱۰۳،

خُسْرَانًا: (س) خسارہ۔ نقصان۔ ۱۱۹/۴،

خُسْرَانُ: خسارہ۔ نقصان۔ ۱۱/۲۲، ۱۵/۳۹،

خَسِرُوْا: انھوں نے خسارہ پایا۔ انھوں نے نقصان اٹھایا۔ ۱۲/۶، ۲۰/۶، ۹/۷، ۵۳/۷، ۲۱/۱۱، ۱۰۳/۲۳، ۱۵/۳۹، ۴۵/۴۲،

خَسَفَ: (ض) وہ بے نور ہوا۔ وہ گہن میں آیا (بلا صلہٗ) خُسُوْفٌ سے ماضی۔ ۸/۷۵،

خَسَفَ: (ض) اس نے دھنسایا (بصلہٗ باء) خَسْفٌ سے ماضی۔ ۸۲/۲۸،

خَسَفْنَا: ہم نے دھنسایا (بصلہٗ با)۔ ۸۱/۲۸،

خ ش

خُشُبٌ: لکڑیاں۔ واحد خَشَبٌ۔ ۴/۶۳،

خُشَّعًا: (ف) خشوع کرنے والے، عاجزی کرنے والے، خُشُوْعٌ سے اسم فاعل واحد خَاشِعٌ۔ ۷/۵۴،

خَشَعَتِ: وہ نیچی ہو گئی۔ وہ دب گئی۔ خُشُوْعٌ سے ماضی۔ ۱۰۸/۲۰،

خُشُوعًا:(ف) خشوع، عاجزی، مصدر ہے۔ ١٠٩/١٧،

خَشِيَ:(س) وہ ڈرا، اس نے خوف کھایا۔ خَشْيَةٌ سے ماضی۔ ٢٥/٤، ١١/٣٦، ٣٣/٥٠، ٨/٩٨،

خَشْيَةَ:(س) خشیت، خوف، ڈر، ہیبت، خشیت اس خوف کو کہتے ہیں جس میں تعظیم ملی ہوئی ہو یعنی جس کے ڈرا جائے اس کی عظمت دل میں ہو۔ ٣١/١٧، ١٠٠/١٧،

خَشْيَةً: خشیت۔ خوف۔ ڈر۔ ٧٧/٤،

خَشْيَةِ: خشیت، خوف، ڈر۔ ٧٤/٢، ٧٧/٤، ٥٧/٢٣، ٢١/٥٩،

خَشِيتُ: میں ڈرا۔ ٩٤/٢٠،

خَشْيَتِهٖ: اس کی خشیت۔ اس کا خوف، اس کی ہیبت۔ ٢١/٢٨،

خَشِينَا: ہم ڈرے۔ ٨٠/١٨،

خ ص

خَصَاصَةٌ:(س) تنگی۔ بھوک۔ احتیاج۔ مصدر ہے۔ ٩/٥٩،

خِصَامِ:(مفا) جھگڑا کرنا، مباحثہ کرنا، مصدر ہے ١٨/٤٣،

خِصَامِ: جھگڑا کرنے والے، واحد خَصِيمٌ ٢٠٤/٢،

خَصْمِ: جھگڑا کرنے والا۔ جمع خُصُومٌ و خِصَامٌ اور اَخْصَامٌ۔ ٢١/٣٨،

خَصْمٰنِ: دو جھگڑنے والے۔ ١٩/٢٢، ٢٢/٣٨،

خَصِمُوْنَ:(س) جھگڑالو۔ خَصْمٌ سے صفت مشبہ، واحد خَصِمٌ۔ ٥٨/٤٣،

خَصِيمًا: سخت جھگڑالو۔ خَصْمٌ سے فَعِيلٌ کے وزن پر مبالغہ۔ جمع خِصَامٌ۔ ١٠٥/٤،

خَصِيمٌ: سخت جھگڑالو۔ ٤/١٦، ٧٧/٣٦

خ ض

خُضْتُمْ:(ن) تم نے بیہودہ گوئی کی۔ تم گھسے۔ تم نے بحث کی۔ خَوْضٌ سے ماضی۔ ٦٩/٩،

خُضْرًا: سبز، ہرے، واحد اَخْضَرُ و خَضْرَآءُ ٣١/١٨

خُضْرٍ: سبز۔ ہرے۔ ٤٣/١٢، ٤٦/١٢، ٧٦/٥٥،

خُضْرٌ: سبز۔ ہرے۔ ٢١/٧٦،

خَضِرًا: سبزہ۔ ٩٩/٦،

خ ط

خِطَابًا:(مفا) خطاب۔ روبرو بات کہنا۔ گفتگو۔ مصدر ہے۔ ٣٧/٧٨،

خِطَابِ: خطاب، روبرو بات کہنا، گفتگو۔ ٢٠/٣٨، ٢٣/٣٨،

خَطٰيٰكُمْ: تمہاری خطائیں۔ تمہارے گناہ۔ واحد خَطِيْئَةٌ۔ ٥٨/٢، ١٢/٢٩،

خَطٰيٰنَا: ہماری خطائیں، ہمارے گناہ۔ ٧٣/٢٠، ٥١/٢٦،

خَطٰيٰهُمْ: ان کی خطائیں۔ ان کے گناہ۔ ١٢/٢٩،

خِطْبَةِ:(ن) نکاح کی بات چیت، نکاح کا پیغام، منگنی، مصدر ہے۔ ٢٣٥/٢،

خَطْبُكَ:(ن) تیرا معاملہ، تیرا حال، تیری منگنی، جمع خُطُوبٌ۔ ٩٥/٢٠،

خَطْبُكُمْ: تمہارا معاملہ، تمہارا حال، تمہاری حقیقت، ٥٧/١٥، ٣١/٥١

خَطْبُكُمَا: تم دونوں (عورتوں) کا معاملہ۔ تمہارا حال۔ ٢٣/٢٨،

خَطْبُكُنَّ: تمہارا حال۔ تمہاری حقیقت۔ ٥١/١٢،

خَطِفَ:(ض س) اس نے اچک لیا، اس نے جھپٹ لیا۔ خَطْفَةٌ سے ماضی۔ ١٠/٣٧،

خَطْفَةَ: (س) اچک لینا، جھپٹ لینا، مصدر ہے، ۱۰/۳۷،
خُطُوٰتِ: قدم، واحد خُطُوَۃٌ. ۱۶۸/۲، ۲۰۸/۲، ۱۴۲/۶، ۲۱/۲۴،
خِطْأً: خطا۔ گناہ۔ چوک۔ مصدر ہے۔ ۳۱/۱۷،
خَطَأً: (س) خطا کرنا، گناہ کرنا، چوک جانا، مصدر ہے۔ ۹۲/۴،
خَطِیْٰتِکُمْ: تمہاری خطائیں۔ تمہارے گناہ۔ واحد خَطِیْئَۃٌ. ۱۶۱/۷،
خَطِیْٰتِھِمْ: ان کی خطائیں۔ ان کے گناہ۔ ۲۵/۷۱،
خَطِیْئَۃً: خطا۔ گناہ۔ تقصیر۔ ۱۱۲/۴،
خَطِیْٓئَتُہٗ: اس کی خطا۔ اس کا گناہ۔ ۸۱/۲،
خَطِیْٓئَتِیْ: میری خطا۔ میرا گناہ۔ ۸۲/۲۶،

خ ف

خِفَافًا: ہلکے۔ واحد خفیف۔ ۴۱/۹،
خَفَّتْ: (ض) وہ ہلکی ہوئی۔ خِفَّۃٌ سے ماضی۔ ۹/۷، ۱۰۳/۲۳، ۸/۱۰۸،
خِفْتِ: (ن) تجھے خوف ہے۔ تو ڈری خَوْفٌ سے ماضی۔ ۷/۲۸،
خِفْتُ: مجھے خوف ہے، میں ڈرا، خَوْفٌ سے ماضی۔ ۵/۱۹،
خِفْتُكُمْ: مجھے تم سے خوف ہے، میں تم سے ڈرا، ۲۱/۲۶،
خِفْتُمْ: تمہیں خوف ہے، تم ڈرے، ۲۲۹/۲، ۲۳۹/۲، ۳/۴، ۳۵/۴، ۱۰۱/۴، ۲۸/۹،
خَفَّفَ: (تف) اس نے تخفیف کی۔ اس نے ہلکا کر دیا۔ تَخْفِیْفٌ سے ماضی۔ ۶۶/۸،
خَفِیًّا: (س) خفی۔ پوشیدہ۔ چھپی ہوئی۔ خَفَاءٌ سے صفت مشبہ۔ ۳/۱۹،
خَفِيٍّ: پوشیدہ۔ چھپی ہوئی۔ ۴۵/۴۲،

خُفْيَةً: پوشیدہ، چھپی ہوئی، مصدر ہے۔ ۶۳/۶، ۵۵/۷،
خَفِیْفًا: (ض) ہلکا۔ خِفَّۃٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۸۹/۷،

خ ل

خَلَا: (ن) وہ خلوت میں ہوا۔ وہ تنہا ہوا۔ وہ اکیلا ہوا، خَلَاءٌ سے ماضی۔ ۷۶/۲،
خَلَا: (ن) وہ گزرا، وہ ہو چکا، خُلُوٌّ سے ماضی۔ ۲۴/۳۵،
خِلٰفَ: (مفا) خلاف، الٹا، مخالفت، مصدر ہے ۸۱/۹،
خِلَافٍ: (مفا) خلاف، الٹا، مخالفت۔ مصدر ہے۔ ۳۳/۵، ۱۲۴/۷، ۷۱/۲۰، ۴۹/۲۶،
خِلٰفَكَ: تیرے خلاف۔ تیرے پیچھے۔ ۷۶/۱۷،
خَلَاقَ: حصہ۔ فضیلت ۷۷/۳،
خَلَاقٍ: حصہ۔ فضیلت۔ ۱۰۲/۲، ۲۰۰/۲،
خَلّٰقُ: (ن) پیدا کرنے والا۔ اصل بنانے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام، خُلْقٌ سے مبالغہ۔ ۸۶/۱۵، ۸۱/۳۶،
خَلَاقِكُمْ: تمہارا حصہ۔ ۶۹/۹،
خَلَاقِهِمْ: ان کا حصہ۔ ۶۹/۹،
خِلٰلَ: بیچ۔ درمیان۔ واحد خَلَلٌ۔ ۵/۱۷،
خِلٰلٌ: (مفا) دوستی۔ مصدر ہے۔ واحد خُلَّةٌ۔ ۳۱/۱۴،
خِلٰلَكُمْ: تمہارے درمیان۔ ۴۷/۹،
خِلٰلِهٖ: اس کے درمیان۔ ۴۳/۲۴، ۴۸/۳۰،
خِلٰلَهَا: اس (مؤنث) کے درمیان۔ ۹۱/۱۷، ۶۱/۲۷،
خِلٰلَهُمَا: ان دونوں کے درمیان۔ ۳۳/۱۸،
خَلٰٓئِفَ: جانشین، صاحبِ اختیار، واحد خَلِیْفَةٌ ۱۶۵/۶، ۱۴/۱۰، ۷۳/۱۰، ۳۹/۳۵،
خَلَتْ: (ن) وہ گزر گئی۔ خُلُوٌّ سے ماضی۔ ۱۳۴/۲، ۱۴۱/۲، ۱۳۷/۳، ۱۴۴/۳، ۷۵/۵، ۳۸/۷، ۶/۱۳، ۳۰/۱۳، ۱۳/۱۵،

٨٥/٤٠، ٢٥/٤١، ١٧/٤٦، ١٨/٤٦، ٢١/٤٦، ٢٣/٤٨،

خُلَّةٌ: (ن ض ک) دوستی، آشنائی۔ مصدر ہے۔ ٢٥٤/٢،

خُلْدَ: (ن) ہمیشہ رہنا۔ دوام۔ بقا۔ ٣٤/٢١

خُلْدِ: ہمیشہ رہنا۔ دوام۔ بقا۔ ٥٢/١٠، ١٢٠/٢٠، ١٥/٢٥، ١٤/٣٢، ٢٨/٤١،

خَلَصُوْا: (ن) وہ خالص ہوئے، وہ اکیلے ہوئے، خُلُوْصٌ سے ماضی۔ ٨٠/١٢،

خُلَطَآءِ: شرکاء۔ واحد خَلِيْطٌ۔ ٢٤/٣٨،

خَلَطُوْا: (ض) انھوں نے، ملایا۔ انھوں نے جمع کیا۔ خَلْطٌ سے ماضی۔ ١٠٢/٩،

خَلَفَ: (ن) وہ پیچھے آیا، خَلَفٌ سے ماضی۔ ١٦٩/٧،

خَلَفَ: (ن) وہ جانشین ہوا، خِلَافَةٌ سے ماضی، ٥٩/١٩،

خَلْفٌ: ناخلف۔ نالائق۔ برے جانشین۔ جمع خُلُوْفٌ اور اَخْلَافٌ۔ ١٦٩/٧، ٥٩/١٩،

خُلَفَآءَ: جانشین۔ واحد خَلِيْفَةٌ۔ ٦٩/٧، ٧٤/٧، ٦٢/٢٧،

خِلْفَةً: پے درپے آنے والے۔ آگے پیچھے آنے والے۔ ٦٢/٢٥،

خَلَفْتُمُوْنِیْ: تم نے میری جانشینی کی۔ خِلَافَةٌ سے ماضی۔ ١٥٠/٧،

خَلْفَكَ: تیرے پیچھے۔ ٩٢/١٠،

خَلْفَكُمْ: تمہارے پیچھے۔ ٤٥/٣٦،

خَلْفَنَا: ہمارے پیچھے۔ ٦٤/١٩،

خُلِّفُوْا: (تف) وہ پیچھے چھوڑ گئے۔ تَخْلِيْفٌ سے ماضی مجہول۔ ١١٨/٩،

خَلْفِهٖ: اس کے پیچھے۔ ١١/١٣، ٤٢/٤١، ٢١/٤٦، ٢٧/٧٢،

خَلْفَهَا: اس کے پیچھے۔ ٦٦/٢،

خَلْفَهُمْ: ان کے پیچھے۔ ٢٥٥/٢، ٥٧/٨، ١١٠/٢٠، ٢٨/٢١، ٧٦/٢٢، ٩/٣٤، ٢٥/٤١،

خَلْفِهِمْ: ان کے پیچھے۔ ١٧٠/٣، ٩/٤، ١٧/٧، ٩/٣٦، ١٤/٤١،

خَلْقَ: (ن) پیدا کرنا، بنانا، مصدر ہے۔ اگر یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہو تو اس کے معنی کسی چیز کو بغیر نمونے کے عدم سے وجود میں لانے کے ہوتے ہیں۔ (المفردات: ١٥٧) ١١٩/٤، ٤/١٠، ٣٤/١٠، ٥١/١٨، ٦٤/٢٧، ١٩/٢٩، ٢٠/٢٩، ١١/٣٠، ٢٧/٣٠، ١١/٣١، ٧/٣٢، ٥٧/٤٠،

خَلْقًا: پیدا کرنا۔ بنانا۔ ٤٩/١٧، ٥١/١٧، ٩٨/١٧، ١٤/٢٣، ١١/٣٧، ٦/٣٩، ٢٧/٧٩،

خَلْقِ: پیدا کرنا۔ بنانا۔ ١٦٤/٢، ١٩٠/٣، ١٩١/٣، ٦٩/٧، ١٧/٢٣، ٣٠/٣٠، ١/٣٥، ١٦/٣٥، ٦٨/٣٦، ٥٧/٤٠، ١٥/٥٠، ٣/٦٧

خَلْقٍ: پیدا کرنا۔ بنانا۔ ٥/١٣، ١٩/١٤، ١٠٤/٢١، ١٠/٣٢، ٧/٣٤، ١٦/٣٥، ٧٩/٣٦، ٦/٣٩، ١٥/٥٠،

خَلْقُ: پیدا کرنا، بنانا، ٥٤/٧، ١٦/١٣، ٢٢/٣٠، ١١/٣١، ٥٧/٤٠، ٢٩/٤٢،

خَلَقَ: اس نے پیدا کیا، اس نے بنایا۔ ٢٩/٢، ٢٢٨/٢، ١/٤، ١٨/٥، ١/٦، ٧٣/٦، ١٠١/٦، ١٨٥/٧، ٣٦/٩، ٣/١٠، ٥/١٠، ٦/١٠، ٧/١١، ١٩/١٤، ٣٢/١٤، ٣/١٦، ٤/١٦، ٤٨/١٦، ٨١/١٦، ٩٩/١٧، ٤/٢٠، ٣٣/٢١، ٩١/٢٣، ٤٥/٢٤، ٢/٢٥،

خُلِقَ: وہ پیدا کیا گیا، وہ بنایا گیا، ٢٨/٤، ٣٧/٢١، ١٩/٧٠، ٥/٨٦، ٦/٨٦،

خُلُقٍ: خلق، عادت، خصلت، جمع اَخْلَاقٌ۔ ٤/٦٨،

خُلُقُ: خلق، عادت، خصلت۔ ١٣٧/٢٦،

خَلَقْتَ: تو نے پیدا کیا۔ تو نے بنایا۔ ١٩١/٣، ٦١/١٧،

خَلَقْتُ: میں نے پیدا کیا۔ میں نے بنایا۔ ٧٥/٣٨، ٥٦/٥١، ١١/٧٤،

خُلِقَتْ: وہ پیدا کی گئی۔ وہ بنائی گئی۔ ١٧/٨٨،

خَلَقْتُكَ: میں نے تجھ کو پیدا کیا۔ میں نے تجھ کو بنایا۔ ٩/١٩،

خَلَقْتَنِیْ: تو نے مجھے پیدا کیا، تو نے مجھے بنایا۔ ۱۲/۷، ۷۶/۳۸

خَلَقْتَهٗ: تو نے اس کو پیدا کیا۔ تو نے اس کو بنایا۔ ۱۲/۷، ۳۳/۱۵، ۷۶/۳۸

خَلَقَكَ: اس نے تجھ کو پیدا کیا۔ اس نے تجھ کو بنایا، ۳۷/۱۸، ۷/۸۲

خَلَقَكُمْ: اس نے تم کو پیدا کیا ۲۱/۲، ۱/۴، ۲/۶، ۱۸۹/۷، ۷۰/۱۶، ۱۸۴/۲۶، ۲۰/۳۰، ۴۰/۳۰، ۵۴/۳۰، ۱۱/۳۵، ۹۶/۳۷، ۶/۳۹، ۶۷/۴۰، ۲۱/۴۱، ۲/۶۴، ۱۴/۷۱

خَلْقُكُمْ: تم کو پیدا کرنا۔ تمہیں بنانا۔ مصدر ہے۔ ۲۸/۳۱

خَلْقِكُمْ: تم کو پیدا کرنا۔ تمہیں بنانا۔ ۴/۴۵

خَلَقْنَا: ہم نے پیدا کیا۔ ہم نے بنایا۔ ۱۸۱/۷، ۲۶/۱۵، ۸۵/۱۵، ۷۰/۱۷، ۱۶/۲۱، ۱۲/۲۳، ۱۴/۲۳، ۱۷/۲۳، ۴۹/۲۵، ۴۲/۳۶، ۷۱/۳۶، ۱۱/۳۷، ۱۵۰/۳۷، ۲۷/۳۸، ۳۸/۴۴، ۳/۴۶، ۱۶/۵۰، ۳۸/۵۰، ۴۹/۵۱، ۲/۷۶، ۴/۹۰، ۴/۹۵

خَلَقْنٰكُمْ: ہم نے تم کو پیدا کیا، ہم نے تم کو بنایا۔ ۹۴/۶، ۱۱/۷، ۴۸/۱۸، ۵۵/۲۰، ۵/۲۲، ۱۱۵/۲۳، ۱۳/۴۹، ۵۷/۵۶، ۸/۷۸

خَلَقْنٰهُ: ہم نے اس کو پیدا کیا۔ ہم نے اس کو بنایا۔ ۲۷/۱۵، ۶۷/۱۹، ۷۷/۳۶، ۴۹/۵۴

خَلَقْنٰهُمْ: ہم نے ان کو پیدا کیا۔ ہم نے ان کو بنایا۔ ۱۱/۳۷، ۳۹/۷۰، ۲۸/۷۶

خَلَقْنٰهُمَا: ہم نے ان دونوں کو پیدا کیا۔ ہم نے ان دونوں کو بنایا۔ ۳۹/۴۴

خَلَقَنِیْ: اس نے مجھے پیدا کیا۔ اس نے مجھے بنایا۔ ۷۸/۲۶

خَلَقُوْا: انھوں نے پیدا کیا۔ انھوں نے بنایا۔ ۱۶/۱۳، ۴۰/۳۵، ۴/۴۶

خَلَقُوا: انھوں نے پیدا کیا، انھوں نے بنایا ۳۶/۵۲

خُلِقُوْا: وہ پیدا کئے گئے۔ وہ بنائے گئے۔ ۳۵/۵۲

خَلَقَهٗ: اس نے اس کو پیدا کیا۔ اس نے اس کو بنایا۔ ۵۹/۳، ۷/۳۲، ۱۸/۸۰، ۱۹/۸۰

خَلْقَهٗ: اس کا پیدا کرنا۔ اس کا بنانا۔ ۵۰/۲۰، ۷۸/۳۶

خَلْقِهٖ: اس کا پیدا کرنا۔ اس کا بنانا۔ ۱۶/۱۳

خَلَقَهَا: اس نے اس (مؤنث) کو پیدا کیا۔ اس نے اس کو بنایا۔ ۵/۱۶

خَلَقَهُمْ: اس نے ان کو پیدا کیا۔ اس نے ان کو بنایا۔ ۱۰۰/۶، ۱۱۹/۱۱، ۱۵/۴۱، ۸۷/۴۳

خَلْقَهُمْ: ان کا پیدا کرنا۔ ان کا بنانا۔ ۱۹/۴۳

خَلَقَهُنَّ: اس نے ان عورتوں کو پیدا کیا۔ اس نے ان کو بنایا۔ ۳۷/۴۱، ۹/۴۳

خَلْقِهِنَّ: ان عورتوں کا پیدا کرنا۔ ان عورتوں کا بنانا۔ ۳۳/۴۶

خَلَوْا: (ن) وہ تنہا ہوئے۔ وہ اکیلے ہوئے۔ خَلَاءٌ اور خَلْوَةٌ سے ماضی۔ ۱۴/۲، ۱۱۹/۳

خَلَوْ: (ن) وہ گزرے۔ وہ پہلے ہو چکے۔ خُلُوٌّ سے ماضی۔ ۲۱۴/۲، ۱۰۲/۱۰، ۳۴/۲۴، ۳۸/۳۳، ۶۲/۳۳

خَلُّوْا: (تف) تم چھوڑ دو۔ تَخْلِيَةٌ سے امر۔ ۵/۹

خُلُوْدِ: (ن) ہمیشہ رہنا۔ مصدر ہے۔ ۳۴/۵۰

خَلِيْفَةٌ: جانشین نائب، صاحبِ اختیار، جمع خَلَائِفُ خُلَفَاءُ۔ ۳۰/۲، ۲۶/۳۸

خَلِيْلًا: (مفا) گہرا دوست۔ دلی دوست۔ خِلَّةٌ و خِلَالٌ و مُخَالَّةٌ سے صفت مشبہ جمع اَخِلَّاءُ ۱۲۵/۴، ۷۳/۱۷، ۲۸/۲۵

خ م

خَــمْرًا: انگوری شراب۔ جمع خُـمُورٌ۔ جمہور کے قول کے مطابق لغت میں خمر اس چیز کو کہتے ہیں جو عقل کو خبط کر دے۔ ۳۶/۱۲، ۴۱/۱۲،

خَمْرِ: انگوری شراب۔ ۲۱۹/۲، ۹۱/۵،

خَمْرٍ: انگوری شراب۔ ۱۵/۴۷،

خَمْرُ: انگوری شراب۔ ۹۰/۵،

خُمُرِهِنَّ: ان کے ڈوپٹے۔ ان کی اوڑھنیاں۔ ان کی چادریں۔ واحد خِمَارٌ. ۳۱/۲۴

خَمْسَةَ: پانچ۔ ۱۲۵/۳،

خَمْسَةٍ: پانچ۔ ۷/۵۸

خَمْسَةٌ: پانچ۔ ۲۲/۱۸،

خُمُسَه: اس کا پانچواں حصہ۔ ۴۱/۸،

خَمْسِيْنَ: پچاس۔ ۱۴/۲۹، ۴/۷۰،

خَمْطٍ: بدمزہ۔ کڑوا۔ کسیلا۔ ۱۶/۳۴،

خ ن

خَنَازِيْرَ: سور۔ واحد خِنْزِيْرٌ۔ ۶۰/۵،

خَنَّاسِ: پیچھے ہٹ جانے والا، چھپ جانے والا، کھسک جانے والا، خَنْسٌ سے مبالغہ، ۴/۱۱۴،

خِنْزِيْرِ: سور۔ جمع خَنَازِيْرٌ۔ ۱۷۳/۲، ۳/۵، ۱۱۵/۱۶،

خِنْزِيْرٍ: سور۔ ۱۴۵/۶،

خُـنَّـسِ: (ان ض) پیچھے ہٹ جانے والے، چھپ جانے والے، خَـنْسٌ وخُنُوْسٌ وخَنَاسٌ سے اسم فاعل جمع مذکر۔ واحد خَانِسٌ. ۱۵/۸۱،

خ و

خُوَارٌ: گائے کی آواز۔ ۱۴۸/۷، ۸۸/۲۰،

خَوَالِفِ: (ن) پیچھے رہنے والیاں، واحد خَالِفَةٌ. ۸۷/۹، ۹۳/۹،

خَوَّانًا: (ن) بڑا خیانت کرنے والا۔ بڑا دغا باز۔ خِيَانَةٌ سے مبالغہ۔ ۱۰۷/۴،

خَوَّانٍ: بڑا خیانت کرنے والا۔ بڑا دغا باز۔ ۳۸/۲۲،

خَـوْضٍ: (ن) جھگڑا کرنا۔ باتیں بنانا (بصلہ فی) مصدر ہے۔ ۱۲/۵۲،

خَوْضِهِمْ: ان کی بحث، ان کا باتیں بنانا۔ ۹۱/۶،

خَـوْفًا: (س) خوف۔ ڈر۔ مصدر ہے۔ ۵۶/۷، ۱۲/۱۳، ۲۴/۳۰، ۱۶/۳۲

خَوْفِ: خوف۔ ڈر۔ ۱۵۵/۲، ۸۳/۴، ۱۱۲/۱۶،

خَوْفٍ: خوف۔ ڈر۔ ۸۳/۱۰، ۴/۱۰۶،

خَوْفُ: خوف۔ ڈر۔ ۱۹/۳۳

خَوْفٌ: خوف، ڈر۔ ۳۸/۲، ۶۲/۲، ۱۱۲/۲، ۲۶۲/۲، ۲۷۴/۲، ۲۷۷/۲، ۱۷۰/۳، ۶۹/۵، ۴۸/۶، ۳۵/۷، ۴۹/۷، ۶۲/۱۰، ۶۸/۴۳، ۱۳/۴۶،

خَوْفِهِمْ: ان کا خوف۔ ان کا ڈر۔ ۵۵/۲۴،

خَـوَّلْنٰكُمْ: (تف) ہم نے تم کو دیا۔ ہم نے تم کو عطا کیا۔ تَخْوِيْلٌ سے ماضی۔ ۹۴/۶،

خَوَّلْنٰهُ: ہم نے اس کو دیا، ہم نے اس کو عطا کیا، ۴۹/۳۹،

خَــوَّلَــهٗ: اس نے اس کو دیا۔ اس نے اس کو عطا کیا۔ ۸/۳۹،

خ ی

خِيَاطِ: سوئی۔ جمع خُيُطٌ. ۴۰/۷،

خِیَامِ: خیمے۔ڈیرے۔ خَیمَانٌ سے۔ واحد خَیمَۃٌ۔ ۷۲/۵۵،

خِیَانَۃً: (ن) خیانت۔دغا۔ ۵۸/۸،

خِیَانَتَكَ: تجھ سے خیانت کرنی۔تجھ سے دغا کرنی۔ ۷۱/۸،

خَیرَ: بہتر۔اچھا۔بھلائی۔نیکی۔جمع اَخیَارٌ و خُیُورٌ۔ ۱۹۷/۲، ۱۱۰/۳، ۱۱۴/۴، ۷۷/۲۲، ۲۶/۲۸،

خَیرًا: بہتر۔اچھا۔بھلائی۔نیکی۔ ۱۴۸/۲، ۱۸۰/۲، ۱۸۴/۲، ۲۶۹/۲، ۱۱۰/۳، ۱۸۰/۳، ۱۹/۴، ۴۶/۴، ۶۶/۴، ۱۴۹/۴، ۱۷۰/۴، ۱۷۱/۴، ۱۵۸/۶، ۲۳/۸، ۷۰/۸، ۷۴/۹، ۳۱/۱۱، ۳۰/۱۶، ۳۶/۱۸، ۴۰/۱۸، ۸۱/۱۸، ۱۲/۲۴، ۳۳/۲۴، ۱۰/۲۵، ۲۵/۳۳، ...... ۳۷ جگہ

خَیرِ: بہتر۔اچھا۔بھلائی۔نیکی۔ ۱۰۴/۳، ۱۸۸/۷، ۱۱/۱۰، ۱۱/۱۷، ۱۹/۳۳، ۳۲/۳۸، ۴۹/۴۱، ۲۵/۵۰،

خَیرٍ: بہتر، اچھا، بھلائی، نیکی۔ ۱۰۵/۲، ۱۰۶/۲، ۱۱۰/۲، ۱۹۷/۲، ۲۱۵/۲، ۲۷۲/۲، ۲۷۳/۲، ۱۵/۳، ۳۰/۳، ۱۱۵/۳، ۱۲۷/۴، ۱۷/۶، ۶۱/۹، ۱۰۷/۱۰، ۸۴/۱۱، ۷۶/۱۶، ۲۴/۲۸، ۲۰/۷۳،

خَیرُ: بہتر، اچھا، بھلائی، نیکی۔ ۲۶/۳، ۵۴/۳، ۱۵۰/۳، ۱۱۴/۵، ۵۷/۶، ۸۷/۷، ۸۹/۷، ۱۵۵/۷، ۱۶۹/۷، ۳۰/۸، ۱۰۹/۱۰، ۸۰/۱۲، ۸۹/۲۱، ۲۹/۲۳، ۷۲/۲۳، ۱۰۹/۲۳، ۱۱۸/۲۳، ۳۹/۳۴، ۱۱/۶۲، ۲۱/۷۰، ۷/۹۸،

خَیرٌ: بہتر، اچھا، بھلائی، نیکی۔ ۵۴/۲، ۶۱/۲، ۱۰۳/۲، ۱۸۴/۲، ۲۱۶/۲، ۲۲۰/۲، ۲۲۱/۲، ۲۶۳/۲، ۲۷۱/۲، ۲۸۰/۲، ۱۵۷/۳، ۱۷۸/۳، ۱۹۸/۳، ۲۵/۴، ۵۹/۴، ۱۲۸/۴، ۳۲/۶، ۱۲/۷، ۲۶/۷، ۸۵/۷، ۱۹/۸، ۳/۹، ۴۱/۹، ۱۰۹/۹، ۵۸/۱۰، ۶۷ جگہ

خَیرٰتِ: نیکیاں، خوبیاں، نیک عورتیں، واحد خَیرَۃٌ ۱۴۸/۲، ۱۱۴/۳، ۴۸/۵، ۷۳/۲۱، ۹۰/۲۱، ۵۶/۲۳، ۶۱/۲۳، ۳۲/۳۵،

خَیرٰتُ: نیکیاں۔خوبیاں۔نیک عورتیں۔ ۸۸/۹،

خَیرٰتٌ: نیکیاں، خوبیاں، نیک عورتیں۔ ۷۰/۵۵،

خِیَرَۃُ: اختیار۔اسم و مصدر ہے۔ ۶۸/۲۸،

خَیطِ: خط۔دھاگہ۔جمع خُیُوطٌ۔ ۱۸۷/۲،

خَیطُ الْاَبیَضُ: سفید دھاگہ اس سے مراد صبح صادق ہے ۱۸۷/۲،

خَیطِ الْاَسوَدِ: سیاہ دھاگہ، مراد رات کی تاریکی ۱۸۷/۲،

خَیطُ: خط۔دھاگہ۔ ۱۸۷/۲،

خِیفَۃً: (س) خوف کرنا۔ڈرنا۔مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ۲۰۵/۷، ۷۰/۱۱، ۶۷/۲۰، ۲۸/۵۱،

خِیفَتِکُمْ: تمہارا خوف۔تمہارا ڈرنا۔ ۲۸/۳۰،

خِیفَتِهٖ: اس کا خوف۔اس کا ڈرنا۔ ۱۳/۱۳،

خَیلَ: گھوڑے۔جمع خُیُولٌ و اَخیَالٌ۔ ۸/۱۶،

خَیلِ: گھوڑے۔ ۱۴/۳، ۶۰/۸،

خَیلٍ: گھوڑے۔ ۶/۵۹،

خَیلِكَ: تیرے گھوڑے۔ ۶۴/۱۷،

﴿بَابُ الدَّال﴾

دا

دَآبَّةٌ: (ض) چلنے والا۔ چوپایا۔ مخلوق۔ یہاں وہ جانور مراد ہے جو قربِ قیامت کی علامت ہے، دَبٌّ و دَوَابٌ سے اسم فاعل، جمع دَوَابٌّ۔ ٨٢/٢٧،

دَآبَّةٍ: چلنے والا، چوپایا۔ مخلوق۔ ١٦٤/٢، ٣٨/٦، ٦/١١، ٥٦/١١، ٤٩/١٦، ٦١/١٦، ٤٥/٢٤، ٦٠/٢٩، ١٠/٣١، ٤٥/٣٥، ٢٩/٤٢، ٤/٤٥،

دَآبَّةُ: چلنے والا۔ چوپایا۔ مخلوق۔ ١٤/٣٤،

دَابِرَ: (ن) جڑ، بنیاد، پچھاڑی، دَبَرٌ و دُبُوْرٌ سے اسم فاعل۔ جمع دَوَابِرُ۔ ٧٢/٧، ٧/٨، ٦٦/١٥،

دَابِرُ: جڑ۔ بنیاد۔ پچھاڑی۔ ٤٥/٦،

دَاحِضَةٌ: (ف) باطل، گرنے والی، ختم ہونے والی، دَحْضًا و دُحُوْضًا سے اسم فاعل ١٦/٤٢،

دٰخِرُوْنَ: (ف س) ذلیل ہونے والے، جھکنے والے، دَخْرٌ و دُخُوْرٌ سے اسم فاعل، واحد دَاخِرٌ۔ ٤٨/١٦،

دَاخِرُوْنَ: ذلیل ہونے والے، جھکنے والے۔ ١٨/٣٨،

دٰخِرِیْنَ: ذلیل ہونے والے، جھکنے والے۔ ٨٧/٢٧، ٦٠/٤٠،

دٰخِلُوْنَ: (ن) داخل ہونے والے۔ دُخُوْلٌ سے اسم فاعل، واحد دَاخِلٌ. ٢٢/٥،

دٰخِلِیْنَ: داخل ہونے والے۔ ١٠/٦٦،

دَارَ: گھر، عالم، جمع اَدْؤُرٌ و دِیَارٌ ١٤٥/٧، ٢٨/١٤، ٧٧/٢٨، ٦٤/٢٩، ٢٩/٣٣، ٣٥/٣٥، ٩/٥٩،

دَارِ: گھر، عالم۔ ١٣٥/٦، ٢٥/١٠، ٢٢/١٣، ٢٤/١٣، ٢٥/١٣، ٤٢/١٣، ٣٧/٢٨، ٤٦/٣٨، ٥٢/٤٠،

دَارُ: گھر۔ عالم۔ ٩٤/٢، ٣٢/٦، ١٢٧/٦، ١٦٩/٧، ١٠٩/١٢، ٣٠/١٦، ٨٣/٢٨، ٣٩/٤٠، ٢٨/٤١،

دَارِكُمْ: تمہارا گھر۔ ٦٥/١١،

دَارِهٖ: اس کا گھر۔ ٨١/٢٨،

دَارِهِمْ: ان کا گھر۔ ٧٨/٧، ٩١/٧، ٣١/١٣، ٣٧/٢٩،

دَاعِ: (ن) دعا کرنے والا، پکارنے والا، مانگنے والا، دُعَاءٌ سے اسم فاعل، جمع دُعَاةٌ. ١٨٦/٢، ٦/٥٤، ٨/٥٤،

دَاعِیَ: دعا کرنے والا، مانگنے والا، ١٠٨/٢٠، ٣١/٤٦، ٣٢/٤٦،

دَاعِیًا: دعا کرنے والا۔ پکارنے والا۔ ٤٦/٣٣،

دَافِعٍ: (ف) دفع کرنے والا، ہٹانے والا، دَفْعٌ سے اسم فاعل۔ ٨/٥٢،

دَافِعٌ: دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا۔ ٢/٧٠،

دَافِقٍ: (ن ض) اچھلنے والا۔ بہانے والا۔ دَفْقٌ سے اسم فاعل۔ ٦/٨٦،

دَامَتِ: (ن ض) وہ ٹھری رہی۔ دَوَامٌ سے ماضی فعل ناقص ہے۔ ١٠٧/١١، ١٠٨/١١،

دَامُوْا: وہ ٹھرے رہے۔ ٢٤/٥،

دَانٍ: (ن) نزدیک، جھکنے والے، دُنُوٌّ و دَنَاوَةٌ سے اسم فاعل۔ جمع دُنَاةٌ. ٥٤/٥٥،

دَانِیَةً: نزدیک۔ جھکنے والی۔ ١٤/٧٦،

دَانِيَةٌ: نزدیک۔ جھکنے والی۔ وہ خوشے مراد ہیں جو قریب ہوں۔ ٩٩/٦، ٢٣/٦٩،

دَاوٗدَ: اللہ تعالیٰ کے پیغمبر حضرت داوٗدؑ جن پر زبور نازل ہوئی۔ ١٦٣/٤، ٧٨/٥، ٨٤/٦، ٥٥/١٧، ٧٨/٢١، ٧٩/٢١، ١٥/٢٧، ١٦/٢٧، ١٠/٣٤، ١٣/٣٤، ١٧/٣٨، ٢٢/٣٨، ٣٠/٣٨،

دَاوٗدُ: حضرت داؤد علیہ السلام۔ ٢٥١/٢، ٢٤/٣٨، ٢٦/٣٨،

دَآئِبَيْنِ: (ف) پھرنے والے۔ ایک دستور پر چلنے والے۔ دَاْبٌ سے اسم فاعل تثنیہ، واحد دَائِبٌ. ٣٣/١٤،

دَآئِرَةُ: (ن) دائرہ، حلقہ، مصیبت، دَوْرٌ سے اسم فاعل۔ جمع دَوَائِرُ۔ ٩٨/٩، ٦/٤٨،

دَآئِرَةٌ: دائرہ۔ حلقہ۔ مصیبت۔ ٥٢/٥،

دَآئِمٌ: (ن) ہمیشہ رہنے والا۔ دَوَامٌ و دَوْمٌ سے اسم فاعل۔ ٣٥/١٣،

دَآئِمُوْنَ: ہمیشہ رہنے والے۔ ٢٣/٧٠،

دب

دُبُرَ: پشت۔ پیٹھ۔ جمع اَدْبَارٌ۔ ٤٥/٥٤،

دُبُرٍ: پشت۔ پیٹھ۔ ٢٥/١٢، ٢٧/١٢، ٢٨/١٢،

دُبُرَهٗ: اس کی پشت۔ اس کی پیٹھ۔ ١٦/٨،

دح

دَحٰهَا: (ن) اس نے اس کو بچھا دیا۔ اس نے اس کو پھیلایا۔ اس نے اس کو ہموار کیا۔ دَحْوٌ سے ماضی۔ ٣٠/٧٩،

دُحُوْرًا: (ن) دور کرنا۔ دھتکارنا۔ ہانکنا۔ مصدر ہے۔ ٩/٣٧،

دخ

دُخَانٍ: دھواں۔ جمع اَدْخِنَةٌ و دَوَاخِنُ. ١٠/٤٤،

دُخَانٌ: دھواں۔ ١١/٤١،

دَخَلَ: (ن) وہ داخل ہوا۔ وہ اندر آیا۔ دُخُوْلٌ سے ماضی۔ ٣٧/٣، ٣٦/١٢، ٣٥/١٨، ١٥/٢٨، ٢٨/٧١،

دَخَلًا: (س) دخل دینے کا بہانہ۔ دھوکا۔ فساد۔ مصدر ہے۔ ٩٢/١٦، ٩٤/١٦،

دَخَلَتْ: وہ داخل ہوئی ٣٨/٧

دَخَلْتَ: تو داخل ہوا۔ ٣٩/١٨،

دُخِلَتْ: وہ داخل کی گئی۔ دُخُوْلٌ سے ماضی مجہول۔ ١٤/٣٣،

دَخَلْتُمْ: تم نے داخل کیا، تم نے جماع کیا (بصلۂ با)۔ ٢٣/٤،

دَخَلْتُمْ: تم داخل ہوئے (بلا صلہ)۔ ٦/٢٤،

دَخَلْتُمُوْهُ: تم اس میں داخل ہوئے۔ ٢٣/٥،

دَخَلُوْا: وہ داخل ہوئے۔ ٦١/٥، ٥٨/١٢، ٦٨/١٢، ٦٩/١٢، ٨٨/١٢، ٩٩/١٢، ٥٢/١٥، ٣٤/٢٧، ٢٢/٣٨، ٢٥/٥١،

دَخَلُوْهُ: وہ اس میں داخل ہوئے۔ ٧

دَخَلَهٗ: وہ اس میں داخل ہوا۔ ٩٧/٣،

در

دِرَاسَتِهِمْ: (ن ض) ان کا پڑھنا پڑھانا۔ مصدر ہے۔ ١٥٦/٦،

دَرَاهِمَ: درہم، چاندی کے سکے، واحد دِرْهَمٌ ٢٠/١٢،

دَرَجٰتٍ: درجے۔ واحد دَرَجَةٌ۔ ١٥/٤٠،

رَیْبَ الْمَنُوْنِ: گردش زمانہ، موت کا حادثہ، ۳۰/۵۲،

رَیْبٍ: شک، شبہ، گمان۔ ۲۳/۲، ۵/۲۲،

رِیۡبَۃً: شک، شبہ، تہمت، کھٹک۔ رَیۡبٌ سے جمع رِیَبٌ۔ ۱۱۰/۹،

رَیۡبِھِمۡ: ان کا شک، ان کا شبہ۔ ۴۵/۹،

رِیۡحَ: ہوا۔ جمع اَرۡوَاحٌ و رِیَاحٌ۔ ۹۴/۱۲، ۸۱/۲۱، ۱۲/۳۴، ۳۶/۳۸، ۳۳/۴۲، ۴۱/۵۱،

رِیۡحًا: ہوا۔ ۵۱/۳۰، ۹/۳۳، ۱۶/۴۱، ۱۹/۵۴،

رِیۡحًا صَرۡصَرًا: تیز ہوائیں۔ جھکڑ۔ ۱۶/۴۱،

رِیۡحِ: ہوا۔ ۶۹/۱۷،

رِیۡحٍ: ہوا۔ ۱۱۷/۳، ۲۲/۱۰، ۶/۶۹،

رِیۡحُ: ہوا۔ ۱۸/۱۴، ۳۱/۲۲،

رِیۡحٌ: ہوا۔ ۲۲/۱۰، ۲۴/۴۶،

رَیۡحَانُ: رزق والا، غذا والا، جمع رِیَاحِیۡنُ، ۱۲/۵۵،

رَیۡحَانٌ: رزق والا۔ غذا والا۔ ۸۹/۵۶،

رِیۡحُکُمۡ: تمہاری ہوا۔ تمہارا غلبہ۔ ۴۶/۸،

رِیۡشًا: لباس، زینت، آرائش، رونق، جمع اَرۡیَاشٌ ۲۶/۷،

رِیۡعٍ: بلند جگہ، ٹیلہ، نرم زمین۔ جمع رُیُوۡعٌ، اَرۡیَاعٌ اور رِیَاعٌ۔ ۱۲۸/۲۶،

بَابُ الزّا

زا

زٰجِرٰتِ: (ن)ڈانٹنے والیاں۔ بندش کرنے والیاں، یہاں فرشتے مراد ہیں جو شیطانوں کو ڈانٹ کر بھگاتے رہتے ہیں۔ زَجْرٌ سے اسم فاعل، واحد زَاجِرَةٌ. ۲/۳۷،

زَادِ: توشہ۔ خرچ راہ۔ جمع اَزْوَادٌ۔ ۱۹۷/۲،

زَادَتْهُ: (ض) اس (مؤنث) نے اس کو زیادہ کیا، اس نے اس کو ترقی دی زِیَادَةٌ سے ماضی ۱۲۴/۹،

زَادَتْهُمْ: اس (مؤنث) نے ان کو زیادہ کیا۔ اس نے ان کو بڑھایا۔ ۲/۸، ۱۲۴/۹، ۱۲۵/۹،

زَادَكُمْ: اس نے تم کو زیادہ دیا۔ اس نے تم کو بڑھایا۔ ۶۹/۷،

زَادُوْكُمْ: انھوں نے تم کو زیادہ دیا۔ انھوں نے تم کو بڑھایا۔ ۴۷/۹،

زَادُوْهُمْ: انھوں نے ان کو زیادہ دیا۔ انھوں نے ان کو بڑھایا۔ ۱۰۱/۱۱، ۶/۷۲،

زَادَهٗ: اس نے اس کو زیادہ کیا۔ اس نے اس کو بڑھایا۔ ۲۴۷/۲،

زَادَهُمْ: اس نے ان کو زیادہ دیا۔ اس نے ان کو بڑھایا۔ ۱۷۳/۳، ۶۰/۲۵، ۲۲/۳۳، ۴۲/۳۵، ۱۷/۴۷،

زَادَهُمْ: اس نے اس کو زیادہ دیا۔ ۱۰/۲،

زٰرِعُوْنَ: (ف) زراعت کرنے والے، کھیتی کرنے والے کسان، زَرْعٌ سے اسم فاعل، واحد

زَارِعٌ۔ ۶۴/۵۶،

زَاغَ: (ض) وہ بہکا، وہ ہٹا، وہ کج ہوا۔ زَیْغٌ سے ماضی۔ ۱۷/۵۳،

زَاغَتْ: وہ کھلی کی کھلی رہ گئی۔ وہ چوک گئی۔ وہ کج ہوگئی۔ ۶۳/۳۸،

زَاغَتِ: وہ کھلی کی کھلی رہ گئی، وہ چوک گئی ۱۰/۳۳،

زَاغُوْا: وہ ٹیڑھے ہوگئے۔ وہ کج ہوگئے۔ ۵/۶۱،

زَالَتْ: وہ ہمیشہ رہی۔ فعل ناقص ہے۔ ۱۵/۲۱،

زَالَتَا: (ن ض) وہ دونوں ٹل گئے۔ وہ دونوں اپنے مقام سے ہٹ گئے۔ زَوَالٌ و زَیْلٌ سے ماضی۔ ۴۱/۳۵،

زَانٍ: (ض) زنا کرنے والا مرد۔ زِنًی و زِنَاءً سے اسم فاعل مذکر۔ ۳/۲۴،

زَانِیْ: زنا کرنے والا۔ زنًی سے اسم فاعل مذکر۔ ۲/۲۴، ۳/۲۴،

زَانِیَةٌ: زنا کرنے والی۔ اسم فاعل مؤنث۔ ۳/۲۴،

زَانِیَةُ: زنا کرنے والی۔ ۲/۲۴، ۳/۲۴،

زَاهِدِیْنَ: (ف س ک) بے رغبت۔ بیزار۔ (بصلۂ فی) زُهْدٌ و زَهَادَةٌ سے اسم فاعل واحد زَاهِدٌ. ۲۰/۱۲،

زَاهِقٌ: (ف) فنا ہونے والا۔ بے نور ہونے والا، زَهْقٌ و زُهُوْقٌ سے اسم فاعل۔ ۱۸/۲۱،

زب

زَبَانِیَۃَ: دوزخ کے پیادے۔ دوزخ کے فرشتے جو عذاب پر متعین ہیں۔ واحد زَبْنِیٌ. ۱۸/۹۶،

زَبَدًا: جھاگ۔ میل کچیل۔ جمع اَزْبَادٌ. ۱۷/۱۳،

زَبَدُ: جھاگ۔ پھین۔ میل کچیل۔ ۱۷/۱۳،

زَبَدٌ: جھاگ۔ پھین۔ میل کچیل۔ ۱۷/۱۳،

زُبَرَ: لوہے کے تختے۔ لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے۔ واحد زُبْرَۃٌ. ۹۶/۱۸،

زُبُرًا: ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔ ۵۳/۲۳،

زُبُرِ: کتابیں۔ صحیفے۔ اوراق۔ واحد زَبُوْرٌ۔ ۱۸۴/۳، ۴۴/۱۶، ۱۹۶/۲۶، ۲۵/۳۵، ۴۳/۵۴، ۵۲/۵۴،

زَبُوْرًا: زبور۔ آسمانی کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ زَبْرٌ سے مشتق ہے جمع زُبُرٌ ۱۶۳/۴، ۵۵/۱۷،

زَبُوْرِ: زبور۔ آسمانی کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ ۱۰۵/۲۱،

زج

زُجَاجَۃِ: شیشہ، شیشہ کا قندیل، جمع زُجَاجٌ، ۳۵/۲۴،

زُجَاجَۃُ: شیشہ۔ شیشہ کا قندیل۔ ۳۵/۲۴،

زَجْرًا: (ن) بندش کرنا۔ جھڑکنا۔ ڈانٹنا۔ مصدر ہے۔ ۲/۳۷،

زَجْرَۃٌ: بندش، ڈانٹ۔ تہدید۔ جھڑکی۔ ۱۹/۳۷، ۱۳/۷۹،

زح

زُحْزِحَ: اس کو بچالیا گیا۔ اس کو دور کردیا گیا۔ زَحْزَحَۃٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۸۵/۳،

زَحْفًا: (ف) میدان جنگ۔ لڑائی۔ بڑا لشکر۔ آمنے سامنے ہونا۔ مصدر ہے۔ ۱۵/۸،

زخ

زُخْرُفَ: چکنی چپڑی۔ بناوٹی۔ ملمع کی ہوئی۔ جمع زَخَارِفٌ. ۱۱۲/۶،

زُخْرُفًا: سونا کرنا۔ ۳۵/۴۳،

زُخْرُفٍ: سونا کرنا۔ زینت۔ ۹۳/۱۷،

زُخْرُفَهَا: اس کی رونق۔ اس کی چمک۔ ۲۴/۱۰،

زد

زِدْ: (ض) تو زیادہ کر۔ زِیَادَۃٌ سے امر۔ ۴/۷۳،

زِدْنٰهُمْ: ہم نے ان کو زیادہ دیا۔ ہم نے ان کو بڑھایا۔ ۸۸/۱۶، ۹۷/۱۷، ۱۳/۱۸،

زِدْنِیْ: تو مجھے زیادہ دے۔ ۱۱۴/۲۰،

زِدْہُ: تو اس (مؤنث) کو زیادہ دے۔ تو اس کو بڑھا کردے۔ ۶۱/۳۸،

زر

زَرَابِیُّ: قالین، مخمل کے گدے۔ نفیس بچھونے واحد زِرْبٌ. ۱۶/۸۸،

زُرَّاعَ: (ف) کسان، کاشتکار، زَرْعٌ سے اسم فاعل، واحد زَارِعٌ. ۲۹/۴۸،

زُرْتُمُ: (ن) تم نے زیارت کی۔ تم ملے۔ تم نے دیکھا۔ زِیَارَۃٌ سے ماضی۔ ۲/۱۰۲،

زَرْعَ: (ف) کھیتی کرنا۔ اُگانا۔ مصدر ہے۔ جمع زُرُوْعٌ. ۱۴۱/۶، ۱۱/۱۶،

زَرْعًا: کھیتی کرنا۔ اُگانا۔ ۳۲/۱۸، ۲۷/۳۲، ۲۱/۳۹،

زَرْعٍ: کھیتی کرنا۔ اُگانا۔ ۳۷/۱۴، ۲۹/۴۸

زَرْعٌ: کھیتی کرنا۔ اُگانا۔ ۴/۱۳

زُرْقًا: (ض ن س) کیری آنکھ، نیلی آنکھ، اندھا، زُرْقَةٌ سے صفت مشبہ، واحد اَزْرَقُ۔ ۱۰۲/۲۰

زُرُوْعٍ: کھیتیاں۔ واحد زَرْعٌ۔ ۱۴۸/۲۶، ۲۶/۴۴

زع

زَعَمَ: (ف) اس نے گمان کیا۔ اس نے دعویٰ کیا۔ زَعْمٌ سے ماضی۔ ۷/۶۴

زَعَمْتَ: تو نے گمان کیا۔ تو نے کہا۔ تو نے خبر دی۔ ۹۲/۱۷

زَعَمْتُمْ: تم نے دعویٰ کیا۔ تم نے سمجھا۔ ۹۴/۶، ۵۶/۱۷، ۴۸/۱۸، ۵۲/۱۸، ۲۲/۳۴، ۶/۶۲

زَعْمِهِمْ: ان کا گمان۔ ان کا خیال۔ مصدر ہے۔ ۱۳۶/۶، ۱۳۸/۶

زَعِيْمٌ: (ف ن) ذمہ دار، ضامن، کہنے والا، زَعْمٌ اور زَعَامَةٌ سے اسم فاعل، جمع زُعَمَاءُ ۷۲/۱۲، ۴۰/۶۸

زف

زَفِيْرًا: (ض) چیخ و پکار کرنا، چلانا، لمبا سانس لینا، مصدر ہے۔ ۱۲/۲۵

زَفِيْرٌ: چیخ و پکار کرنا۔ چلاّنا۔ ۱۰۶/۱۱، ۱۰۰/۲۱

زق

زَقُّوْمِ: تھوہر کا درخت جو سخت بدبودار اور کڑوا ہوتا ہے، جہنم کے ایک درخت کا نام جو دوزخیوں کو کھانے کیلئے دیا جائے گا۔ ۶۲/۳۷، ۴۳/۴۴

زَقُّوْمٍ: تھوہر کا درخت۔ ۵۲/۵۶

زك

زَكٰى: (ن) وہ پاک ہوا۔ وہ درست ہوا۔ زَكَاءٌ سے ماضی۔ ۲۱/۲۴

زَكٰوةَ: (ف) زکوٰۃ، پاکیزگی، ستھرائی، تَزْكِيَةٌ سے اسم ہے۔ ۴۳/۲، ۸۳/۲، ۱۱۰/۲، ۱۷۷/۲، ۲۷۷/۲، ۷۷/۴، ۱۶۲/۴، ۱۲/۵، ۵۵/۵، ۱۵۶/۷، ۵/۹، ۱۱/۹، ۱۸/۹، ۷۱/۹، ۴۱/۲۲، ۷۸/۲۲، ۵۶/۲۴، ۳/۲۷، ۴/۳۱، ۳۳/۳۳، ۷/۴۱، ۱۳/۵۸، ۲۰/۷۳، ۵/۹۸

زَكٰوةً: زکوٰۃ۔ پاکیزگی۔ ستھرائی۔ ۸۱/۱۸، ۱۳/۱۹

زَكٰوةِ: زکوٰۃ۔ پاکیزگی، ستھرائی۔ ۳۱/۱۹، ۵۵/۱۹، ۷۳/۲۱، ۴/۲۳، ۳۷/۲۴

زَكٰوةٍ: زکوٰۃ۔ پاکیزگی۔ ستھرائی۔ ۳۹/۳۰

زَكّٰهَا: (تف) اس نے اس کو سنوارا۔ تَزْكِيَةٌ سے ماضی۔ ۹/۹۱

زَكَرِيَّا: حضرت زکریا علیہ السلام۔ بنی اسرائیل کے عظیم المرتبت پیغمبر اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کے والد ماجد۔ ۳۷/۳، ۳۸/۳، ۸۵/۶، ۲/۱۹، ۷/۱۹، ۸۹/۲۱

زَكِيًّا: پاکیزہ۔ ستھرا۔ نیک۔ زَكَاءٌ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ جمع اَزْكِيَاءٌ۔ ۱۹/۱۹

زَكِيَّةً: پاکیزہ عورت۔ بے قصور۔ گناہوں سے پاک، فَعِيْلَةٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ ۷۴/۱۸

زل

زِلْتُمْ: (ض) تم زائل ہوئے۔ تم الگ رہے۔ زَيْلٌ سے ماضی۔ ۳۴/۴۰

زِلْزَالًا: ہلا ڈالنا۔ لرزا دینا۔ مصدر ہے۔ ۱۱/۳۳

زِلْزَالَهَا: اس کا زلزلہ۔ اس کا ہلا دینا۔ ۱/۹۹

زَلْــزَلَةَ: زلزلہ۔ہلاڈالنا۔رباعی مجرد کا مصدر ہے۔ ۱/۲۲،

زُلْزِلَتِ: وہ زلزلہ میں آگئی۔وہ ہلائی گئی۔زَلْزَلَةٌ وزِلْزَالٌ سے ماضی مجہول۔ ۱/۹۹،

زُلْــزِلُوْا: وہ زلزلہ میں آگئے۔وہ ہلائے گئے۔ ۲۱۴/۲، ۱۱/۳۳،

زُلَفًا: (ن) گھڑیاں، ساعتیں، حصے، واحد زُلْفَةٌ ۱۱۴/۱۱،

زُلْفٰی: درجہ، مرتبہ، نزدیکی، مصدر ہے، ۳۷/۳۴، ۲۵/۳۸، ۴۰/۳۸، ۳/۳۹،

زُلْفَةً: نزدیک۔قریب۔درجہ۔گھڑی۔ ۲۷/۶۷،

زَلَـقًا: (ض) چٹیل میدان۔ایسا صاف کہ جس پر پاؤں پھسلنے لگے۔مصدر ہے۔ ۴۰/۱۸،

زَلَـلْتُمْ: (ض س) تم نے لغزش کی۔تم ڈگمگائے زَلٌّ سے ماضی۔ ۲۰۹/۲،

زم

زُمَرًا: گروہ در گروہ۔جوق در جوق۔واحد زُمْرَةٌ ۷۱/۳۹، ۷۳/۳۹،

زَمْهَرِيْرًا: جاڑا۔سخت سردی۔ ۱۳/۷۶،

زن

زِنٰی: (ض) زنا۔بدکاری۔مصدر ہے۔ ۳۲/۱۷،

زَنْجَبِيْلًا: ادرک۔سونٹھ۔جنت کے ایک چشمہ کا نام۔ ۱۷/۷۶،

زِنُوْا: (ض) تم وزن کرو۔تم تولو۔ وَزْنٌ سے امر۔ ۳۵/۱۷، ۱۸۲/۲۶،

زَنِيْــمٍ: زناکار۔بےنصیب۔بدذات۔اپنے آپ کو دوسری قوم یا خاندان کی طرف منسوب کرنے والا۔ ۱۳/۶۸،

زو

زَوَالٍ: (ن) زائل ہونا۔مٹ جانا۔مصدر۔ ۴۴/۱۴،

زَوْجًا: (ن) خاوند، بیوی، جوڑا، جمع اَزْوَاجٌ ۲۳۰/۲،

زَوْجٍ: خاوند، بیوی، جوڑا ۲۰/۴، ۵/۲۲، ۷/۲۶، ۱۰/۳۱، ۷/۵۰،

زَوْجٰنِ: دو جوڑے۔دو طرح کے۔ ۵۲/۵۵،

زُوِّجَــتْ: (تف) اسے اکٹھا کیا جائے گا، اس کا جوڑ ملایا جائے گا، تَــزْوِيْــجٌ سے ماضی مجہول۔ ۷/۸۱،

زَوْجَكَ: تیری بیوی۔تیری عورت۔ ۳۷/۳۳،

زَوْجِكَ: تیری بیوی۔تیری عورت۔ ۱۱۷/۲۰،

زَوْجُكَ: تیری بیوی۔تیری عورت۔ ۳۵/۲، ۱۹/۷،

زَوَّجْنٰكَهَا: (تف) ہم نے اس کو تیرے نکاح میں دیا۔ تَزْوِيْجٌ سے ماضی۔ ۳۷/۳۳،

زَوَّجْنٰهُمْ: ہم نے ان کو بیاہ دیا۔ ۵۴/۴۴، ۲۰/۵۲،

زَوْجَهٗ: اس کی زوجہ۔اس کی بیوی۔ ۹۰/۲۱،

زَوْجِهٖ: اس کی زوجہ۔اس کی بیوی۔ ۱۰۲/۲،

زَوْجَهَا: اس کا خاوند، اس کا جوڑا۔ ۱/۴، ۱۸۹/۷، ۶/۳۹،

زَوْجِهَا: اس کا خاوند۔اس کا جوڑا۔ ۱/۵۸،

زَوْجَيْنِ: میاں بیوی ۴۰/۱۱، ۳/۱۳، ۲۷/۲۳، ۴۹/۵۱، ۴۵/۵۳، ۳۹/۷۵،

زُوْرَ: جھوٹ، کفر، شرک۔انحراف۔یہود و نصارٰی کے تہوار۔ گانے کی مجلس۔ باطل معبود (مظہری ۹۴۹ر۷) ۷۲/۲۵،

زُوْرًا: جھوٹ۔انحراف۔ ۴/۲۵، ۲/۵۸،

زُوْرِ: جھوٹ۔انحراف۔ ۳۰/۲۲،

زہ

زَهْرَةَ: (ف) آرائش، تازگی، رونق۔ پھول۔ جمع اَزْهَارٌ و اَزْهُرٌ۔ ١٣١/٢٠،

زَهَقَ: (ف) وہ مٹ گیا۔ وہ نکل بھاگا۔ وہ ہلاک ہوگیا۔ زَهُوْقٌ سے ماضی۔ ٨١/١٧،

زَهُوْقًا: مٹ جانے والا۔ نکل بھاگنے والا۔ اسم فاعل کے معنی میں صفتِ مشبہ۔ ٨١/١٧،

زی

زِيَادَةً: (ض) زیادتی۔ زیادہ ہونا۔ مصدر ہے۔ ٣٧/٩، ٢٦/١٠،

زَيْتُوْنَ: زیتون۔ ایک مشہور درخت کا نام جس سے روغن نکلتا ہے۔ ٩٩/٦، ١٤١/٦، ١١/١٦،

زَيْتُوْنًا: زیتون۔ ٢٩/٨٠،

زَيْتُوْنِ: زیتون۔ ١/٩٥،

زَيْتُوْنَةٍ: زیتون کا درخت۔ ٣٥/٢٤،

زَيْتُهَا: زیتون کا تیل۔ اس کا تیل۔ ٣٥/٢٤،

زَيْدٌ: ایک مشہور صحابی کا اسم گرامی۔ جو غلام تھے، آپ ﷺ نے ان کو اپنی اولاد کی طرح پالا۔ یہ واحد صحابی ہیں جن کا ذکر قرآن میں نام کے ساتھ آیا ہے۔ ٣٧/٣٣،

زَيْغٌ: (ض) کجی۔ اعتدال سے ہٹنا۔ مصدر ہے۔ ٧/٣،

زَيَّلْنَا: (تف) ہم نے جدا کردیا۔ ہم نے تفریق کردی۔ تَزْيِيْلٌ سے ماضی۔ ٢٨/١٠،

زَيَّنَ: (تف) اس نے زینت دی۔ اس نے سنوارا تَـزْيِيْنٌ سے ماضی۔ ٤٣/٦، ١٣٧/٦، ٤٨/٨، ٦٣/١٦، ٢٤/٢٧، ٣٨/٢٩

زُيِّنَ: وہ زینت دیا گیا۔ وہ سنوارا گیا۔ تَـزْيِيْنٌ سے ماضی مجہول۔ ٢١٢/٢، ١٤/٣، ١٢٢/٦، ٣٧/٩، ١٢/١٠، ٣٣/١٣، ٨/٣٥، ٣٧/٤٠، ١٤/٤٧، ١٢/٤٨،

زَيَّنَّا: ہم نے زینت دی۔ ہم نے سنوارا۔ ١٠٨/٦، ٤/٢٧، ٦/٣٧، ١٢/٤١، ٥/٦٧،

زَيَّنّٰهَا: ہم نے اس (مؤنث) کو زینت دی۔ ہم نے اس کو سنوارا۔ ١٦/١٥، ٦/٥٠،

زِيْنَةَ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٣٢/٧، ٢٨/١٨،

زِيْنَةً: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٨٨/١٠، ٨/١٦، ٧/١٨،

زِيْنَةِ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٥٩/٢٠، ٨٧/٢٠، ٦/٣٧،

زِيْنَةٍ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٦٠/٢٤،

زِيْنَةُ: زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ ٤٦/١٨،

زِيْنَةٌ: زینت، زیبائش، آرائش، مراد زیورات ٢٠/٥٧،

زِيْنَتَكُمْ: تمہاری زینت۔ تمہاری رونق۔ ٣١/٧،

زِيْنَتِهٖ: اس کی زینت۔ اس کی آراستگی۔ ٧٩/٢٨،

زِيْنَتَهَا: اس (مؤنث) کی زینت۔ اس کی رونق۔ ١٥/١١، ٢٨/٣٣،

زِيْنَتُهَا: اس (مؤنث) کی زینت، اس کی رونق، ٦٠/٢٨،

زِيْنَتَهُنَّ: ان (عورتوں) کی زینت، ان کا سنگھار، ٣١/٢٤،

زِيْـنَتِهِـنَّ: ان (عورتوں) کی زینت۔ ان کا سنگھار۔ ٣١/٢٤،

زَيَّنُوْا: (تف) انھوں نے مزین کردیا۔ انھوں نے سنوارا۔ تَزْيِيْنٌ سے ماضی۔ ٢٥/٤١،

زَيَّنَهٗ: اس نے اس کو زینت دی۔ اس نے اس کو آراستہ کیا۔ ٧/٤٩،

﴿بَابُ السِّین﴾

س

س: عنقریب۔ جلد۔ حرف استقبال ہے۔ مضارع پر داخل ہوتا ہے۔

س ا

سٰبِحٰتِ: (ف) تیرنے والیاں۔ کشتیاں۔ سَبْحٌ سے اسمِ فاعل۔ واحد سَابِحَةٌ. سَبْحٌ تیزی سے تیرنے اور اڑنے کے مضمون میں استعمال ہوتا ہے۔ (المفردات ص ٢٢١) یہاں مراد وہ فرشتے ہیں جو روحوں کو لے کر تیزی سے اُڑتے ہیں۔ ٣/٧٩،

سٰبِغٰتٍ: (ن) کشادہ اور پوری زرہیں، لمبی زرہیں جو آدمی کے پورے جسم کو چھپالیں، سُبُوْغٌ سے اسم فاعل۔ واحد سَابِغَةٌ. ١١/٣٤،

سَابِقٌ: (ن) سبقت لے جانے والا، آگے بڑھنے والا۔ سَبْقٌ و سَبَاقٌ سے اسم فاعل۔ ٣٢/٣٥،

سٰبِقٰتِ: سبقت کرنے والیاں، آگے بڑھنے والیاں، مراد فرشتے۔ جو حکم خداوندی سے پاکر اسے پورا کرنے کے لئے دوڑتے ہیں، سَبْقٌ و سَبَاقٌ سے اسم فاعل۔ ٤/٧٩،

سَابِقُوْا: (مفا) سبقت لیجاؤ، جلدی چلو، دوڑو۔ مُسَابَقَةٌ سے امر۔ ٢١/٥٧،

سٰبِقُوْنَ: سبقت لے جانے والے، آگے بڑھنے والے، سَبَاقٌ سے اسم فاعل، ١٠٠/٩، ٦١/٢٣، ١٠/٥٦،

سٰبِقِیْنَ: سبقت لے جانے والے، آگے بڑھنے والے۔ ٣٩/٢٩،

سَاجِدًا: (ن) سجدہ کرنے والا، سُجُوْدٌ سے اسم فاعل۔ ٩/٣٩،

سٰجِدُوْنَ: سجدہ کرنے والے۔ ١١٢/٩،

سٰجِدِیْنَ: سجدہ کرنے والے۔ ١١/٧، ١٢٠/٧، ٤/١٢، ٢٩/١٥، ٣١/١٥، ٣٢/١٥، ٩٨/١٥، ٤٦/٢٦، ٢١٩/٢٦، ٧٢/٣٨،

سَاحَتِهِمْ: ان کا آنگن، ان کی گشادہ جگہ۔ ان کا میدان۔ ان کے سامنے۔ ١٧٧/٣٧

سٰحِرٍ: (ف) جادوگر، سِحْرٌ سے اسم فاعل۔ ١١٢/٧، ٧٩/١٠، ٦٩/٢٠،

سٰحِرُ: جادوگر۔ ٤٩/٤٣،

سَاحِرُ: جادوگر ٦٩/٢٠،

سٰحِرٌ: جادوگر۔ ١٠٩/٧، ٢/١٠، ٣٤/٢٦، ٤/٣٨، ٢٤/٤٠، ٣٩/٥١،

سَاحِرٌ: جادوگر۔ ٥٢/٥١،

سٰحِرٰنِ: دو جادوگر۔ ٦٣/٢٠،

سٰحِرُوْنَ: جادوگر۔ واحد سَاحِرٌ۔ ٧٧/١٠،

سَاحِلِ: ساحل، دریا کا کنارہ، جمع سَوَاحِلٌ ٣٩/٢٠،

سٰخِرِیْنَ: (ن،ف) مذاق اُڑانے والے۔ ٹھٹھا کرنیوالے، سُخْرٌ و سُخْرِیَّةٌ سے اسم فاعل۔ واحد سَاخِرٌ. ٥٦/٣٩،

سَادَتَنَا: ہمارے سردار۔ واحد سَیِّدٌ. ٦٧/٣٣،

سَادِسُهُمْ: ان کا چھٹا۔ ٢٢/١٨، ٧/١٨،

سَارَ: (ض) اس نے سیر کی۔ وہ چلا۔ سَیْرٌ سے ماضی۔ ۲۹/۲۸

سَارِبٌ: (ن) گلیوں میں پھرنے والا۔ راہ چلنے والا۔ ظاہر ہونے والا۔ سُرُوْبٌ سے اسم فاعل جمع سَرْبٌ۔ ۱۰/۱۳

سَارِعُوْا: (مفا) تم جلدی کرو، تم دوڑو۔ مُسَارَعَةٌ سے امر۔ ۱۳۳/۳

سَارِقُ: (س) چور۔ چوری کرنے والا۔ سَرِقَةٌ سے اسم فاعل۔ ۳۸/۵

سَارِقَةُ: چوری کرنے والی۔ ۳۸/۵

سٰرِقُوْنَ: چوری کرنے والے۔ ۷۰/۱۲

سٰرِقِیْنَ: چوری کرنے والے۔ ۷۳/۱۲

سَاعَةَ: گھڑی۔ وقت۔ قیامت کا دن۔ قرآن مجید میں یہ لفظ جہاں جہاں بھی آیا ہے اس سے مراد قیامت ہے۔ ۸۵/۱۵، ۲۱/۱۸، ۳۶/۱۸، ۷۵/۱۹، ۱۵/۲۰، ۷/۲۲، ۶۳/۳۳، ۵۹/۴۰، ۵۰/۴۱، ۱۷/۴۲، ۶۶/۴۳، ۱۸/۴۷

سَاعَةً: گھڑی، وقت، قیامت۔ ۳۴/۷، ۴۵/۱۰، ۴۹/۱۰، ۶۱/۱۶، ۳۰/۳۴، ۳۵/۴۶

سَاعَةِ: گھڑی۔ وقت۔ قیامت۔ ۱۸۷/۷، ۱۱۷/۹، ۷۷/۱۶، ۴۹/۲۱، ۱/۲۲، ۱۱/۲۵، ۳۴/۳۱، ۶۳/۳۳، ۴۷/۴۱، ۱۸/۴۲، ۶۱/۴۳، ۸۵/۴۳، ۴۲/۷۹

سَاعَةٍ: گھڑی۔ وقت۔ قیامت۔ ۵۵/۳۰

سَاعَةُ: گھڑی، وقت، قیامت۔ ۳۱/۶، ۴۰/۶، ۱۰۷/۱۲، ۵۵/۲۲، ۱۲/۳۰، ۱۴/۳۰، ۵۵/۳۰، ۳/۳۴، ۴۶/۴۰، ۲۷/۴۵، ۳۲/۴۵، ۱/۵۴، ۴۶/۵۴

سَافِلَهَا: (ک، س، ن) اس کے نیچے رہنے والا۔ سَفَالٌ و سُفُوْلٌ سے اسم فاعل۔ ۸۲/۱۱، ۷۴/۱۵

سٰفِلِیْنَ: نیچے ہونے والے، پست ہونے والے۔ ۵/۹۵

سَاقِ: پنڈلی۔ ٹانگ کا وہ حصہ جو ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان ہے۔ جمع سُوْقٌ، سِیْقَانٌ و اَسْوُقٌ۔ ۲۹/۷۵

سَاقٍ: پنڈلی۔ ۴۲/۶۸

سَاقُ: پنڈلی۔ ۲۹/۷۵، ۳۰/۷۵

سَاقِطًا: (ن) گرنے والا، سَقُوْطٌ سے اسم فاعل، ۴۴/۵۲

سَاقَیْهَا: اس کی دونوں پنڈلیاں۔ یہ اصل میں سَاقَیْنَ تھا جو حالت نصبی و جری میں سُوْقٌ کا تثنیہ ہے، اضافت کے سبب نون حذف ہوگیا۔ ۴۴/۲۷

سَاكِنًا: (ن) ساکن۔ ٹھہرا ہوا۔ رہنے والا۔ سُكُوْنٌ سے اسم فاعل۔ ۴۵/۲۵

سَالَتْ: (ض) وہ جاری ہوئی۔ وہ بہی۔ سَیْلَانٌ سے ماضی مونث۔ ۱۷/۱۳

سٰلِمُوْنَ: (س) صحیح سالم، بے عیب۔ تندرست سَلَامَةٌ سے اسم فاعل۔ ۴۳/۶۸

سٰمِدُوْنَ: (ن) غافل ہونیوالے۔ تکبر کرنے والے۔ کھیل کود میں وقت ضائع کرنے والے۔ سُمُوْدٌ سے اسم فاعل۔ ۶۱/۵۳

سٰمِرًا: (ن) افسانہ گو۔ داستان سرا۔ کہانی کہنے والا، سَمْرٌ و سُمُوْرٌ سے اسم فاعل۔ ۶۷/۲۳

سَامِرِیُّ: سامری، ایک شخص کا نام جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کوہِ طور پر تشریف لے جانے کے بعد ان کی قوم سے سونے کے زیورات لیکر بچھڑے کی مورتی بنادی اور اس طرح ان کی قوم کو گائے کی پوجا میں مبتلا کیا۔ ۸۵/۲۰، ۸۷/۲۰، ۹۵/۲۰

سَاوٰی: (مفا) اس نے برابر کردیا، وہ برابر ہوگیا۔

مُسَاوَاةٌ سے ماضی۔ ۹۶/۱۸،

سَاهِرَةِ: میدان، صاف ہموار زمین۔ جہنم۔ جمع سَوَاهِرٌ۔ ۱۴/۷۹،

سَاهَمَ: (مفا) اس نے قرعہ ڈالا، مُسَاهَمَةٌ سے ماضی۔ ۱۴۱/۳۷،

سَاهُوْنَ: (ن) بے خبر، بھولنے والے، غافل، سَهْوٌ سے اسم فاعل واحد سَاهِیٌ، یہ اصل میں سَاهِیُوْنَ تھا 'ی' مضموم سے پہلے 'ہ' مکسور ہے جس سے 'ی' کا ضمہ ثقیل ہو گیا اس لئے اس کو نقل کر کے 'ہ' کو دیدیا جس سے 'ی' اور 'و' دونوں ساکن ہو گئے اس لئے 'ی' کو حذف کر دیا گیا۔ ۱۱/۵۱، ۵/۱۰۷،

سَآءَ: (ن) وہ بُرا ہے۔ سَوْءٌ سے ماضی۔ فعل ذم ہے۔ ۲۲/۴، ۳۸/۴، ۶۶/۵، ۳۱/۶، ۱۳۶/۶، ۱۷۷/۷، ۹/۹، ۲۵/۱۶، ۵۹/۱۶، ۳۲/۱۷، ۱۰۱/۲۰، ۱۷۳/۲۶، ۵۸/۲۷، ۴/۲۹، ۱۷۷/۳۷، ۲۱/۴۵، ۱۵/۵۸، ۲/۶۳،

سَآئِبَةٍ: سائبہ، وہ جانور جو اہلِ جاہلیت بُت کے نام پر آزاد کرتے تھے، جمع سَوَائِبُ ۱۰۳/۵،

سَآءَتْ: (ن) وہ بُری ہے۔ سَوْءٌ سے ماضی۔ ۹۷/۴، ۱۱۵/۴، ۲۹/۱۸، ۶۶/۲۵، ۶/۴۸،

سٰٓئِحٰتٍ: (ض) سیاحت کرنے والیاں، روزہ رکھنے والیاں، پارسا عورتیں، سِیَاحَةٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۶۶،

سَآئِحُوْنَ: سیاحت کرنیوالے۔ روزہ رکھنے والے، پھرنے والے۔ سِیَاحَةٌ سے اسم فاعل۔ واحد سَائِحٌ۔ ۱۱۲/۹،

سَآئِغًا: (ن) خوش ذائقہ، مزہ دار، آسانی سے حلق میں اترنے والا، سَوْغٌ سے اسم فاعل، ۶۶/۱۶،

سَآئِغٌ: خوش ذائقہ۔ مزہ دار۔ ۱۲/۳۵،

سَآئِقٌ: (ن) ہمراہ لانے والا۔ ہانکنے والا۔ یہاں وہ فرشتہ مراد ہے جو حشر میں کھینچ کر لائے گا۔ سَوْقٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۵۰،

سَآئِلَ: (ف) سوال کرنے والا، پوچھنے والا، مانگنے والا۔ سُؤَالٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰/۹۳،

سَآئِلِ: سوال کرنے والا، پوچھنے والا، مانگنے والا، ۱۹/۵۱، ۲۵/۷۰،

سَآئِلٌ: سوال کرنے والا، پوچھنے والا، مانگنے والا، ۱/۷۰،

سَآئِلِیْنَ: سوال کرنے والے، پوچھنے والے، مانگنے والے۔ ۱۷۷/۲، ۷/۱۲،

سَاَلَ: اس نے سوال کیا۔ سُؤَالٌ سے ماضی، ۱/۷۰،

س ب

سُبَاتًا: (ن) آرام۔ راحت۔ تکان دور کرنا۔ قطع کرنا۔ مصدر ہے۔ سَبْتٌ سے مشتق ہے جس کے معنی مونڈنے اور قطع کرنے کے ہیں، اللہ تعالیٰ نے نیند بھی انسان کے تمام ہموم و غموم اور افکار کو قطع کر کے اس کے قلب و دماغ کو ایسی راحت دیتی ہے کہ دنیا کی کوئی راحت اس کا بدل نہیں ہو سکتی۔ (معارف القرآن: مفتی محمد شفیع: ج ۸، ص ۶۵۳) ۴۷/۲۵، ۹/۷۸،

سَبَبٍ: سبب، ذریعہ، حیلہ، رسی، سامان ۱۵/۲۲،

سَبَبًا: سبب، ذریعہ، حیلہ، رسی، سامان، جمع اسباب، ۸۴/۱۸، ۸۵/۱۸، ۸۹/۱۸، ۹۲/۱۸

سَبْتِ: سنیچر کا دن، ہفتہ کا دن۔ کام کاج سے قطع تعلق کا دن۔ جمع اَسْبُتٌ و سُبُوْتٌ.

٦٥/٢، ٧٤/٤، ١٥٤/٤، ١٦٣/٧،

سَبْتُ: سنیچر کا دن۔ ہفتہ کا دن۔ ١٢٤/١٦،

سَبْتِهِمْ: ان کا سنیچر منانا، ان کا کام چھوڑ دینا، ١٦٣/٧،

سَبَّحَ: (تف) اس نے تسبیح کی، اس نے پاکی بیان کی۔ تَسْبِیْحٌ سے ماضی۔ ١/٥٧، ١/٥٩، ١/٦١،

سَبِّحْ: تو تسبیح کر۔ تو پاکی بیان کر۔ تَسْبِیْحٌ سے امر۔ ٤١/٣، ٩٨/١٥، ١٣٠/٢٠، ٥٨/٢٥، ٥٥/٤٠، ٣٩/٥٠، ٤٨/٥٢، ٧٤/٥٦، ٩٦/٥٦، ٥٢/٦٩، ٣/١١٠،

سَبِّحِ: تو تسبیح کر۔ ١/٨٧،

سَبْحًا: (ف) تیزی سے تیرنا۔ مشغول ہونا۔ مصدر ہے۔ ٧/٧٣، ٣/٧٩،

سُبْحٰنَ: (ف) وہ پاک ہے۔ وہ مقدس ہے۔ تَسْبِحٌ کا اسم مصدر۔ ١٠٨/١٢، ٩٣/١٧، ١٠٨/١٧، ٢٢/٢١، ٩١/٢٣، ٨/٢٧، ٦٨/٢٨، ١٧/٣٠، ٣٦/٣٦، ٨٣/٣٦، ١٥٩/٣٧، ١٨٠/٣٧، ١٣/٤٣، ٨٢/٤٣، ٤٣/٥٢، ٢٣/٥٩، ٢٩/٦٨،

سُبْحٰنَ: وہ پاک ہے۔ یہاں کلام کے شروع میں لانے سے اس بات پر تنبیہ کرنا مقصود ہے کہ اس کے بعد جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس پر اللہ کے سوا کسی کو قدرت نہیں۔ وہ ہر قسم کے عیب و نقص اور عجز سے پاک ہے۔ اس کو ایک رات میں اپنے بندے کا مکہ سے بیت المقدس لے جانا کچھ مشکل نہیں، وہ قادر مطلق اور ہر چیز کا خالق ہے۔ ١/١٧،

سُبْحٰنَكَ: تو پاک ہے۔ ٣٢/٢، ١٩١/٣، ١١٦/٥، ١٤٣/٧، ١٠/١٠، ٨٧/٢١، ١٦/٢٤، ١٨/٢٥، ٤١/٣٤،

سُبْحٰنَهٗ: وہ پاک ہے، ١١٦/٢، ١٧١/٤، ١٠٠/٦، ٣١/٩، ١٨/١٠، ٦٨/١٠، ١/١٦، ٥٧/١٦، ٤٣/١٧، ٣٥/١٩، ٢٦/٢١، ٤٠/٣٠، ٤/٣٩، ٦٧/٣٩،

سَبَّحُوْا: (تف) انھوں نے تسبیح کی۔ انھوں نے پاکی بیان کی۔ تَسْبِیْحٌ سے ماضی۔ ١٥/٣٢،

سَبِّحُوْا: تم تسبیح کرو۔ تم پاکی بیان کرو۔ تَسْبِیْحٌ سے امر۔ ١١/١٩،

سَبِّحُوْهُ: تم اس کی تسبیح کرو۔ تم اس کی پاکی بیان کرو۔ ٤٢/٣٣،

سَبِّحْهُ: تو اس کی تسبیح کر۔ تو اس کی پاکی بیان کر۔ ٤٠/٥٠، ٤٩/٥٢، ٢٦/٧٦،

سَبْعَ: (ف) سات۔ ساتواں ہونا۔ اسم عدد ہے۔ ٢٩/٢، ٢٦١/٢، ٤٣/١٢، ٤٧/١٢، ١٧/٢٣، ١٢/٤١، ٣/٦٧، ٧/٦٩، ١٥/٧١،

سَبْعًا: سات۔ ٨٧/١٥، ١٢/٧٨،

سَبْعٍ: سات۔ ٤٦/١٢، ٨٦/٢٣،

سَبْعُ: سات۔ ٤٤/١٧،

سَبْعٌ: سات۔ ٤٣/١٢، ٤٦/١٢، ٤٨/١٢،

سَبُعُ: درندہ، جمع اَسْبُعٌ و سِبَاعٌ، درندہ کو اس لئے سَبُعٌ کہا گیا کہ اس کی قوت تام (پوری) ہوتی ہے جس طرح سَبْعٌ عدد تام ہے (المفردات ص۲۲۲)۔ ٣/٥،

سَبْعَةٍ: سات۔ ١٩٦/٢،

سَبْعَةُ: سات۔ ٤٤/١٥، ٢٧/٣١،

سَبْعَةٌ: سات۔ ٢٢/١٨،

سَبْعُوْنَ: ستر۔ ٣٢/٦٩،

سَبْعِيْنَ: ستر۔ ١٥٥/٧، ٨٠/٩،

سَبَقَ: (ن) اس نے سبقت کی۔ وہ پہلے ہو چکا۔ وہ آگے بڑھ گیا، سَبْقٌ سے ماضی۔ ٦٨/٨، ٩٩/٢٠، ٤٠/١١، ٢٧/٢٣،

سَبْقًا: سبقت کرنا۔ پہلے ہونا۔ مقدم ہونا۔ مصدر ہے۔ ٤/٧٩،

سَبَقَتْ: وہ سبقت کر چکی۔ وہ پہلے ہو چکی۔ ١٩/١٠،

۱۱۰/۱۱، ۱۲۹/۲۰، ۱۰۱/۲۱، ۱۷۱/۳۷، ۴۵/۴۱، ۱۴/۴۲،

سَبَقَكُمْ: اس نے تم سے سبقت کی۔ اس نے تم سے پہلے کیا۔ ۸۰/۷، ۲۸/۲۹،

سَبَقُوْا: انھوں نے سبقت کی۔ وہ آگے نکل گئے۔ ۵۹/۸،

سَبَقُوْنَا: انھوں نے ہم سے سبقت کی۔ وہ ہم سے آگے نکل گئے۔ ۱۱/۴۶، ۱۰/۵۹،

سُبُلَ: راستے، راہیں، واحد سَبِیْلٌ. ۱۶/۵، ۱۵۳/۶، ۶۹/۱۶،

سُبُلاً: راستے۔ راہیں۔ ۱۵/۱۶، ۵۳/۲۰، ۳۱/۲۱، ۱۰/۴۳، ۲۰/۷۱،

سُبُلَنَا: ہمارے راستے۔ ہماری راہیں۔ ۱۲/۱۴، ۶۹/۲۹،

سَبَاٍ: قومِ سبا۔ ایک قوم کا نام۔ ان کا وطن عرب میں یمن کی طرف تھا۔ ۲۲/۲۷، ۱۵/۳۴،

سَبِیْلَ: راستہ، راہ، سَبِیْلٌ وہ راستہ ہے جس میں سہولت ہو اور اس کی جمع سُبُلٌ آتی ہے۔ سَبِیْلٌ ہر اس چیز کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جس کے ذریعے کسی چیز تک پہنچا جا سکے خواہ وہ چیز خیر ہو یا شر (المفردات ص ۲۲۳) یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۴۴/۴، ۱۴۲/۷، ۱۴۶/۷، ۸۹/۱۰، ۱۷/۲۵، ۲۹/۲۹، ۱۵/۳۱، ۲۹/۴۰، ۳/۷۶، ۲۰/۸۰،

سَبِیْلاً: راستہ۔ راہ۔ ۹۷/۳، ۱۵/۴، ۲۲/۴، ۳۴/۴، ۵۱/۴، ۸۸/۴، ۹۰/۴، ۹۸/۴، ۱۳۷/۴، ۱۴۱/۴، ۱۴۳/۴، ۱۵۰/۴، ۱۴۶/۷، ۱۴۸/۷، ۳۲/۱۷، ۴۲/۱۷، ۴۸/۱۷، ۷۲/۱۷، ۸۴/۱۷، ۱۱۰/۱۷، ۹/۲۵، ۲۷/۲۵، ۳۴/۲۵، ۴۲/۲۵، ۴۴/۲۵، ۵۷/۲۵، ۱۹/۷۳، ۲۹/۷۶،

سَبِیْلِ: راستہ، راہ، ۱۰۸/۲، ۱۵۴/۲، ۱۷۷/۲، ۱۹۰/۲، ۱۹۵/۲، ۲۱۵/۲، ۲۱۷/۲، ۲۱۸/۲، ۲۴۴/۲، ۲۴۶، ۲۶۱/۲، ۲۶۲/۲، ۲۷۳/۲، ۱۳/۳، ۹۹/۳، ۱۴۶/۳، ۱۵۷/۳، ۱۶۷/۳، ۱۶۹/۳، ۳۶/۴، ۴۴/۴، ۴۵/۴، ۷۶/۴، ۸۴/۴، ۸۹/۴...... ۱۰۶ جگہ

سَبِیْلِ: راستہ، راہ، ۴۳/۴، ۹۱/۹، ۷۶/۱۵، ۱۱/۴۰، ۴۱/۴۲، ۴۴/۴۲، ۴۶/۴۲،

سَبِیْلُ: راستہ۔ راہ۔ ۵۵/۶، ۹۳/۹، ۴۲/۴۲،

سَبِیْلٌ: راستہ۔ راہ۔ ۷۵/۳،

سَبِیْلاَ: راستہ۔ راہ۔ ۶۷/۳۳،

سَبِیْلَكَ: تیرا راستہ۔ تیری راہ۔ ۷/۴۰،

سَبِیْلِكَ: تیرا راستہ۔ تیری راہ۔ ۸۸/۱۰،

سَبِیْلَنَا: ہمارا راستہ۔ ہماری راہ۔ ۱۲/۲۹،

سَبِیْلَهٗ: اس کا راستہ۔ اس کی راہ۔ ۶۱/۱۸، ۶۳/۱۸،

سَبِیْلِهٖ: اس کا راستہ۔ اس کی راہ۔ ۳۵/۵، ۱۱۷/۶، ۱۵۳/۶، ۹/۹، ۲۴/۹، ۳۰/۱۴، ۱۲۵/۱۶، ۸/۳۹، ۳۰/۵۳، ۴/۶۱، ۷/۶۸،

سَبِیْلَهُمْ: ان کا راستہ۔ ان کی راہ۔ ۵/۹،

سَبِیْلِیْ: میرا راستہ، میری راہ۔ ۱۹۵/۳، ۱۰۸/۱۲، ۱/۶۰،

س ت

سَتُبْصِرُ: عنقریب تو دیکھے گا۔ ۵/۶۸،

سِتَّةِ: چھ، اصل میں سِدْ سَةٌ تھا، دوسرے "س" کو "تا" سے بدل کر اس میں دال کا ادغام کر دیا گیا۔ ۵۴/۷، ۳/۱۰، ۷/۱۱، ۵۹/۲۵، ۴/۳۲، ۳۸/۵۰، ۴/۵۷،

سَتَجِدُنِیْ: بہت جلد تو مجھے پائے گا، ۶۹/۱۸، ۲۷/۲۸، ۱۰۲/۳۷،

سَتَجِدُوْنَ: عنقریب تم پاؤ گے۔ ۹۱/۴،

سَتُدْعَوْنَ: عنقریب تم کو دعوت دی جائے گی۔ تم کو پکارا جائیگا۔ ۱۶/۴۸،

سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ: تم ان (عورتوں) کا ذکر کرو گے۔ ۲۳۵/۲،

سِتْرًا: حجاب۔ پردہ۔ شرم و حیا۔ جمع سُتُوْرٌ و اَسْتَارٌ. ۹۰/۱۸،

سَتُرَدُّوْنَ: عن قریب تم روکے جاؤ گے۔ عن قریب تم لوٹائے جاؤ گے۔ ۱۰۵/۹

سَتُرْضِعُ: بہت جلد وہ دودھ پلائے گی۔ ٦/٦٥،

سَتُغْلَبُوْنَ: بہت جلد تم مغلوب ہوگے۔ ١٢/٣،

سَتُكْتَبُ: بہت جلد وہ لکھی جائے گی۔ ١٩/٤٣،

سِتِّيْنَ: ساٹھ۔ ٤/٥٨،

س ج

سَجٰى: (ن) اس نے قرار پکڑا۔ وہ چھا گیا۔ وہ ساکن ہوگیا، اس نے ڈھانپ لیا۔ سُجُوٌّ سے ماضی۔ ٢/٩٣،

سَجَدَ: (ن) اس نے سجدہ کیا، سُجُوْدٌ سے ماضی۔ ٣٠/١٥، ٧٣/٣٨،

سُجَّدً: سجدہ کرنیوالے۔ واحد سَاجِدٌ۔ ٥٨/٢، ١٥٤/٤، ١٦١/٧، ١٠٠/١٢، ٤٨/١٦، ١٠٧/١٧، ٥٨/١٩، ٧٠/٢٠، ٦٤/٢٥، ١٥/٣٢، ٢٩/٤٨،

سَجَدُوْا: انھوں نے سجدہ کیا۔ ٣٤/٢، ١٠٢/٤، ١١/٧، ٦١/١٧، ٥٠/١٨، ١١٦/٢٠،

سُجِّرَتْ: (تف) وہ بھڑکائے جائیں گے، وہ آگ سے پُر کی گئی، وہ خالی کی گئی، تَسْجِيْرٌ سے ماضی مجہول۔ ٦/٨١،

سِجِلِّ: کاغذ کا طومار۔ صحیفہ۔ نوشتہ۔ فرشتہ۔ جمع سِجِلَّاتٌ ''سِجِلّ اس پتھر کو کہا جاتا تھا جس پر لکھا جاتا تھا، پھر ہر وہ چیز جس پر لکھا جائے سِجِلّ کہلانے لگی۔ (المفردات ص ۲۱۴ و ۲۲۵)۔'' ١٠٤/٢١،

سِجْنَ: (ن) قیدخانہ۔ جمع سُجُوْنٌ. ٣٦/١٢،

سِجْنِ: قیدخانہ۔ ٣٩/١٢، ٤١/١٢، ٤٢/١٢، ١٠٠/١٢،

سِجْنُ: قیدخانہ۔ ٣٣/١٢،

سُجُوْدِ: (ن) سجدہ کرنا۔ مصدر ہے۔ ١٢٥/٢، ٢٦/٢٢،

سِجِّيْلٍ: کنکر، آگ میں پکی ہوئی مٹی سے بنے ہوئے کنکر، سنگِ گل سے معرب، ٨٢/١١، ٧٤/١٥، ٤/١٠٥،

سِجِّيْنٍ: دوزخیوں کی روح کا قیدخانہ، گنہگاروں کا اعمال نامہ، مذکر و مؤنث دونوں کیلئے، ٧/٨٣،

سِجِّيْنٌ: دوزخیوں کی روح کا قیدخانہ۔ ٨/٨٣،

س ح

سَحَابَ: (ف) بادل۔ ابر۔ سَحْبٌ سے۔ مشتق ہے۔ جمع سُحُبٌ. ١٢/١٣،

سَحَابًا: بادل۔ ابر۔ ٥٧/٧، ٤٣/٢٤، ٤٨/٣٠، ٩/٣٥،

سَحَابِ: بادل۔ ابر۔ ١٦٤/٢، ٨٨/٢٧،

سَحَابٌ: بادل۔ ابر۔ ٤٠/٢٤، ٤٤/٥٢،

سَحَّارِ: (ف) بڑا جادوگر۔ ماہر جادوگر۔ سِحْرٌ سے فَعَّالٌ کے وزن پر مبالغہ۔ ٣٧/٢٦،

سُحْتَ: حرام، رشوت، جمع اَسْحَاتٌ. ٦٢/٥، ٦٣/٥،

سُحْتِ: حرام۔ رشوت۔ ٤٢/٥،

سِحْرَ: (ف) جادو۔ جادو کرنا۔ مصدر ہے۔ ١٠٢/٢، ٧١/٢٠، ٣/٢١، ٤٩/٢٦،

سِحْرِ: جادو۔ جادو کرنا۔ ٧٣/٢٠،

سِحْرٍ: جادو۔ جادو کرنا۔ ١١٦/٧، ٥٨/٢٠،

سِحْرُ: جادو۔ جادو کرنا۔ ٨١/١٠،

سِحْرٌ: (ف) جادو، جادو کرنا۔ ١١٠/٥، ٧/٦، ٧٦/١٠، ٧٧/١٠، ٧/١١، ١٣/٢٧، ٣٦/٢٨، ٤٣/٣٤، ١٥/٣٧، ٣٠/٤٣، ٧/٤٦، ١٥/٥٢، ٢/٥٤، ٦/٦١، ٢٤/٧٤،

سَحَرٍ: سحر کا وقت، پچھلی رات، جمع اَسْحَارٌ، ٣٤/٥٤،

سِحْرٰنِ: دو جادو۔ ٤٨/٢٨،

سَحَرَةَ: جادوگر۔ واحد سَاحِرٌ۔ ٤٠/٢٦،

سَحَرَةُ: جادوگر ۱۱۳/۷، ۱۲۰/۷، ۸۰/۱۰، ۷۰/۲۰، ۳۸/۲۶، ۴۱/۲۶، ۴۶/۲۶،

سِحْرِكَ: تیرا جادو۔ ۵۷/۲۰،

سَحَرُوْا: (ف) انھوں نے جادو کیا۔ انھوں نے نظر بندی کی۔ سِحْرٌ سے ماضی۔ ۱۱۶/۷،

سِحْرِهٖ: اس کا جادو۔ ۳۵/۲۶،

سِحْرِهِمَا: ان دونوں کا جادو۔ ۶۳/۲۰،

سِحْرِهِمْ: ان کا جادو۔ ۶۶/۲۰،

سُحْقًا: (س ک) دور کرنا۔ دفع ہونا۔ لعنت کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۱/۶۷،

سَحِيْقٍ: بہت دور۔ بعید۔ سُحْقٌ سے فَعِيْلٌ کے وزن پر صفت مشبہ۔ ۳۱/۲۲،

س خ

سَخِرَ: (س) اس نے مذاق اُڑایا۔ اس نے ٹھٹھا کیا۔ سُخْرٌ سے ماضی۔ ۷۹/۹،

سَخَّرَ: (تف) اس نے مسخر کر دیا۔ اس نے تابع کر دیا۔ اس نے بس میں کر دیا۔ تَسْخِيْرٌ سے ماضی۔ ۲/۱۳، ۳۲/۱۴، ۳۳/۱۴، ۱۲/۱۶، ۱۴/۱۶، ۶۵/۲۲، ۶۱/۲۹، ۲۰/۳۱، ۲۹/۳۱، ۱۳/۳۵، ۵/۳۹، ۱۳/۴۳، ۱۲/۴۵، ۱۳/۴۵،

سَخَّرْنَا: ہم نے مسخر کر دیا۔ ہم نے تابع کر دیا ۷۹/۲۱، ۱۸/۳۸، ۳۶/۳۸،

سَخَّرْنٰهَا: ہم نے اس (مؤنث) کو مسخر کر دیا۔ ہم نے اس کو تابع کر دیا۔ ۳۶/۲۲،

سَخِرُوْا: انھوں نے مذاق اُڑایا۔ انھوں نے ٹھٹھا کیا، انھوں نے ہنسی کی (بصلۂ مِن) ۱۰/۶، ۳۸/۱۱، ۴۱/۲۱،

سَخَّرَهَا: اس نے اس کو مقرر کر دیا۔ اس نے اس کو کام میں لگا دیا۔ ۳۷/۲۲، ۷/۶۹،

سِخْرِيًّا: مذاق۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔ دل لگی۔ ۱۱۰/۲۳، ۶۳/۳۸،

سُخْرِيًّا: خدمت گار۔ تابعدار۔ مزدور۔ ۳۲/۴۳،

سَخِطَ: (س) وہ غصہ ہوا، سَخْطٌ سے ماضی ۸۰/۵،

سَخَطٍ: سخت غصہ۔ عذاب۔ ۱۶۲/۳،

س د

سَدًّا: (ض ن) دیوار۔ آڑ۔ روک۔ مصدر ہے۔ ۹۴/۱۸، ۹/۳۶،

سَدًى: بیکار، بے قید، مہمل، اَسْدَاءٌ سے واحد و جمع دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ۳۶/۷۵،

سِدْرٍ: بیری کے درخت، واحد سِدْرَةٌ. ۱۶/۳۴، ۲۸/۵۶،

سِدْرَةَ: بیری کا درخت۔ جمع سِدْرٌ۔ ۱۶/۵۳،

سِدْرَةِ: بیری کا درخت۔ ۱۴/۵۳،

سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى: سدرۃ المنتہٰی، اخیر حد پر بیری کا ایک درخت، ساتویں آسمان پر عرشِ الٰہی کے دائیں جانب ایک مقام ہے اس سے آگے فرشتوں کی رسائی نہیں۔ ۱۴/۵۳،

سُدُسُ: چھٹا حصہ؛ جمع اَسْدَاسٌ. ۱۱/۴، ۱۲/۴،

سَدِيْدًا: سیدھا، سَدَادٌ سے صفت مشبہ، ۹/۴، ۷۰/۳۳،

سَدَّيْنِ: دو پہاڑ، دو رکاوٹیں۔ دو دیواریں۔ ۹۳/۱۸،

س ر

سِرَّ: چھپی ہوئی بات۔ بھید۔ راز۔ جمع اَسْرَارٌ. ۷/۲۰، ۶/۲۵،

سِرًّا: چھپی ہوئی بات۔ بھید۔ راز۔ ۲۳۵/۲، ۲۷۴/۲، ۲۲/۱۳، ۳۱/۱۴، ۷۵/۱۶، ۲۹/۳۵،

سَرَابًا: چلے جانا۔ سراب۔ دھوکا۔ ریت جو موسم گرما میں دُور سے پانی کی طرح چمکتی ہو،

اس کو سراب اسی بنا پر کہتے ہیں کہ قریب پہنچتے ہی وہ نظر سے جاتا رہتا ہے۔ ۲۰/۷۸،

سَرَاب: سراب۔ دھوکا۔ چمکدار ریت۔ ۳۹/۲۴،

سَرَابِيلَ: لباس، کُرتے، قمیص، واحد سِرْبَالٌ ۸۱/۱٦،

سَرَابِيلُهُمْ: ان کے لباس، ان کے کرتے ۵۰/۱۴،

سِرَاجًا: چراغ۔ دِیا۔ جمع سُرُجٌ۔ ۴٦/۳۳، ۱٦/۷۱، ۱۳/۷۸،

سِرَاجًا: چراغ۔ ٦۱/۲۵،

سَرَاحًا: (تف) رخصت کرنا، چھوڑنا، طلاق دینا، تَسْرِيْحٌ سے اسم مصدر۔ ۲۸/۳۳، ۴۹/۳۳،

سُرَادِقُهَا: اس کے پردے، اس کی قناتیں۔ اس کے خیمے۔ جمع سُرَادِقَاتٌ۔ ۲۹/۱۸،

سِرَاعًا: (ک) سرعت کے ساتھ۔ جلدی کرتے ہوئے، سُرْعَةٌ سے، واحد سَرِيْعٌ ۴۴/۵۰، ۴۳/۷۰،

سَرَّاءِ: (ن) سرور۔ خوشی۔ نعمت۔ فراخی۔ سُرُوْرٌ سے اسم۔ مصدر ۱۳۴/۳،

سَرَّاءُ: سرور۔ خوشی۔ نعمت۔ فراخی۔ ۹۵/۷،

سَرَائِرُ: بھید، راز، پوشیدہ باتیں، واحد سَرِيْرَةٌ ۹/۸٦،

سَرَبًا: (س) خشک، سراخ، سرنگ، جگہ، جمع اَسْرَابٌ۔ ٦۱/۱۸،

سَرِّحُوْهُنَّ: (تف) تم ان عورتوں کو رخصت کردو، تم ان کو چھوڑ دو، تَسْرِيْحٌ سے امر، ۲۳۱/۲، ۴۹/۳۳،

سَرْدِ: (ن) کڑیاں جوڑنا۔ زرہیں بنانا۔ مصدر ہے۔ ۱۱/۳۴،

سُرُرًا: تخت۔ واحد سَرِيْرٌ۔ ۳۴/۴۳،

سُرُرٍ: تخت۔ ۴۷/۱۵، ۴۴/۳۷، ۲۰/۵۲، ۱۵/۵٦،

سُرُرٌ: تخت۔ ۱۳/۸۸،

سَرَقَ: (ض) اس نے چوری کی، سَرِقَةٌ و سَرَاقَةٌ سے ماضی۔ ۷۷/۱۲، ۸۱/۱۲،

سِرَّكُمْ: تمہارا بھید۔ تمہارا راز۔ ۳/٦،

سَرْمَدًا: ہمیشہ۔ دائم۔ ۷۱/۲۸، ۷۲/۲۸،

سُرُوْرًا: (ن) سرور۔ خوش کرنا۔ مصدر ہے۔ ۱۱/۷٦،

سِرَّهُمْ: ان کا بھید۔ ان کا راز۔ ۷۸/۹، ۸۰/۴۳،

سَرِيًّا: پانی کا چشمہ۔ چھوٹی نہر۔ جمع اَسْرِيَةٌ و سُرْيَانٌ ۲۴/۱۹،

سَرِيْعُ: (ک) جلد کرنے والا۔ تیزی سے کرنے والا، سُرْعَةٌ سے صفت مشبہ۔ ۲۰۲/۲، ۱۹/۳، ۱۹۹/۳، ۴/۵، ۱٦۵/٦، ۱٦۷/۷، ۴۱/۱۳، ۵۱/۱۴، ۳۹/۲۴، ۱۷/۴۰،

س ط

سُطِحَتْ: (ف) وہ بچھائی گئی، سَطْحٌ سے ماضی مجہول۔ ۲۰/۸۸،

س ع

سَعٰى: (ف) اس نے کوشش کی۔ وہ دوڑا۔ سَعْیٌ سے ماضی۔ ۱۱۴/۲، ۲۰۵/۲، ۱۹/۱۷، ۳۹/۵۳، ۳۵/۷۹

سَعَةً: وسعت، فراخی، طاقت۔ مصدر ہے ۲۴۷/۲،

سَعَةٍ: (س) وسعت۔ فراخی۔ طاقت ۷/٦۵

سَعَتِهٖ: اس کی وسعت، اس کی گنجائش ۱۳۰/۴، ۷/٦۵،

سُعِدُوْا: (ف) وہ نیک بخت بنائے گئے۔ سَعْدٌ و سَعَادَةٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۰۸/۱۱،

سُعُرٍ: (ف) آگ بھڑکانا۔ آگ کی لپٹ۔ سودا، جنون۔ دیوانگی۔ سَعْرٌ سے۔ ۲۴/۵۴، ۴۷/۵۴،

سُعِّرَتْ: (تف) وہ دہکائی گئی۔ وہ بھڑکائی گئی۔ تَسْعِيْرٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۲/۸۱،

سَعَوْا: (ف) انھوں نے سعی کی، انھوں نے کوشش کی۔ وہ لپکے، سَعْیٌ سے ماضی۔ ۵۱/۲۲، ۵/۳۴،

سَعْیَ: (ف)قصد کرنا۔کام کرنا۔دوڑنا۔مصدر ہے۔ ۱۰۲/۳۷،

سَعْیًا: قصدر کرنا۔کام کرنا۔دوڑنا۔ ۲۶۰/۲،

سَعِیْدٌ: (س) نیک بخت، سَعَادَةٌ سے صفت مشبہ ۱۰۵/۱۱،

سَعِیْرًا: (ف) دہکتی ہوئی آگ، دوزخ، سَعْرٌ سے صفت مشبہ بمعنی مفعول۔ ۱۰/۴، ۵۵/۴، ۹۷/۱۷، ۱۱/۲۵، ۶۴/۳۳، ۱۳/۴۸، ۴/۷۶، ۱۲/۸۴،

سَعِیْرِ: دہکتی ہوئی آگ۔دوزخ۔ ۴/۲۲، ۲۱/۳۱، ۱۲/۳۴، ۶/۳۵، ۷/۴۲، ۵/۶۷، ۱۰/۶۷، ۱۱/۶۷،

سَعْیُکُمْ: (ف) تمہاری کوشش، تمہاری کمائی۔ ۴/۹۲،

سَعْیُکُمْ: تمہاری کوشش۔تمہاری کمائی۔ ۲۲/۷۶،

سَعْیَهٗ: اس کوکوشش۔اس کی کمائی۔ ۴۰/۵۳،

سَعْیِهٖ: اس کی کوشش۔اس کی کمائی۔ ۹۴/۲۱،

سَعْیَهَا: اس کی کوشش۔اس کی کمائی۔ ۱۹/۱۷،

سَعْیِهَا: اس کی کوشش۔اس کی کمائی۔ ۹/۸۸،

سَعْیُهُمْ: ان کی کوشش، ان کی کمائی، ان کی دوڑ۔ ۱۹/۱۷، ۱۰۴/۱۸،

س ف

سَفَاهَةٍ: (ک) بےوقوف ہونا۔جہالت۔بے عقلی۔مصدر ہے۔ ۶۶/۷،

سَفَاهَةٌ: بیوقوف ہونا، جہالت، بے عقلی۔ ۶۷/۷،

سَفَرًا: سفر۔ جمع اَسْفَارٌ. ۴۲/۹،

سَفَرٍ: سفر۔ ۱۸۴/۲، ۱۸۵/۲، ۲۸۳/۲، ۴۳/۴، ۶/۵،

سَفَرَةٍ: لکھنے والے فرشتے جو لوگوں کے اعمال لکھتے ہیں۔واحد سَافِرٌ۔ ۱۵/۸۰،

سَفَرِنَا: ہمارا سفر۔ ۶۲/۱۸،

سُفْلٰی: (ک،س،ن) بہت نیچی، پست ہونا، سُفُوْلٌ و سَفَالٌ سے اسم تفضیل۔ ۴۰/۹،

سَفِهَ: (س) وہ بیوقوف ہوا، اس نے ہلاک کیا، سَفَهٌ سے ماضی۔ ۱۳۰/۲،

سَفَهًا: نادانی۔بیوقوفی۔مصدر ہے۔ ۱۴۰/۶،

سُفَهَآءَ: بیوقوف، کم عقل، احمق، واحد سَفِیْهٌ. ۵/۴،

سُفَهَآءُ: بیوقوف، کم عقل، احمق۔ ۱۳/۲، ۱۴۲/۲، ۱۵۵/۷،

سَفِیْنَةِ: (ض) کشتی۔جہاز۔چھال اُتارنا۔سَفْنٌ سے جمع سَفَائِنُ و سُفُنٌ. ۷۱/۱۸، ۱۵/۲۹،

سَفِیْنَةُ: کشتی۔جہاز۔چھال اتارنا۔ ۷۹/۱۸،

سَفِیْنَةَ: کشتی۔جہاز۔چھال اُتارنا۔ ۷۹/۱۸،

سَفِیْهًا: (ف،ک،س) بیوقوف۔نادانی کرنا۔سَفَهٌ اور سَفَاهَةٌ سے صفت مشبہ۔ ۲۸۲/۲،

سَفِیْهُنَا: ہم میں کا بیوقوف۔ ۴/۷۲،

س ق

سَقٰی: (ض) اس نے پلایا، سَقْیٌ سے ماضی ۲۴/۲۸،

سَقٰهُمْ: اس نے ان کو پلایا۔ ۲۱/۷۶،

سِقَایَةَ: پانی پلانا۔پانی پلانے کی جگہ۔پینے کا برتن۔ ۱۹/۹، ۷۰/۱۲،

سَقَرَ: آگ۔دوزخ کے ایک طبقہ کا نام۔ ۴۸/۵۴، ۲۶/۷۴، ۴۲/۷۴،

سَقَرُ: آگ۔دوزخ کے ایک طبقہ کا نام۔ ۲۷/۷۴،

سُقِطَ: (ن) وہ گرادیا گیا۔سُقُوْطٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۴۹/۷،

سَقَطُوْا: (ن) وہ گر پڑے، سُقُوْطٌ سے ماضی، ۴۹/۹،

سَقْفًا: چھت۔مراد آسمان۔جمع سُقُوْفٌ. ۳۲/۲۱،

سُقُفًا: چھتیں۔واحد سَقْفٌ. ۳۳/۴۳،

سَقْفِ: چھت ۔ آسمان ۔ ۵/۵۲،

سَقْفُ: چھت ۔ آسمان ۔ ۲۶/۱۶،

سُقْنٰهُ: (ن) ہم نے اس کو ہانک دیا ۔ ہم نے اس کو چلایا ۔ سَوْقٌ سے ماضی ۔ ۵۷/۷، ۹/۳۵،

سُقُوْا: (ض) ان کو پلایا گیا ۔ سَقْیٌ سے ماضی مجہول ۔ ۱۵/۴۷،

سُقْیٰهَا: اس کو پانی پلانا ۔ سَقْیٌ سے اسم مصدر، جمع سُقْیَاتٌ ۔ ۱۳/۹۱،

سَقَیْتَ: تو نے پلایا ۔ ۲۵/۲۸،

سَقِیْمٌ: (ک) بیمار ۔ دُکھی ۔ سُقْمٌ و سَقَامٌ سے صفت مشبہ ۔ ۸۹/۳۷، ۱۴۵/۳۷،

س ک

سُکٰرٰی: (س) نشہ میں مست ۔ بیہوش ۔ سَکَرٌ سے جمع مکسر یا اسم جمع واحد سَکْرَانٌ ۔ ۴۳/۴، ۲/۲۲

سَکَتَ: (ن) وہ ساکت ہوگیا، وہ تھم گیا، وہ خاموش ہوگیا ۔ سُکُوْتٌ سے ماضی ۔ ۱۵۴/۷،

سَکَرًا: نشے کی چیز ۔ نیند ۔ جمع اَسْکَارٌ ۔ ۶۷/۱۶،

سَکْرَةُ: بیہوشی، ضلالت، گمراہی، جمع سَکَرَاتٌ ۱۹/۵۰،

سُکِّرَتْ: (تف) وہ مست ہوگئی، اس کی نظر بندی کردی گئی، تَسْکِیْرٌ سے ماضی مجہول ۱۵/۱۵،

سَکْرَتِهِمْ: ان کی مستی ۔ ان کی بیہوشی ۔ ان کا نشہ ۔ ۷۲/۱۵،

سَکَنَ: (ن) اس نے سکون پایا ۔ وہ ٹھرا، اس نے آرام پایا ۔ سُکُوْنٌ سے ماضی ۔ ۱۳/۶،

سَکَنًا: تسکین، آرام، راحت، برکت ۹۶/۶، ۸۰/۱۶،

سَکَنٌ: تسکین، آرام، راحت ۔ برکت ۔ ۱۰۳/۹،

سَکَنْتُمْ: تم نے سکون حاصل کیا، تم آباد ہوئے ۔ سُکُوْنٌ سے ماضی ۔ ۴۵/۱۴، ۶/۶۵،

سِکِّیْنًا: (ن) چھری، چاقو، جمع سَکَاکِیْنٌ، سُکُوْنٌ سے اسم مشتق، مذکر و مؤنث دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے "اس کو سِکِّیْن کا نام اس لئے دیا گیا کہ یہ مذبوح کی حرکت کو زائل کر دیتی ہے (المفردات ص ۲۳۷)" ۳۱/۱۲،

سَکِیْنَةَ: تسکین ۔ اطمینان ۔ ۴/۴۸، ۱۸/۴۸،

سَکِیْنَةٌ: تسکین ۔ اطمینان ۔ ۲۴۸/۲،

سَکِیْنَتَهٗ: اس کی تسکین ۔ اس کا اطمینان ۔ ۲۶/۹، ۴۰/۹، ۲۶/۴۸

س ل

سَلْ: (ف) تو سوال کر ۔ تو دریافت کر ۔ تو پوچھ ۔ سُؤَالٌ سے امر ۔ ۲۱۱/۲،

سَلٰسِلَا: زنجیریں ۔ واحد سِلْسِلَةٌ ۔ ۴/۷۶،

سَلٰسِلُ: زنجیریں ۔ ۷۱/۴۰،

سُلٰلَةٍ: (ض) خلاصہ ۔ سَنی ہوئی ۔ نچوڑی ہوئی ۔ سَلٌّ سے اسم مشتق ۔ ۱۲/۲۳، ۸/۳۲،

سَلَمَ: (س) سلامتی ۔ امان ۔ بے عیب ہونا ۔ صحیح سالم ہونا ۔ مصدر ہے ۔ ۹۴/۴،

سَلٰمًا: سلامتی ۔ امان ۔ سلام ۔ سالم ۔ ۶۹/۱۱، ۵۲/۱۵، ۶۲/۱۹، ۶۹/۲۱، ۶۳/۲۵، ۷۵/۲۵، ۲۵/۵۱، ۲۶/۵۶،

سَلٰمِ: سلامتی، امان، سلام، سالم ۔ ۱۶/۵، ۱۲۷/۶، ۲۵/۱۰،

سَلٰمَ: سلامتی ۔ سلام ۔ سالم ۔ ۴۸/۱۱، ۴۶/۱۵، ۳۴/۵۰،

سَلٰمُ: سلامتی ۔ سلام ۔ سالم ۔ ۳۳/۱۹، ۴۷/۲۰، ۲۳/۵۹،

سَلٰمٌ: سلامتی ۔ سلام ۔ سالم ۔ ۵۴/۶، ۴۶/۷، ۱۰/۱۰، ۶۹/۱۱، ۲۴/۱۳، ۲۳/۱۴، ۳۲/۱۶، ۱۵/۱۹، ۴۷/۱۹، ۵۹/۲۷، ۵۵/۲۸، ۴۴/۳۳، ۵۸/۳۶

٧٩/٣٧، ١٠٩/٣٧، ١٢٠/٣٧، ١٣٠/٣٧، ١٨١/٣٧، ٤٣/٣٩، ٨٩/٤٣، ٢٥/٥١،
٩١/٥٦، ٥/٩٧،

سَلْسَبِیْلاً: بہتا ہوا صاف پانی۔ جنت کے ایک
چشمہ کا نام۔ ١٨/٧٦،

سِلْسِلَةٍ: زنجیریں۔ جمع سَلَاسِلُ. ٣٢/٦٩،

سُلْطَانًا: اقتدار، قوت، غلبہ، دلیل، جمع سَلَاطِیْنُ.
١٥١/٣، ٩١/٤، ١٤٤/٤، ١٥٣/٤، ٨١/٦، ٣٣/٧، ٣٣/١٧، ٨٠/١٧،
٧١/٢٢، ٣٥/٢٨، ٣٥/٣٠،

سُلْطٰنٍ: اقتدار۔ قوت۔ دلیل۔ ٧١/٧، ٦٨/١٠، ٩٦/١١،
٤٠/١٢، ١٠/١٤، ١١/١٤، ٢٢/١٤، ١٥/١٨، ٤٥/٢٣، ٢١/٢٧، ٢١/٣٤، ٣٠/٣٧،
٢٣/٤٠، ٣٥/٤٠، ٥٦/٤٠، ١٩/٤٤، ٣٨/٥١، ٣٨/٥٢، ٢٣/٥٣، ٣٣/٥٥،

سُلْطٰنٌ: اقتدار، قوت، دلیل، ٤٢/١٥، ٩٩/١٦، ٦٥/١٧، ١٥٦/٣٧،

سُلْطٰنَهُ: اس کی قوت، اس کا غلبہ، اس کی حکومت ١٠٠/١٦،

سُلْطٰنِيَهْ: میری حکومت۔ میری قوت۔ ٢٩/٦٩،

سَلَّطَهُمْ: (تف) اس نے ان کو مسلط کیا۔ اس نے
ان کو تعینات کیا، تَسْلِیْطٌ سے ماضی ٩٠/٤،

سَلَفَ: (ن) وہ ہو چکا۔ وہ گزر گیا۔ سَلَفٌ سے
ماضی۔ ٢٧٥/٢، ٢٢/٤، ٢٣/٤، ٩٥/٥، ٣٨/٨،

سَلَفًا: گیا گزرا۔ مصدر ہے۔ اسم کے معنی میں
استعمال ہوا ہے۔ ٥٦/٤٣،

سَلَقُوْکُمْ: (ض) وہ تم سے بڑھ بڑھ کر بولے۔
انھوں نے تم سے زبان درازی کی۔ سَلْقٌ
سے ماضی۔ ١٩/٣٣،

سَلَكَ: (ن) اس نے چلایا۔ سُلُوْكٌ سے
ماضی۔ ٥٣/٢٠،

سَلَکَکُمْ: اس نے تم کو چلایا۔ اس نے تم کو داخل
کیا۔ ٤٢/٧٤،

سَلَکْنٰهُ: ہم نے اس کو چلایا۔ ہم نے اس کو داخل
کیا۔ ٢٠٠/٢٦،

سَلَکَهٗ: اس نے اس کو چلایا، اس نے اس کو داخل
کیا۔ ٢١/٣٩،

سَلْمِ: سلامتی، صلح، اسم ہے۔ مذکر و مؤنث دونوں
کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ ٦١/٨، ٣٥/٤٧،

سِلْمِ: اسلام، اسم ہے۔ مذکر و مؤنث دونوں کے
لئے استعمال ہوتا ہے۔ ٢٠٨/٢،

سَلَمَ: سلامتی، صلح، عاجزی، جمع سِلَامٌ و اَسْلَامٌ.
٩٠/٤، ٩١/٤، ٢٨/١٦، ٨٧/١٦،

سَلَمًا: (س) سالم۔ پورا۔ مصدر ہے۔ ٢٩/٣٩،

سَلَّمَ: (تف) اس نے حفاظت کی، اس نے بچالیا،
تَسْلِیْمٌ سے ماضی۔ ٤٣/٨،

سُلَّمًا: سیڑھی، زینہ، جمع سَلَالِمُ و سَلَالِیْمُ ٣٥/٦،

سُلَّمٌ: سیڑھی۔ زینہ۔ ٣٨/٥٢،

سَلَّمْتُمْ: (تف) تم نے سپرد کر دیا۔ تم نے حوالہ کر
دیا۔ تَسْلِیْمٌ سے ماضی۔ ٢٣٣/٢،

سَلِّمُوْا: تم سلام کرو، تَسْلِیْمٌ سے امر۔ ٦١/٢٤، ٥٦/٣٣،

سَلْوٰی: بٹیر کے مشابہ ایک پرندہ، ٥٧/٢، ١٦٠/٧، ٨٠/٢٠،

سَلْهُمْ: تو ان سے سوال کر، تو ان سے پوچھ، ٤٠/٦٨،

سَلِیْمٍ: (س) صحیح سالم، تندرست، پاک، بے
عیب، سَلَامَةٌ سے صفت مشبہ۔ ٨٩/٢٦، ٨٤/٣٧،

سُلَیْمٰنَ: حضرت سلیمان علیہ السلام مشہور جلیل
القدر نبی اور حضرت داؤد علیہ السلام کے
فرزند، ١٠٢/٢، ١٦٣/٤، ٨٤/٦، ٧٨/٢١، ٧٩/٢١، ٨١/٢١، ١٥/٢٧،
١٧/٢٧، ١٨/٢٧، ٣٠/٢٧، ٣٦/٢٧، ٤٤/٢٧، ١٢/٣٤، ٣٠/٣٨، ٣٤/٣٨،

سُلَیْمٰنُ: حضرت سلیمان علیہ السلام۔ ١٠٢/٢،
١٦/٢٧، ١٨/٢٧،

س م

سَمّ: (ن) ناکہ، سوراخ۔ زہر دینا۔ جمع سِمَامٌ و سُمُوْمٌ۔ ۴۰/۷،

سَمّٰعُوْنَ: (س) خوب کان لگا کر سننے والے۔ جاسوس، سَمْعٌ سے مبالغہ، واحد سَمَّاعٌ. ۴۱/۵، ۴۲/۵، ۴۷/۹،

سَمّٰکُمْ: (تف) اس نے تمہارا نام رکھا۔ تَسْمِیَةٌ سے ماضی۔ ۷۸/۲۲،

سِمَان: موٹی۔ واحد سَمِیْنٌ۔ ۴۳/۱۲، ۴۶/۱۲،

سَمٰوٰتِ: آسمان۔ واحد سَمَآءٌ۔ ۳۳/۲، ۱۰۷/۲، ۱۱۶/۲، ۱۱۷/۲، ۱۶۴/۲، ۲۵۵/۲، ۲۸۴/۲، ۲۹/۳، ۸۳/۳، ۱۰۹/۳، ۱۲۹/۳، ۱۳۳/۳، ۱۸۰/۳، ۱۸۹/۳، ۱۹۰/۳، ۱۹۱/۳، ۱۲۶/۴، ۱۳۱/۴، ۱۳۲/۴، ۱۷۰/۴، ۱۷۱/۴، ۱۷/۵، ۱۸/۵، ۴۰/۵، ۹۷/۵، ...... ۱۷۶ جگہ

سَمٰوٰتِ: آسمان۔ ۲۹/۲، ۱۲/۴۱، ۱۲/۶۵، ۳/۶۷، ۱۵/۷۱،

سَمٰوٰتُ: آسمان۔ ۱۳۳/۳، ۱۰۷/۱۱، ۱۰۸/۱۱، ۴۸/۱۴، ۴۴/۱۷، ۹۰/۱۹، ۷۱/۲۳، ۶۷/۳۹، ۵/۴۲،

سَمَآءَ: آسمان، بلندی، ابر، بارش، جمع سَمَاوَاتٌ ۲۲/۲، ۶/۶، ۵۲/۱۱، ۹۲/۱۷، ۱۶/۲۱، ۳۲/۲۱، ۱۰۴/۲۱، ۶۵/۲۲، ۶/۳۷، ۲۷/۳۸، ۶۴/۴۰، ۱۲/۴۱، ۴۷/۵۱، ۷/۵۵، ۵/۶۷، ۱۲/۷۱، ۸/۷۲،

سَمَآءِ: آسمان۔ بلندی۔ ابر۔ بارش۔ ۱۹/۲، ۲۲/۲، ۲۹/۲، ۵۹/۲، ۱۴۴/۲، ۱۶۴/۲، ۵/۳، ۱۵۳/۴، ۱۱۲/۵، ۱۱۴/۵، ۳۵/۶، ۹۹/۶، ۱۲۵/۶، ۴۰/۷، ۹۶/۷، ۱۶۲/۷، ۱۱/۸، ۳۲/۸، ۲۴/۱۰، ۳۱/۱۰، ۶۱/۱۰، ۱۷/۱۳، ۲۴/۱۴، ۳۲/۱۴، ۳۸/۱۴، ۸۶ جگہ

سَمَآءٍ: آسمان۔ بلندی۔ ابر۔ بارش۔ ۱۲/۴۱،

سَمَآءُ: آسمان۔ بلندی۔ ابر۔ بارش۔ ۴۴/۱۱، ۲۵/۲۵، ۲۵/۳۰، ۱۰/۴۴، ۲۹/۴۴، ۹/۵۲، ۳۷/۵۵، ۱۶/۶۹، ۸/۷۰، ۱۸/۷۳، ۹/۷۷،

۱۹/۷۸، ۲۷/۷۹، ۱۱/۸۱، ۱/۸۲، ۱/۸۴،

سَمْعَ: قوت سامعہ۔ کان۔ سننا۔ اسم بھی ہے اور مصدر بھی۔ جمع اَسْمَاعٌ. ۳۱/۱۰، ۲۰/۱۱، ۱۸/۱۵، ۷۸/۱۶، ۳۶/۱۷، ۷۸/۲۳، ۲۲۳/۲۶، ۹/۳۲، ۳۷/۵۰، ۲۳/۶۷،

سَمْعًا: سننا۔ مصدر ہے۔ ۱۰۱/۱۸، ۲۶/۴۶،

سَمْعِ: سننا۔ ۲۱۲/۲۶، ۹/۷۲،

سَمِعَ: اس نے سنا. سَمْعٌ و سَمَاعَةٌ سے ماضی۔ ۱۸۱/۳، ۱/۵۸،

سَمِعَتْ: اس (عورت) نے سنا۔ ۳۱/۱۲،

سَمِعْتُمْ: تم نے سنا۔ ۱۴۰/۴،

سَمِعْتُمُوْهُ: تم نے اس کو سنا۔ ۱۲/۲۴، ۱۶/۲۴،

سَمْعَكُمْ: تمہارے کان، تمہاری قوتِ سماعت، ۴۶/۶،

سَمْعُكُمْ: تمہارے کان، تمہاری قوتِ سماعت، ۲۲/۴۱،

سَمِعْنَا: ہم نے سنا۔ ہم نے سمجھا۔ ۹۳/۲، ۲۸۵/۲، ۱۹۳/۳، ۴۶/۴، ۷/۵، ۲۱/۸، ۳۱/۸، ۶۰/۲۱، ۲۴/۲۳، ۵۱/۲۴، ۳۶/۲۸، ۱۲/۳۲، ۷/۳۸، ۳۰/۴۶، ۱/۷۲، ۱۳/۷۲،

سَمِعُوْا: انھوں نے سنا۔ ۸۳/۵، ۱۲/۲۵، ۵۵/۲۸، ۱۴/۳۵، ۷/۶۸، ۵۱/۶۸،

سَمِعَهٗ: اس نے اسے سنا۔ ۱۸۱/۲،

سَمْعِهٖ: اس کا کان۔ اس کی قوت سماعت۔ ۲۳/۴۵،

سَمْعِهِمْ: ان کے کان۔ ۷/۲، ۲۰/۲، ۱۰۸/۱۶،

سَمْعُهُمْ: ان کے کان۔ ۲۰/۴۱، ۲۶/۴۶،

سَمْكَهَا: (ن) اس کا ابھار۔ اس کی چھت۔ اس کی بلندی۔ مصدر ہے۔ ۲۸/۷۹،

سَمُوْمِ: گرم ہوا، لُو، تیز بھاپ، جمع سَمَائِمُ ۲۷/۱۵، ۲۷/۵۲،

سَمُوْمٍ: گرم ہوا۔ لُو۔ تیز بھاپ۔ ۴۲/۵۶،

سَمُّوْهُمْ: (تف) تم ان کا نام لو. تَسْمِیَةٌ سے

امر۔ ٣٣/١٢،

سَمِيًّا: ہمنام۔نظیر۔ ٧/١٩، ٦٥/١٩،

سَمَّيْتُمُوْهَا: تم نے اس (مؤنث) کا نام رکھ لیا۔ تَسْمِيَةٌ سے ماضی۔ ٧١/٧، ٤٠/١٢، ٢٣/٥٣،

سَمَّيْتُهَا: میں نے اس کا نام رکھ لیا۔ ٣٦/٣،

سَمِيْعًا: سننے والا۔ سَمْعٌ سے صفت مشبہ۔ اللہ تعالیٰ کا اسم صفاتی۔ ٥٨/٤، ١٣٤/٤، ١٤٨/٤، ٢/٧٦،

سَمِيْعٍ: سننے والا۔ ٢٤/١١،

سَمِيْعُ: سننے والا۔ ١٢٧/٢، ١٣٧/٢، ٣٥/٣، ٣٨/٣، ٧٦/٥، ١٣/٦، ١١٥/٦، ٦١/٨، ٦٥/١٠، ٣٤/١٢، ٣٩/١٤، ١/١٧، ٤/٢١، ٢٢٠/٢٦، ٥/٢٩، ٦٠/٢٩، ٢٠/٤٠، ٥٦/٤٠، ٣٦/٤١، ١١/٤٢، ٦/٤٤،

سَمِيْعٌ: سننے والا۔ ١٨١/٢، ٢٢٤/٢، ٢٢٧/٢، ٢٤٤/٢، ٢٥٦/٢، ٣٤/٣، ١٢١/٣، ٢٠٠/٧، ١٧/٨، ٤٢/٨، ٥٣/٨، ٩٨/٩، ١٠٣/٩، ٦١/٢٢، ٧٥/٢٢، ٢١/٢٤، ٦٠/٢٤، ٢٨/٣١، ٥٠/٣٤، ١/٤٩، ١/٥٨،

سَمِيْنٍ: (ن) فربہ، موٹا، تازہ، سِمَنٌ سے صفت مشبہ جمع سُمَنَاءُ و سِمَانٌ۔ ٢٦/٥١،

س ن

سِنَّ: دانت۔جمع اَسْنَانٌ۔ ٤٥/٥،

سِنِّ: دانت۔ ٤٥/٥،

سَنَا: چمک۔روشنی۔بجلی کی کوند۔ ٤٣/٢٤،

سَنَابِلَ: بالیں۔خوشے۔واحد سُنْبُلٌ۔ ٢٦١/٢،

سُنْبُلٰتٍ: بالیں، خوشے، واحد سُنْبُلَةٌ۔ ٤٣/١٢، ٤٦/١٢،

سُنْبُلَةٍ: بال۔خوشا۔ ٢٦١/٢،

سُنْبُلِهٖ: اس کی بال۔اس کا خوشہ۔ ٤٧/١٢،

سَنَةً: سال، برس، جمع سِنُوْنَ و سَنَوَاتٌ۔ ٢٦/٥، ١٥/٤٦،

سَنَةٍ: سال۔برس۔ ٩٦/٢، ٤٧/٢٢، ١٤/٢٩، ٥/٣٢، ٤/٧٠،

سِنَةٌ: (ض،س) اونگھ، غفلت، غنودگی، وَسَنٌ سے اسم مصدر۔ ٢٥٥/٢،

سُنَّةَ: عادت، طریقہ، راہ، رسم، اسم ہے، جمع سُنَنٌ ٧٧/١٧، ٣٨/٣٣، ٦٢/٣٣، ٢٣/٤٨،

سُنَّتَ: عادت، طریقہ۔ ٤٣/٣٥، ٨٥/٤٠،

سُنَّتِ: عادت۔طریقہ۔راہ۔رسم۔ ٦٢/٣٣، ٤٣/٣٥، ٢٣/٤٨،

سُنَّةُ: عادت۔طریقہ۔راہ۔رسم۔ ٣٨/٨، ١٣/١٥، ٥٥/١٨،

سَنَجْزِي: عنقریب ہم جزا دیں گے۔عنقریب ہم بدلہ دیں گے۔ ١٤٥/٣، ١٥٧/٦،

سَنُدْخِلُهُمْ: بہت جلد ہم ان کو داخل کرینگے۔ ٥٧/٤، ١٢٢/٤،

سُنْدُسٍ: باریک کپڑا، باریک ریشمی کپڑا، ٣١/١٨، ٢١/٧٦،

سَنَدْعُ: بہت جلد ہم بلائیں گے۔ ١٨/٩٦،

سَنُرَاوِدُ: بہت جلد ہم بہلائیں گے۔بہت جلد ہم پھیر دینگے۔ ٦١/١٢،

سَنُرِيْهِمْ: عنقریب ہم ان کو دکھائیں گے۔ ٥٣/٤١،

سَنَزِيْدُ: عنقریب ہم زیادہ دیں گے، ٥٨/٢، ١٦١/٧،

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ: عنقریب ہم ان کو آہستہ آہستہ پکڑیں گے، عنقریب ہم ان کو بتدریج لے جائیں گے۔ ١٨٢/٧، ٤٤/٦٨،

سَنَسِمُهٗ: بہت جلد ہم ان کو داغ لگائیں گے۔ ١٦/٦٨،

سَنَشُدُّ: ہم بہت جلد مضبوط کریں گے۔ہم بہت جلد قوی کریں گے۔ ٣٥/٢٨،

سَنُطِيْعُكُمْ: عنقریب ہم تمہاری اطاعت کریں گے، عنقریب ہم تمہارا کہنا مانیں گے۔ ٢٦/٤٧،

سَنُعَذِّبُهُمْ: عنقریب ہم ان کو عذاب دیں گے۔عنقریب ہم ان کو سزا دیں گے۔ ١٠١/٩،

سَنُعِيْدُهَا: عنقریب ہم اس کو لوٹائیں گے،

عنقریب ہم اس کو دوبارہ کریں گے۔ عنقریب ہم اس کا اعادہ کریں گے۔ ٢١/٢٠،

سَنَفرُغُ: بہت جلد ہم فارغ ہوں گے۔ بہت جلد ہم قصد کریں گے۔ ٣١/٥٥،

سَنُقَتّلُ: عن قریب ہم خوب قتل کریں گے ١٢٧/٧،

سَنُقرِئُكَ: عنقریب ہم آپ کو پڑھائیں گے، ٦/٨٧،

سَنَقُولُ: عنقریب ہم۔ ہم کہیں گے۔ ٨٨/١٨،

سَنَكتُبُ: عنقریب ہم لکھیں گے۔ ١٨١/٣، ٧٩/١٩،

سَنُلقِي: بہت جلد ہم ڈالیں گے۔ بہت جلد ہم نازل کریں گے۔ ١٥١/٣، ٥/٧٣،

سَنُمَتِّعُهُم: بہت جلد ہم ان کو فائدہ پہنچائیں گے بہت جلد ہم ان کو آرام پہنچائیں گے۔ ٤٨/١١،

سُنَنَ: طریقے۔ دستور۔ واحد سُنَّةٌ. ٢٦/٤،

سُنَنٌ: طریقے۔ دستور۔ ١٣٧/٣،

سَنَنظُرُ: بہت جلد ہم دیکھیں گے۔ ٢٧/٢٧،

سَنُؤتِيهِم: بہت جلد ہم ان کو دیں گے۔ ١٦٢/٤،

سِنِينَ: سال، برس، قحط، واحد سَنَةٌ اس کا استعمال اکثر قحط کے سال کے لئے ہوتا ہے، عَامٌ (برس) کا استعمال اس برس کے لئے ہوتا ہے جس میں آسودگی و سرسبزی ہو (المفردات ص ٢٤٥، ٢٥٤) ١٣٠/٧، ٥/١٠، ٤٢/١٢، ٤٧/١٢، ١٢/١٧، ١١/١٨، ٢٥/١٨، ٤٠/٢٠، ١١٢/٢٣، ١٨/٢٦، ٢٠٥/٢٦، ٤/٣٠،

س و

سُوًى: ہموار جس کی دونوں طرفیں برابر ہوں ٥٨/٢٠،

سَوّٰى: (تف) اس نے پورا پورا بنایا۔ اس نے ٹھیک بنایا، اس نے برابر کیا، تَسوِيَةٌ سے ماضی۔ ٣٨/٧٥، ٢/٨٧،

سُوَاعًا: ایک بت کا نام۔ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم اس کو پوجا کرتی تھی۔ ٢٣/٧١،

سَوّٰكَ: اس نے تجھ کو تندرست کیا۔ اس نے تجھ کو صحیح سالم بنایا۔ ٣٧/١٨، ٧/٨٢،

سَوّٰهُ: اس نے اس کو تندرست کیا۔ اس نے اس کو صحیح سالم بنایا۔ ٩/٣٢،

سَوّٰهَا: اس نے اس (آسمان) کو برابر کیا۔ اس نے اس کو درست بنایا۔ ٢٨/٧٩، ٧/٩١، ١٤/٩١،

سَوّٰهُنَّ: اس نے ان (آسمانوں) کو درست کر کے بنایا۔ ٢٩/٢،

سَوَآءَ: برابر۔ پورا۔ ٹھیک۔ اسم مصدر ہے۔ اس سے تثنیہ اور جمع نہیں بنتا۔ ١٠٨/٢، ١٢/٥، ٢٥/٢٢، ٢٢/٢٨، ١٠/٤١، ١/٦٠،

سَوَآءً: برابر۔ ٹھیک۔ ١١٣/٣، ٨٩/٤، ٢١/٤٥،

سَوَآءِ: برابر۔ ٦٠/٥، ٧٧/٥، ٥٥/٣٧، ٢٢/٣٨، ٤٧/٤٤،

سَوَآءٍ: برابر۔ ٦٤/٣، ٥٨/٨، ١٠٩/٢١،

سَوَآءٌ: برابر، ٦/٢، ١٩٣/٧، ١٠/١٣، ٢١/١٤، ٧١/١٦، ١٣٦/٢٦، ٢٨/٣٠، ١٠/٣٦، ١٦/٥٢، ٦/٦٣،

سُودٌ: کالے۔ واحد اَسوَدُ۔ ٢٧/٣٥،

سُوَرٍ: سورتیں۔ واحد سُورَةٌ. ١٣/١١،

سُورٍ: دیوار۔ فصیل۔ شہر پناہ۔ جمع اَسوَارٌ و سِيرَانٌ ١٣/٥٧،

سُورَةٍ: سورت۔ ٢٣/٢، ٣٨/١٠،

سُورَةٌ: سورت۔ ٦٤/٩، ٨٦/٩، ١٢٤/٩، ١٢٧/٩، ١/٢٤، ٢٠/٤٧،

سَوطَ: (ن) کوڑا مارنا، سختی، شدت، جمع اَسوَاطٌ و سِيَاطٌ. ١٣/٨٩،

سَوفَ: عنقریب، جلد، اب، بعید کے لئے حرف استقبال ہے مضارع پر داخل ہوتا ہے۔

۳۰/۴، ۵۶/۴، ۷۴/۴، ۱۱۴/۴، ۱۴۶/۴، ۱۵۲/۴، ۱۴/۵، ۵۴/۵،
۵/۶، ۶۷/۶، ۱۳۵/۶، ۱۲۳/۷، ۱۴۳/۷ ۲۸/۹، ۳۹/۱۱، ۹۳/۱۱،
۹۸/۱۲، ۳/۱۵، ۹۶/۱۵، ۵۵/۱۶، ۸۷/۱۸، ۵۹/۱۹، ۶۶/۱۹، ۴۲/۲۵، ۷۷/۲۵،
...... ۴۲ جگہ

سُوقِ: پنڈلیاں۔کھیتی کی جڑیں۔ بالیں۔واحد سَاقٌ۔ ۳۳/۳۸،

سُوقِہٖ: (کھیتی کی) نالیں۔اس کی جڑیں۔اس کے تنے۔ ۲۹/۴۸،

سَوَّلَ: (تف) اس نے چکمہ دیا۔اس نے فریب دیا، اس نے زینت دلائی، تَسۡوِیۡلٌ سے ماضی۔ ۲۵/۴۷،

سَوَّلَتۡ: اس (مؤنث) نے چکمہ دیا۔اس نے زینت دلائی۔ ۱۸/۱۲، ۸۳/۱۲، ۹۶/۲۰،

سَوِیًّا: سیدھا، درست، بالکل ٹھیک ٹھاک، تندرست، سَوَاءٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۰/۱۹، ۱۷/۱۹، ۴۳/۱۹، ۲۲/۶۷،

سَوَّیۡتُہٗ: (تف) میں نے اس کو درست کیا، میں نے اس کو پورا پورا بنایا، تَسۡوِیَۃٌ سے ماضی۔ ۲۹/۱۵، ۷۲/۳۸،

سُوۡٓءَ: بُرائی، گناہ، آفت۔ ۴۹/۲، ۱۷/۴، ۱۵۷/۶، ۱۴۱/۷، ۱۶۷/۷ ۲۴/۳۹، ۲۴/۱۲، ۲۱/۱۳، ۶/۱۴، ۲۷، ۹۴/۱۶، ۱۱۹/۱۶، ۶۲/۲۷،

سُوۡٓءًا: برائی، گناہ، آفت۔ ۱۱۰/۴، ۱۲۳/۴، ۵۴/۶، ۲۵/۱۲، ۱۱/۱۳، ۱۷/۳۳،

سُوۡٓءِ: برائی۔گناہ۔آفت۔ ۱۶۹/۲، ۱۴۸/۴، ۱۶۵/۷، ۵۳/۱۲، ۵۹/۱۶، ۴۷/۳۹، ۲/۶۰،

سُوۡٓءِ: برائی۔گناہ۔آفت۔ ۳۰/۳، ۱۴۹/۴، ۳۷/۷، ۵۴/۱۱، ۶۴/۱۱، ۵۱/۱۲، ۲۸/۱۶، ۲۲/۲۰، ۱۵۶/۲۶، ۱۱/۲۷، ۱۲/۲۷، ۳۲/۲۸،

سُوۡٓءُ: برائی۔گناہ۔آفت۔ ۱۸۸/۷، ۳۷/۹، ۱۸/۱۳، ۵/۲۷، ۸/۳۵، ۶۱/۳۹، ۳۷/۴۰، ۴۵/۴۰، ۵۲/۴۰، ۱۴/۴۷،

سُوۡٓءٌ: برائی۔گناہ۔آفت۔ ۱۷۴/۳،

سَوۡءِ: (ن) برابر ہونا۔مصدر ہے۔ ۹۸/۹، ۶۰/۱۶، ۴۰/۲۵، ۶/۴۸، ۱۲/۴۸،

سَوۡءِ: برابر ہونا۔ ۲۸/۱۹، ۴۷/۲۱، ۷۷/۲۱

سُوۡاٰیٓ: برا فعل، برا انجام، اَسۡوَاءٌ کی تانیث ۱۰/۳۰،

سَوۡاٰتِکُمۡ: تمہاری شرم گاہیں، واحد سَوۡاَۃٌ ۲۶/۷،

سَوۡاٰتِہِمَا: ان دونوں کی شرم گاہیں۔ ۲۰/۷، ۲۷/۷،

سَوۡاٰتُہُمَا: ان دونوں کی شرم گاہیں۔ ۲۲/۷، ۱۲۱/۲۰،

سَوۡءَۃَ: لاش، عیب، رسوائی۔جمع سَوۡاٰتٌ۔ ۳۱/۵،

سَوِیّ: سیدھا، درست، صحیح، سَوَاءٌ سے صفت مشبہ۔جمع سَوَایَا۔ ۱۳۵/۲۰،

س ہ

سُہُوۡلِہَا: اس (زمین) کا نرم حصہ۔اس کا ہموار حصہ۔واحد سَہۡلٌ۔ ۷۴/۷

س ء

سُؤَالِ: (ف) سوال کرنا۔مانگنا۔پوچھنا۔مصدر ہے۔ ۲۴/۳۸،

سَاَتۡلُوۡا: عنقریب میں تلاوت کروں گا، عنقریب میں پڑھوں گا۔ ۸۳/۱۸،

سَاُرۡہِقُہٗ: عنقریب میں اس کو سخت تکلیف دوں گا۔ ۱۷/۷۴،

سَاُورِیۡکُمۡ: بہت جلد میں تم کو دکھاؤں گا۔ ۱۴۵/۷، ۳۷/۲۱

سَاَسۡتَغۡفِرُ: عنقریب میں بخشش طلب کروں گا۔ ۴۷/۱۹،

سَاَصْرِفُ: البتہ میں پھیر دوں گا۔ البتہ میں برگشتہ کردوں گا۔ ۱۴۶/۷،

سَاُصْلِیْهِ: میں جلد ہی اس کو داخل کردوں گا ۲۶/۷۴،

سَاَلَ: اس نے سوال کیا۔ اس نے مانگا۔ اس نے پوچھا۔ سُؤَالٌ سے ماضی۔ ۱/۷۰،

سُئِلَ: اس سے سوال کیا گیا۔ اس سے پوچھا گیا۔ سُؤَالٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۰۸/۲،

سُئِلَتْ: اس (عورت) سے سوال کیا گیا۔ اس سے پوچھا گیا۔ ۸/۸۱،

سَاَلْتُكَ: میں نے تجھ سے سوال کیا۔ میں نے تجھ سے پوچھا۔ ۷۶/۱۸،

سَاَلْتُكُمْ: میں نے تم سے سوال کیا۔ میں نے تم سے مانگا۔ ۷۲/۱۰، ۴۷/۳۴،

سَاَلْتُمْ: تم نے سوال کیا۔ تم نے مانگا۔ تم نے پوچھا۔ ۶۱/۲،

سَاَلْتُمُوْهُ: تم نے اس کا سوال کیا۔ تم نے اس کو مانگا۔ ۳۴/۱۴

سَاَلْتُمُوْهُنَّ: تم نے ان عورتوں سے سوال کیا۔ تم نے ان سے مانگا۔ ۵۳/۳۳،

سَاَلْتَهُمْ: تم نے ان سے سوال کیا، تم نے ان سے پوچھا۔ ۶۵/۹، ۶۱/۲۹، ۶۳/۲۹، ۲۵/۳۱، ۳۸/۳۹، ۹/۴۳، ۸۷/۴۳،

سَاُلْقِیْ: عن قریب میں ڈال دوں گا۔ ۱۲/۸،

سَاَلَكَ: اس نے تجھ سے سوال کیا۔ اس نے تجھ سے پوچھا۔ ۱۸۶/۲،

سُؤْلَكَ: تیرا سوال، تیری تمنا، تیری خواہش، ۳۶/۲۰،

سَاَلُوْا: انھوں نے سوال کیا، انھوں نے مانگا، ۱۵۳/۴،

سُئِلُوْا: ان سے سوال کیا گیا۔ ۱۴/۳۳،

سَاَلَهَا: اس نے اس (مؤنث) کا سوال کیا۔ اس نے اس کو پوچھا۔ ۱۰۲/۵،

سَاَلَهُمْ: اس نے ان سے سوال کیا۔ اس نے ان سے پوچھا۔ ۸/۶۷،

سَاُنَبِّئُكَ: عنقریب میں تجھے خبر دوں گا۔ ۷۸/۱۸،

سَاُنْزِلُ: عنقریب میں اتاروں گا۔ ۹۳/۶،

س ی

سَیَّارَةِ: (ض) کاروان، قافلہ، سَیَّارٌ کا مؤنث۔ سَیْرٌ سے صفت مشبہ۔ ۹۶/۵، ۱۰/۱۲،

سَیَّارَةٌ: کاروان۔ قافلہ۔ ۱۹/۱۲،

سَیُبْطِلُهٗ: بہت جلد وہ اس کو مٹا دے گا۔ ۸۱/۱۰،

سَیُجْزَوْنَ: بہت جلد ان کو جزدی جائے گی۔ بہت جلد ان کو بدلہ دیا جائے گا۔ ۱۲۰/۶ ۱۸۰/۷،

سَیَجْزِیْ: وہ جلد ہی بدلہ دے گا۔ ۱۴۴/۳،

سَیَجْزِیْهِمْ: عن قریب وہ ان کو جزا دے گا۔ عنقریب وہ ان کو بدلہ دے گا۔ ۱۳۸/۶، ۱۳۹/۶،

سَیَجْعَلُ: عنقریب وہ بنائے گا۔ ۹۶/۱۹، ۷/۶۵،

سَیُجَنَّبُهَا: بہت جلد اس کو اس سے بچایا جائے گا۔ ۱۷/۹۲،

سَیُحْبِطُ: عنقریب وہ بیکار کردے گا۔ ۳۲/۴۷،

سَیَحْلِفُوْنَ: بہت جلد وہ قسمیں کھائیں گے۔ ۴۲/۹، ۹۵/۹،

سِیْحُوْا: (ض) تم سیاحت کرو۔ تم پھرو۔ سِیْحٌ و سِیَاحَةٌ سے امر۔ ۲/۹،

سَیِّدًا: (ن) سردار ہونا، عند اللہ معزز، قانع، جس نے دونوں جہان دے کر خالق جہان کو لے لیا، سِیَادَةٌ سے صفت مشبہ۔ جمع سَادَةٌ اصل میں یہ سُیْوِدٌ تھا، یائے ساکن کی

وجہ سے واؤ کو یا سے تبدیل کر کے ادغام کردیا۔ ۳۹/۳،

سَيَدْخُلُوْنَ: وہ عنقریب داخل ہوں گے۔ ۶۰/۴۰،

سَيُدْخِلُهُمْ: بہت جلد وہ ان کو داخل کریگا۔ ۹۹/۹،

سَيِّدَهَا: اس کا خاوند۔ اس کا شوہر۔ ۲۵/۱۲،

سَيَذَّكَّرُ: بہت جلد وہ نصیحت حاصل کریگا۔ ۱۰/۸۷،

سَيْرَ: (ض) سیر کرنا۔ چلنا۔ مصدر ہے۔ ۱۸/۳۴،

سَيَرَى: عنقریب وہ دیکھے گا۔ ۹۴/۹،

سَيْرًا: سیر کرنا۔ چلنا۔ ۱۰/۵۲،

سُيِّرَتْ: (تف) وہ چلائی گئی۔ وہ ریزہ ریزہ ہوکر اڑی۔ تَسْيِيْرٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۱/۱۳، ۳/۸۱،

سُيِّرَتِ: وہ چلائی گئی۔ ۲۰/۷۸،

سِيْرَتَهَا: اس کی سیرت، اس کی چال، اس کی حالت، ۲۱/۲۰،

سَيَرْحَمُهُمُ: بہت جلد وہ ان پر رحم کرے گا۔ ۷۱/۹،

سِيْرُوْا: تم سیر کرو۔ تم چلو پھرو۔ سَيْرٌ سے امر۔ ۱۳۷/۳، ۱۱/۶، ۳۶/۱۶، ۶۹/۲۷، ۲۰/۲۹، ۴۲/۳۰، ۱۸/۳۴،

سَيُرِيْكُمْ: بہت جلد وہ تم کو دکھائے گا۔ ۹۳/۲۷،

سَيَصْلَوْنَ: وہ جلد ہی داخل ہوں گے۔ ۱۰/۴،

سَيُصِيْبُ: عنقریب وہ پہنچے گا۔ ۱۲۴/۶، ۹۰/۹،

سَيُصِيْبُهُمْ: عنقریب وہ ان کو پہنچے گا۔ ۵۱/۳۹،

سَيُطَوَّقُوْنَ: عنقریب ان کو طوق پہنایا جائے گا۔ ۱۸۰/۳،

سَيُغْفَرُ: بہت جلد ان کی مغفرت کی جائے گی، ۱۶۹/۷،

سَيَغْلِبُوْنَ: عنقریب وہ غالب آجائیں گے۔ ۳/۳۰،

سِيْقَ: (ن) وہ ہانکا گیا، سَوْقٌ سے ماضی مجہول۔ ۷۱/۳۹، ۷۳/۳۹،

سَيَقُوْلُ: بہت جلد وہ کہے گا، ۱۴۲/۲، ۱۴۸/۶، ۱۱/۴۸، ۱۵/۴۸،

سَيَقُوْلُوْنَ: بہت جلد وہ کہیں گے۔ ۲۲/۱۸، ۸۵/۲۳، ۸۷/۲۳، ۸۹/۲۳،

سَيْلَ: (ض) سیلاب، بہنا، مصدر بھی ہے اسم بھی، جمع سُيُوْلٌ۔ ۱۶/۳۴،

سَيْلُ: سیلاب۔ بہنا۔ ۱۷/۱۳،

سِيْمٰهُمْ: ان کا حلیہ، ان کا چہرہ، ان کی علامت۔ ۲۷۳/۲، ۴۶/۷، ۴۸/۷، ۳۰/۴۷، ۴۱/۵۵،

سِيْمَاهُمْ: ان کا حلیہ۔ ان کا چہرہ۔ ان کی علامت، ۲۹/۴۸،

سَيَنَالُهُمْ: عنقریب وہ ان کو پائے گا۔ ۱۵۲/۷،

سَيْنَآءَ: سینا۔ مشہور پہاڑ کوہِ طور جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے ہم کلام اور نبوت سے سرفراز ہوئے۔ ۲۰/۲۳،

سِيْنِيْنَ: سنین، کوہِ سینا کو سینین بھی کہا جاتا ہے ۲/۹۵،

سَيَهْدِيْنِ: عنقریب وہ مجھے ہدایت کرے گا، ۶۲/۲۶، ۹۹/۳۷، ۲۷/۴۳،

سَيَهْدِيْهِمْ: عنقریب وہ ان کو ہدایت کریگا ۵/۴۷،

سَيُهْزَمُ: عنقریب وہ شکست دیئے جائیں گے، ۴۵/۵۴،

سِيْٓءَ: وہ غمگین ہوا۔ وہ ناخوش ہوا۔ وہ بری لگی، وہ ڈر گئے، سُوْءٌ سے ماضی مجہول۔ ۷۷/۱۱، ۳۳/۲۹،

سَيِّئًا: بد۔ برا۔ سُوْءٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۰۲/۹،

سَيِّئِ: بد۔ برا۔ ۴۳/۳۵،

سَيِّئُ: بد۔ برا۔ ۴۳/۳۵،

سَيِّاٰتِ: بُرے کام۔ گناہ۔ واحد سَيِّئَةٌ۔ ۱۸/۴، ۱۵۳/۷، ۱۶۸/۷، ۲۷/۱۰، ۷۸/۱۱، ۱۱۴/۱۱، ۴۵/۱۶، ۸۴/۲۸، ۴/۲۹، ۱۰/۳۵، ۹/۴۰، ۴۵/۴۰، ۲۵/۴۲، ۲۱/۴۵،

سَيِّاٰتُ: برے کام، گناہ، ۱۰/۱۱، ۳۴/۱۶، ۴۸/۳۹، ۵۱/۳۹، ۳۳/۴۵،

سَيِّاٰتِكُمْ: تمہارے برے اعمال۔ تمہارے

گناہ۔ ۲۷۱/۲، ۳۱/۴، ۱۲/۵، ۲۹/۸، ۸/۶۶،

سیاٰتنا: ہماری برائیاں۔ ہمارے گناہ۔ ۱۹۳/۳،

سیاٰتہ: اس کی برائیاں۔ اس کے گناہ۔ ۹/۶۴، ۵/۶۵،

سیاٰتھم: ان کی برائیاں۔ ان کے گناہ۔ ۱۹۵/۳،
۶۵/۵، ۷۰/۲۵، ۷/۲۹، ۱۶/۴۶، ۲/۴۷، ۵/۴۸،

سیئت: وہ بدشکل کردی گئی۔ سُوءٌ سے ماضی مجہول۔ ۲۷/۶۷،

سیئۃ: برائی۔ گناہ۔ ۲۲/۱۳، ۹۶/۲۳، ۵۴/۲۸،

سیئۃً: برائی۔ گناہ۔ ۸۱/۲، ۸۵/۴، ۴۰/۴۰،

سیئۃِ: برائی، گناہ ۱۶۰/۶، ۹۵/۷، ۶/۱۳، ۴۶/۲۷، ۹۰/۲۷، ۸۴/۲۸،

سیئۃٍ: برائی۔ گناہ۔ ۷۹/۴، ۲۷/۱۰، ۴۰/۴۲،

سیئۃُ: برائی۔ گناہ۔ ۳۴/۴۱،

سیئۃٌ: برائی، گناہ ۱۲۰/۳، ۷۸/۴، ۱۳۱/۷، ۳۶/۳۰، ۴۰/۴۲، ۴۸/۴۲،

سیئہ: اس کی برائی۔ اس کا گناہ۔ ۳۸/۱۷،

سیؤتینا: بہت جلد وہ ہمیں دے گا۔ ۵۹/۹،

﴿بَابُ الشین﴾

ش ا

شَاخِصَةٌ: (ف) پھٹی کی پھٹی رہ جانے والی (آنکھیں) کھلی کی کھلی رہ جانے والی۔ شُخُوصٌ سے اسم فاعل۔ ۹۷/۲۱،

شٰرِبُوْنَ: (س) پینے والے۔ شُرْبٌ سے اسم فاعل۔ واحد شَارِبٌ. ۵۴/۵۶، ۵۵/۵۶،

شٰرِبِیْنَ: پینے والے۔ ۶۶/۱۶، ۴۶/۳۷، ۱۵/۴۷،

شَارِکْهُمْ: (مفا) تو ان کے ساتھ شریک ہوجا، تو ان کے ساتھ شامل ہوجا۔ مُشَارَکَۃٌ سے امر۔ ۶۴/۱۷،

شَاطِئٌ: جانب۔ سرا۔ کنارہ۔ جمع شَوَاطِئُ. ۳۰/۲۸،

شَاعِرٍ: (ن) شاعر، شعر کہنے والا۔ جمع شُعَرَاءُ ۳۶/۳۷، ۴۱/۶۹،

شَاعِرٌ: شاعر۔ شعر کہنے والا۔ ۵/۲۱، ۳۰/۵۲،

شَافِعِیْنَ: (ف) سفارش کرنے والے، شَفَاعَۃٌ سے اسم فاعل۔ واحد شَافِعٌ. ۱۰۰/۲۶،

شٰفِعِیْنَ: سفارش کرنے والے۔ ۴۸/۷۴،

شَآقُّوْا: (مفا) وہ مخالف ہوئے۔ مُشَاقَّۃٌ و شِقَاقٌ سے ماضی۔ ۱۳/۸، ۳۲/۴۷، ۴/۵۹،

شَاکِرًا: (ن) شکرگزار، قدردان۔ احسان ماننے والا، شُکْرٌ سے اسم فاعل، ۱۴۷/۴، ۱۲۱/۱۶، ۳/۷۶،

شَاکِرٌ: شکرگزار۔ قدردان۔ ۱۵۸/۲،

شٰکِرُوْنَ: شکرگزار۔ قدردان۔ ۸۰/۲۱،

شٰکِرِیْنَ: شکرگزار۔ قدردان۔ ۱۴۴/۳، ۱۴۵/۳، ۵۳/۶، ۶۳/۶، ۱۷/۷، ۱۴۴/۷، ۱۸۹/۷، ۲۲/۱۰، ۶۶/۳۹،

شَاکِلَتِهٖ: اس کی روش۔ اس کا طریقہ۔ اس کی عادت، اس کی نیت۔ شَکْلٌ سے اسم فاعل، جمع شَوَاکِلُ. ۸۴/۱۷،

شٰمِخٰتٍ: (ن) بلند ہونے والیاں، اونچی ہونے والیاں۔ تکبر کرنے والیاں۔ شُمُوْخٌ سے اسم فاعل۔ واحد شَامِخَۃٌ۔ ۲۷/۷۷،

شَانِئَكَ: (ف،س) تیرا دشمن۔ شَنَآنٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۱۰۸،

شَاوِرْهُمْ: (مفا) تو ان سے مشورہ کر۔ مُشَاوَرَۃٌ سے امر۔ ۱۵۹/۳،

شَاهِدًا: (س ک) شاہد، گواہ، حاضر ہونے والا، شَهَادَۃٌ و شُهُوْدٌ سے اسم فاعل ۴۵/۳۳، ۸/۴۸، ۱۵/۷۳،

شَاهِدٍ: شاہد۔ گواہ۔ حاضر ہونے والا۔ ۳/۸۵،

شَاهِدٌ: شاہد۔ گواہ۔ حاضر ہونے والا۔ ۱۷/۱۱، ۲۶/۱۲، ۱۰/۴۶،

شٰهِدُوْنَ: گواہ، حاضر ہونے والے، اسم فاعل، واحد شَاهِدٌ۔ ۱۵۰/۳۷،

شٰهِدِیْنَ: گواہ۔ حاضر ہونے والے۔ ۵۳/۳، ۸۱/۳، ۱۸۳/۵، ۱۱۳/۵، ۱۷/۹، ۵۶/۲۱، ۷۸/۲۱، ۴۴/۲۸،

شَآءَ: (س) اس نے چاہا۔ اس نے ارادہ کیا۔ مَشِیْئَۃٌ سے ماضی۔ اصل میں شَیِئَ تھا ’ی‘ متحرک اور اس کا ماقبل مفتوح ہے اس لئے

''ی'' کو الف سے بدل لیا گیا۔ ٢٠/٢، ٧٠/٢،
٢٢٠/٢، ٢٥٣/٢، ٢٥٥/٢، ٩٠/٤، ٤٨/٥، ٣٥/٦، ٤١/٦، ١٠٧/٦،
١١٢/٦، ١٢٨/٦، ١٣٧/٦، ١٣٩/٦، ١٤٨/٦، ١٨٨/٧، ٢٨/٩،
١٦/١٠، ٤٩/١٠، ٩٩/١٠، ٣٣/١١، ١٠٧/١١، ١٠٨/١١، ١١٨/١١، ٩٩/١٢،
...... ٥٦ جگہ

ش ب

شُبِّہَ: (تف) وہ مشابہ کیا گیا۔ وہ مانند کر دیا گیا۔ تَشْبِیْہٌ سے ماضی مجہول۔ ١٥٧/٤،

ش ت

شَتّٰی: جدا جدا۔ مختلف۔ متفرق۔ واحد شَتِیْتٌ ٥٣/٢٠، ١٤/٥٩، ٤/٩٢،

شِتَآءِ: جاڑا۔ موسم سرما۔ جمع اَشْتِیَۃٌ. ٢/١٠٦،

ش ج

شَجَرَ: (ن) اختلاف ہوا۔ جھگڑا ہوا۔ شُجُوْرٌ سے ماضی۔ ٦٥/٤،

شَجَرِ: درخت۔ پیڑ۔ جمع اَشْجَارٌ۔ ٦٨/١٦، ٨٠/٣٦،

شَجَرٍ: درخت۔ پیڑ۔ ٥٢/٥٦،

شَجَرُ: درخت۔ پیڑ۔ ١٨/٢٢، ٦/٥٥،

شَجَرٌ: درخت۔ پیڑ۔ ١٠/١٦،

شَجَرَتَ: درخت۔ پیڑ۔ جمع شَجَرَاتٌ. ٤٣/٤٤،

شَجَرَۃَ: درخت۔ ٣٥/٢، ١٩/٧، ٢٢/٧، ٦٠/١٧،

شَجَرَۃً: درخت۔ پیڑ۔ ٢٠/٢٣، ١٤٦/٣٧،

شَجَرَۃِ: درخت، پیڑ۔ ٢٠/٧، ٢٢/٧، ١٢٠/٢٠، ٣٠/٢٨، ١٨/٤٨،

شَجَرَۃٍ: درخت۔ پیڑ۔ ٢٤/١٤، ٢٦/١٤، ٣٥/٢٤، ٢٧/٣١،

شَجَرَۃُ: درخت۔ پیڑ۔ ٦٢/٣٧،

شَجَرَۃٌ: درخت۔ پیڑ۔ ٦٤/٣٧،

شَجَرَتَهَا: اس کا درخت۔ ٧٢/٥٦،

شَجَرَهَا: اس کا درخت۔ ٦٠/٢٧،

ش ح

شُحَّ: (س، ض، ن) حرص، لالچ، کنجوسی۔ ''وہ بخل جس میں حرص ہو اور جو عادت بن جائے شُحّ کہلاتا ہے۔'' (المفردات ص ٢٥٦)
١٢٨/٤، ٩/٥٩، ١٦/٦٤،

شُحُوْمَهُمَا: ان دونوں کی چربیاں۔ واحد شَحْمٌ۔ ١٤٦/٦،

ش د

شِدَادً: سخت، زبردست، مضبوط، واحد شَدِیْدٌ ١٢/٧٨،

شِدَادٌ: سخت۔ زبردست۔ مضبوط۔ ٤٨/١٢، ٦/٦٦،

شَدَدْنَا: (ن، ض) ہم نے مضبوط کیا۔ ہم نے قوت دی۔ شَدٌّ سے ماضی۔ ٢٠/٣٨، ٢٨/٧٦،

شُدُّوا: تم مضبوط باندھو۔ شَدٌّ سے امر۔ ٤/٤٧،

شَدِیْدَ: سخت۔ مستحکم۔ مضبوط۔ شَدٌّ و شِدَّۃٌ سے صفتِ مشبہ۔ جمع اَشِدَّاءُ۔ ٧٠/١٠،

شَدِیْدًا: سخت، مستحکم۔ مضبوط۔ ٥٦/٣، ١٦٤/٧، ٥٨/١٧،
٢/١٨، ٢١/٢٧، ١١/٣٣، ٢٧/٤١، ١٥/٥٨، ٨/٦٥، ١٠/٦٥، ٨/٧٢،

شَدِیْدِ: سخت۔ مستحکم۔ مضبوط۔ ٢/١٤، ٣/٤٠، ٢٦/٥٠،

شَدِیْدٍ: سخت۔ مضبوط۔ ٨٠/١١، ٥/١٧، ٧٧/٢٣، ٣٣/٢٧
٤٦/٣٤، ١٦/٤٨،

شَدِیْدُ: سخت۔ مضبوط۔ ١٦٥/٢، ١٩٦/٢، ٢١١/٢، ١١/٣،
٢/٥، ٩٨/٥، ١٣/٨، ٢٥/٨، ٤٨/٨، ٥٢/٨، ٦/١٣، ١٣/١٣، ٣/٤٠،
٢٢/٤٠، ٥/٥٣، ٤/٥٩، ٧/٥٩،

شَدِیْدٌ: سخت۔ مضبوط۔ ۴/۴، ۱۲۴/۶، ۱۰۲/۱۱، ۷/۱۴،
۲/۲۲، ۷/۳۵، ۱۰/۳۵، ۲۶/۳۸، ۱۶/۴۲، ۲۶/۴۲، ۲۰/۵۷، ۲۵/۵۷، ۱۴/۵۹،
۱۲/۸۵، ۸/۱۰۰،

ش ر

شَرَّ: (ن س) شر، بُرائی۔ عیب کرنا۔ جمع شُرُوْرٌ.
۲۲/۸، ۵۵/۸، ۱۱/۱۰، ۵۵/۳۸، ۱۱/۷۶،

شَرًّا: شر۔ بُرائی۔ عیب کرنا۔ ۱۱/۲۴، ۸/۹۹،

فَنَجْعَلُ: پس ہم بناتے ہیں۔ ۳۵/۶۸،
فَنُجِّيَ: پس وہ نجات دیا گیا۔ ۱۱۰/۱۲،
فَنَجَّيْنٰكَ: پس ہم نے تجھ کو نجات دی۔ ۴۰/۲۰،
فَنَجَّيْنٰهُ: پس ہم نے اس کو نجات دی۔ ۷۳/۱۰، ۱۷۰/۲۶،
فَنُخْرِجُ: پس ہم نکالتے ہیں، پس ہم پیدا کرتے ہیں۔ ۲۷/۳۲،
فَنَذَرُ: پس ہم چھوڑ دیتے ہیں۔ ۱۱/۱۰،
فَنَرُدَّهَا: پس ہم اس کو لوٹا دیں گے۔ ۴۷/۴،
فَنُزُلٌ: پس مہمانی ہے، پس دعوت ہے۔ ۹۳/۵۶،
فَانْسَلَخَ: پس وہ نکل گیا، پس وہ گزر گیا۔ ۱۷۵/۷،
فَنَسُوْا: پس وہ بھول گئے۔ ۱۴/۵،
فَنَسِيَ: پس وہ بھول گیا۔ ۸۸/۲۰، ۱۱۵/۲۰،
فَنَسِيْتَهَا: پس تو اس کو بھول گیا۔ ۱۲۶/۲۰،
فَنَسِيَهُمْ: پس اس نے ان کو بھلا دیا۔ ۶۷/۹،
فَانْشُزُوْا: پس تم اٹھ کھڑے ہو۔ ۱۱/۵۸،
فَانْصَبْ: پس تو محنت کر۔ ۷/۹۴،
فَانْصُرْنَا: پس تو ہماری مدد کر۔ ۲۸۶/۲،
فَنِصْفُ: پس نصف، پس آدھا۔ ۲۳۷/۲،
فَنَضْرِبُ: پس ہم بیان کرتے ہیں، پس ہم مارتے ہیں۔ ۵/۴۳،
فَانْطَلَقَا: پس وہ دونوں چلے۔ ۷۱/۱۸، ۷۴/۱۸، ۷۷/۱۸
فَانْطَلَقُوْا: پس وہ سب چلے۔ ۲۳/۶۸،
فَنَظَرَ: پس اس نے دیکھا۔ ۸۸/۳۷،
فَنَظِرَةٌ: پس مہلت دینا ہے۔ پس ڈھیل دینا ہے۔ ۲۸۰/۲،

فَانظُرُوا: پس تم دیکھو۔ پس تم غور کرو۔ ۱۳۷/۳، ۳۶/۱۶، ۶۹/۲۷، ۲۰/۲۹، ۴۲/۳۰،

فَانظُرِی: پس تو (مؤنث) دیکھ، پس تو غور کر، ۳۳/۲۷،

فَنَظَلُّ: پس ہم رہتے ہیں۔ ۷۱/۲۶،

فَنِعْمَ: پس وہ اچھا ہے، پس وہ خوب ہے۔ ۲۴/۱۳، ۷۸/۲۲، ۷۴/۳۹، ۴۸/۵۱، ۲۳/۷۷،

فَنِعِمَّا: پس وہ کیا ہی اچھی ہے۔ ۲۷۱/۲،

فَنَعْمَلَ: پس وہ عمل کریں گے۔ ۵۳/۷،

فَانفَجَرَتْ: پس وہ پھوٹ نکلی، پس وہ بہہ نکلی، ۶۰/۲،

فَنَفَخْنَا: پس ہم نے پھونک دیا۔ ۹۱/۲۱، ۱۲/۶۶،

فَانفُذُوا: پس تم نکل بھاگو۔ ۳۳/۵۵،

فَانفِرُوا: پس تم فرار ہو جاؤ، پس تم نکلو۔ ۷۱/۴،

فَنَفَعَهَا: پس اس نے اس کو نفع دیا۔ ۹۸/۱۰،

فَانفَلَقَ: پس وہ پھٹ گیا۔ ۶۳/۲۶،

فَنَقَّبُوا: پس انہوں نے چھید (سوراخ) ڈال دیئے۔ پس انہوں نے نقب لگائے۔ ۳۶/۵۰،

فَانقَلَبُوا: پس وہ لوٹ گئے، پس وہ پھر گئے، ۱۷۴/۳،

فَانكِحُوا: پس تم نکاح کرو۔ ۳/۴،

فَانكِحُوهُنَّ: پس تم ان (عورتوں) سے نکاح کرو۔ ۲۵/۴،

فَنَكُونَ: پس ہم ہوتے ہیں۔ ۱۰۲/۲۶،

فَنُنَبِّئُكُمْ: پس ہم تم کو ضرور خبر دیں گے۔ پس ہم تم کو ضرور آگاہ کریں گے ۲۳/۱۰،

فَنُنَبِّئُهُمْ: پس ہم ان کو ضرور آگاہ کریں گے ۲۳/۳۱،

فَانهَارَ: پس نہریں، پس دریا۔ ۱۰۹/۹،

ف و

فَوَاحِدَةً: پس ایک۔ ۳/۴،

فَوَاحِشَ: فحش کام، بے حیائی کے کام، کھلے گناہ، واحد فَاحِشَةٌ. ۱۵۱/۶، ۳۳/۷، ۳۷/۴۲، ۳۲/۵۳،

فَوَاقٍ: مہلت۔ ڈھیل۔ گنجائش۔ جمع اَفْوِقَةٌ وآفِقَةٌ. ۱۵/۳۸،

فَوَاكِهَ: پھل، میوہ، واحد فَاكِهَةٌ. ۴۲/۷۷،

فَوَاكِهُ: پھل، میوہ۔ ۱۹/۲۳، ۴۲/۳۷،

فَوْتَ: (ن) بھاگنا، بچنا، گرفت سے باہر ہو جانا، مصدر ہے۔ ۵۱/۳۴،

فَوْجًا: فوج، لشکر، گروہ، جمع اَفْوَاجٌ. ۸۳/۲۷،

فَوْجٌ: فوج، لشکر، گروہ۔ ۵۹/۳۸، ۸/۶۷،

فَوَجَدَ: پس اس نے پایا۔ ۱۵/۲۸،

فَوَجَدَا: پس ان دونوں نے پایا۔ ۶۵/۱۸، ۷۷/۱۸،

فَوَجَدْنَهَا: پس ہم نے اس کو پایا۔ ۸/۷۲،

فَوْرِهِمْ: (ن) ان کا جوش، ان کا اُبال، ان کی عجلت۔ ۱۲۵/۳،

فَوْزًا: (ن) فتح، کامیابی، نجات پانا، مصدر ہے۔ ۷۳/۴، ۷۱/۳۳، ۵/۴۸،

فَوْزُ: فتح، کامیابی نجات پانا، ۱۳/۴، ۱۱۹/۵، ۱۶/۶، ۷۲/۹، ۸۹/۹، ۱۰۰/۹، ۱۱۱/۹، ۶۴/۱۰، ۶۰/۳۷، ۹/۴۰، ۵۷/۴۴، ۳۰/۴۵، ۱۲/۵۷، ۱۲/۶۱، ۹/۶۴، ۱۱/۸۵،

فَوَسَطْنَ: پس وہ بیچ میں گھس گئیں۔ ۵/۱۰۰،

فَوَسْوَسَ: پس اس نے وسوسہ ڈالا۔ ۲۰/۷، ۱۲۰/۲۰،

فَوَفّٰهُ: پس اس نے اس کو پورا پورا دیا۔ ۳۹/۲۴،

فَوْقَ: (ن) اوپر، اونچا، ظرف مکان ہے۔ ۵۵/۳، ۱۱/۴، ۱۸/۶، ۶۱/۶، ۶۵/۶، ۱۲/۸، ۳۶/۱۲، ۷۶/۱۲، ۲۸/۱۶، ۴۰/۲۴، ۳۲/۴۳، ۴۸/۴۴، ۱۰/۴۸، ۲/۴۹،

فَوْقِ: اوپر، اونچا۔ ۲۶/۱۴، ۱۹/۲۲،

فَوَقٰهُ: پس اس (اللہ) نے اس کو محفوظ رکھا۔ ۴۵/۴۰،

فَوَقٰهُمُ: پس اس نے ان کو محفوظ رکھا۔ ۱۱/۷۶،

فَوَقَعَ: پس وہ واقع ہوا، پس وہ گرا۔ ۱۱۸/۷،

فَوْقَكُمْ: تمہارے اوپر، ۱۷/۲۳، ۱۲/۷۸،

فَوْقَكُمُ: تمہارے اوپر۔ ۶۳/۲، ۹۳/۲،

فَوْقِكُمْ: تمہارے اوپر۔ ۶۵/۶، ۱۰/۳۳،

فَوْقِهٖ: اس کے اوپر۔ ۴۰/۲۴،

فَوْقَهَا: اس (مؤنث) کے اوپر۔ ۲۶/۲،

فَوْقِهَا: اس (مؤنث) کے اوپر۔ ۲۰/۳۹، ۱۰/۴۱،

فَوْقَهُمْ: ان کے اوپر، ان سے بڑھ کر، ان سے زیادہ۔ ۱۵۴/۴،

فَـوْقَهُـمْ: ان کے اوپر، ان سے بڑھ کر۔ ۱۲۷/۷، ۱۷۱/۷، ۶/۵۰، ۱۹/۶۷، ۱۷/۶۹، ۲۱۲/۲،

فَوْقِهِمْ: ان کے اوپر، ۶۶/۵، ۴۱/۷، ۲۶/۱۶، ۵۰/۱۶، ۵۵/۲۹، ۱۶/۳۹،

فَوْقِهِنَّ: ان عورتوں کے اوپر۔ ۵/۴۲،

فَوَكَزَهٗ: پس اس نے اس کے مکہ (گھونسا) مارا۔ ۱۵/۲۸،

فَوَلُّوْا: پس تم پھیر لو۔ ۱۴۴/۲، ۱۵۰/۲،

فُوْمِهَا: اس کا گیہوں، اس کا لہسن، جمع فُوْمَانٌ ۶۱/۲،

فَوَهَبَ: پس اس نے دیا۔ ۲۱/۲۶،

ف ہ

فَهَبْ: پس تو دیدے۔ ۵/۱۹،

فَاهْبِطْ: پس تو اتر۔ ۱۳/۷،

فَاهْجُرْ: پس تو ہجرت کر، پس تو چھوڑ دے۔ ۵/۷۴،

فَهَـدٰی: پس اس نے ہدایت کی، پس اس نے رہنمائی کی۔ ۳/۸۷، ۷/۹۳،

فَاهْدُوْهُمْ: پس تم ان کو ہدایت دو، پس تم ان کو راہ دکھاؤ۔ ۲۳/۳۷،

فَهَدَيْنٰهُمْ: پس ہم نے ان کو ہدایت کی۔ ۱۷/۴۱،

فَهَزَمُوْهُمْ: پس انہوں نے ان کو شکست دی، ۲۵۱/۲،

فَفَهَّـمْـنٰهَا: (تف) ہم نے اس کو سکھا دیا، ہم نے اس کو سمجھا دیا۔ تَفْهِيْمٌ سے ماضی۔ ۷۹/۲۱

ف ء

فُؤَادَ: دل، قلب، جمع اَفْئِدَةٌ. ۳۶/۱۷

فُؤَادُ: دل، قلب۔ ۱۰/۲۸، ۱۱/۵۳،

فُؤَادَكَ: تیرے دل کو۔ ۱۲۰/۱۱، ۳۲/۲۵

فَاْتِ: پس تو لے آ۔ ۲۵۸/۲، ۱۰۶/۷، ۳۱/۲۶، ۱۵۴/۲۶،

فِئَةً: گروہ، چھوٹی جماعت۔ ۲۴۹/۲، ۴۵/۸،

فِئَةٍ: گروہ، چھوٹی جماعت۔ ۲۴۹/۲، ۱۶/۸، ۸۱/۲۸،

فِئَةٌ: گروہ، چھوٹی جماعت۔ ۱۳/۳، ۴۳/۱۸،

فِئَتٰنِ: دو گروہ، فِئَةٌ کا تثنیہ بحالت رفعی۔ ۴۸/۸،

فَاٰمَنَتْ: پس وہ ایمان لائی۔ ۱۴/۶۱،

فَاٰزَرَهٗ: پس اس نے اس کو قوی کیا۔ ۲۹/۴۸،

فَـاٰوٰی: پس اس نے جگہ دی، پس اس نے ٹھکانا دیا۔ ۶/۹۳،

فَاٰوٰكُمْ: پس اس نے تم کو ٹھکانا دیا۔ ۲۶/۸،

فَـاَتْبَـعْـنَا: پس ہم نے بعض کو بعض کے پیچھے لگا دیا۔ ۴۴/۲۳،

فَاَتْبَعُوْهُمْ: پس وہ ان کے پیچھے لگے۔ ۶۰/۲۶،

فَاَتْبَعَهٗ: پس وہ اس کے پیچھے لگا۔ ۱۷۵/۷، ۱۸/۱۵، ۱۰/۳۷،

فَاَتْبَعَهُمْ: پس وہ ان کے پیچھے لگا۔ ۹۰/۱۰، ۷۸/۲۰

فِئَتُكُمْ: تمہارا گروہ، تمہاری جماعت۔ ۱۹/۸،

فَـاَتَـمَّهُنَّ: پس اس نے ان (مؤنث) کو تمام کیا، پس اس نے ان کو پورا کیا۔ ۱۲۴/۲،

فَاْتِنَا: پس تو ہمارے پاس آ۔ ۷۰/۷، ۳۲/۱۱، ۲۲/۴۶،

فَاْتُوْا: پس تم لے آوَ۔ ۲۳/۲، ۲۲۳/۲، ۹۳/۳، ۳۸/۱۰، ۱۳/۱۱، ۶۱/۲۱، ۴۹/۲۸، ۱۵۷/۳۷، ۳۶/۴۴

فَاْتُوْنَا: پس تم ہمارے پاس لے آوَ۔ ۱۰/۱۴

فَاْتُوْهُنَّ: پس تم ان عورتوں کے پاس جاوَ۔ ۲۲۲/۲

فَاْتِيَا: پس تم دونوں جاوَ۔ ۱۶/۲۶

فَاْتِيٰهُ: پس تم دونوں اس کے پاس جاوَ۔ ۴۷/۲۰

فِئَتَيْنِ: دوگروہ۔ فِئَةٌ کا تثنیہ بحالت نصبی وجری۔ ۱۳/۳، ۸۸/۴

فَاَثَابَكُمْ: پس اس نے تم کو دوبارہ دیا، پس اس نے تم کو سزا کے طور پر دیا۔ ۱۵۳/۳

فَاَثَابَهُمُ: پس اس (اللہ تعالیٰ) نے ان کو انعام (ثواب) دیا۔ ۸۵/۵

فَاَثَرْنَ: پس انہوں نے اڑایا، پس انہوں نے اٹھایا۔ ۴/۱۰۰

فَاَجِرْهُ: پس تو اس کو پناہ دے۔ ۶/۹

فَاَحْبَطَ: پس اس نے ضائع کر دیا، ۱۹/۳۳، ۹/۴۷، ۲۸/۴۷

فَاَحْكُمُ: پس میں حکم کروں گا، پس میں فیصلہ کروں گا۔ ۵۵/۳

فَاَحْيَا: پس اس نے زندہ کیا۔ ۱۶۴/۲، ۶۵/۱۶، ۶۳/۲۹، ۵/۴۵

فَاَحْيَاكُمْ: پس اس نے تم کو زندہ کیا۔ ۲۸/۲

فَاَحْيَيْنٰهُ: پس ہم نے اس کو زندہ کیا۔ ۱۲۲/۶

فَاَخَذَتْكُمُ: پس اس نے تم کو پکڑا۔ ۵۵/۲

فَاَخَذْنٰهُ: پس ہم نے اس کو پکڑا۔ ۴۰/۲۸، ۴۰/۵۱، ۱۶/۷۳

فَاَخَذْنٰهُمْ: پس ہم نے ان کو پکڑا، ۴۲/۶، ۹۵/۷، ۹۶/۷، ۴۲/۵۴

فَاَخَذَهُ: پس اس نے اس کو پکڑا۔ ۲۵/۷۹

فَاَخَذَهُمُ: پس اس نے ان کو پکڑا۔ ۱۱/۳، ۵۲/۸، ۱۱۳/۱۶، ۱۵۸/۲۶، ۱۸۹/۲۶، ۱۴/۲۹، ۲۱/۴۰، ۲۲/۴۰، ۱۰/۶۹

فَاَخْرَجَ: پس اس نے نکالا۔ ۲۲/۲، ۳۲/۱۴، ۸۸/۲۰

فَاَخْرَجْنَا: پس ہم نے نکالا، ۹۹/۶، ۵۷/۷، ۵۳/۲۰، ۲۷/۳۵، ۳۵/۵۱

فَاَخْرَجْنٰهُمْ: پس ہم نے ان کو نکالا۔ ۵۷/۲۶

فَاَخْرَجَهُمَا: پس اس نے ان دونوں کو نکالا۔ ۳۶/۲

فَاَخْلَفْتُكُمْ: پس میں نے تم سے وعدہ خلافی کی۔ ۲۲/۱۴

فَاَخْلَفْتُمْ: پس تم نے خلاف کیا۔ ۸۶/۲۰

فَاِخْوَانُكُمْ: پس تمہارے بھائی۔ ۲۲۰/۲، ۱۱/۹

فَاُدْخِلُوْا: پس وہ داخل کئے گئے۔ ۲۵/۷۱

فَاَدْلٰى: پس اس نے لٹکایا، پس اس نے ڈالا۔ ۱۹/۱۲

فَاِذَا: پس جس وقت۔ ۲/۶۵

فَاِذًا: پس اس وقت، پس اس حالت میں۔ ۵۳/۴

فَاَذَاقَهَا: پس اس نے اس کو چکھایا۔ ۱۱۲/۱۶

فَاَذَاقَهُمُ: پس اس نے ان کو چکھایا۔ ۲۶/۳۹

فَاْذَنْ: پس آپ ﷺ حکم کریں۔ ۶۲/۲۴

فَاَذَّنَ: پس وہ پکارے گا۔ تَاْذِيْنٌ سے ماضی بمعنی مضارع۔ ۴۴/۷

فَاْذَنُوْا: پس تم خبردار ہو جاوَ۔ پس تم اعلان سن لو۔ ۲۷۹/۲

فَاَرَادُوْا: پس انہوں نے (حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قوم نے) ارادہ کیا۔ ۹۸/۳۷

فَاَرٰىهُ: پس اس (موسیٰ علیہ السلام) نے اس (فرعون) کو دکھادی۔ ۲۰/۷۹

فَاَرَدْتُّ: پس میں نے ارادہ کیا۔ ۷۹/۱۸

فَاَرَدْنَا: پس ہم نے ارادہ کیا۔ ۸۱/۱۸

فَاَرْسِلْ: پس تو ارسال کر، پس تو بھیج۔ ۱۰۵/۷، ۶۳/۱۲، ۴۷/۲۰، ۱۳/۲۶

فَاَرْسَلَ: پس اس (فرعون) نے بھیجا۔ ۵۳/۲۶

فَاَرْسَلُوْا: پس انہوں نے ارسال کیا، پس انہوں

نے بھیجا۔ ۱۹/۱۲،

فَارْسِلُوْنِ: پس تم مجھے ارسال کرو، تم مجھے بھیجو۔ ۴۵/۱۲،

فَارْسِلْهُ: پس تو اس کو ارسال کر، پس تو اس کو بھیج دے۔ ۳۴/۲۸

فَاَرُوْنِیْ: پس تم مجھ کو دکھاؤ۔ ۱۱/۳۱

فَازَلَّهُمَا: پس اس (شیطان) نے ان دونوں (آدم وحوا علیہما السلام) کو ورغلایا۔ ۳۶/۲

فَاَسْرِ: پس تو لے جا۔ ۸۱/۱۱، ۶۵/۱۵، ۲۳/۴۴،

فَاَسَرَّهَا: پس اس نے اس کو چھپایا۔ ۷۷/۱۲

فَاَسْقِطْ: پس تو گرادے، پس تو ڈال دے۔ ۱۸۷/۲۶،

فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ: پس ہم نے تم کو وہ (پانی) پلایا ۲۲/۱۵،

فَاَسْكَنّٰهُ: پس ہم نے اس کو رکھا۔ ۱۸/۲۳،

فَاَشَارَتْ: پس اس (حضرت مریمؑ) نے اشارہ کیا۔ ۲۹/۱۹،

فَاَشْهِدُوْا: پس تم گواہ بنالو۔ ۶/۴،

فَاَصَابَتْكُمْ: پس وہ تم کو پہنچی۔ ۱۰۶/۵،

فَاَصَابَهَا: پس وہ اس کو پہنچا۔ ۲۶۶/۲،

فَاَصَابَهُمْ: پس وہ ان کو پہنچی۔ ۳۴/۱۶، ۵۱/۳۹،

فَاَصْبَحَ: پس وہ ہوگیا۔ ۳۰/۵، ۳۱/۵، ۴۲/۱۸، ۴۵/۱۸،

فَاَصْبَحَ: پس اس (موسیٰؑ) کو صبح ہوئی، پس وہ فجر کے وقت اٹھا۔ ۱۸/۲۸،

فَاَصْبَحَتْ: پس وہ ہوگیا۔ ۲۰/۶۸،

فَاَصْبَحْتُمْ: پس تم ہوگئے۔ ۱۰۳/۳،

فَاَصْبَحُوْا: پس وہ ہوگئے۔ ۵۳/۵، ۷۸/۷، ۹۱/۷، ۶۷/۱۱، ۹۴/۱۱، ۱۵۷/۲۶، ۲۵/۴۶، ۱۴/۶۱،

فَاَصَّدَّقَ: پس میں نے صدقہ دیا۔ ۱۰/۶۳،

فَاَصْلَحَ: پس اس نے صلح کرادی۔ ۱۸۲/۲،

فَاَصْلِحُوْا: پس تم صلح کرادو۔ ۹/۴۹، ۱۰/۴۹،

فَاَصَمَّهُمْ: پس اس نے ان کو بہرہ کردیا۔ ۲۳/۴۷،

فَاَضَلُّوْنَا: پس انہوں نے ہم کو گمراہ کردیا۔ ۶۷/۳۳،

فَاَطَاعُوْهُ: پس انہوں نے اس کا کہا مان لیا۔ ۵۴/۴۳،

فَاِطْعَامُ: پس کھانا کھلانا۔ ۴/۵۸،

فَاُعَذِّبُهُمْ: پس میں ان کو عذاب دوں گا۔ ۵۶/۳،

فَاَعْرَضَ: پس اس نے منہ پھیر لیا۔ ۵۷/۱۸، ۴/۴۱،

فَاَعْرَضُوْا: پس انہوں نے منہ پھیرا۔ ۱۶/۳۴،

فَاَعْرِضُوْا: پس تم منہ پھیرلو۔ ۱۶/۴، ۹۵/۹،

فَاَعْقَبَهُمْ: پس اس نے ان کو عادی بنادیا۔ ۷۷/۹

فَاَعِيْنُوْنِیْ: پس تم میری مدد کرو۔ ۹۵/۱۸،

فَاَغْرَقْنٰهُ: پس ہم نے اس کو غرق کردیا۔ ۱۰۳/۱۷،

فَاَغْرَقْنٰهُمْ: پس ہم نے ان کو غرق کردیا۔ ۱۳۶/۷، ۷۷/۲۱ ۵۵/۴۳،

فَاَغْرَيْنَا: پس ہم نے ڈال دی۔ ۱۴/۵،

فَاَغْشَيْنٰهُمْ: پس ہم نے ان کو ڈھانک دیا۔ ۹/۳۶،

فَاَغْنٰی: پس اس نے غنی کیا، پس اس نے مالدار بنایا۔ ۸/۹۳،

فَاَغْوَيْنٰكُمْ: پس ہم نے تم کو گمراہ کیا۔ ۳۲/۳۷

فَاَفُوْزَ: پس وہ کامیاب ہوا۔ ۷۳/۴

فَاَقَامَهٗ: پس اس نے اس کو قائم کردیا۔ پس اس نے اس کو سیدھا کردیا۔ ۷۷/۱۸

فَاَقْبَرَهٗ: پھر وہ اس کو قبر میں لے گیا۔ ۲۱/۸۰،

فَاَقْبَلَ: پس وہ متوجہ ہوا۔ ۵۰/۳۷،

فَاَقْبَلَتِ: پس وہ متوجہ ہوئی۔ ۲۹/۵۱،

فَاَقْبَلُوْا: پس وہ متوجہ ہوئے۔ ۹۴/۳۷،

فَاَقِمْ: پس تو سیدھا کر۔ ۳۰/۳۰، ۴۳/۳۰،

فَاَقَمْتَ: پس تو نے قائم کیا۔ ۱۰۲/۴،

فَاَكْثَرْتَ: پس تو نے کثرت سے کیا۔ ۳۲/۱۱

فَاَكْثَرُوْا: پس انہوں نے کثرت سے کیا ۱۲/۸۹،

فَاَكْرَمَهٗ: پس اس نے اس کو عزت دی ۱۵/۸۹،

فَاَكَلَا: پس ان دو عورتوں نے کھایا۔ ۱۲۱/۲۰،

فَاَكَلَهٗ: پس اس نے اس کو کھا لیا۔ ۱۷/۱۲،

فَاَكُوْنَ: پس میں ہو جاؤں گا۔ ۵۸/۳۹،

فَاِلٰهُكُمْ: پس تمہارا معبود۔ ۳۴/۲۲،

فَاَلَّفَ: پس اس نے الفت ڈالی۔ ۱۰۳/۳،

فَاَلْقَوْا: پس انہوں نے ڈالا۔ ۸۶/۱۶، ۴۴/۲۶،

فَاَلْقَوْا: پس انہوں نے ڈالا۔ ۲۸/۱۹،

فَاَلْقُوْهُ: پس تم اس کو ڈال دو۔ ۹۳/۱۲، ۹۷/۳۷،

فَاَلْقِهْ: پس تو اس کو ڈال دے۔ ۲۸/۲۷،

فَاُلْقِيَ: پس وہ ڈال دیا گیا۔ ۷۰/۲۰، ۴۶/۲۶،

فَاَلْقِيٰهُ: پس تم دونوں اس کو ڈال دو۔ ۲۶/۵۰،

فَاَلْقِيْهِ: پس تو اس کو ڈالے دے۔ ۷/۲۸،

فَاَلْهَمَهَا: پس اس نے اس کے دل میں ڈالا (الہام کیا)۔ ۸/۹۱،

فَاَمَاتَهُ: پس انہوں نے اس کو مار ڈالا۔ ۲۵۹/۲،

فَاُمَتِّعُهٗ: پس میں اس کو فائدہ پہنچاؤں۔ ۱۲۶/۲،

فَاِمْسَاكٌ: پس بند رکھنا ہے، پس روکنا ہے ۲۲۹/۲،

فَاَمْسِكُوْهُنَّ: پس تم ان عورتوں کو روک کر رکھو۔ ۲۳۱/۲، ۱۵/۴، ۲/۶۵،

فَاَمْطِرْ: پس تو برسا۔ ۳۲/۸،

فَاَمْكَنَ: پس اس نے گرفتا کرا دیا۔ ۷۱/۸،

فَاَمْلَيْتُ: پس میں نے ڈھیل دی۔ ۳۲/۱۳، ۴۴/۲۲،

فَاُمُّهٗ: پس اس کا ٹھکانا۔ ۹/۱۰۱،

فَاَنْۢبَتْنَا: پس ہم نے اگایا۔ ۶۰/۲۷، ۱۰/۳۱، ۹/۵۰، ۲۷/۸۰،

فَاُنَبِّئُكُمْ: پس میں تم کو خبر دوں گا۔ ۸/۲۹، ۱۵/۳۱،

فَاَنْجٰهُ: پس اس نے اس کو نجات دی۔ ۲۴/۲۹،

فَاَنْجَيْنٰكُمْ: پس ہم نے تم کو نجات دی۔ ۵۰/۲،

فَاَنْجَيْنٰهُ: پس ہم نے اس کو نجات دی۔ ۶۴/۷، ۷۲/۷، ۸۳/۷، ۱۱۹/۲۶، ۵۷/۲۷، ۱۵/۲۹،

فَاَنْجَيْنٰهُمْ: پس ہم نے ان کو نجات دی ۹/۲۱،

فَاَنْذِرْ: پس تو ڈرا۔ ۲/۷۴،

فَاَنْذَرْتُكُمْ: پس میں نے تم کو ڈرایا۔ ۱۴/۹۲،

فَاَنْزَلْنَا: پس ہم نے اتارا۔ ۵۹/۲،

فَاَنْسٰهُ: پس اس نے اس کو بھلا دیا۔ ۴۲/۱۲،

فَاَنْسٰهُمْ: پس اس نے ان کو بھلا دیا۔ ۱۹/۵۸، ۱۹/۵۹،

فَاَنْشَرْنَا: ہم نے زندہ کر دیا۔ ۱۱/۴۳،

فَاَنْشَاْنَا: پس ہم نے پرورش کی، پس ہم نے پیدا کیا۔ ۱۹/۲۳،

فَاَنْظِرْنِيْ: پس تو مجھ کو مہلت دے ۷۹/۳۸، ۳۶/۱۵،

فَاَنْفُخُ: پس میں پھونک مارتا ہوں۔ ۴۹/۳،

فَاَنْفِقُوْا: پس تم خرچ کرو۔ ۶/۶۵،

فَاَنْقَذَكُمْ: پس اس نے تمہاری جان بچائی، پس اس نے تم کو نجات دی۔ ۱۰۳/۳،

فَاْوٗا: پس تم پناہ لو۔ ۱۶/۱۸،

فَاُوَارِيَ: پس میں ڈھانپ دوں، پس میں چھپا دوں۔ ۳۱/۵،

فَاَوْجَسَ: پس اس نے محسوس کیا، پس اس نے چھپایا۔ ۶۷/۲۰، ۲۸/۵۱،

فَاَوْحٰى: پس اس نے وحی بھیجی، پس اس نے حکم دیا۔ ۱۳/۱۴، ۱۱/۱۹، ۱۰/۵۳،

فَاَوْرَدَهُمُ: پس اس نے ان کو وارد کیا، پس اس نے ان کو پہنچا دیا۔ ۹۸/۱۱،

فَاَوْعٰى: پس اس نے حفاظت سے رکھا، پس اس نے بند کر کے رکھا۔ ۱۸/۷۰،

فَاَوْفِ: پس تو پورا دے۔ ۸۸/۱۲،
فَاَوْفُوْا: پس تم ۔ ۔ کرو۔ ۸۵/۷،
فَاَوْقِدْ: پس تو آ ۔ ب جلا، پس تو پکوا. ۳۸/۲۸،
فَاَوْلٰی: پس کمبختی، پس وائے ہے۔ ۲۰/۴۷، ۳۴/۷۵، ۳۵/۷۵،
فَاَهْلَكْتُهٗ: پس ہم نے ان کو ہلاک کیا۔ ۱۱۷/۳،
فَاَهْلَكْنٰهُمْ: پس ہم نے ان کو ہلاک کیا۔ ۶/۶،
۵۴/۸، ۱۳۹/۲۶،
فَاُهْلِكُوْا: پس وہ ہلاک کئے گئے۔ ۵/۶۹، ۶/۶۹،
فَاَیُّ: پس کونسا۔ ۸۱/۶،
فَاِیَّایَ: پس مجھ ہی کو، پس مجھ ہی سے۔ ۵۱/۱۶، ۵۶/۲۹،
فَاَیَّدْنَا: پس ہم نے تائید کی، پس ہم نے مدد
کی۔ ۱۴/۶۱،
فَاَیْنَ: پس کہاں۔ ۲۶/۸۱،
فَاَیْنَمَا: پس جہاں کہیں۔ پس جس طرف۔ ۱۱۵/۲،

ف ی

فِیْ: میں۔ بیچ، حرف جر ہے۔ ۱۰/۲، ۱۵/۲، ۱۹/۲،
...... ۱۲۹۱ جگہ
فَیَبْسُطُهٗ: پس وہ اس کو پھیلاتا ہے۔ ۴۸/۳۰،
فَیَتَّبِعُوْنَ: پس وہ اتباع کرتے ہیں ۱۸/۳۹،
فَیَتَعَلَّمُوْنَ: پس وہ سیکھتے ہیں۔ ۱۰۲/۲،
فَیَجْعَلَهٗ: پس وہ اس کو کرتا ہے، پس وہ اس کو
بناتا ہے۔ ۳۷/۸،
فَیُحْفِكُمْ: پس وہ تم سے مانگنے میں اصرار
کرتے ہیں۔ ۳۷/۴۷،
فَیَحِلَّ: پس وہ واقع ہوگا، پس وہ اترے گا۔ ۸۱/۲۰،
فَیَحْلِفُوْنَ: پس وہ قسمیں کھاتے ہیں۔ ۱۸/۵۸،
فَیُحِلُّوْا: پس وہ حلال کریں۔ ۳۷/۹،

فَیُحْیِیْ: پس وہ زندگی دیتا ہے۔ ۲۴/۳۰،
فَیُدْخِلُهُمْ: پس وہ ان کو داخل کرے گا ۳۰/۴۵،
فَیَدْمَغُهٗ: پس وہ اس کا سر توڑتا ہے۔ ۱۸/۲۱،
فَیُدْهِنُوْنَ: پس وہ سستی کریں گے۔ ۹/۶۸،
فَیَذَرُهَا: پس وہ اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ ۱۰۶/۲۰،
فَیَذْهَبُ: پس وہ جاتا ہے۔ ۱۷/۱۳،
فَیُرْسِلَ: پس وہ بھیجتا ہے۔ ۶۹/۱۷،
فَیَرْكُمَهٗ: پس وہ اس کو تہ بہ تہ کر کے ڈھیر لگائیں
گے۔ ۳۷/۸،
فَیَسُبُّوا: پس وہ گالی دیں گے، پس وہ برا کہیں
گے۔ ۱۰۸/۶،
فَیُسْحِتَكُمْ: پس وہ تم کو فنا کر دے گا، پس وہ
تم کو نیست و نابود کر دے گا۔ ۶۱/۲۰،
فَیَسْقِیْ: پس وہ پلائے گا۔ ۴۱/۱۲،
فَیَشْفَعُوْا: پس وہ شفاعت کریں گے۔ ۵۳/۷،
فَیُصْبِحُوْا: پس وہ ہو جائیں گے۔ ۵۲/۵،
فَیُصْلَبُ: پس وہ سولی دیا جائے گا۔ ۴۱/۱۲،
فَیُصِیْبُ: پس وہ پہنچے گا، پس وہ برسائے گا۔
۱۳/۱۳، ۴۳/۲۴،
فَیُضٰعِفَهٗ: پس وہ اس کو دوگنا کرے گا۔ ۱۱/۵۷،
فَیُضِلَّكَ: پس وہ تجھے گمراہ کرے گا۔ ۲۶/۳۸،
فَیَطْمَعَ: پس وہ طمع کرتا ہے، پس وہ لالچ کرتا
ہے۔ ۳۲/۳۳،
فَیَظْلَلْنَ: پس وہ ہو جائیں گے۔ ۳۳/۴۲،
فَیَعْتَذِرُوْنَ: پس وہ معذرت کریں گے۔ ۳۶/۷۷،
فَیُعَذِّبُهٗ: پس وہ اس کو عذاب دے گا۔ ۲۴/۸۸،
فَیُعَذِّبُهٗ: پس وہ اس کو عذاب دے گا۔ ۸۴/۱۸،
فَیُعَذِّبُهُمْ: پس وہ ان کو عذاب دے گا۔ ۱۷۳/۴،

فَيُغْرِقَكُمْ: پس وہ تم کو ڈبو دے گا۔ ۶۹/۱۷،
فَيَغْفِرُ: پس وہ مغفرت کرتا ہے۔ ۲۸۴/۲،
فَيُقْتَلُ: پس وہ قتل کیا جائے گا۔ ۷۴/۴،
فَيَقْتُلُوْنَ: پس وہ قتل کرتے ہیں۔ ۱۱۱/۹،
فَيُقْسِمٰنِ: پس وہ دونوں قسم کھائیں گے۔
۱۰۶/۵، ۱۰۷/۵،
فَيَقُوْلَ: پس وہ کہے گا۔ ۱۰/۶۳،
فَيَقُوْلُ: پس وہ کہے گا۔ ۱۰۹/۵، ۴۴/۱۴، ۱۷/۲۵، ۶۲/۲۸ ۶۵/۲۸،
۴۷/۲۸، ۴۷/۴۰، ۱۷/۴۶، ۱۰/۶۳، ۱۹/۶۹، ۲۵/۶۹، ۱۵/۸۹،
فَيَقُوْلُوْا: پس وہ کہیں گے۔ ۲۰۳/۲۶، ۴۷/۲۸،
فَيَقُوْلُوْنَ: پس وہ کہتے ہیں۔ ۲۶/۲،
فَيَكْشِفُ: پس وہ کھول دے گا۔ ۴۱/۶،
فِيْكُمْ: تم میں۔ ۱۵۱/۲، ۱۰۱/۳، ..... ۱۲ جگہ
فَيَكُوْنَ: پس وہ ہوتا ہے۔ ۷/۲۵
فَيَكُوْنُ: پس وہ ہوتا ہے۔ ۱۱۷/۲، ۴۷/۳، ۴۹/۳، ۵۹/۳،
۷۳/۶، ۴۰/۱۶، ۳۵/۱۹، ۸۲/۳۶، ۶۸/۴۰،
فَيَكِيْدُوْا: پس وہ خفیہ تدبیر کریں گے۔ ۵/۱۲،
فِيْلِ: ہاتھی، اسم جنس۔ ۱/۱۰۵،
فِيْمَ: کس چیز میں۔ ۹۷/۴، ۴۳/۷۹،
فِيْمَا: اس چیز میں، ۱۱۳/۲، ۲۱۳/۲، ۲۲۹/۲، ... ۳۳ جگہ
فَيَمُتْ: پس وہ مر جائے گا۔ ۲۱۷/۲،
فَيُمْسِكُ: پس وہ روک لیتا ہے، پس وہ بند
کر کے رکھتا ہے۔ ۴۲/۳۹،
فَيَمْكُثُ: پس وہ رہتی ہے۔ ۱۷/۱۳،
فَيَمُوْتُوْا: پس وہ مر جائیں گے۔ ۳۶/۳۵
فَيَمِيْلُوْنَ: پس وہ حملہ کریں گے۔ ۱۰۲/۴،
فِيْنَا: ہم میں۔ ۶۲/۱۱، ۹۱/۱۱، ۱۸/۲۶، ۶۹/۲۹،
فَيُنَبِّئُكُمْ: پس وہ تم کو خبر دے گا۔ ۴۸/۵، ۱۰۵/۵،
۱۶۴/۶، ۹۴/۹، ۱۰۵/۹، ۷/۳۹
فَيُنَبِّئُهُمْ: پس وہ ان کو خبر دے گا۔ ۱۰۸/۶، ۶۴/۲۴، ۶/۵۸،
فَيَنْتَقِمُ: پس وہ انتقام لے گا۔ پس وہ سزا دے
گا۔ ۹۵/۵،
فَيَنْسَخُ: پس وہ دور کرتا ہے، پس وہ منسوخ کرتا
ہے۔ ۵۲/۲۲،
فَيَنْظُرَ: پس وہ انتظار کرتا ہے۔ پس وہ دیکھتا
ہے۔ ۱۲۹/۷،
فَيَنْظُرُوْا: پس وہ دیکھیں گے۔ ۱۰۹/۱۲، ۹/۳۰، ۴۴/۳۵،
۲۱/۴۰، ۸۲/۴۰، ۱۰/۴۷،
فَيَنْقَلِبُوْا: پس وہ لوٹیں گے۔ ۱۲۷/۳،
فَيُوْحِيَ: پس وہ وحی کرتا ہے۔ ۵۱/۴۲،
فَيُوَفِّيْهِمْ: پس وہ ان کو پورا پورا دیتا ہے۔
۵۷/۳، ۱۷۳/۴،
فِيْهِ: اس میں۔ ۲/۲، ۱۹/۲، ۳۶/۲ ..... ۱۴۱ جگہ
فِيْهَا: اس (مؤنث) میں۔ ۲۵/۲، ۳۰/۲، ۷۱/۲ ۲۱۴ جگہ
فِيْهِمْ: ان میں۔ ۱۲۹/۲، ۱۶۴/۳، ۱۰۲/۴، ... ۱۵۰ جگہ
فِيْهِمَا: ان دونوں میں، ۲۱۹/۲، ۲۲/۲۱، ۲۲/۳۴، ۲۹/۴۲، ۵۰/۵۵،
۵۲/۵۵، ۶۶/۵۵، ۶۸/۵۵،
فِيْهِنَّ: ان (مؤنث) میں۔ ۱۹۷/۲، ۱۲۷/۴، ۱۲۰/۵،
۳۶/۹، ۴۴/۱۷، ۷۱/۲۳، ۵۶/۵۵، ۷۰/۵۵، ۱۶/۷۱،
فَيَاْتِيَهُمْ: پس وہ ان کے پاس آئے گا۔ ۲۰۲/۲۶،
فَيُؤْخَذُ: پس وہ پکڑا جائے گا۔ ۴۱/۵۵،
فَيَاْخُذَكُمْ: پس وہ تم کو پکڑ لے گا۔ ۷۳/۷
فَيَؤُسٌ: پس ناامید ہے۔ ۴۹/۴۱،

﴿بَابُ القَافِ﴾

ق

قٓ: قرآن مجید کی پچاسویں سورت کا نام اور حروفِ مقطعات میں سے ہے۔ ۱/۵۰،

ق ا

قَابَ: مقدار، اندازہ، آدھی کمان کی لمبائی۔ ۹/۵۳،

قَابَ قَوسَینِ: دوکمانوں کی مقدار۔ ۹/۵۳،

قَابِلِ: (ن،ض،س) قبول کرنے والا۔ قَبُوْلٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۴۰،

قٰتَلَ: (مفا) اس نے قتال کیا، اس نے جنگ کی، وہ لڑا۔ قِتَالٌ ومُقَاتَلَةٌ سے ماضی۔ ۱۴۶/۳، ۱۰/۵۷،

قَاتِلْ: تو قتال کر، تو جنگ کر۔ قِتَالٌ سے امر۔ ۸۴/۴،

قَاتِلَا: تم دونوں لڑو، تم دونوں جہاد کرو۔ قِتَالٌ سے امر۔ تثنیہ۔ ۲۴/۵،

قٰتَلَكُمْ: وہ (کافر) تم سے لڑتے، وہ تم سے جنگ کرتے۔ ۲۲/۴۸،

قٰتَلُوا: وہ لڑے۔ انہوں نے جہاد کیا۔ ۱۹۵/۳، ۲۰/۳۳، ۱۰/۵۷،

قَاتِلُوا: تم لڑو، تم جہاد کرو، قِتَالٌ سے امر۔ ۱۹۰/۲، ۲۴۴/۲، ۱۶۷/۳، ۷۶/۴، ۱۲/۹، ۲۹/۹، ۳۶/۹، ۱۲۳/۹، ۹/۴۹،

قٰتَلُوْكُمْ: وہ تم سے لڑیں، وہ تم سے جنگ کریں، ۱۹۱/۲، ۹۰/۴، ۹/۶۰،

قٰتِلُوْهُمْ: تم ان سے لڑو، تم ان سے جنگ کرو، ۱۹۳/۲،

قَاتِلُوْهُمْ: تم ان سے لڑو، تم ان سے جنگ کرو۔ ۳۹/۸، ۱۴/۹،

قٰتَلَهُمُ: ان پر (اللہ کی) مار ہو، وہ ان کو غارت کرے۔ ۳۰/۹، ۴/۶۳،

قٰدِرٍ: (ض،س،ن) قدرت والا۔ طاقت والا۔ زبردست۔ قَدْرٌ وقُدُوْرٌ اور قُدْرَةٌ سے اسم فاعل۔ ۸۱/۳۶، ۳۳/۴۶، ۴۰/۷۵،

قَادِرُ: قدرت والا، زبردست۔ ۶۵/۶،

قَادِرٌ: قدرت والا، زبردست۔ ۳۷/۶، ۹۹/۱۷، ۸/۸۶،

قٰدِرُوْنَ: قدرت والے، اندازہ کرنے والے۔ ۲۴/۱۰، ۱۸/۲۳، ۹۵/۲۳، ۴۰/۷۰، ۲۳/۷۷،

قَادِرِیْنَ: قدرت رکھنے والے۔ اندازہ کرنے والے۔ ۲۵/۶۸، ۴/۷۵،

قَارِعَةِ: (ف) قیامت، بڑا حادثہ، کھڑکھڑا دینے والی۔ قَرْعٌ سے اسم فاعل۔ ۴/۶۹،

قَارِعَةُ: کھڑکھڑانے والی، قیامت۔ ۱/۱۰۱، ۲/۱۰۱، ۳/۱۰۱،

قَارِعَةٌ: کھڑکھڑا دینے والی، قیامت، سخت مصیبت۔ ۳۱/۱۳،

قَارُوْنَ: قارون۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں بنی اسرائیل کا ایک مالدار سردار جو سرکش مغرور اور بخیل تھا۔ ۷۶/۲۸، ۳۹/۲۹، ۲۴/۴۰،

قَارُوْنُ: قارون۔ بنی اسرائیل کا مالدار اور بخیل سردار۔ ۷۹/۲۸،

قٰسِطُوْنَ: (ض) ظالم، ناانصافی کرنے والے، بے راہ۔ قِسْطٌ وقُسُوْطٌ سے اسم فاعل، واحد قَاسِطٌ. ۱۴/۷۲، ۱۵/۷۲،

قَاسَمَهُمَا: (مفا) اس نے ان دونوں کے روبرو قسم کھائی۔ مُقَاسَمَةٌ سے ماضی۔ ۲۱/۷،

قٰسِیَةً: (ن) سخت ہونے والی، سیاہ ہونے والی۔ قَسْوٌ وقَسَاءٌ وقَسْوَةٌ وقَسَاوَةٌ سے اسم فاعل، جمع قَاسِیَاتٌ. ۱۳/۵،

قَاسِیَةِ: سخت ہونے والی، سیاہ ہونے والی۔ ۵۳/۲۲،

قٰسِیَةِ: سخت ہونے والی، سیاہ ہونے والی۔ ۲۲/۳۹،

قَاصِدًا: (ض) ارادہ کرنے والا، متوسط، معمولی، قصدٌ سے اسم فاعل، جمع قَوَاصِدٌ۔ ۴۲/۹،

قٰصِرٰتُ: (ن) نیچی نظر رکھنے والیاں، پاک دامن عورتیں، قَصْرٌ سے اسم فاعل، واحد قَاصِرَةٌ ۴۸/۳۷، ۵۲/۳۸، ۵۶/۵۵

قَاصِفًا: (ض، س) سخت طوفان، سخت آندھی، ایسی تند و تیز سمندری ہوا جو کشتیوں کو توڑ دے اور انہیں ڈبو دے، قَصْفٌ سے اسم فاعل، جمع قَوَاصِفُ. ۶۹/۱۷،

قَاضٍ: (ض) فیصلہ کرنے والا، حکم کرنے والا، قَضَاءٌ سے اسم فاعل، جمع قَاضُوْنَ وقُضَاةٌ اصل میں، قَاضِیٌ تھا۔ یا کو حذف کر دیا گیا۔ ۷۲/۲۰

قَاضِیَةَ: ختم کر دینے والی، کام تمام کر دینے والی، قَضَاءٌ سے اسم فاعل مؤنث جمع قَوَاضِی ۲۷/۶۹،

قَاطِعَةً: (ف) قطعی فیصلہ کرنے والی، طے کرنے والی۔ قَطْعٌ سے اسم فاعل مؤنث۔ ۳۲/۲۷

قَاعًا: ہموار میدان، چٹیل میدان، جمع قِیْعٌ وقِیْعَةٌ اور قِیْعَانٌ. ۱۰۶/۲۰،

قَاعِدًا: (ن) بیٹھنے والا۔ قَعْدٌ وقُعُوْدٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲/۱۰،

قٰعِدُوْنَ: بیٹھنے والے، "جنگِ بدر میں شریک نہ ہونے والے" (بخاری شریف)۔ ۹۵/۴،

قٰعِدُوْنَ: بیٹھنے والے، انتظار کرنے والے. ۲۴/۵،

قٰعِدِیْنَ: بیٹھنے والے، جہاد میں شریک نہ ہونے والے۔ ۹۵/۴، ۴۶/۹، ۸۶/۹،

قَالَ: (ن) اس نے کہا، بات، رائے۔ قَوْلٌ سے ماضی۔ ۳۰/۲، ۳۱/۲، ۳۳/۲، ۵۴/۲، ۶۱/۲، ۶۷/۲، ۶۸/۲، ۶۹/۲، ۷۱/۲، ۱۱۳/۲، ۱۱۸/۲، ۱۲۴/۲، ۱۲۶/۲، ۱۳۱/۲، ۱۳۳/۲، ۱۶۷/۲، ۲۴۳/۲، ۲۴۶/۲، ۲۴۷/۲، ۲۴۸/۲، ۲۴۹/۲، ۲۵۸/۲، ۲۵۹/۲، ۲۶۰/۲، ۳۷/۳...... ۵۲۹ جگہ

قَالَا: ان دونوں نے کہا، قال کا تثنیہ، ۲۳/۷، ۴۵/۲۰، ۱۵/۲۷،

قَالَتْ: اس (مؤنث) نے کہا۔ قَوْلٌ سے ماضی۔ ۳۶/۳، ۳۷/۳، ۴۷/۳، ۲۷/۳، ۳۸/۷، ۳۹/۷، ۱۶۴/۷، ۷۲/۱۱، ۲۳/۱۲، ۲۵/۱۲، ۳۲/۱۲، ۱۰/۱۴، ۱۱/۱۴، ۱۸/۱۹، ۲۰/۱۹، ۲۳/۱۹، ۱۸/۲۷، ۲۹/۲۷، ۳۲/۲۷، ۳۴/۲۷، ۴۲/۲۷، ۴۴/۲۷، ۹/۲۸، ۱۱/۲۸، ۱۲/۲۸، ۲۵/۲۸، ۲۶/۲۸، ۱۳/۳۳، ۲۹/۵۱، ۳/۶۶، ۱۱/۶۶،

قَالَتِ: اس (مؤنث) نے کہا۔ ۱۱۳/۲، ۳۵/۳، ۴۲/۳، ۴۵/۳، ۱۸/۵، ۶۴/۵، ۳۰/۹، ۳۱/۱۲، ۵۱/۱۲، ۱۴/۴۹،

قَالَتَا: ان دونوں (عورتوں) نے کہا۔ ۲۳/۲۸، ۱۱/۴۱،

قَالُوْا: انہوں نے کہا۔ ۱۱/۲، ۱۳/۲، ۱۴/۲، ۲۵/۲، ۳۰/۲، ۳۲/۲، ۶۷/۲، ۶۸/۲، ۶۹/۲، ۷۰/۲، ۷۱/۲، ۷۶/۲، ۸۰/۲، ۸۸/۲، ۹۱/۲، ۹۳/۲، ۱۱۱/۲، ۱۱۶/۲، ۱۳۳/۲، ۱۳۵/۲، ۱۵۶/۲، ۱۷۰/۲، ۲۴۶/۲، ۲۴۷/۲، ۲۴۹/۲، ۲۵۰/۲، ۳۳۱ جگہ

قَالَهَا: اس نے وہ (بات) کہی۔ ۵۰/۳۹،

قَالِیْنَ: (ض، س) بیزار ہونے والے، سخت نفرت کرنے والے۔ قَلْوٌ وقِلیً سے اسم

فاعل، واحد قَالٍ. ۱۶۸/۲،

قَامَ: (ن) وہ کھڑا ہوا، وہ جم گیا۔ قَوْمٌ وقِیَامٌ سے ماضی۔ ۱۹/۷۲،

قَامُوْا: وہ کھڑے ہوئے۔ قِیَامٌ سے ماضی۔ ۲۰/۲، ۱۴۲/۴، ۱۴/۱۸،

قَانِتًا: (ن) بندگی کرنے والا، عاجزی کرنے والا، فرمانبرداری کرنے والا۔ مقررہ عبادت کو پورا پورا ادا کرنے والا۔ قُنُوْتٌ سے اسم فاعل۔ ۱۲۰/۱۶،

قَانِتٌ: بندگی کرنے والا، عاجزی کرنے والا ۹/۳۹،

قٰنِتٰتِ: فرمانبردار عورتیں، اطاعت گزار عورتیں قُنُوْتٌ سے اسم فاعل، واحد قَانِتَةٌ. ۳۵/۳۳،

قٰنِتٰتٍ: فرمانبردار عورتیں، اطاعت گزار عورتیں ۵/۶۶،

قٰنِتٰتٌ: فرمانبردار عورتیں۔ ۳۴/۴،

قٰنِتُوْنَ: فرمانبردار۔ طاعت کرنے والے، عبادت گزار۔ ۱۱۶/۲، ۲۶/۳۰،

قٰنِتِیْنَ: فرمانبردار، عبادت گزار، خاموش۔ ۲۳۸/۲، ۱۷/۳، ۳۵/۳۳، ۱۲/۶۶،

قٰنِطِیْنَ: (ف، ن، س، ض، ک) مایوس ہونے والے، خیر سے ناامید ہونے والے (المفردات /۱۱۳) قُنُوْطٌ و قَنَطٌ وقَنَاطَةٌ سے اسم فاعل، واحد قَانِطٌ. ۵۵/۱۵،

قَانِعَ: (س، ف) قناعت کرنے والا۔ تھوڑے سامان پر اکتفا کرنے والا، بے سوال فقیر۔ قُنُوْعٌ و قناعَةٌ سے اسم فاعل۔ ۳۶/۲۲،

قَاهِرُ: (ف) غالب ہونے والا، زبردست۔ قَهْرٌ سے اسم فاعل۔ ۱۸/۶، ۶۱/۶،

قٰهِرُوْنَ: غالب ہونے والے، زبردست، واحد قَاهِرٌ. ۱۲۷/۷،

قَآئِلٌ: (ن) کہنے والا۔ قَوْلٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰/۱۲، ۱۹/۱۸، ۵۱/۳۷،

قَآئِلُوْنَ: (ض) دوپہر کے وقت سونے والے، قَیْلٌ وقَیْلُوْلَةٌ سے اسم فاعل۔ ۴/۷،

قَآئِلُهَا: اس کو کہنے والا۔ ۱۰۰/۲۳،

قَآئِلِیْنَ: کہنے والے۔ قَوْلٌ سے اسم فاعل ۱۸/۳۳،

قَآئِمًا: قائم، جما رہنے والا۔ قِیَامٌ سے اسم فاعل۔ ۱۸/۳، ۷۵/۳، ۱۲/۱۰، ۹/۳۹، ۱۱/۶۲،

قَآئِمٌ: قائم، جما رہنے والا۔ ۳۹/۳، ۱۰۰/۱۱، ۳۳/۱۳،

قَآئِمَةٌ: کھڑی ہونے والی، جمی رہنے والی۔ قِیَامٌ سے اسم فاعل مؤنث۔ ۳۶/۱۸، ۵۰/۴۱، ۵/۵۹،

قَآئِمَةٌ: کھڑی ہونے والی، جمی رہنے والی۔ ۱۱۳/۳، ۷۱/۱۱،

قَآئِمُوْنَ: قائم رہنے والے، جمے رہنے والے ۳۳/۷۰

قَآئِمِیْنَ: قیام کرنے والے، کھڑے رہنے والے۔ ۲۶/۲۲،

ق ب

قَبَآئِلَ: قبیلے، کنبے، خاندان۔ قبیلہ اس گروہ کو کہتے ہیں جو ایک ہی باپ کی نسل سے ہو۔ واحد قَبِیْلَةٌ. ۱۳/۴۹،

قَبْرِهٖ: (ن، ض) اس کی قبر، میت کے دفن ہونے کی جگہ، مصدر بھی ہے اسم بھی، جمع قُبُوْرٌ. ۸۴/۹،

قَبَسٍ: انگارا، آگ کا شعلہ، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ۱۰/۲۰، ۷/۲۷،

قَبْضًا: (ض) قبض کرنا، کھینچنا، سمیٹنا، پکڑنا (بصلہ علیٰ) مصدر ہے۔ ۴۶/۲۵،

قَبْضَةً: تھوڑا سا لے لینا، مٹھی بھر، اسم مرہ۔ ۹۶/۲۰،

قَبَضْتُ: میں نے قبضہ لے لیا، میں نے پکڑ لیا۔ میں نے اختیار کر لیا۔ قَبْضٌ سے ماضی۔ ۹۶/۲۰،

قَبْضَتُهٗ: اس کا قبضہ، اس کا اختیار کامل، (المفردات/ ۳۹۱)۔ ۶۷/۳۹،

قَبَضْنٰهُ: ہم نے اس کو کھینچ لیا، ہم نے اس کو سمیٹ لیا۔ ۴۶/۲۵،

قَبْلَ: پہلے، آگے، اسم ظرف زمان و مکان دونوں کے لئے آتا ہے۔ ۱۵۹/۴، ۱۲۳/۷، ۶۲/۱۱، ۳۷/۱۲، ۷۶/۱۲، ۵۱/۱۷، ۱۰۹/۱۸، ۷۱/۲۰، ۱۳۰/۲۰، ۴۹/۲۶، ۳۸/۲۷، ۳۹/۲۷، ۴۰/۲۷، ۴۶/۲۷، ۱۶/۳۸، ۳۹/۵۰، ۱۶/۵۱، ۴۵/۵۶،

قَبْلِ: پہلے، آگے۔ ۲۳۷/۲، ۲۵۴/۲، ۹۳/۳، ۱۴۳/۳، ۴۷/۴، ۳۴/۵، ۴۹/۱۱، ۱۱۴/۲۰، ۱۳۴/۲۰، ۵۸/۲۴، ۴۳/۳۰، ۴۹/۳۰، ۴۹/۳۳، ۵۴/۳۹، ۵۵/۳۹، ۴۷/۴۲، ۴/۴۶، ۱۰/۵۷، ۲۲/۵۷، ۴/۵۸، ۱۰/۶۳، ۱/۷۱،

قَبْلُ: پہلے، آگے۔ ۲۵/۲، ۸۹/۲، ۹۱/۲، ۱۰۸/۲، ۴/۳، ۱۶۴/۳، ۹۴/۴، ۱۳۶/۴، ۱۶۴/۴، ۵۹/۵، ۷۷/۵، ۶۸/۶، ۸۴/۶، ۱۵۸/۶، ۵۳/۷، ۱۰۱/۷، ۱۲۹/۷، ۱۵۵/۷، ۱۷۳/۷، ۳۰/۹، ۴۸/۹، ۵۰/۹، ۱۰۷/۹، ۴۷/۱۰، ۹۱/۱۰، ۱۰۹/۱۱، ......۷۰ جگہ

قِبَلَ: مقابلہ کی طاقت، جانب، سمت، طرف ۱۷۷/۲، ۳۷/۲۷،

قُبُلًا: مقابل، سامنے۔ ۱۱۱/۶، ۵۵/۱۸،

قُبُلٍ: آگے، سامنے۔ ۲۶/۱۲،

قِبْلَةَ: قبلہ، سامنے کا رخ، نماز کی سمت، شرعی اصطلاح میں خانہ کعبہ کا نام قبلہ ہے، نماز میں خانہ کعبہ کی طرف منہ کرنا فرض ہے۔ ۱۴۳/۲، ۱۴۵/۲،

قِبْلَةً: قبلہ، سامنے کا رخ، نماز کی سمت، ۱۴۴/۲، ۸۷/۱۰،

قِبْلَتَكَ: تیرا قبلہ، وہ مقام جس کی طرف رخ کر کے تو نماز پڑھتا ہے۔ ۱۴۵/۲،

قِبْلَتَهُمْ: ان (یہودیوں) کا قبلہ۔ ۱۴۵/۲،

قِبْلَتِهِمُ: ان کا قبلہ۔ ۱۴۲/۲،

قَبْلَكَ: تجھ سے پہلے۔ ۷۷/۱۷، ۷/۲۱، ۲۰/۲۵، ۴۴/۳۴،

قَبْلِكَ: تجھ سے پہلے۔ ۴/۲، ۱۸۴/۳، ۶۰/۴، ۱۶۲/۴، ۱۰/۶، ۳۴/۶، ۴۲/۶، ۹۴/۱۰، ۱۰۹/۱۲، ۳۲/۱۳، ۳۸/۱۳، ۱۰/۱۵، ۴۳/۱۶، ۶۳/۱۶، ۲۵/۲۱، ۳۴/۲۱، ۴۱/۲۱، ۵۲/۲۲، ۴۶/۲۸، ۴۷/۳۰، ۳/۳۲، ۴/۳۵، ۶۵/۳۹، ۷۸/۴۰، ۴۳/۴۱، ۳/۴۲، ۲۳/۴۳، ۴۵/۴۳،

قِبَلَكَ: تیری جانب۔ ۳۶/۷۰،

قَبْلِكُمْ: تم سے پہلے۔ ۲۱/۲، ۱۸۳/۲، ۲۱۴/۲، ۱۳۷/۳، ۱۸۶/۳، ۲۶/۴، ۱۳۱/۴، ۵/۵، ۵۷/۵، ۱۰۲/۵، ۳۸/۷، ۶۹/۹، ۱۳/۱۰، ۱۱۶/۱۱، ۹/۱۴، ۳۴/۲۴، ۱۸/۲۹،

قَبْلِنَا: ہم سے پہلے۔ ۲۸۶/۲، ۱۵۶/۶،

قَبْلَهٗ: اس سے پہلے۔ ۹/۶۹،

قَبْلِهٖ: اس سے پہلے۔ ۱۴۴/۳، ۷۵/۵،

قَبْلِهٖ: اس سے پہلے۔ ۱۹۸/۲، ۱۶/۱۰، ۱۷/۱۱، ۳/۱۲، ۱۰۷/۱۷، ۱۳۴/۲۰، ۵۲/۲۸، ۵۳/۲۸، ۷۸/۲۸، ۴۸/۲۹، ۴۹/۳۰، ۲۱/۴۳، ۱۲/۴۶،

قِبَلِهٖ: اس کی جانب، ادھر۔ ۱۳/۵۷،

قَبْلِهَا: اس (مؤنث) سے پہلے۔ ۳۰/۱۳، ۴۲/۲۷،

قَبْلَهُمْ: ان سے پہلے۔ ۷۴/۱۹، ۹۸/۱۹، ۱۲۸/۲۰، ۶/۲۱، ۴۲/۲۲، ۳۱/۳۶، ۷۱/۳۷، ۱۲/۳۸، ۵/۴۰، ۱۷/۴۴، ۱۲/۵۰، ۳۶/۵۰، ۹/۵۴، ۵۶/۵۵، ۷۴/۵۵،

قَبْلِهِمْ: ان سے پہلے۔ ۱۱۸/۲، ۱۱/۳، ۶/۶، ۱۴۸/۶، ۵۲/۸، ۵۴/۸، ۷۰/۹، ۳۹/۱۰، ۱۰۲/۱۰، ۱۰۹/۱۰، ۶/۱۳، ۴۲/۱۳، ۲۶/۱۶، ۳۳/۱۶، ۳۵/۱۶، ۵۵/۲۴، ۵۹/۲۴، ۳/۲۹، ۹/۳۰، ۳۶/۳۲، ۱/۳۴، ۲۵/۳۵، ۴۴/۳۵، ۳/۳۸، ۲۵/۳۹، ......۳۷ جگہ

قَبْلِيْ: مجھ سے پہلے۔ ۱۸۳/۳، ۲۴/۲۱، ۱۷/۴۶،

قُبُوْرِ: قبریں، دفن ہونے کی جگہیں، واحد قَبْرٌ.

۷/۲۲، ۲۲/۳۵، ۱۳/۶۰، ۹/۱۰۰،

قُبُوْرُ: قبریں۔ ۴/۸۲،

قَبُوْلٍ: (س) قبول کرنا، مان لینا، مصدر ہے۔ ۳۷/۳،

قَبِیْلاً: مقابل۔ سامنے۔ ۹۲/۱۷،

قَبِیْلُهٗ: اس کا کنبہ، اس کا لشکر۔ ۲۷/۷،

ق ت

قِتَالَ: (مفا) قتال کرنا، جہاد کرنا، لڑنا، مصدر ہے۔ ۷۷/۴، ۲۵/۳۳،

قِتَالًا: قتال کرنا، جہاد کرنا۔ ۱۶۷/۳،

قِتَالِ: قتال کرنا، جہاد کرنا۔ ۱۲۱/۳، ۶۵/۸،

قِتَالِ: قتال کرنا، جہاد کرنا۔ ۲۱۷/۲، ۱۶/۸،

قِتَالٍ: قتال کرنا، جہاد کرنا۔ ۲۱۶/۲، ۲۴۶/۲، ۷۷/۴، ۲۰/۴۷،

قِتَالٌ: قتال کرنا، جہاد کرنا۔ ۲۱۷/۲،

قَتَرٌ: (ن،ض) سیاہی، (غم کی) کدورت، گرد وغبار، مصدر ہے۔ قَاتِرٌ اسم فاعل۔ قُتُوْرٌ صفتِ مشبہ۔ ۲۶/۱۰،

قَتَرَةٌ: غبار (غم کا) سیاہی، کدورت۔ ۴۱/۸۰،

قَتْلَ: (ن) قتل کرنا، مار ڈالنا، مصدر ہے۔ ۳۰/۵، ۱۳۷/۶،

قَتْلِ: قتل کرنا، مار ڈالنا۔ ۱۹۱/۲، ۲۱۷/۲، ۳۳/۱۷، ۱۶/۳۳،

قَتْلُ: قتل کرنا، مار ڈالنا۔ ۱۵۴/۳،

قَتَلَ: اس نے قتل کیا، اس نے ہلاک کیا۔ قَتْلٌ سے ماضی۔ ۲۵۱/۲، ۹۲/۴، ۳۲/۵، ۹۵/۵،

قُتِلَ: وہ قتل ہوا۔ وہ ہلاک ہوا۔ قَتْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۴۴/۳، ۳۳/۱۷، ۱۰/۵۱، ۱۹/۷۴، ۲۰/۷۴، ۱۷/۸۰، ۴/۸۵،

قَتْلٰی: مقتول، قتل کئے ہوئے، واحد قَتِیْلٌ بمعنی مقتول۔ ۱۷۸/۲،

قَتَلْتَ: تو نے قتل کیا، تو نے ہلاک کیا، قتل سے ماضی۔ ۷۴/۱۸، ۴۰/۲۰، ۱۹/۲۸،

قَتَلْتُ: میں نے قتل کیا، میں نے ہلاک کیا۔ ۳۳/۲۸،

قُتِلَتْ: وہ قتل کی گئی، وہ ہلاک کی گئی۔ ۹/۸۱،

قَتَلْتُمْ: تم نے قتل کیا، تم نے ہلاک کیا۔ ۷۲/۲،

قُتِلْتُمْ: تم قتل کئے گئے، تم ہلاک کئے گئے، قَتْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۵۷/۳، ۱۵۸/۳،

قَتَلْتُمُوْهُمْ: تم نے ان کو قتل کیا، تم نے ان کو ہلاک کیا۔ ۱۸۳/۳،

قَتَلْنَا: ہم نے قتل کیا، ہم نے ہلاک کیا۔ ۱۵۷/۴،

قُتِلْنَا: ہم قتل کئے گئے، ہمیں ہلاک کیا گیا، قَتْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۵۴/۳،

قَتَلُوْا: انہوں نے قتل کیا۔ انہوں نے ہلاک کیا۔ ۱۴۰/۶،

قُتِلُوْا: وہ قتل کئے گئے، وہ ہلاک کئے گئے۔ ۱۵۶/۳، ۱۶۸/۳، ۱۶۹/۳، ۱۹۵/۳، ۵۸/۲۲، ۴/۴۷،

قُتِّلُوْا: (تف) وہ قتل کئے گئے، وہ ہلاک کئے گئے۔ تَقْتِیْلٌ سے ماضی مجہول۔ ۶۱/۳۳،

قَتَلُوْهُ: انہوں نے اس کو قتل کیا، انہوں نے اس کو ہلاک کیا۔ ۱۵۷/۴،

قَتَلَهٗ: اس نے اس کو قتل کیا، اس نے اس کو ہلاک کیا۔ ۳۰/۵، ۹۵/۵، ۷۴/۱۸،

قَتَلَهُمْ: اس نے ان کو قتل کیا، اس نے ان کو ہلاک کیا۔ ۱۷/۸،

قَتْلَهُمْ: ان کو قتل کرنا، ان کو ہلاک کرنا۔ ۳۱/۱۷،

قَتْلَهُمُ: ان کو قتل کرنا، ان کو ہلاک کرنا۔ ۱۸۱/۳،

قَتْلِهِمْ: ان کو قتل کرنا، ان کو ہلاک کرنا۔ ۱۵۵/۴،

قَتُوْرًا: کنجوس، بخیل، تنگدل۔ قَتَرٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۰۰/۱۷،

ق ث

قِثَّآئِهَا: اس کی ککڑی، اسم جنس ہے، واحد وجمع دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ٦١/٢،

ق د

قَدْ: ہے، کافی، تحقیق، کبھی، اسم بھی ہے حرف بھی، ماضی اور مضارع دونوں پر آتا ہے، کثرت سے آیا ہے۔

قُدَّ: (ن) وہ پھاڑا گیا، پھٹا ہوا۔ قَدٌّ سے ماضی مجہول۔ قَدُ اور قَطُ دونوں کے معنی پھاڑنا، چیرنا ہیں، قد کا استعمال طول میں ہوتا ہے اور۔ قَطُ کا عرض میں۔ ٢٦/١٢، ٢٧/١٢، ٢٨/١٢،

قَدَّتْ: اس (عورت) نے پھاڑ دیا۔ قَدٌّ سے ماضی۔ ٢٥/١٢،

قَدْحًا: (ف) چقماق کو مار کر آگ نکالنا، گھوڑے کا ٹاپ مار کر آگ نکالنا، مصدر ہے۔ ٢/١٠٠،

قِدَدًا: مختلف، علیحدہ علیحدہ، جدا جدا، واحد قِدَّةٌ ١١/٧٢،

قَدَرَ: (ض، س، ن) وہ قادر ہوا، اس نے روزی تنگ کی، قَدْرٌ وقُدْرَةٌ وقُدُوْرٌ سے ماضی۔ ١٦/٨٩،

قَدَرًا: اندازہ کیا ہوا، تجویز کیا ہوا، لوح محفوظ میں لکھا ہوا۔ ٣٨/٣٣،

قَدَرِ: اللہ تعالیٰ کا حکم، اندازہ، مقدار۔ ٢١/١٥، ٤٠/٢٠، ١٨/٢٣، ٢٧/٤٢، ١١/٤٣، ٤٩/٥٤، ٢٢/٧٧،

قَدْرًا: اندازہ، مالی گنجائش، جمع اَقْدَارٌ۔ ٣/٦٥،

قَدْرِ: برکت، عظمت۔ ١/٩٧، ٢/٩٧، ٣/٩٧،

قُدِرَ: اس کی روزی تنگ کر دی گئی۔ قَدْرٌ سے ماضی مجہول۔ ١٢/٥٤، ٧/٦٥،

قَدَّرَ: (تف) اس نے اندازہ کیا، اس نے تجویز کیا۔ تَقْدِيْرٌ سے ماضی۔ ١٠/٤١، ١٨/٧٤، ١٩/٧٤، ٢٠/٧٤، ٣/٨٧،

قَدِّرْ: تو (کڑیوں کو) حساب سے جوڑ، تو اندازے کے ساتھ بنا۔ تَقْدِيْرٌ سے امر۔ ١١/٣٤،

قَدَرْنَا: ہم قدرت رکھتے ہیں، ہم نے اندازہ کیا۔ ٢٣/٧٧،

قَدَّرْنَا: ہم نے مقدر کر دیا، ہم نے مقرر کر دیا ٦٠/١٥، ١٨/٣٤، ٦٠/٥٦،

قَدَّرْنٰهُ: ہم نے اس کو مقرر کر دیا۔ ٣٩/٣٦،

قَدَّرْنٰهَا: ہم نے اس (مؤنث) کو مقرر کیا، ہم نے اس کو تجویز کیا۔ ٥٧/٢٧،

قَدَرُوْا: انہوں نے قدر کی، انہوں نے پہچانا ٩١/٦، ٦٧/٢٢، ٧٤/٣٩،

قَدَّرُوْهَا: انہوں نے اس کو مناسب اندازے سے بھرا ہوگا۔ ١٦/٧٦،

قَدَّرَهٗ: اس نے اس کا اندازہ کیا۔ ٥/١٠، ٢/٢٥، ١٩/٨٠،

قَدْرِهٖ: اس کی عظمت۔ اس کی معرفت۔ ٩١/٦، ٧٤/٢٢، ٦٧/٣٩،

قَدَرُهٗ: اس کی قدر۔ اس کی حیثیت۔ اس کی گنجائش۔ ٢٣٦/٢،

قَدَرِهَا: اس کی قدر، اس کا اندازہ، اس کی گنجائش، اس کی وسعت۔ ١٧/١٣،

قُدُسِ: (ن) پاک ہونا، مراد جبرائیل علیہ السلام، مصدر بھی ہے اسم بھی، ٨٧/٢، ٢٥٣/٢، ١١٠/٥، ١٠٢/١٦،

قَدَمَ: (ن) قدم، نشان، نیک کام، اچھا اجر، مصدر بھی ہے اسم بھی، جمع اَقْدَامٌ۔ ٢/١٠،

قَدَمَ صِدْقٍ: سچائی کا قدم، مراد بلند مرتبہ۔ ٢/١٠،

قَدَّمَ: (تف) اس نے آگے بھیجا، وہ سامنے لایا۔

تَقْدِیْمٌ سے ماضی۔ ٦١/٣٨، ١٣/٧٥،

قَدَمٌ: قدم، پاؤں، جمع اَقْدَامٌ. ٩٤/١٦،

قَدَّمَتْ: وہ پہلے کرچکی، وہ پہلے بھیج چکی۔ ٩٥/٢،
١٨٢/٣، ٦٢/٤، ٨٠/٥، ٥١/٨، ٥٧/١٨، ١٠/٢٢، ٤٧/٢٨، ٣٦/٣٠، ٤٨/٤٢،
١٨/٥٩، ٧/٦٢، ٤٠/٧٨، ٥/٨٢،

قَدَّمْتُ: میں نے پہلے بھیجا۔ ٢٨/٥٠، ٢٤/٨٩،

قَدَّمْتُمْ: تم نے پہلے بھیجا۔ ٤٨/١٢،

قَدَّمْتُمُوْهُ: تم اس کو سامنے لائے۔ ٦٠/٣٨،

قَدِمْنَا: ہم آئیں گے، ہم متوجہ ہوں گے، ماضی بمعنی مستقبل۔ ٢٣/٢٥،

قَدَّمُوْا: انہوں نے پہلے بھیج دیئے۔ ١٢/٣٦،

قَدِّمُوْا: تم پہلے بھیج دو، تم پہلے دیدو۔ تَقْدِیْمٌ سے امر۔ ٢٢٣/٢، ١٢/٥٨،

قُدُوْرٍ: ہانڈیاں، دیگیں، واحد قِدْرٌ. ١٣/٣٤،

قُدُّوْسِ: (ن) بہت پاک، بہت برکت والا، اللہ تعالیٰ کا اسم صفاتی۔ قُدْسٌ سے مبالغہ ١/٦٢،

قُدُّوْسُ: بہت پاک۔ بہت برکت والا۔ ٢٣/٥٩،

قَدِیْرًا: قدرت والا، زبردست، اللہ تعالیٰ کا اسمِ صفت۔ قَدْرٌ وقُدْرَةٌ سے صفتِ مشبہ۔
١٣٣/٤، ١٣٩/٤، ٥٤/٢٥، ٢٧/٣٣، ٤٤/٣٥، ٢١/٤٨،

قَدِیْرُ: قدرت والا، زبردست۔ ٣٩/٢٢، ٥٤/٣٠،

قَدِیْرٌ: قدرت والا، زبردست، ٢٠/٢، ١٠٦/٢، ١٠٩/٢،
١٤٨/٢، ٢٥٩/٢، ٢٨٤/٢، ٢٦/٣، ٢٩/٣، ١٦٥/٣، ١٨٩/٣،
١٧/٥، ١٩/٥، ٤٠/٥، ١٢٠/٥، ١٧/٦، ٤١/٨، ٣٩/٩، ٤/١١، ٧٠/١٦،
٧٧/١٦، ٦/٢٢، ٤٥/٢٤، ٢٠/٢٩، ٥٠/٣٠، ١/٣٥...... ٣٧ جگہ

قَدِیْمِ: (ک) قدیم، پرانا۔ قِدَمٌ وقَدَمَةٌ سے صفت مشبہ۔ ٩٥/١٢، ٣٩/٣٦

قَدِیْمٌ: قدیم، پرانا۔ ١١/٤٦،

ق ذ

قَذَفَ: (ن) اس نے ڈالا، اس نے پھینکا، اس نے زنا کی تہمت لگائی۔ قَذْفٌ سے ماضی۔
٢٦/٣٣، ٢/٥٩،

قَذَفْنٰهَا: ہم نے اس کو ڈال دیا، ہم نے اس کو پھینک دیا۔ ٨٧/٢٠،

ق ر

قَرٰی: بستیاں۔ دیہات۔ باشندے۔ ١٨/٣٤،

قُرًی: بستیاں۔ دیہات۔ باشندے۔ ١٨/٣٤، ٤/٥٩.

قُرٰی: بستیاں، باشندے، دیہات، واحد قَرْیَةٌ.
٩٢/٦، ١٣١/٦، ٩٦/٧، ٩٧/٧، ٩٨/٧، ١٠٠/١١، ١٠٢/١١، ١١٧/١١،
١٠٩/١٢، ٥٩/١٨، ٥٩/٢٨، ٧/٤٢، ٢٧/٤٦، ٧/٥٩،

قَرَارًا: (ض) قرار، آرام کی جگہ، ٹھکانا، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ٦١/٢٧، ٦٤/٤٠،

قَرَارِ: قرار، آرام کی جگہ۔ ٣٩/٤٠

قَرَارٍ: قرار، آرام کی جگہ۔ ٢٦/١٤، ١٣/٢٣، ٥٠/٢٣، ٢١/٧٧،

قَرَارُ: قرار، آرام کی جگہ۔ ٢٩/١٤، ٦٠/٣٨،

قَرَاطِیْسَ: کاغذ، اوراق، واحد قِرْطَاسٌ. ٩١/٦،

قُرْبٰی: (ن، ک، س) رشتہ داری، قرابت، نزدیکی، مصدر بھی ہے، اسم بھی۔ ٨٣/٢، ١٧٧/٢، ٨/٤،
٣٦/٤، ١٠٦/٥، ١٥٢/٦، ٤١/٨، ١١٣/٩، ٩٠/١٦، ٢٦/١٧، ٢٢/٢٤،
٣٨/٣٠، ١٨/٣٥، ٢٣/٤٢، ٧/٥٩،

قَرَّبَا: (تف) ان دونوں نے پیش کیا، وہ دونوں لائے۔ تَقْرِیْبٌ سے ماضی۔ ٢٧/٥،

قُرُبٰتٍ: خوشنودیاں، نزدیکیاں، واحد قُرْبَةٌ. ٩٩/٩،

قُرْبَانًا: قربانی، قرب حاصل کرنے کا ذریعہ، جمع

قَرَابِيْنَ. ۲۷/۵، ۲۸/۴۶،

قُرْبَان: قربانی، قرب، حاصل کرنے کا ذریعہ ۱۸۳/۳،

قُرْبَةٌ: قرب، نزدیکی، خوشنودی، جمع قُرُبَاتٌ ۹۹/۹،

قَرَّبْنٰهُ: (تف) ہم نے اس کو قریب کرلیا۔ تَقْرِيْبٌ سے ماضی۔ ۵۲/۱۹،

قَرَّبَهٗ: اس نے اس (کھانے) کو (فرشتوں) کے قریب کیا، اس نے اس کو سامنے رکھا، ۲۷/۵۱،

قُـرَّةَ: (س) آنکھ کی خنکی۔ مراد سرورِ قلب۔ ٹھنڈک۔ ۷۴/۲۵

قُرَّةَ اَعْيُنٍ: آنکھوں کی ٹھنڈک۔ ۷۴/۲۵

قُرَّةِ: سرورِ قلب، ٹھنڈک۔ ۱۷/۳۲،

قُرَّتُ: سرورِ قلب، ٹھنڈک۔ ۹/۲۸،

قَرْحُ: (ف، س) زخمی ہونا، مصدر بھی ہے اسم بھی، جمع قُرُوْحٌ، قُرْحٌ اس زخم کو کہتے ہیں جس کا سبب اندرونِ جسم ہو اور قَـرْحٌ اس زخم کو کہتے ہیں جس کا سبب بیرونِ جسم ہو لہٰذا پھوڑے پھنسی کی وجہ سے جو زخم ہوجائے اس کو قُـرْحٌ (پیش کے ساتھ) کہتے ہیں اور تلوار کے زخم کو قَـرْحٌ (زبر کے ساتھ) کہتے ہیں (المفردات/۴۰۰) ۱۷۲/۳،

قَرْحٌ: زخمی ہونا۔ ۱۴۰/۳،

قِرَدَةَ: بندر، لنگور، واحد قِرْدٌ. ۶۰/۵،

قِرَدَةً: بندر، لنگور۔ ۶۵/۲، ۱۶۶/۷،

قَرْضًا: (ض) قرض، ادھار، مصدر ہے۔ ۲۴۵/۲، ۱۲/۵، ۱۱/۵۷، ۱۸/۵۷، ۱۷/۶۴، ۲۰/۷۳،

قِرْطَاسٍ: کاغذ۔ جس پر لکھا جائے۔ جمع قَرَاطِيْسُ۔ ۷/۶،

قَـرْنَ: (ض) تم قرار پکڑو، تم سکون سے رہو، تم ٹھہری رہو۔ قَرَارٌ سے امر۔ ۳۳/۳۳،

قَرْنًا: گروہ، امتیں، زمانے، سینگ۔ ۶/۶، ۳۱/۲۳،

قَـرْنٍ: زمانہ، گروہ، امتیں، جمع قُـرُوْنٌ. ۶/۶، ۷۴/۱۹، ۹۸/۱۹، ۳/۳۸، ۳۶/۵۰،

قُرَنَآءَ: ساتھ رہنے والے (شیاطین) ہم نشین، واحد قَرِيْنٌ. ۲۵/۴۱،

قَـرْنَيْنِ: دو کنارے، دو زمانے، دو سینگ۔ ۸۳/۱۸، ۸۶/۱۸، ۹۴/۱۸،

قُرُوْنَ: گروہ، امتیں، زمانے۔ ۱۳/۱۰، ۴۳/۲۸،

قُرُوْنًا: نسلیں، گروہ۔ ۴۲/۲۳، ۳۸/۲۵، ۴۵/۲۸،

قُرُوْنِ: گروہ، امتیں، زمانے۔ ۱۱۶/۱۱، ۱۷/۱۷، ۵۱/۲۰، ۱۲۸/۲۰، ۷۸/۲۸، ۲۶/۳۲، ۳۱/۳۶،

قُرُوْنُ: قومیں، امتیں، زمانے۔ ۱۷/۴۶،

قُـرُوْٓءٍ: ایک حال سے دوسرے حال کی طرف منتقل ہونا حیض، واحد قُرْءٌ. ۲۲۸/۲،

قُرِئَ: (ن، ف) وہ پڑھا گیا، قَرْءٌ وقِرَاءَةٌ وقُرْءٰنٌ سے ماضی مجہول۔ ۲۰۴/۷، ۲۱/۸۴،

قُرْاٰنَ: قرآن، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا، اللہ تعالیٰ کی کتاب کا خاص نام، جو حضور اکرم ﷺ پر نازل کی گئی، کسی دوسری آسمانی کتاب کا نام قرآن نہیں۔ مصدر ہے۔ ۸۲/۴، ۳/۱۲، ۸۷/۱۵، ۹۱/۱۵، ۹۸/۱۶، ۹/۱۷، ۴۵/۱۷، ۷۸/۱۷، ۲/۲۰، ۳۰/۲۵، ۶/۲۷، ۷۶/۲۷، ۹۲/۲۷، ۸۵/۲۸، ۲۹/۴۶، ۲۴/۴۷، ۱۷/۵۴، ۲۲/۵۴، ۳۲/۵۴، ۴۰/۵۴، ۲/۵۵، ۲۱/۵۹، ۴/۷۳، ۲۳/۷۶،

قُـرْاٰنًـا: قرآن، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔ ۳۱/۱۳، ۱۰۶/۱۷، ۱۱۳/۲۰، ۲۸/۳۹، ۳/۴۱، ۴۴/۴۱، ۷/۴۲، ۱/۷۲،

قُرْءٰنًا: قرآن، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔ ۲/۱۲، ۳/۴۳،

قُرْاٰنِ: قرآن، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔ ۱۱۱/۹، ۴۱/۱۷، ۴۶/۱۷،

٦٠/١٧، ٨٢/١٧، ٨٨/١٧، ٨٩/١٧، ٥٤/١٨، ١١٤/٢٠، ١/٢٢، ٥٨/٣٠، ٣١/٣٤،
٢/٣٦، ١/٣٨، ٢٧/٣٩، ٢٦/٤١، ١/٥٠، ٤٥/٥٠، ٢٠/٧٣،

قُرْاٰن: قرآن، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔ ١٥/١٠، ٦١/١٠، ١/١٥،

قُرْاٰنُ: قرآن، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔ ١٨٥/٢، ١٠١/٥،
١٩/٦، ٢٠٤/٧، ٣٧/١٠، ٣٢/٢٥، ٣١/٤٣، ٢١/٨٤،

قُرْاٰنًا: قرآن، ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔ ٦٩/٣٦، ٧٧/٥٦، ٢١/٨٥،

قُرْاٰنَهٗ: اس کا پڑھنا۔ ١٧/٧٥، ١٨/٧٥،

قَرَاْتَ: تو نے پڑھا۔ قِرَائَةٌ سے ماضی۔ ٩٨/١٦، ٤٥/١٧،

قَرَاْنٰهُ: ہم نے اس کو پڑھا۔ ١٨/٧٥،

قَرَاَهٗ: اس نے اس کو پڑھا۔ قِرَاءَةٌ سے ماضی۔
حروف اور کلمات کو ایک دوسرے کے ساتھ ملا کر ترتیل (صاف اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنے) میں جمع کرنے کو قرأت کہتے ہیں۔ (المفردات/٤٠٢)۔ ١٩٩/٢٦،

قَرِّىْ: (س، ن، ض) تو ٹھنڈی کر۔ (آنکھیں) تو روشن کر۔ قُرٌّ و قُرَّةٌ سے امر۔ ٢٦/١٩

قَرِيْبًا: (س، ک) قریب، نزدیک۔ قُرْبٌ و قُرْبَانًا سے صفتِ مشبہ۔ ٤٢/٩، ٣١/١٣، ٥١/١٧، ٦٣/٣٣، ١٨/٤٨،
٢٧/٤٨، ١٥/٥٩، ٧/٧٠، ٤٠/٧٨،

قَرِيْبٍ: قریب، نزدیک۔ ١٧/٤، ٧٧/٤، ٨١/١١، ٤٤/١٤،
٥١/٣٤، ٤١/٥٠، ١٠/٦٣،

قَرِيْبٌ: قریب، نزدیک۔ ١٨٦/٢، ٢١٤/٢، ٥٦/٧، ٦١/١١،
٦٤/١١، ١٠٩/٢١، ٥٠/٣٤، ١٧/٤٢، ١٣/٦١، ٢٥/٧٢،

قَرْيَةَ: بستی، آبادی۔ ٥٨/٢، ١٦١/٧، ٨٢/١٢،

قَرْيَةً: بستی، آبادی۔ ١١٢/١٦، ١٦/١٧، ٣٤/٢٧،

قَرْيَةِ: بستی، آبادی۔ ٧٥/٤، ١٦٣/٧، ٧٧/١٨، ٧٤/٢١، ٤٠/٢٥،
٣١/٢٩، ٣٤/٢٩، ١٣/٣٦،

قَرْيَةٍ: بستی، آبادی۔ ٢٥٩/٢، ١٢٣/٦،

قَرْيَةٌ: بستی، آبادی۔ ٩٨/١٠،

قَرْيَتِكَ: تیری بستی، (مکہ مکرمہ)۔ ١٣/٤٧،

قَرْيَتِكُمْ: تمہاری بستی، ٨٢/٧، ٥٦/٢٧،

قَرْيَتِنَا: ہماری بستی۔ ٨٨/٧،

قَرْيَتَيْنِ: دو بستیاں، مراد مکہ وطائف۔ ٣١/٤٣،

قُرَيْشٍ: عدنان کے قبیلے کنانہ کی ایک شاخ جس میں حضور اکرم ﷺ کی ولادت ہوئی، ١/١٠٦،

قَرِيْنًا: ساتھی، ہم نشین، مصاحب، جمع قُرَنَاءُ ٣٨/٤،

قَرِيْنُ: ساتھی، ہم نشین، مصاحب۔ ٣٨/٤٣،

قَرِيْنٌ: ساتھی، ہم نشین۔ ٥١/٣٧، ٣٦/٤٣،

قَرِيْنُهٗ: اس کا ساتھی، اس کا ہم نشین۔ ٢٣/٥٠، ٢٧/٥٠،

ق س

قَسَتْ: (ن) وہ (دل) سخت پڑ گئے۔ وہ سیاہ ہوگئی۔ قَسْوَةٌ سے ماضی۔ ٧٤/٢، ٤٣/٦، ١٦/٥٧،

قِسْطَ: انصاف۔ عدل برابری۔ اسم ہے۔ جمع اَقْسَاطٌ. ٤٧/٢١،

قِسْطِ: انصاف، عدل، برابری۔ ١٨/٣، ٢١/٣، ١٢٧/٤،
١٣٥/٤، ٨/٥، ٤٢/٥، ١٥٢/٦، ٢٩/٧، ٤/١٠، ٤٧/١٠، ٥٤/١٠، ٨٥/١١،
٩/٥٥، ٢٥/٥٧،

قِسْطَاسِ: ترازو۔ میزان۔ اسم ہے جمع قَسَاطِيْس. ٣٥/١٧، ١٨٢/٢٦،

قَسَمٌ: قسم، اسم ہے، جمع اَقْسَامٌ. ٧٦/٥٦، ٥/٨٩،

قِسْمَةَ: (ض) تقسیم کرنا، بانٹنا، مصدر ہے۔ ٨/٤،

قِسْمَةٌ: تقسیم کرنا، بانٹنا۔ ٢٢/٥٣، ٢٨/٥٤،

قَسَمْنَا: (ض) ہم نے تقسیم کیا، ہم نے حصہ دیا۔ قَسْمٌ سے ماضی۔ ٣٢/٤٣،

قَسْوَةً: (ن) سخت ہونا، سنگینی، مصدر بھی ہے اسم

بھی۔ ٧٤/٢،

قَسْوَرَةٍ: شیر۔ شور غل۔ شکاری لوگ۔ تیرانداز، جمع قَسَاوِرَةٌ، ٥١/٧٤،

قِسِّيْسِيْنَ: عیسائی عالم، عیسائی درویش، واحد قِسِّيْسٌ. ٨٢/٥،

ق ص

قَصَّ: (ن) اس نے قصہ بیان کیا، (بصلہ علیٰ) قَصَصٌ سے ماضی۔ ٢٥/٢٨،

قِصَاص: بدلہ، قتل کا بدلہ۔ ١٧٩/٢،

قِصَاصُ: بدلہ، قتل کا بدلہ۔ ١٧٨/٢،

قِصَاصٌ: بدلہ، قتل کا بدلہ۔ ١٩٤/٢، ٤٥/٥،

قَصْدُ: (ض) سیدھا ہونا، اعتدال، میانہ روی، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ٩/١٦،

قَصْدُ السَّبِيْلِ: اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا سیدھا راستہ، یعنی سنت کا راستہ، جو شخص اس راستے پر چلے گا وہ اللہ تک پہنچ جائے گا. ٩/١٦،

قَصْرٍ: محل، چھوٹا ہونا۔ جمع قُصُوْرٌ. ٣٢/٧٧،

قَصْرٍ: محل، چھوٹا ہونا۔ ٤٥/٢٢،

قَصَصَ: (ن) قصہ بیان کرنا، نقش قدم پر چلنا، مصدر بھی ہے اسم بھی، واحد قِصَّةٌ۔ ١٧٦/٧، ٢٥/٢٨،

قَصَصًا: پیچھے چلنا۔ نقوش قدم پر چلنا۔ مصدر ہے۔ ٦٤/١٨،

قَصَصِ: قصہ بیان کرنا، حال بیان کرنا۔ ٣/١٢،

قَصَصُ: قصہ بیان کرنا۔ ٦٢/٣،

قَصَصْنَا: ہم نے قصہ بیان کیا، ہم نے حال بیان کیا۔ قَصَصٌ سے ماضی۔ ١١٨/١٦، ٧٨/٤٠،

قَصَصْنٰهُمْ: ہم نے ان کا قصہ بیان کیا۔ ١٦٤/٤،

قَصَصِهِمْ: ان کا قصہ، ان کا حال۔ ١١١/١٢،

قَصَمْنَا: (ض) ہم نے غارت کر دیا، ہم نے ریزہ ریزہ کر دیا، مراد ہلاک کرنا۔ قَصْمٌ سے ماضی۔ ١١/٢١،

قُصْوٰى: (س، ن) دور والا کنارہ، نہایت دور کا یعنی مدینہ منورہ سے دور مکہ معظّمہ کی طرف والا کنارہ، قَصْوٌ وقُصُوٌّ سے اسم تفضیل، ٤٢/٨،

قُصُوْرًا: محلات، واحد قَصْرٌ. ٧٤/٧، ١٠/٢٥،

قَصِيًّا: (ن) دور، الگ۔ قُصُوٌّ وقَصًا سے صفتِ مشبہ۔ ٢٢/١٩،

قُصِّيْهِ: تو (حضرت موسیٰؑ کی بہن) اس کے پیچھے پیچھے جا، تو اس کا سراغ لگا، قَصٌّ سے امر، ١١/٢٨،

ق ض

قَضٰى: (ض) اس نے فیصلہ کیا، اس نے پورا کیا، اس نے مقرر کیا۔ قَضَاءٌ سے ماضی ١١٧/٢، ٤٧/٣، ٢/٦، ٢٣/١٧، ٣٥/١٩، ١٥/٢٨، ٢٩/٢٨، ٢٣/٣٣، ٣٦/٣٣، ٣٧/٣٣، ٤٢/٣٩، ٦٨/٤٠،

قَضٰهَا: اس نے اس کی خواہش کی، اس نے اس کی تمنا کی۔ ٦٨/١٢،

قَضٰهُنَّ: اس نے ان (آسمانوں) کو بنایا، اس نے ان کو مقرر کیا۔ ١٢/٤١،

قَضْبًا: ترکاری، سبزی۔ ٢٨/٨٠،

قَضَوْا: انہوں نے حاجت پوری کر لی، وہ جی بھر چکے۔ قَضَاءٌ سے ماضی۔ ٣٧/٣٣،

قُضِيَ: وہ پورا کر دیا گیا، فیصلہ کیا گیا۔ قَضَاءٌ سے ماضی مجہول۔ ٢١٠/٢، ٨/٦، ٥٨/٦، ١١/١٠، ١٩/١٠، ٤٧/١٠، ٥٤/١٠، ٤٤/١١، ١١٠/١١، ٤١/١٢، ٢٢/١٤، ٣٩/١٩، ٦٩/٣٩، ٧٥/٣٩،

۸/۴۰، ۴۵/۴۱، ۱۴/۴۲، ۲۱/۴۲، ۲۹/۴۶،

قُضِيَتِ: وہ پوری کی گئی، وہ ختم کردی گئی۔ ۱۰/۶۲،

قَضَيْتَ: تونے فیصلہ کیا، تونے حکم دیا۔ قَضًا سے ماضی۔ ۶۵/۴،

قَضَيْتُ: میں نے پورا کیا۔ ۲۸/۲۸،

قَضَيْتُمْ: تم ادا کر چکو، تم پورا کر چکو۔ ۲۰۰/۲،

قَضَيْتُمُ: تم ادا کر چکو، تم پورا کر چکو۔ ۱۰۳/۴،

قَضَيْنَا: ہم نے حکم دیا، (بصلہ علیٰ) ہم نے فیصلہ کیا، (بصلہ اِلیٰ)۔ ۶۶/۱۵، ۴/۱۷، ۴۴/۲۸، ۱۴/۳۴،

ق ط

قِطْرًا: پگھلا ہوا تانبا۔ ۹۶/۱۸،

قِطْرِ: پگھلا ہوا تانبا۔ ۱۲/۳۴،

قَطِرَانٍ: گندھک۔ تیل کی طرح ایک سیال مادہ۔ ۵۰/۱۴،

قَطَّعَ: (تف) وہ کاٹ دے گا، وہ ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا، تَقْطِيْعٌ سے ماضی بمعنی مضارع، ۱۵/۴۷،

قِطْعٍ: ٹکڑا، رات کا ایک حصہ جمع قُطُوْعٌ و اَقْطَاعٌ. ۸۱/۱۱، ۶۵/۱۵،

قِطَعًا: ٹکڑے، واحد قِطْعَةٌ. ۲۷/۱۰،

قِطَعٌ: ٹکڑے۔ ۴/۱۳،

قُطِعَ: (ف) وہ کاٹا گیا۔ قَطْعٌ سے ماضی مجہول۔ ۴۵/۶،

قُطِّعَتْ: (تف) وہ کاٹی جاتی، وہ پھاڑی جاتی۔ تَقْطِيْعٌ سے ماضی مجہول۔ ۳۱/۱۳، ۱۹/۲۲،

قَطَعْتُمْ: تم نے کاٹا۔ ۵/۵۹،

قَطَّعْنَ: ان عورتوں نے کاٹا۔ ۳۱/۱۲، ۵۰/۱۲،

قَطَعْنَا: ہم نے کاٹ دیا، ہم نے نسل ختم کردی ۷۲/۷، ۳۶/۶۹،

قَطَّعْنٰهُمُ: ہم نے ان کو تقسیم کر دیا، ہم نے ان کو الگ الگ کر دیا۔ ۱۶۰/۷،

قَطَّعْنٰهُمْ: ہم نے ان کو تقسیم کر دیا۔ ہم نے ان کو الگ الگ کر دیا۔ ۱۶۸/۷،

قِطْمِيْرٍ: باریک جھلی جو کھجور کے گودے اور گٹھلی کے درمیان ہوتی ہے۔ یہاں اس سے مراد حقیر چیز۔ ۱۳/۳۵،

قِطَّنَا: ہمارا اعمال نامہ، ہماری چٹھی، ہمارا حصہ، جمع قُطُوْطٌ. ۱۶/۳۸،

قُطُوْفُهَا: اس کے پھل، اس کے میوے، اس کے خوشے واحد قَطْفٌ وقِطْفٌ. ۲۳/۶۹، ۱۴/۷۶،

ق ع

قَعَدَ: (ن) وہ بیٹھا، قُعُوْدٌ وقَعْدَةٌ سے ماضی۔ ۹۰/۹،

قَعَدُوْا: وہ بیٹھے۔ ۱۶۸/۳،

قَعُوْا: (ف) تم جھک جاؤ، تم گر پڑو۔ وُقُوْعٌ سے امر، اصل میں اِوْقَعُوْا تھا۔ ۷۲/۳۸

قُعُوْدًا: (ن) بیٹھنا، مصدر ہے۔ ۱۹۱/۳، ۱۰۳/۴،

قُعُوْدِ: بیٹھنا۔ ۸۳/۹،

قُعُوْدٌ: بیٹھنا۔ ۶/۸۵،

قَعِيْدٌ: بیٹھا ہوا، ہم نشین، نگرانی کرنے والا، قُعُوْدٌ سے صفت مشبہ، مراد آدمی جو کچھ کرتا ہے فرشتہ اسے دیکھتا رہتا ہے اور اعمالنامہ میں درج کرتا رہتا ہے (المفردات/۴۰۹) ۱۷/۵۰،

ق ف

قِفُوْهُمْ: (ض) تم اُن کو ٹھہراؤ، تم ان کو کھڑا کرو۔ وَقْفٌ اور وُقُوْفٌ سے امر، اصل میں اِوْقِفُوْا تھا۔ ۲۴/۳۷،

قَفَّيْنَا: (تف) ہم نے پیچھے بھیجا، ہم نے یکے بعد دیگرے بھیجا۔ تَقْفِيَةٌ سے ماضی۔ ۸۷/۲، ۴۶/۵، ۲۷/۵۷،

ق ل

قُلْ: (ن) تو کہہ، تو بات کر۔ قَوْلٌ سے امر، اصل میں۔ اُقْوُلْ تھا۔ ۸۰/۲، ۹۱/۲، ۹۳/۲، ۹۴/۲، ۹۷/۲، ۱۱۱/۲، ۱۲۰/۲، ۱۳۵/۲، ۱۳۹/۲، ۱۴۰/۲، ۱۴۲/۲، ۱۸۹/۲، ۲۱۵/۲، ۲۱۷/۲، ۲۱۹/۲، ۲۲۰/۲، ۲۲۲/۲، ۱۲/۳، ۱۵/۳، ۲۰/۳، ۲۹/۳، ۳۱/۳، ۳۲/۳، ۶۱/۳، ۶۴/۳،...... ۲۹۶ جگہ

قُلِ: تو کہہ، تو بات کر۔ ۲۱۹/۲، ۲۶/۳، ۱۲۷/۴، ۱۷۶/۴، ۱۲/۶، ۱۹/۶، ۶۴/۶، ۹۱/۶، ۱۵۸/۶، ۱۹۵/۷، ۱/۸، ۶۴/۹، ۱۰۵/۹، ۲۱/۱۰، ۳۴/۱۰، ۳۵/۱۰، ۱۰۱/۱۰، ۱۶/۱۳، ۵۱/۱۷، ۸۵/۱۷، ۱۱۰/۱۷، ۱۱۱/۱۷، ۲۶/۱۸، ۲۹/۱۸، ۶۸/۲۲،...... ۳۶ جگہ

قَلَّ: (ض) وہ قلیل ہوا، وہ کم ہوا۔ قِلًّا وقِلَّةٌ سے ماضی۔ ۷/۴،

قَلٰی: (ض، ن) اس نے نفرت کی، اس نے دشمنی کی۔ قَلْوٌ وقِلًی سے ماضی۔ ۳/۹۳،

قَلَآئِدَ: ہار، پٹہ، قربانی کے وہ جانور جن کے گلے میں بطور علامت پٹہ ڈال دیا جائے، واحد قِلَادَةٌ. ۲/۵، ۹۷/۵،

قَلْبِ: قلب، دل، طبیعت جمع قُلُوْبٌ. ۱۵۹/۳، ۳۵/۴۰،

قَلْبٍ: قلب، دل، عقل۔ ۸۹/۲۶، ۸۴/۳۷، ۳۳/۵۰،

قَلْبٌ: قلب، دل، عقل۔ ۳۷/۵۰،

قَلْبِكَ: تیرا دل۔ ۹۷/۲، ۱۹۴/۲۶، ۲۴/۴۲،

قَلَّبُوْا: (تف) انہوں نے پھیرا، انہوں نے پلٹا۔ تَقْلِيْبٌ سے ماضی۔ ۴۸/۹،

قَلْبَهٗ: اس کے دل کو۔ ۲۸/۱۸، ۱۱/۶۴،

قَلْبِهٖ: اس کا دل۔ ۲۰۴/۲، ۲۴/۸، ۳۲/۳۳، ۲۳/۴۵،

قَلْبُهٗ: اس کا دل، ۲۸۳/۲، ۱۰۶/۱۶،

قَلْبِهَا: اس (مؤنث) کا دل۔ ۱۰/۲۸،

قَلْبِیْ: میرا دل۔ ۲۶۰/۲،

قَلْبَيْنِ: دو دل۔ ۴/۳۳،

قُلْتَ: (ن) تو نے کہا۔ قَوْلٌ سے ماضی۔ ۱۱۶/۵، ۹۲/۹، ۷/۱۱، ۳۹/۱۸

قُلْتُ: میں نے کہا۔ ۱۱۷/۵، ۱۰/۷۱،

قُلْتُمْ: تم نے کہا، ۵۵/۲، ۶۱/۲، ۱۶۵/۳، ۱۸۳/۳، ۷/۵، ۱۵۲/۶، ۱۶/۲۴، ۳۴/۴۰، ۳۲/۴۵

قُلْتُهٗ: میں نے اس کو کہا۔ ۱۱۶/۵،

قَلَمِ: قلم، لکھنے کا آلہ، جمع اَقْلَامٌ. ۱/۶۸، ۴/۹۶،

قُلْنَ: ان عورتوں نے کہا، قَوْلٌ سے ماضی، ۳۱/۱۲، ۵۱/۱۲،

قُلْنَ: تم بات کیا کرو۔ قَوْلٌ سے امر۔ ۳۲/۳۳

قُلْنَا: ہم نے کہا، ہم نے حکم دیا۔ ۳۴/۲، ۳۵/۲، ۳۶/۲، ۳۸/۲، ۵۸/۲، ۶۰/۲، ۶۵/۲، ۷۳/۲، ۱۵۴/۴، ۱۱/۷، ۱۶۶/۷، ۳۱/۸، ۴۰/۱۱، ۶۰/۱۷، ۶۱/۱۷، ۱۰۴/۱۷، ۱۴/۱۸، ۵۰/۱۸، ۸۶/۱۸، ۶۸/۲۰، ۱۱۶/۲۰، ۱۱۷/۲۰، ۶۹/۲۱، ۳۶/۲۵، ۷۵/۲۸، ۹/۶۷

قُلُوْبِ: دل، عقل، وجدان، واحد قَلْبٌ ۱۵۱/۳، ۱۰۱/۷، ۱۲/۸، ۴۷/۱۰، ۱۲/۱۵، ۳۲/۲۲، ۲۰۰/۲۶، ۵۹/۳۰، ۴/۴۸، ۲۷/۵۷

قُلُوْبٍ: دل، عقل، وجدان۔ ۲۴/۴۷

قُلُوْبُ: دل۔ ۱۱۷/۹، ۲۸/۱۳، ۴۶/۲۲، ۳۷/۲۴، ۱۰/۳۳، ۴۵/۳۹، ۱۸/۴۰

قُلُوْبٌ: دل، عقل، وجدان۔ ۱۷۹/۷، ۴۶/۲۲، ۸/۷۹

قُلُوْبِكُمْ: تمہارے دل۔ ۱۰۳/۳، ۱۵۴/۳، ۳۶/۶، ۱۱/۸، ۷۰/۸، ۵۱/۳۳، ۵۳/۳۳، ۱۲/۴۸، ۷/۴۹، ۱۴/۴۹،

قُلُوْبُكُمْ: تمہارے دل، ۷۴/۲، ۲۲۵/۲، ۱۲۶/۳، ۱۰/۸، ۵/۳۳،

قُلُوْبُكُمَا: تم دونوں کے دل، تم دونوں کی نیتیں۔ ۴/۶۶،

قُلُوبَنَا: ہمارے دلوں کو۔ ۸/۳،

قُلُوْبِنَا: ہمارے دل۔ ۱۰/۵۹،

قُلُوْبُنَا: ہمارے دل۔ ۸۸/۲، ۱۵۵/۴، ۱۱۳/۵، ۵/۴۱،

قُلُوْبَهُمْ: ان کے دل، ۱۳/۵، ۴۱/۵، ۱۲۷/۹، ۳/۴۹، ۵/۶۱،

قُلُوْبِهِمْ: ان کے دل۔ ۷/۲، ۱۰/۲، ۷/۳، ۱۵۶/۳، ۱۶۷/۳، ۶۳/۴، ۵۲/۵، ۲۵/۶، ۱۰۰/۷، ۴۹/۸، ۶۳/۸، ۱۵/۹، ۶۴/۹، ۷۷/۹، ۸۷/۹، ۹۳/۹، ۱۱۰/۹، ۱۲۵/۹، ۸۸/۱۰، ۱۰۸/۱۶، ۴۶/۱۷، ۱۴/۱۸، ۵۷/۱۸، ۵۳/۲۲، ۵۰/۲۴ ...... ۷۴ جگہ

قُلُوْبِهِمْ: ان کے دل۔ ۹۳/۲، ۲۶/۴۸، ۲۲/۵۸، ۲/۵۹،

قُلُوْبُهُمْ: ان کے دل۔ ۱۱۸/۲، ۴۱/۵، ۴۳/۶، ۲/۸، ۸/۹، ۴۵/۹، ۶۰/۹، ۱۱۰/۹، ۲۸/۱۳، ۲۲/۱۶، ۳/۲۱، ۳۵/۲۲، ۵۳/۲۲، ۵۴/۲۲، ۶۰/۲۳، ۶۳/۲۳، ۲۲/۳۹، ۲۳/۳۹، ۱۶/۵۷، ۱۴/۵۹،

قُلُوْبِهِنَّ: ان عوتوں کے دل۔ ۵۳/۳۳،

قَلِيْلًا: قلیل، تھوڑا، حقیر۔ قِلَّةٌ سے صفتِ مشبہ۔ ۴۱/۲، ۷۹/۲، ۸۳/۲، ۸۸/۲، ۱۲۶/۲، ۱۷۴/۲، ۲۴۶/۲، ۲۴۹/۲، ۷۷/۳، ۱۸۷/۳، ۱۹۹/۳، ۴۶/۴، ۸۳/۴، ۱۴۲/۴، ۱۵۵/۴، ۱۳/۵، ۴۴/۵، ۳/۷، ۱۰/۷، ۸۶/۷، ۴۳/۸، ۹/۹، ۸۲/۹، ۱۱۶/۱۱، ۴۷/۱۲ ...... ۵۵ جگہ

قَلِيْلٍ: قلیل، تھوڑا، ۴۰/۲۳، ۱۶/۳۴،

قَلِيْلٌ: قلیل، تھوڑا۔ ۱۹۷/۳، ۶۶/۴، ۷۷/۴، ۲۶/۸، ۳۸/۹، ۴۰/۱۱، ۱۱۷/۱۶، ۲۲/۱۸، ۱۳/۳۴، ۲۴/۳۸، ۱۴/۵۶،

قَلِيْلَةٍ: قلیل، تھوڑی۔ قِلَّةٌ سے صفتِ مشبہ۔ ۲۴۹/۲

قَلِيْلُوْنَ: قلیل، تھوڑی، واحد قَلِيْلٌ. ۵۴/۲۶،

ق م

قُمْ: (ن) تو کھڑا ہوجا، تو تیار ہوجا۔ قَوْمٌ وقِيَامٌ اور قَامَةٌ وقَوْمَةٌ سے امر۔ ۲/۷۴،

قُمْ: تو کھڑا ہو۔ ۲/۷۳،

قُمْتُمْ: تم کھڑے ہوئے۔ قِيَامٌ سے ماضی۔ ۶/۵

قَمَرَ: (ن، ض، س) چاند، جمع اَقْمَارٌ. ۷۷/۶، ۹۶/۶، ۵/۱۰، ۴/۱۲، ۲/۱۳، ۳۳/۱۴، ۱۲/۱۶، ۳۳/۲۱، ۶۱/۲۹، ۲۹/۳۱، ۱۳/۳۵، ۳۹/۳۶، ۴۰/۳۶، ۵/۳۹، ۱۶/۷۱،

قَمَرًا: چاند۔ ۶۱/۲۵،

قَمَرِ: چاند۔ ۳۷/۴۱، ۳۲/۷۴، ۱۸/۸۴، ۲/۹۱،

قَمَرُ: چاند۔ ۱۸/۲۲، ۳۷/۴۱، ۱/۵۴، ۵/۵۵، ۸/۷۵، ۹/۷۵،

قَمْطَرِيْرًا: مصیبت، اور رنج کا طویل دن (مراد قیامت کا دن)۔ قَمْطَرَةٌ سے۔ ۱۰/۷۶،

قُمَّلَ: غلے کو کھانے والا کیڑا، سرخ پروالا کیڑا۔ گھن کا کیڑا، واحد قُمَّلَةٌ. ۱۳۳/۷،

قَمِيْصَهٗ: اس کی قمیص، اس کا کرتا، جمع قُمُصٌ و قُمْصَانٌ. ۲۵/۱۲، ۲۸/۱۲،

قَمِيْصِهٖ: اس کی قمیص، اس کا کرتا۔ ۱۸/۱۲،

قَمِيْصُهٗ: اس کی قمیص، اس کا کرتا۔ ۲۶/۱۲، ۲۷/۱۲،

قَمِيْصِيْ: میری قمیص، میرا کرتا۔ ۹۳/۱۲،

ق ن

قِنَا: (ض) تو ہمیں بچا، تو ہمیں محفوظ رکھ۔ وِقَاءٌ و وِقَايَةٌ سے امر، اصل میں۔ اِوْقِی تھا۔ ۲۰۱/۲، ۱۶/۳، ۹۱/۳،

قَنَاطِيْرِ: خزانے ڈھیر، انبار، واحد قِنْطَارٌ۔ اس کی مقدار کے تعین میں مفسرین کا اختلاف

ہے، بعض نے ایک ہزار دینار، بعض نے بارہ ہزار، چالیس ہزار، ساٹھ ہزار، اسّی ہزار، بتائی ہے سب کا حاصل یہ ہے کہ بہت زیادہ مال کو قنطار کہتے ہیں، (مظہری: ۲/۱۸) ۱۴/۳،

قِنْطَارًا: تودہ، ڈھیر، خزانہ، انبار۔ ۲۰/۴،

قِنْطَارٍ: خزانہ، انبار، مال کثیر۔ ۷۵/۳

قَنَطُوْا: (ن،س،ک) وہ ناامید ہوگئے، وہ مایوس ہوگئے۔ قُنُوْطٌ سے ماضی۔ ۲۸/۴۲،

قِنْوَانٌ: خوشے، گچھے، واحد قِنْوٌ. ۹۹/۶،

قَنُوْطٌ: ناامید، مایوس۔ ۴۹/۴۱،

ق و

قُوْا: تم بچاؤ۔ وِقَاءٌ و وِقَايَةٌ سے امر۔ اصل میں، اِوْقِيُوْا تھا۔ ۶/۶۶،

قُوٰى: قوتیں، طاقتیں، واحد قُوَّةٌ. ۵/۵۳

قَوَارِيْرَ: شیشے کے برتن، واحد قَارُوْرَةٌ. ۴۴/۲۷،

قَوَارِيْرَا: شیشے کے برتن۔ ۱۵/۷۶، ۱۶/۷۶،

قَوَاعِدَ: بنیادیں، دیواریں، واحد قَاعِدَةٌ ۱۲۷/۲

قَوَاعِدِ: بنیادیں، دیواریں۔ ۲۶/۱۶،

قَوَاعِدُ: عمر رسیدہ عورتیں جو نکاح، حمل اور حیض کے قابل نہ رہی ہوں، واحد قَاعِدٌ و قَاعِدَةٌ. ۶۰/۲۴،

قَوَامًا: معتدل، میانہ رو، متوسط۔ ۶۷/۲۵،

قَوّٰمُوْنَ: (ن) قائم رہنے والے، حاکم نگران، قَوْمٌ سے مبالغہ، واحد قَوَّامٌ. ۳۴/۴،

قَوّٰمِيْنَ: قائم رہنے والے، نگراں۔ ۱۳۵/۴، ۸/۵،

قُوَّةَ: قوت، طاقت، زور۔ ۱۶۵/۲، ۳۹/۱۸،

قُوَّةً: قوت، طاقت، زور۔ ۶۹/۹، ۵۲/۱۱، ۸۰/۱۱، ۷۸/۲۸

۹/۳۰، ۵۴/۳۰، ۴۴/۳۵، ۲۱/۴۰، ۸۲/۴۰، ۱۵/۴۱، ۱۳/۴۷،

قُوَّةِ: قوت، طاقت، زور۔ ۷۶/۲۸، ۵۸/۵۱،

قُوَّةٍ: قوت، طاقت، زور۔ ۶۳/۲، ۹۳/۲، ۱۴۵/۷، ۱۷۱/۷، ۶۰/۸، ۹۲/۱۶، ۹۵/۱۸، ۱۲/۱۹، ۳۳/۲۷، ۵۴/۳۰، ۲۰/۸۱، ۱۰/۸۶،

قُوَّتِكُمْ: تمہاری طاقت، تمہاری قوت، جمع قُوٰى. ۵۲/۱۱،

قُوْتِلْتُمْ: (مفا) تم سے لڑائی کی گئی، تم سے جنگ کی گئی۔ مُقَاتَلَةٌ سے ماضی مجہول۔ ۱۱/۵۹،

قُوْتِلُوْا: ان سے لڑائی کی گئی، ان سے لڑائی ہوئی۔ ۱۲/۵۹،

قَوْسَيْنِ: دو کمانیں، قَوْسٌ کا تثنیہ، جمع اَقْوَاسٌ، ۹/۵۳،

قَوْلَ: (ن) بات، حکم، وعدہ، مصدر ہے۔ ۱۸۱/۳، ۳۰/۹، ۱۰/۱۳، ۸۶/۱۶، ۳۴/۱۹، ۴/۲۱، ۳۰/۲۲، ۶۸/۲۳، ۵۱/۲۴، ۵۱/۲۸، ۱۸/۳۹، ۱/۵۸، ۴/۶۰،

قَوْلًا: بات، حکم، وعدہ، ۵۹/۲، ۲۳۵/۲، ۵/۴، ۸/۴، ۹/۴، ۶۳/۴، ۱۶۲/۷، ۲۳/۱۷، ۲۸/۱۷، ۴۰/۱۷، ۹۳/۱۸، ۴۴/۲۰، ۸۹/۲۰، ۱۰۹/۲۰، ۳۲/۳۳، ۷۰/۳۳، ۵۸/۳۶، ۳۳/۴۱، ۵/۷۳،

قَوْلِ: بات، حکم، وعدہ۔ ۱۰۸/۴، ۱۴۸/۴، ۱۱۲/۶، ۲۰۵/۷، ۳۳/۱۳، ۲۷/۱۴، ۷/۲۰، ۲۷/۲۱، ۱۱۰/۲۱، ۲۴/۲۲، ۳۲/۲۳، ۳۱/۳۴، ۳۰/۴۷، ۲/۴۹، ۲/۵۸، ۴۱/۶۹، ۴۲/۶۹، ۲۵/۸۱،

قَوْلٍ: بات، حکم، وعدہ۔ ۱۸/۵۰، ۸/۵۱،

قَوْلُ: بات، حکم، وعدہ۔ ۴۰/۱۱، ۱۶/۱۷، ۲۷/۲۳، ۸۲/۲۷، ۸۵/۲۷، ۶۳/۲۸، ۱۳/۳۲، ۷/۳۶، ۷۰/۳۶، ۳۱/۳۷، ۲۵/۴۱، ۱۸/۴۶، ۲۹/۵۰، ۴۰/۶۹، ۲۵/۷۴، ۱۹/۸۱،

قَوْلٌ: بات، حکم، وعدہ۔ ۲۶۳/۲، ۲۱/۴۷، ۱۳/۸۶،

قُوْلَا: تم دونوں کہو، قَوْلٌ سے امر، ۴۴/۲۰، ۴۷/۲۰، ۱۶/۲۶،

قَوْلِكَ: تیری بات، تیرا حکم۔ ۵۳/۱۱،

قَوْلُكُمْ: تمہاری بات۔ ۱۳/۶۷،

قَوْلُكُمْ: تمہاری بات۔ ۴/۳۳،

قَوْلُنَا: ہمارا قول، ہماری بات۔ ۴۰/۱۶،

قُوْلُوْا: تم کہو۔ قَوْلٌ سے امر۔ ۵۸/۲، ۸۳/۲، ۱۰۴/۲، ۱۳۶/۲، ۶۴/۳، ۵/۴، ۸/۴، ۱۶۱/۷، ۸۱/۱۲، ۴۶/۲۹، ۷۰/۳۳، ۱۴/۴۹

قَوْلُهٗ: اس کی بات۔ ۳۷/۶،

قَوْلُهٗ: اس کی بات۔ ۲۰۴/۲،

قَوْلِهَا: اس (مؤنث) کی بات۔ ۱۹/۲۷،

قَوْلَهُمْ: ان کی بات۔ ۱۴۷/۳،

قَوْلِهِمْ: ان کی بات۔ ۱۱۳/۲، ۱۱۸/۲، ۱۵۵/۴، ۱۵۶/۴، ۱۵۷/۴، ۴/۶۳،

قَوْلِهِمْ: ان کی بات۔ ۶۳/۵،

قَوْلُهُمْ: ان کی بات۔ ۳۰/۹، ۶۵/۱۰، ۵/۱۳، ۷۶/۳۶،

قَوْلِیْ: میری بات۔ ۲۸/۲۰، ۹۴/۲۰،

قُوْلِیْ: تو (مؤنث) کہہ دے، قَوْلٌ سے امر، ۲۶/۱۹،

قَوْمَ: قوم، ''صرف مردوں کا گروہ، عورتوں کی جماعت کو قوم نہیں کہتے۔ (المفردات/ ۴۱۸)۔ ۲۵۸/۲، ۲۶۴/۲، ۸۶/۳، ۱۴۰/۳، ۵۱/۵، ۶۷/۵، ۱۰۸/۵، ۱۴۴/۶، ۱۳۷/۷، ۱۵۰/۷، ۱۹/۹، ۲۴/۹، ۳۷/۹، ۸۰/۹، ۱۰۹/۹، ۱۳/۱۰، ۹۸/۱۰، ۸۹/۱۱، ۱۰۷/۱۶، ۷۴/۲۱، ۷۷/۲۱، ۳۷/۲۵، ۱۰/۲۶، ۱۱/۲۶، ۵۰/۲۸......۳۷ جگہ

قَوْمًا: قوم۔ ۸۶/۳، ۲۲/۵، ۸۹/۶، ۶۴/۷، ۱۳۳/۷، ۱۶۴/۷، ۱۳/۹، ۳۹/۹، ۵۳/۹، ۱۱۵/۹، ۷۵/۱۰، ۲۹/۱۱، ۵۷/۱۱، ۹/۱۲، ۸۶/۱۸، ۹۳/۱۸، ۹۷/۱۹، ۱۱/۲۱، ۴۶/۲۳، ۱۰۶/۲۳، ۱۸/۲۵، ۱۲/۲۷، ۳۲/۲۸، ۴۶/۲۸، ۳/۳۲...... ۴۰ جگہ

قَوْمِ: قوم۔ ۲۵۰/۲، ۲۸۶/۲، ۱۴۷/۳، ۷۸/۴، ۱۰۴/۴، ۲۵/۵، ۲۶/۵، ۶۸/۵، ۸۴/۵، ۴۵/۶، ۶۸/۶، ۷۷/۶، ۱۴۷/۶، ۴۷/۷، ۶۹/۷، ۱۰۹/۷، ۱۲۷/۷، ۱۵۰/۷، ۱۵۹/۷، ۱۷۶/۷، ۷۰/۹، ۹۶/۹، ۸۵/۱۰، ۸۶/۱۰، ۴۴/۱۱......۴۷ جگہ

قَوْمِ: (ی) میری قوم۔ ۵۴/۲، ۲۰/۵، ۲۱/۵، ۷۸/۶، ۱۳۵/۶، ۵۹/۷، ۶۱/۷، ۶۵/۷، ۶۷/۷، ۷۳/۷، ۷۹/۷، ۸۵/۷، ۹۳/۷، ۷۱/۱۰، ۸۴/۱۰، ۲۸/۱۱، ۲۹/۱۱، ۳۰/۱۱، ۵۰/۱۱، ۵۱/۱۱، ۵۲/۱۱، ۶۱/۱۱، ۶۳/۱۱، ۶۴/۱۱، ۷۸/۱۱......۴۷ جگہ

قَوْمٍ: قوم۔ ۱۱۸/۲، ۱۶۴/۲، ۲۳۰/۲، ۱۱۷/۳، ۹۰/۴، ۹۲/۴، ۲/۵، ۸/۵، ۴۱/۵، ۵۰/۵، ۵۴/۵، ۷۷/۵، ۹۷/۶، ۹۸/۶، ۹۹/۶، ۱۰۵/۶، ۱۲۶/۶، ۱۳۳/۶، ۳۲/۷، ۵۲/۷، ۵۸/۷، ۹۳/۷، ۱۳۸/۷، ۱۸۸/۷، ۲۰۳/۷......۷۶ جگہ

قَوْمُ: قوم۔ ۴۷/۶، ۹۹/۷، ۱۴۸/۷، ۱۷۷/۷، ۸۹/۱۱، ۸۷/۱۲، ۴۲/۲۲، ۴۳/۲۲، ۱۰۵/۲۶، ۱۶۰/۲۶، ۱۲/۳۸، ۱۳/۳۸، ۵/۴۰، ۳۷/۴۴، ۳۵/۴۶، ۱۲/۵۰، ۱۴/۵۰، ۹/۵۴، ۳۳/۵۴،

قَوْمٌ: قوم۔ ۱۱/۵، ۵۸/۵، ۱۰۲/۵، ۸۱/۷، ۱۳۸/۷، ۶۵/۸، ۶/۹، ۵۶/۹، ۱۲۷/۹، ۱۵/۱۵، ۶۲/۱۵، ۴/۲۵، ۱۶۶/۲۶، ۴۷/۲۷، ۵۵/۲۷، ۶۰/۲۷، ۱۹/۳۶، ۵۸/۴۳، ۸۸/۴۳، ۲۲/۴۴، ۱۱/۴۹، ۲۵/۵۱، ۵۳/۵۱، ۳۲/۵۲، ۱۳/۵۹، ۱۴/۵۹،

قَوْمَكَ: تیری قوم۔ ۷۴/۶، ۱۳۵/۷، ۵/۱۴، ۸۵/۲۰، ۱/۷۱،

قَوْمِكَ: تیری قوم۔ ۳۶/۱۱، ۸۳/۲۰، ۴۴/۴۳،

قَوْمُكَ: تیری قوم۔ ۶۶/۶، ۴۹/۱۱، ۵۷/۴۳،

قَوْمِكُمَا: تم دونوں کی قوم۔ ۸۷/۱۰،

قَوْمَنَا: ہماری قوم، ۳۰/۴۶، ۳۱/۴۶،

قَوْمِنَا: ہماری قوم۔ ۸۹/۷،

قَوْمُنَا: ہماری قوم۔ ۱۵/۱۸،

قُوْمُوْا: (ن) تم کھڑے ہوجاؤ، قِیَامٌ سے امر ۲۳۸/۲،

قَوْمَهٗ: اس کی قوم۔ ۱۲۷/۷، ۱۵۵/۷، ۹۸/۱۱، ۷۹/۲۰، ۵۴/۴۳، ۲۱/۴۶،

قَوْمِهٖ: اس کی قوم۔ ۱۲۸/۷، ۶/۱۴، ۳۳/۲۳، ۱۶/۲۹،

قَوْمِهٖ: اس کی قوم، ۵۴/۲، ۶۰/۲، ۶۷/۲، ۲۰/۵، ۸۳/۶، ۵۹/۷، ۶۰/۷، ۶۶/۷، ۷۵/۷، ۸۰/۷، ۸۲/۷، ۸۸/۷، ۹۰/۷، ۱۵۰/۷، ۷۱/۱۰، ۸۳/۱۰، ۲۵/۱۱، ۲۷/۱۱، ۳۸/۱۱، ۴/۱۴، ۱۱/۱۹، ۸۶/۲۰، ۵۲/۲۱، ۲۳/۲۳، ۲۴/۲۳،

قَوْمُهٗ: اس کی قوم۔ ۸۰/۶، ۱۳۷/۷، ۱۶۰/۷، ۷۸/۱۱، ۷۶/۲۸،

قَوْمَهَا: اس کی قوم کو۔ ۲۷/۱۹، ۲۴/۲۷،

قَوْمَهُمْ: ان کی قوم کو، ۹۰/۴، ۹۱/۴، ۱۲۲/۹، ۲۸/۱۴، ۵۱/۲۷،

قَوْمِهِمْ: ان کی قوم۔ ۷۴/۱۰، ۴۷/۳۰، ۲۹/۴۶، ۴/۶۰،

قَوْمَهُمَا: ان دونوں کی قوم کو ۱۱۵/۳۷،

قَوْمُهُمَا: ان دونوں کی قوم کو۔ ۴۷/۲۳،

قَوْمِیْ: میری قوم۔ ۱۴۲/۷، ۳۰/۲۵، ۱۱۷/۲۶، ۲۶/۳۶، ۵/۷۱،

قَوِیًّا: قوی، طاقتور، توانا۔ قُوَّةٌ سے صفتِ مشبہ، جمع اَقْوِیَاءُ. ۲۵/۳۳،

قَوِیُّ: قوی، طاقتور۔ ۶۶/۱۱، ۲۶/۲۸، ۱۹/۴۲،

قَوِیٌّ: قوی، طاقتور۔ ۵۲/۸، ۴۰/۲۲، ۷۴/۲۲، ۳۹/۲۷، ۲۲/۴۰، ۲۵/۵۷، ۲۱/۵۸،

ق ہ

قَهَّارِ: (ف) زبردست، غالب۔ قَهْرٌ سے مبالغہ، اللہ تعالیٰ کا اسمِ صفاتی۔ ۴۸/۱۴، ۱۶/۴۰،

قَهَّارُ: زبردست، غالب۔ ۳۹/۱۲، ۱۶/۱۳، ۶۵/۳۸، ۴/۳۹،

لَغَفُوْرٌ: البتہ بہت مغفرت کرنے والا۔ بہت معاف کرنے والا۔ ۱۶۵/۶، ۱۵۳/۷، ۱۶۷/۷، ۴۱/۱۱، ۱۸/۱۶، ۱۱۰/۱۶، ۱۱۹/۱۶، ۳۴/۳۵،

لِغُلٰمَيْنِ: دو لڑکوں کے لئے۔ ۸۲/۱۸،

لَغَنِيٌّ: البتہ غنی، البتہ بے نیاز۔ ۸/۱۴، ۶/۲۹،

لَغْوَ: فضول، بے ہودہ بات، بے ہودہ کام۔ ۵۵/۲۸،

لَغْوًا: فضول۔ بے ہودہ بات۔ بے کار۔ ۶۲/۱۹، ۲۵/۵۶، ۳۵/۷۸،

لَغْوِ: فضول، بیہودہ بات، بیہودہ کام بیکار۔ ۲۲۵/۲، ۸۹/۵، ۳/۲۳، ۷۲/۲۵،

لَغْوٌ: فضول، بہودہ بات، بے کار۔ ۲۳/۵۲،

لُغُوْبٍ: (ن، ف، س، ک) تھکنا، ماندگی، خستگی، مصدر واسم۔ ۳۸/۵۰،

لُغُوْبٌ: تھکنا، ماندگی، خستگی۔ ۳۵/۳۵،

لَغوِیٌّ: البتہ ناکام، البتہ بھٹکا ہوا۔ ١٨/٢٨،

ل ف

لَفٰعِلُوْنَ: البتہ کرنے والے۔ ٦١/١٢،

لِفَتٰهُ: اس کے خادم کے لئے۔ ٦٠/١٨، ٦٢/١٨،

لَفَتَحْنَا: البتہ ہم کھولتے۔ ٩٦/٧،

لَافْتَدَتْ: البتہ وہ بدل دے گا۔ ٥٤/١٠،

لَافْتَدَوْا: البتہ وہ بدل دیں گے۔ ١٨/١٣، ٤٧/٣٩،

لِفِتْیٰنِهٖ: اس کے خادموں (نوکروں) کے لئے ٦٢/١٢،

لَفَرِحٌ: البتہ خوش ہونا۔ ١٠/١١،

لِفُرُوْجِهِمْ: ان کی شرمگاہوں کے لئے۔ ٥/٢٣، ٢٩/٧٠،

لَفَسَدَتِ: البتہ وہ (زمین) تباہ ہوجاتی، البتہ وہ (زمین وآسمان) برباد ہوجاتے۔ ٢٥١/٢، ٧١/٢٣،

لَفَسَدَتَا: البتہ وہ دونوں (زمین وآسمان) درہم برہم ہوجاتے۔ ٢٢/٢١،

لَفِسْقٌ: البتہ فسق ہے۔ ١٢١/٦،

لَفَشِلْتُمْ: البتہ تم نے ہمت ہاری۔ ٤٣/٨،

لِفَضْلِهٖ: اس کے فضل سے۔ اس کی مہربانی سے۔ ٧٣/١٠،

لَفِیْفًا: (ن) لپیٹ کر، جمع کرکے، ملا ہوا۔ لَفٌّ سے صفتِ مشبہ بمعنی مفعول۔ ١٠٤/١٧،

ل ق

لَقٰدِرٌ: البتہ قدرت والا، البتہ زبردست۔ ٨/٨٦،

لَقٰدِرُوْنَ: البتہ قدرت والے، البتہ زبردست ١٨/٢٣، ٩٥/٢٣، ٤٠/٧٠،

لَقَدْ: البتہ تحقیق۔ ٦٥/٢، ٨٧/٢، ٩٢/٢، ٩٩/٢، ١٠٢/٢،

لَقّٰهُمْ: اس نے ان کو دی، اس نے ان کو عطا کر دی۔ تَلْقِیَةٌ سے ماضی۔ ١١/٧٦،

لِقَآءَ: (مفا) ملاقات کرنا، ملنا، مصدر ہے۔ ١٣٠/٦، ٥١/٧، ١١٠/١٨، ٥/٢٩، ١٤/٣٢، ٧١/٣٩، ٣٤/٤٥،

لِقَآءِ: ملاقات کرنا، ملنا۔ ٣١/٦، ١٥٤/٦، ١٤٧/٧، ٤٥/١٠، ٢/١٣، ٢٣/٢٣، ٥٤/٤١،

لِقَآئِیْ: ملاقات کرنا، ملنا۔ ٨/٣، ١٦/٣٠، ١٠/٣٢،

لِقَآءَنَا: ہماری ملاقات۔ ٧/١٠، ١١/١٠، ١٥/١٠، ٢١/٢٥،

لِقَآئِهٖ: اس کی ملاقات۔ ١٠٥/١٨، ٢٣/٢٩، ٢٣/٣٢،

لِقِتَالٍ: لڑائی کی لئے۔ ١٦/٨،

لَقَدِیْرٌ: البتہ قدرت والا۔ ٣٩/٢٢،

لَقُرْاٰنٌ: البتہ قرآن۔ ٧٧/٥٦،

لَقَسَمٌ: البتہ قسم۔ ٧٦/٥٦،

لَقُضِیَ: البتہ پورا کردیا گیا، البتہ فیصلہ کردیا گیا۔ ٨/٦، ٥٨/٦، ١١/١٠، ١٩/١٠، ١١٠/١١، ٤٥/٤١، ١٤/٤٢، ٢١/٤٢،

لَقَطَعْنَا: البتہ ہم نے کاٹ دیا، البتہ ہم نے نسل ختم کردی۔ ٤٦/٦٩،

لِقُلُوْبِكُمْ: البتہ تمہارے دلوں کے لئے۔ ٥٣/٢٢،

لُقْمٰنَ: لقمان، ایک متقی، دانا اور حکیم بزرگ کا اسم گرامی، اللہ تعالیٰ نے ان کو کمال درجہ کا علم وعمل عطا فرمایا تھا جس کو قرآن کریم میں حکمت کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ١٢/٣١،

لُقْمٰنُ: لقمان۔ ١٣/٣١،

لَقُوْا: انہوں نے ملاقات کی، وہ ملے۔ لَقِیٌ سے ماضی، اصل لفظ لَقِیُوْا تھا، یا حذف کر دی۔ ١٤/٢، ٧٦/٢،

لَقُوْكُمْ: وہ تم سے ملے۔ ١١٩/٣،

لَقَوْلُ: البتہ قول، البتہ بات، البتہ حکم۔ ٣٠/٦٩، ١٩/٨١،

لَقَوْلٌ: البتہ قول، البتہ بات، البتہ حکم۔ ١٣/٨٦،

لِقَوْلِهِمْ: ان کے قول کے لئے، ان کی بات کے لئے۔ ۴/۶۳،

لِقَوْمٍ: قوم کے لئے، مردوں کے گروہ کے لئے۔ ۱۱۸/۲، ۱۶۴/۲، ۲۳۰/۲، ۴۱/۵،

لِقَوْمِكَ: تیری قوم کے لئے۔ ۴۴/۴۳،

لِقَوْمِكُمَا: دونوں کی قوم کے لئے۔ ۸۷/۱۰،

لِقَوْمِهِ: اس کی قوم کے لئے۔ ۱۲۸/۷، ۶/۱۴، ۱۶/۲۹

لِقَوْمِهٖ: اس کی قوم کے لئے۔ ۵۴/۲، ۶۰/۲، ۶۷/۲، ۲۰/۵، ۸۰/۷، ۷۱/۱۰، ۵۴/۲۷، ۲۸/۲۹، ۱۲۴/۳۷، ۵/۶۱،

لِقَوْمِهِمْ: ان کی قوم کے لئے۔ ۴/۶۰،

لَقَوِيٌّ: البتہ قوی، البتہ زبردست۔ ۴۰/۲۲، ۷۴/۲۲، ۳۹/۲۷،

لَقِيَا: ان دونوں نے ملاقات کی وہ دونوں ملے۔ لُقِيٌّ سے ماضی۔ ۷۴/۱۸،

لَقِيتُمْ: تم نے ملاقات کی، تم ملے۔ ۱۵/۸، ۴/۴۷،

لَقِيتُمْ: تم نے ملاقات کی، تم ملے۔ ۴۵/۸،

لَقِينَا: ہماری ملاقات ہوئی، ہم ملے۔ ۶۲/۱۸،

ل ك

لَكَ: تیرے لئے۔ ۳۰/۲، ۵۵/۲،

لَكٰذِبُوْنَ: البتہ جھوٹ بولنے والے۔ ۲۸/۶، ۴۲/۹،

لَكٰذِبِيْنَ: البتہ جھوٹے۔ ۴۳/۹،

لَكٰرِهُوْنَ: البتہ کراہت (نفرت) کرنے والے۔ ۵/۸،

لَكَبِيْرَةٌ: دشوار، بڑی۔ ۴۵/۲،

لَكَبِيْرَةً: دشوار، بڑی بھاری۔ ۱۴۳/۲،

لَكَبِيْرُكُمْ: البتہ تم میں سب سے بڑا، ۷۱/۲۰، ۴۹/۲۶،

لِكِتٰبٌ: لکھنا، اعمال نامے۔ ۴۱/۴۱،

لِكَثِيْرٍ: بہت (لوگوں) کے لئے۔ ۱۳۷/۶،

لَكَفَّرْنَا: البتہ ہم دور کرتے، البتہ ہم معاف کرتے۔ ۶۵/۵،

لَكَفُوْرٌ: البتہ ناشکرا۔ ۶۶/۲۲، ۱۵/۴۳،

لِكُلِّ: سب کے لئے۔ ۱۱/۴، ۶۷/۶، ۱۰۸/۶، ۱۱۲/۶، ۱۵۴/۶، ۳۴/۷، ۱۳۵/۷، ۴۷/۱۰، ۴۹/۱۰، ۵۴/۱۰، ۷/۱۳، ۳۸/۱۳، ۵/۱۴، ۹/۳۴، ۴۴/۱۵، ۸۹/۱۶، ۳۴/۲۲، ۶۷/۲۲، ۱۱/۲۴، ۳۱/۲۵، ۳۱/۳۱، ۱۹/۴۶، ۷/۴۵، ۸/۵۰، ۳۲/۵۰، ۳/۶۵، ۳۷/۸۰، ۱/۱۰۴،

لِكُلٍّ: سب کے لئے۔ ۱۴۸/۲، ۳۳/۴، ۴۸/۵، ۱۳۲/۶، ۳۸/۷، ۱۹/۴۶،

لِكَلِمٰتِ: احکام کے لئے۔ ۳۴/۶، ۶۴/۱۰، ۱۰۹/۱۸،

لِكَلِمٰتِهٖ: اس کے احکام کے لئے۔ ۱۱۵/۶، ۲۷/۱۸،

لَكُمْ: تمہارے لئے، کثرت سے آیا ہے۔ ۲۹/۲، ۳۳/۲، ۲۲/۲،

لٰكِنْ: لیکن، حرف عطف ہے، سابقہ کلام سے پیدا شدہ وہم کو دور کرنے کے لئے آتا ہے۔ ۱۵۴/۲، ۲۲۵/۲، ...... ۶۰ جگہ۔

لٰكِنَّ: لیکن، حرف مشبہ بفعل، اسم کو نصب (زبر) اور خبر کو رفع (پیش) دیتا ہے۔ ۱۰۲/۲، ۱۷۷/۲، ۱۸۹/۲، ...... ۴۷ جگہ۔

لٰكِنَّا: لیکن ہم، حرف مشبہ بفعل۔ ۴۵/۲۸،

لَكُنْتُ: البتہ میں تھا، البتہ میں ہوں۔ ۵۷/۳۷، ۵۷/۳۹،

لٰكِنَّكُمْ: لیکن تم۔ ۵۶/۳۰، ۱۴/۵۷،

لَكَنُوْدٌ: البتہ بڑا ناشکرا۔ ۶/۱۰۰،

لٰكِنَّهٗ: لیکن وہ۔ ۱۷۶/۷،

لٰكِنَّهُمْ: لیکن وہ سب۔ ۵۶/۹،

لٰكِنِّيْ: لیکن میں، یا کی مناسبت سے ن کو کسرہ دیا گیا۔ ۶۱/۷، ۶۷/۷، ۲۹/۱۱، ۲۳/۴۶،

لِكَيْ: تا کہ۔ ۷۰/۱۶، ۵/۲۲، ۳۷/۳۳، ۵۰/۳۳، ۲۳/۵۷،

ل ل

لِلّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے لئے۔ ۱/۱، ۲۲/۲، ۹۸/۲، ۱۳۸ جگہ

لَلَبِثَ: البتہ وہ رہتا۔ ۱۴۴/۳۷،

لَلَبَسْنَا: البتہ ہم شبہ ڈالتے۔ ۹/۶،

لِلْجَبَلِ: پہاڑ کی طرف۔ ۱۴۳/۷،

لِلْجَبِیْنِ: پیشانی کے لئے، ماتھے کے لئے۔ ۱۰۳/۳۷،

لَلَجُّوْا: البتہ وہ اصرار کرتے ہیں۔ ۷۵/۲۳،

لِلْحَرْبِ: لڑائی کے واسطے۔ ۶۴/۵،

لِلْحَوَارِیّٖنَ: حواریوں کے لئے، ساتھیوں کے لئے۔ ۱۴/۶۱،

لِلْخَآئِنِیْنَ: خیانت کرنے والوں کے لئے۔ ۱۰۵/۴،

لِلْخَبِیْثٰتِ: خبیث عورتوں کے لئے۔ ۲۶/۲۴،

لِلْخَبِیْثِیْنَ: خبیث مردوں کے لئے۔ ۲۶/۲۴،

لِلْخُرُوْجِ: نکلنے کے لئے۔ ۸۳/۹،

لِلْخَیْرِ: خیر سے، بھلائی سے۔ ۲۵/۵۰،

لِلْعٰبِدِیْنَ: عبادت کرنے والوں کے لئے۔ ۸۴/۲۱،

لِلْعٰلَمِیْنَ: جہانوں کے لئے (اللہ تعالیٰ کے سواسب مخلوقات کے لئے۔ ۹۶/۳، ۱۰۸/۳، ۹۰/۶، ۱۰۴/۱۲، ۷۱/۲۱، ۹۱/۲۱، ۱۰۷/۲۱، ۱/۲۵، ۱۵/۲۹، ۸۷/۳۸، ۵۲/۶۸، ۲۷/۸۱

لِلْعٰلِمِیْنَ: عالموں کے لئے، جاننے والوں کے لئے۔ ۲۲/۳۰،

لِلْعِبَادِ: بندوں کے لئے۔ ۳۱/۴۰، ۱۱/۵۰،

لِلْعَبِیْدِ: بندوں کے لئے، ۱۸۲/۳، ۵۱/۸، ۱۰/۲۲، ۴۶/۴۱، ۲۹/۵۰،

لِلْعُسْرٰی: سختی کے واسطے، تنگی کے لئے۔ ۱۰/۹۲،

لِلْغٰوِیْنَ: گمراہوں کے لئے۔ ۹۱/۲۶،

لِلْـفُـقَرَآءِ: ضرورت مندوں (محتاجوں) کے لئے۔ ۲۷۳/۲، ۶۰/۹، ۸/۵۹،

لِلْقٰسِیَةِ: سخت ہونے والی کے واسطے ۲۲/۳۹،

لِلْقِتَالِ: قتال کرنے کے لئے، جہاد کرنے کے لئے۔ ۱۲۱/۳،

لِلْقَمَرِ: چاند کو۔ ۳۷/۴۱،

لِلْقَوْمِ: قوم کے لئے۔ ۸۵/۱۰، ۴۴/۱۱، ۴۱/۲۳،

لِلْکٰفِرِیْنَ: کافروں کے لئے۔ ۲۴/۲، ۱۵۱/۴،

لِلْکُتُبِ: لکھے ہوئے کو۔ ۱۰۴/۲۱،

لِلْکَذِبِ: جھوٹ کے لئے، جھوٹی بات کے لئے۔ ۴۱/۵، ۴۲/۵،

لِلْکُفْرِ: کفر کی طرف۔ ۱۶۷/۳،

لِلْمُتَّقِیْنَ: پرہیز گاروں کے لئے۔ ۲/۲، ۶۶/۲،

لِلْمُتَکَبِّرِیْنَ: تکبر کرنے والوں کے لئے، غرور کرنے والوں کے لئے۔ ۶۰/۳۹،

لِلْمُتَوَسِّمِیْنَ: اہل بصیرت کے لئے۔ ۷۵/۱۵،

لِلْمُحْسِنٰتِ: نیک عورتوں کے لئے۔ ۲۹/۳۳،

لِلْمُخَلَّفِیْنَ: پیچھے رہے ہوئے لوگوں کے لئے ۱۶/۴۸،

لِلْمُسْرِفِیْنَ: اسراف کرنے والوں کے لئے، حد سے بڑھنے والوں کے لئے۔ ۱۲/۱۰، ۳۴/۵۱،

لِلْمُصَلِّیْنَ: نماز پڑھنے والوں کے لئے۔ ۴/۱۰۷،

لِـلْـمُطَفِّفِیْنَ: ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لئے۔ ۱/۸۳،

لِلْمُطَلَّقٰتِ: طلاق دی ہوئی عورتوں کے لئے، ۲۴۱/۲،

لِلْمُقْوِیْنَ: مسافروں کے لئے۔ ۷۳/۵۶،

لِـلْـمَلٰٓئِکَةِ: فرشتوں کے لئے۔ ۳۰/۲، ۳۴/۲، ۶۱/۱۷، ۵۰/۱۸، ۱۱۶/۲۰، ۴۰/۳۴،

لِلْمَلَاِ: سرداروں کی جماعت کے لئے۔ ۳۴/۲۶،

لِلْمُوْقِنِیْنَ: یقین دلانے والوں کے لئے۔ ۲۰/۵۱،

لِلْمُؤْمِنٰتِ: ایمان والی عورتوں کے لئے۔ ۳۱/۲۴،

لِـلْمُؤْمِنِينَ: ایمان والے مردوں کے لئے۔ ۱۹/۴۷، ۲۸/۷۱،

لِلْوَالِدَيْنِ: والدین (ماں باپ) کے لئے ۱۸۰/۲،

لَلْهُدٰى: البتہ ہدایت، البتہ رہنمائی۔ ۱۲/۹۲،

لِلْاَنَامِ: مخلوق کے لئے۔ ۱۰/۵۵،

لِلْاَوَّابِيْنَ: بہت رجوع کرنے والوں کے لئے، بہت توبہ کرنے والوں کے لئے ۲۵/۱۷،

لِلْيَتٰمٰى: یتیموں کے لئے۔ ۱۲۷/۴،

لِلْيُسْرٰى: آسانی کے لئے۔ ۸/۸۷، ۷/۹۲،

ل م

لِمَ: کیوں، کس لئے، کس وجہ سے یہ تعلیل کے لام اور استفہام کے ما سے مرکب ہے، ما کے الف کو۔ تخفیفًا حذف کردیا۔ ۶۵/۳، ۷۰/۳، ۷۱/۳، ...... ۲۱ جگہ

لَمْ: حرف جازم ہے، مضارع کو منفی ماضی کے معنی میں کردیتا ہے، اگر لفظ کے آخر میں حرف علت ہو تو اس کو ساقط کردیتا ہے اور اگر لفظ کے آخر میں حرف علت نہ ہو تو آخری حرف کو سکون دیتا ہے، کثرت سے آیا ہے۔

لَـمَّا: یہ بھی حرف جازم ہے مضارع کو منفی ماضی کے معنی میں کردیتا ہے، نفی، شرط اور استثنا کے لئے آتا ہے۔ ۱۷/۲، ۸۹/۲، ۲۱۴/۲، ۱۰۳ جگہ

لَمًّا: (ن) جمع کرنا ج درست کرنا۔ لَمٌّ سے مضارع۔ ۱۹/۸۹،

لَمُبْتَلِيْنَ: البتہ امتحان لینے والے۔ ۳۰/۲۳،

لَمُبْلِسِيْنَ: البتہ حیرت زدہ، البتہ مایوس۔ ۴۹/۳۰،

لُمْتُنَّنِيْ: (ن، ک) تم (عورتوں) نے مجھے ملامت کی۔ لَوْمٌ سے ماضی۔ ۳۲/۱۲،

لِمِثْلِ: مثل کے لئے۔ مانند کے لئے۔ ۶۱/۳۷،

لِمِثْلِهٖ: اس کی مثال کے لئے، اس کی طرح کے لئے۔ ۱۷/۲۴،

لَمَثُوْبَةً: البتہ ایک خواب ہے۔ ۱۰۳/۲،

لَمَثُوْبَةٌ: البتہ ثواب، البتہ بدلہ۔ ۱۰۳/۲،

لَـمَجْمُوْعُوْنَ: البتہ وہ سب جمع کئے جائیں گے۔ ۵۰/۵۶،

لَمَجْنُوْنٌ: البتہ مجنوں۔ البتہ دیوانے۔ ۶/۱۵، ۲۷/۲۶، ۵۱/۶۸،

لَمْحِ: (ف) نظر چرا کر دیکھنا، پلک جھپکنا۔ ۷۷/۱۶،

لَمْحٍ: نظر چرا کر دیکھنا، پلک جھپکنا۔ ۵۰/۵۴،

لَـمَحْجُوْبُوْنَ: البتہ پردے میں کئے ہوئے، البتہ روکے ہوئے۔ ۱۵/۸۳،

لَـمُحْضَرُوْنَ: البتہ وہ حاضر کئے جائیں گے ۱۲۷/۳۷، ۱۵۸/۳۷،

لَمُحْيِ: البتہ زندہ کرنے والا۔ ۵۰/۳۰، ۳۹/۴۱،

لَمُحِيْطَةٌ: البتہ احاطہ کرنے والی، البتہ گھیرنے والی۔ ۴۹/۹، ۵۴/۲۹،

لَمُخْرَجُوْنَ: البتہ نکالے ہوئے۔ ۶۷/۲۷،

لَمُدْرَكُوْنَ: البتہ ہاتھ آئے ہوئے، البتہ پکڑے ہوئے۔ ۶۱/۲۶،

لَمَدِيْنُوْنَ: البتہ بدلہ دیئے ہوئے۔ ۵۳/۳۷،

لَمَرْدُوْدُوْنَ: البتہ رد کئے ہوئے، البتہ لوٹائے ہوئے۔ ۱۰/۷۹،

لُمَزَةٍ: بہت غیبت کرنے والا، عیب، طعنہ۔ لَمْزٌ سے مبالغے کے معنی میں صفت مشبہ ۱/۱۰۴،

لِمَسٰكِيْنَ: مسکینوں (غریبوں) کے لئے۔ ۷۹/۱۸،

لِمُسْتَقَرٍّ: ٹھہرنے کے لئے۔ ۳۸/۳۶،
لَمَسْجِدٌ: البتہ مسجد۔ ۱۰۸/۹،
لَمَسَخْنٰهُمْ: البتہ ہم نے ان کو مسخ کر دیا، البتہ ہم نے ان کی صورت بگاڑ دی۔ ۶۷/۳۶،
لَمُسْرِفُوْنَ: البتہ اسراف کرنے والے، البتہ حد سے بڑھنے والے۔ ۳۲/۵،
لَمَسَّكُمْ: البتہ اس نے تم کو مس کیا۔ ۱۴/۲۴، ۶۸/۸،
لَمَسْنَا: (ن) ہم نے چھوا۔ ہم نے ٹٹولا، ہم نے قصد کیا۔ لَمْسٌ سے ماضی۔ ۸/۷۲،
لَمَسُوْهُ: انہوں نے اس کو چھوا، انہوں نے ان کو ٹٹولا۔ ۷/۶،
لَمُشْرِكُوْنَ: البتہ شرک کرنے والے۔ ۱۲۱/۶،
لَمَعْزُوْلُوْنَ: البتہ معزول کیے ہوئے، البتہ برطرف کیے ہوئے۔ ۲۱۲/۲۶،
لَمُغْرَمُوْنَ: البتہ تاوان زدہ، البتہ قرضدار۔ ۶۶/۵۶،
لَمَغْفِرَةٌ: البتہ مغفرت کرنا، البتہ معاف کرنا، ۱۵۷/۳،
لَمَفْعُوْلًا: البتہ کیا ہوا۔ ۱۰۸/۱۷،
لَمَقْتُ: البتہ سخت ناپسندیدہ۔ ۱۰/۴۰،
لَمَكْرٌ: البتہ مکر، البتہ حیلہ۔ ۱۲۳/۷،
لَمُلِئْتَ: البتہ وہ تیرے اندر سما جائے۔ ۱۸/۱۸،
لَمُنَجُّوْهُمْ: البتہ ان کو نجات دینے والے، البتہ ان کو بچانے والے۔ ۵۹/۱۵،
لَمُنْقَلِبُوْنَ: البتہ وہ پھر جانے والے ہیں۔ ۱۴/۴۳،
لَمِنْكُمْ: البتہ تم میں سے۔ ۵۶/۹،
لَمُوْسِعُوْنَ: البتہ وسعت والوں کے لئے۔ البتہ مقدور والوں کے لئے۔ ۴۷/۵۱،
لَمَوْعِدُهُمْ: البتہ ان کے وعدے کی جگہ۔ ۴۳/۱۵،
لَمُوَفُّوْهُمْ: البتہ ان کو پورا پورا دینے والے ۱۰۹/۱۱،

لَمُهْتَدُوْنَ: البتہ وہ ہدایت پائیں گے۔ ۷۰/۲، ۴۹/۴۳،
لِمَهْلِكِهِمْ: ان کی ہلاکت کے لئے۔ ۵۹/۱۸،
لِمُؤْمِنٍ: ایمان والوں کے لئے۔ ۹۲/۴، ۳۶/۳۳،
لَمَيِّتُوْنَ: البتہ مردے۔ ۱۵/۲۳،
لِمِيْقَاتِ: مقررہ وقت کے لئے۔ ۳۸/۲۶،
لِمِيْقَاتِنَا: ہمارے مقررہ وقت کے لئے ۱۴۳/۷، ۱۵۵/۷،

ل ن

لَنْ: ہرگز نہیں۔ کثرت سے آیا ہے۔ ۲۴/۲، ۵۵/۲، ۶۱/۲،
لَنَا: ہمارے لئے، بکثرت آیا ہے۔ ۳۲/۲، ۶۱/۲، ۶۸/۲،
لِلنَّاسِ: لوگوں کے لئے، انسانوں کے لئے۔ ۸۳/۲، ۱۲۴/۲، ......۵۱ جگہ
لِلنّٰظِرِيْنَ: ناظرین کے لئے۔ ۱۰۸/۷، ۱۶/۱۵، ۳۳/۲۶،
لَنٰكِبُوْنَ: البتہ پھر جانے والے۔ ۷۴/۲۳،
لَنُبِذَ: البتہ وہ پھینکا گیا، البتہ وہ پس پشت ڈالا گیا۔ ۴۹/۶۸،
لَنَبْلُوَنَّكُمْ: البتہ ہم ضرور تمہاری آزمائش کریں گے۔ ۱۵۵/۲، ۳۱/۴۷،
لِنَبْلُوَهُمْ: تا کہ ہم ان کی آزمائش کریں۔ ۷/۱۸،
لَنُبَوِّئَنَّهُمْ: البتہ ہم ضرور ان کو ٹھکانا دیں گے ۴۱/۱۶،
لِلنَّبِيِّ: نبی کے واسطے۔ ۱۱۳/۹، ۵۰/۳۳،
لِنَبِيٍّ: نبی کے لئے۔ پیغمبر کے لئے۔ ۲۴۶/۲، ۱۶۱/۳، ۶۷/۸،
لَنُبَيِّتَنَّهٗ: البتہ ہم ضرور اس پر شب خون ماریں گے۔ ۴۹/۲۷،
لِنْتَ: (ض) تو نرمی کرتا ہے، تو نرم ہوا۔ لِيْنٌ سے ماضی۔ ۱۵۹/۳،
لَنَتَّخِذَنَّ: البتہ ہم ضرور بنائیں گے۔ ۲۱/۱۸،

لَانْتَصَرَ: البتہ وہ (اللہ تعالیٰ) بدلہ لیتا، البتہ وہ انتقام لیتا۔ ۴/۴۷،

لِنُثَبِّتَ: تاکہ ہم تقویت دیں۔ تاکہ ہم مطمئن رکھیں۔ ۳۲/۲۵،

لَنَجْزِيَنَّ: البتہ ہم ضرور جزا دیں گے۔ ۹۶/۱۶،

لَنَجْزِيَنَّهُمْ: البتہ ہم ان کو ضرور جزا دیں گے ۹۷/۱۶، ۷/۲۹، ۲۷/۴۱،

لِنَجْعَلَكَ: تاکہ ہم تجھ کو بنا دیں۔ ۲۵۹/۲،

لِنَجْعَلَهٗ: تاکہ ہم اس کو بنا دیں۔ ۲۱/۱۹،

لِنَجْعَلَهَا: تاکہ ہم اس (مؤنث) کو بنا دیں ۱۲/۶۹،

لَنُحَرِّقَنَّهٗ: البتہ ہم اس کو خوب جلائیں گے۔ ۹۷/۲۰،

لَنَحْشُرَنَّهُمْ: البتہ ہم ان کو ضرور اٹھائیں گے۔ ۶۸/۱۹،

لَنُحْضِرَنَّهُمْ: البتہ ہم ان کو ضرور حاضر کریں گے۔ ۶۸/۱۹،

لِنُحْيِيَ: تاکہ ہم زندہ کریں۔ ۴۹/۲۵،

لَنُحْيِيَنَّهٗ: البتہ ہم اس کو ضرور زندہ رکھیں گے۔ ۹۷/۱۶،

لِنُخْرِجَ: تاکہ ہم نکال دیں۔ ۱۵/۷۸،

لَنَخْرُجَنَّ: البتہ ہم ضرور نکلیں گے۔ ۱۱/۵۹،

لَنُخْرِجَنَّكَ: البتہ ہم تجھے کو ضرور نکالیں گے، ۸۸/۷،

لَنُخْرِجَنَّكُمْ: البتہ ہم تم کو ضرور نکالیں گے، ۱۳/۱۴،

لَنُخْرِجَنَّهُمْ: البتہ ہم ان کو ضرور نکالیں گے ۳۷/۲۷،

لَنُدْخِلَنَّهُمْ: البتہ ہم ان کو ضرور داخل کریں گے۔ ۹/۲۹،

لَنَذْهَبَنَّ: البتہ ہم ضرور لے جائیں گے ۸۶/۱۷،

لَنُذِيقَنَّهُمْ: البتہ ہم ان کو ضرور چکھائیں گے ۲۱/۳۲، ۵۰/۴۱،

لِنُذِيقَهُمْ: تاکہ ہم ان کو چکھا دیں۔ ۱۶/۴۱،

لَنَرٰىكَ: البتہ ہم تجھ کو دیکھتے ہیں۔ ۶۰/۷، ۶۶/۷، ۹۱/۱۱،

لَنَرٰىهَا: البتہ ہم اس کو دیکھتے ہیں۔ ۳۰/۱۲،

لَنَرْجُمَنَّكُمْ: البتہ ہم تم کو ضرور سنگسار کریں گے۔ ۱۸/۳۶،

لِنُرْسِلَ: تاکہ ہم ارسال کریں، تاکہ ہم بھیجیں ۳۳/۵۱،

لَنُرْسِلَنَّ: البتہ ہم ضرور بھیجیں گے۔ ۱۳۴/۷،

لِنُرِيَكَ: تاکہ ہم تجھ کو دکھا دیں۔ ۲۳/۲۰،

لِنُرِيَهٗ: تاکہ ہم اس کو دکھا دیں۔ ۱/۱۷،

لَنَزَّلْنَا: البتہ ہم اتارتے۔ ۹۵/۱۷،

لِلنِّسَآءِ: عورتوں کے لئے۔ بیویوں کے لئے۔ ۷/۴، ۳۲/۴،

لَنَسْفَعًا: البتہ ہم گھسیٹیں گے۔ ۱۵/۹۶،

لَنُسْكِنَنَّكُمْ: البتہ ہم تم کو ضرور بسائیں گے ۱۴/۱۴،

لِنُسْلِمَ: تاکہ ہم فرمانبردار ہو جائیں۔ ۷۱/۶،

لَنَسْئَلَنَّ: البتہ ہم ان سے ضرور باز پرس کریں گے۔ ۶/۷،

لَنَسْئَلَنَّهُمْ: البتہ ہم ان سے ضرور باز پرس کریں گے۔ ۹۲/۱۵،

لَنَصْبِرَنَّ: البتہ ہم ضرور صبر کریں گے۔ ۱۲/۱۴،

لَنَصَّدَّقَنَّ: البتہ ہم ضرور خیرات کریں گے۔ ۷۵/۹،

لِنَصْرِفَ: تاکہ ہم دور کر دیں۔ ۲۴/۱۲،

لَنَظُنُّكَ: البتہ ہم تجھ کو گمان کرتے ہیں۔ البتہ ہم تجھ کو سمجھتے ہیں۔ ۶۶/۷،

لِنَعْبُدَ: تاکہ ہم عبادت کریں۔ ۷۰/۷،

لِنَعْلَمَ: تاکہ ہم جان لیں۔ ۱۴۳/۲، ۱۲/۱۸، ۲۱/۳۴،

لَنَعْلَمُ: البتہ ہم جانتے ہیں۔ ۴۹/۶۹،

لِنُعَلِّمَهٗ: تاکہ ہم اس کو سکھا دیں۔ ۲۱/۱۲،

لَنُغْرِيَنَّكَ: البتہ ہم تجھے ضرور مسلط کریں۔

گے۔ ۶۰/۳۳،

لِنَفْتِنَهُمْ: تاکہ ہم ان کا امتحان لیں۔ ۱۳۱/۲۰، ۱۷/۷۲،

لَنَفِدَ: البتہ وہ ختم ہو جائے۔ ۱۰۹/۱۸،

لِنَفْسٍ: کسی جاندار کے لئے۔ کسی شخص کے لئے۔ ۱۴۵/۳، ۱۰۰/۱۰، ۱۹/۸۲،

لِنُفْسِدَ: تاکہ ہم فساد پھیلائیں۔ ۷۳/۱۲،

لِنَفْسِهٖ: اس کی ذات کے لئے۔ ۱۰۸/۱۰، ۱۵/۱۷، ۳۵/۱۸، ۴۰/۲۷، ۹۲/۲۷، ۶/۲۹، ۱۲/۳۱، ۱۸/۳۵، ۳۲/۳۵، ۱۱۳/۳۷،

لَانْفَضُّوْا: البتہ وہ بھاگ جاتے، البتہ وہ منتشر ہو جاتے۔ ۱۵۹/۳،

لَنَقُوْلَنَّ: البتہ ہم ضرور کہیں گے۔ ۴۹/۲۷،

لَنُكَفِّرَنَّ: البتہ ہم ضرور مٹا دیں گے۔ ۷/۲۹،

لَنَكُوْنَنَّ: البتہ ہم ضرور ہو جائیں گے۔ ۶۳/۶، ۲۳/۷، ۱۴۹/۷، ۱۸۹/۷، ۷۵/۹، ۲۲/۱۰،

لَنُنَجِّيَنَّهٗ: البتہ ہم اس کو ضرور بچالیں گے۔ ۳۲/۲۹،

لَنَنْزِعَنَّ: البتہ ہم ضرور کھینچ لیں گے۔ ۶۹/۱۹،

لَنَنْسِفَنَّهٗ: البتہ ہم ضرور اس (راکھ) کو اُڑا دیں گے۔ ۹۷/۲۰،

لَنَنْصُرُ: البتہ ہم مدد کرتے ہیں۔ ۵۱/۴۰،

لَنَنْصُرَنَّكُمْ: البتہ ہم ضرور تمہاری مدد کریں گے۔ ۱۱/۵۹،

لِنَنْظُرَ: تاکہ ہم دیکھیں۔ ۱۴/۱۰،

لِنُوْرِهٖ: اس کے نور کے لئے، اس کی روشنی کے لئے۔ ۳۵/۲۴،

لِنَهْتَدِيَ: تاکہ ہم ہدایت پائیں۔ ۴۳/۷،

لَنُهْلِكَنَّ: البتہ ہم ضرور ہلاک کریں گے۔ ۱۳/۱۴،

لَنَهْدِيَنَّهُمْ: البتہ ہم ان کو ضرور ہدایت دیں گے۔ ۶۹/۲۹

لَنُؤْمِنَنَّ: البتہ ہم ضرور ایمان لائیں گے۔ ۱۳۴/۷،

ل و

لَوْ: اگر، کاش، حرف تمنا و شرط ہے، کثرت سے آیا ہے۔

لَوَّاحَةٌ: جھلس دینے والی، رنگ بدل دینے والی۔ لَوْحٌ سے مبالغہ۔ ۲۹/۷۴،

لِوَاذًا: (مفا) نظر بچا کر۔ آڑ میں ہو کر۔ پناہ لینا۔ مصدر ہے۔ ۶۳/۲۴،

لَوَاقِحَ: (س) بادل کو پانی سے بھرنے والیاں، بوجھل کر دینے والیاں۔ لَقْحٌ اور لَقَاحٌ سے اسم فاعل، واحد لَاقِحَةٌ. ۲۲/۱۵،

لَوَاقِعٌ: البتہ واقع ہونے والا، البتہ گرنے والا۔ ۶/۵۱، ۷/۵۲، ۷/۷۷،

لِوَالِدَيْكَ: تیرے والدین کے لئے، تیرے ماں باپ کے لئے۔ ۱۴/۳۱،

لِوَالِدَيْهِ: اس کے والدین (ماں باپ) کے لئے۔ ۱۷/۴۶،

لِوَالِدَيَّ: میرے والدین (ماں باپ) کے لئے۔ ۴۱/۱۴، ۲۸/۷۱،

لَوَّامَةِ: بہت ملامت کرنے والا۔ لَوْمٌ سے مبالغہ۔ ۲/۷۵،

لَوَجَدُوْا: البتہ وہ پاتے۔ ۶۴/۴، ۸۲/۴،

لِوَجْهِهٖ: اس کے چہرے کے لئے، اس کی ذات کے لئے۔ ۹/۷۶،

لَوْحٌ: لوح، تختی۔ ۲۲/۸۵،

لُوْطًا: حضرت لوط علیہ السلام کا اسم گرامی۔ ۸۶/۶، ۸۰/۷، ۷۷/۱۱، ۷۱/۲۱، ۷۴/۲۱، ۵۴/۲۷، ۲۸/۲۹، ۳۲/۲۹، ۳۳/۲۹، ۱۳۳/۳۷،

لُوطِ: حضرت لوط علیہ السلام۔ ٦١/١٥، ١٦٠/٢٦،

لُوطٍ: حضرت لوط علیہ السلام۔ ٧٠/١١، ٧٤/١١، ٨٩/١١، ٤٣/٢٢، ٥٦/٢٧، ١٣/٣٨، ١٣/٥٠، ٣٣/٥٤، ٣٤/٥٤، ١٠/٦٦،

لُوطُ: حضرت لوط علیہ السلام۔ ٨١/١١، ١٦٧/٢٦،

لُوطٌ: حضرت لوط علیہ السلام۔ ١٦١/٢٦، ٢٦/٢٩،

لِوَقْتِهَا: اس کے وقت کے لئے۔ ١٨٧/٧،

لِوَقْعَتِهَا: اس کے واقع ہونے کے لئے۔ ٢/٥٦،

لَوْلَا: اگر یہ نہ ہوتا، کیوں نہیں۔ لَوْ حرفِ شرط اور لَا نافیہ سے مرکب ہے۔ ٦٤/٢، ١١٨/٢، ٢٥١/٢، ...... ٥٨ جگہ

لَوَلَّوْا: البتہ انہوں نے منہ موڑا۔ ٥٧/٩،

لَوَلَّوْ: البتہ انہوں نے منہ موڑا۔ ٢٢/٤٨،

لَوَلَّيْتَ: البتہ تو نے منہ موڑا۔ ١٨/١٨،

لَوْمَةَ: (ن) ملامت، ملامت کرنا، مصدر ہے ٥٤/٥،

لَوْنُهَا: اس کا رنگ، جمع اَلْوَانٌ۔ ٦٩/٢،

لَوَّوْا: (تف) وہ پھیرتے ہیں، وہ موڑتے ہیں تَلْوِيَةٌ سے ماضی۔ ٥/٦٣،

ل ہ

لَهُ: اس کے لئے، اس کا، اس میں 'ل' حرفِ جار ہے اور 'ھا' واحد مذکر غائب کی ضمیر، کثرت سے آیا ہے۔

لَهَادِ: البتہ ہدایت (رہنمائی) کرنے والا۔ ٥٤/٢٢،

لَهَبِ: (س) آگ بھڑکنا، شعلہ، مصدر ہے۔ ٣١/٧٧،

لَهَبٍ: آگ بھڑکنا، شعلہ۔ ١/١١١، ٣/١١١،

لَهَدَى: البتہ اس نے ہدایت یاب کیا۔ ٣١/١٣،

لَهُدًى: البتہ ہدایت، البتہ رہنمائی۔ ٧٧/٢٧،

لَهَدٰكُمْ: البتہ وہ تم کو ہدایت کرتا۔ ١٤٩/٦، ٩/١٦،

لَهُدِّمَتْ: البتہ وہ منہدم کی گئی، البتہ وہ گرائی گئی۔ ٤٠/٢٢،

لَهَدَيْنٰكُمْ: البتہ ہم تم کو ہدایت کرتے۔ ٢١/١٤،

لَهَدَيْنٰهُمْ: البتہ ہم نے ان کو ہدایت دی۔ ٦٨/٤،

لَهُمْ: ان کے لئے، حرف جر 'ل' اور ضمیر منفصل غائب "هُمْ" سے مرکب ہے، کثرت سے آیا ہے۔ ٧/١، ١٠/٢، ١١/٢،

لَهَمَّتْ: البتہ اس نے ارادہ کیا۔ ١١٣/٤،

لَهْوًا: (ن) کھیل، تماشہ، غفلت کرنا، مصدر و اسم۔ ٦/٣١، ١١/٦٢،

لَهْوَ الْحَدِيْث: گانا بجانا، آلات موسیقی، ہر وہ چیز جو انسان کو خیر اور معروف سے غافل کردے۔ ٦/٣١،

لَهْوًا: کھیل، تماشا، غفلت کرنا۔ ٧٠/٦، ٥١/٧، ١٧/٢١،

لَهْوِ: کھیل، تماشا، غفلت کرنا۔ ١١/٦٢،

لَهْوٌ: کھیل، تماشا، غفلت کرنا، ٣٢/٦، ٦٤/٢٩، ٣٦/٤٧، ٢٠/٥٧،

ل ء

لَاٰمُرَنَّهُمْ: البتہ میں ان کو ضرور حکم دوں گا۔ ١١٩/٤،

لِاُتِمَّ: تاکہ میں تمام کروں۔ تاکہ میں پورا کروں، ١٥٠/٢،

لَاَجِدَنَّ: البتہ میں ضرور پاؤں گا۔ ٣٦/١٨،

لَاَجْعَلَنَّكَ: البتہ میں تجھ کو ضرور بناؤں گا۔ ٢٩/٢٦،

لِاِخْوَانِنَا: ہمارے بھائیوں کے لئے۔ ١٠/٥٩،

لِاِخْوَانِهِمْ: اپنے بھائیوں کے لئے۔ ١٥٦/٣، ١٦٨/٣، ١٨/٣٣،

لِاِخْوَانِهِمْ: اپنے بھائیوں کے لئے۔ ١١/٥٩،

لِاَخِيْ: میرے بھائی کو۔ ١٥١/٧،

لَاَدْخَلْنٰهُمْ: البتہ ہم ان کو داخل کرتے ہیں، ٦٥/٥،

لَاُدْخِلَنَّكُمْ: البتہ میں تم کو داخل کروں گا ١٢/٥،

لَاُدْخِلَنَّهُمْ: البتہ میں ان کو داخل کروں گا ١٩٥/٣،

لَاَذْبَحَنَّهٗ: البتہ میں اس کو ضرور ذبح کروں گا، ٢١/٢٧،

لَاَرْجُمَنَّكَ: البتہ میں تجھے ضرور سنگسار کروں گا۔ ٤٦/١٩،

لَاَزِيْدَنَّكُمْ: البتہ میں تم کو ضرور زیادہ دوں گا۔ ٧/١٤،

لَاُزَيِّنَنَّ: البتہ میں زینت دوں گا۔ ٣٩/١٥،

لَاَسْتَغْفِرَنَّ: البتہ میں ضرور مغفرت مانگوں گا۔ ٤/٦٠،

لَاُصَلِّبَنَّكُمْ: البتہ میں تم کو ضرور سولی دوں گا ١٢٤/٧،

لَاَظُنُّكَ: البتہ میں تجھ کو گمان کرتا ہوں۔ ١٠١/١٧، ١٠٢/١٧،

لَاَظُنُّهٗ: البتہ میں اس کو گمان کرتا ہوں۔ ٣٨/٢٨، ٣٧/٤٠،

لَاَعْنَتَكُمْ: البتہ وہ تم کو مصیبت میں ڈال دیتا ٢٢/٢،

لَاَغْلِبَنَّ: البتہ میں ضرور غالب آؤں گا۔ ٢١/٥٨،

لَاُغْوِيَنَّهُمْ: البتہ میں ان کو گمراہ کروں گا، ٣٩/١٥، ٨٢/٣٨،

لِاَقْتُلَكَ: تاکہ میں تجھ کو قتل کر دوں۔ ٢٨/٥،

لَاَقْتُلَنَّكَ: البتہ میں تجھ کو ضرور قتل کروں گا ٢٧/٥،

لِاَقْرَبَ: نزدیک تر، قریب تر۔ ٢٤/١٨،

لَاُقَطِّعَنَّ: البتہ میں ضرور کاٹوں گا۔ ١٢٤/٧،

لَاَقْعُدَنَّ: البتہ میں بیٹھوں گا۔ ١٦/٧،

لِاَكْفُرَ: تاکہ میں کفر کروں۔ ٤٠/٢٧،

لَاُكَفِّرَنَّ: البتہ میں ضرور دور کر دوں گا، البتہ میں ضرور معاف کروں گا۔ ١٩٥/٣،

لَاَكَلُوْا: البتہ وہ کھاتے۔ ٦٦/٥،

لَاَكُوْنَنَّ: البتہ میں ہو جاؤں گا ٧٧/٦،

لَاَكِيْدَنَّ: البتہ میں ضرور گت بناؤں گا۔ ٥٧/٢١،

لِئَلَّا: تاکہ نہ ہو، یہ 'لِ'، اَنْ اور لَا سے مرکب ہے۔ ١٥٠/٢، ١٦٥/٤، ٢٩/٥٧،

لُؤْلُؤًا: موتی، جمع لَاٰلِی۔ ٢٣/٢٢، ٣٣/٣٥، ١٩/٧٦،

لُؤْلُؤِ ا: موتی۔ ٢٣/٥٦،

لُؤْلُؤُ: موتی۔ ٢٢/٥٥،

لُؤْلُؤٌ: موتی۔ ٢٤/٥٢،

لَاَمَّارَةٌ: البتہ وہ حکم کرنے والا ہے۔ ٥٣/١٢،

لِاَمٰنٰتِهِمْ: ان کی امانتوں کے لئے۔ ٨/٢٣، ٣٢/٧٠،

لَاَمْسَكْتُمْ: البتہ تم بند رکھتے۔ ١٠٠/١٧،

لَاَمْلَئَنَّ: البتہ میں ضرور بھر دوں گا۔ ١٨/٧، ١١٩/١١، ١٣/٣٢، ٨٥/٣٨

لَاُمَنِّيَنَّهُمْ: البتہ میں ضرور ان کو آرزوئیں دلاؤں گا۔ ١١٩/٤،

لِاُنْذِرَكُمْ: تاکہ میں تم کو ڈراؤں۔ ١٩/٦،

لِاَنْعَامِكُمْ: تمہارے مویشیوں کے لئے۔ ٣٣/٧٩، ٣٢/٨٠

لِاَنْعُمِهٖ: ان کی نعمتوں کے لئے۔ ١٢١/١٦،

لَاَوَّاهٌ: البتہ وہ دردمند ہے۔ ١١٤/٩،

لَاُوْتَيَنَّ: البتہ وہ مجھے ضرور دیا جائے گا۔ ٧٧/١٩،

لَاَوْضَعُوْا: البتہ وہ گھوڑے دوڑاتے، البتہ وہ دوڑے دوڑے پھرتے۔ ٤٧/٩،

لِاُوْلٰهُمْ: ان سے پہلے لوگوں کے لئے۔ ٣٨/٧،

لِاَوَّلِنَا: ہمارے اول کے لئے۔ ١١٤/٥،

لِاَهَبَ: تاکہ میں بخشوں، تاکہ میں دے جاؤں، ١٩/١٩،

لِاِيْلٰفِ: الفت دلانے کے لئے۔ ١/١٠٦،

لِاَيْمَانِكُمْ: اپنی قسموں کے لئے، اپنی قسموں کے ذریعے۔ ٢٢٤/٢،

ل ی

لَیًّا: (ض) مروڑنا، پھیرنا، بل دینا، مصدر ہے۔ ۴۶/۴،

لَیَالٍ: راتیں، واحد لَیْلَةٌ. ۱۰/۱۹، ۷/۶۹، ۲/۸۹،

لَیَالِیَ: راتیں۔ ۱۸/۳۴،

لِیَبْتَلِیَ: تاکہ وہ آزمائے۔ ۱۵۴/۳،

لِیَبْتَلِیَکُمْ: تاکہ وہ تمہاری آزمائش کرے۔ ۱۵۲/۳،

لَیُبَدِّلَنَّهُمْ: البتہ وہ ان کو ضرور بدلہ میں دے گا۔ ۵۵/۲۴،

لِیُبْدِیَ: تاکہ وہ ظاہر کر دے۔ ۲۰/۷،

لَیُبَطِّئَنَّ: البتہ وہ ضرور دیر لگاتا ہے۔ ۷۲/۴،

لَیَبْعَثَنَّ: البتہ وہ ضرور بھیجے گا۔ ۱۶۷/۷،

لَیَبْغِی: البتہ وہ زیادتی کرتا ہے۔ ۲۴/۳۸،

لِیَبْکُوا: تاکہ وہ روئیں۔ ۸۲/۹،

لِیَبْلُغَ: تاکہ وہ پہنچ جائے۔ ۱۴/۱۳،

لِیَبْلُوَا: تاکہ وہ آزمائش کرے۔ ۴/۴۷،

لِیَبْلُوَکُمْ: تاکہ وہ تمہاری آزمائش کرے۔ ۴۸/۵، ۱۶۵/۶، ۷/۱۱، ۲/۶۷،

لَیَبْلُوَنَّکُمْ: البتہ وہ تم کو ضرور آزمائے گا۔ ۹۴/۵،

لِیَبْلُوَنِی: تاکہ وہ میری آزمائش کرے۔ ۴۰/۲۷،

لِیُبْلِیَ: تاکہ وہ آزمائش کرے۔ ۱۷/۸،

لِیُبَیِّنَ: تاکہ وہ کھول کر بیان کرے۔ ۲۶/۴، ۴/۱۴، ۳۹/۱۶،

لَیُبَیِّنَنَّ: البتہ وہ ضرور کھول کر بیان کرے گا۔ ۹۲/۱۶،

لَیْتَ: کاش، حرف، مشبہ بالفعل ہے، تمنا کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اسم کو نصب (زبر) اور خبر کو رفع (پیش) دیتا ہے۔ ۷۹/۲۸، ۲۶/۳۶، ۳۸/۴۳،

لِیُتَبِّرُوا: تاکہ وہ تباہ کر دیں۔ ۷/۱۷،

لِیَتَّخِذَ: تاکہ وہ بنائے۔ ۳۲/۴۳،

لِیَتَذَکَّرَ: تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ ۲۹/۳۸،

لِیَتَسَآءَلُوا: تاکہ وہ سوال کریں۔ ۱۹/۱۸،

لِیَتَفَقَّهُوا: تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں۔ ۱۲۲/۹،

لِیَتَّقِ: تاکہ وہ ڈرے۔ ۲۸۲/۲، ۲۸۳/۲،

لِیَتَلَطَّفْ: تاکہ وہ حسنِ تدبیر سے کام کرے ۱۹/۱۸،

لِیُتِمَّ: تاکہ وہ تمام کرے، تاکہ وہ پورا کرے ۶/۵،

لِیَتَمَتَّعُوا: تاکہ وہ فائدہ اٹھائیں۔ ۶۶/۲۹،

لَیْتَنَا: کاش ہم۔ ۲۷/۶، ۶۶/۳۳،

لَیْتَنِی: کاش میں۔ ۷۳/۴، ۴۲/۱۸، ۲۳/۱۹، ۲۷/۲۵، ۲۸/۲۵، ۲۵/۶۹، ۴۰/۷۸، ۲۴/۸۹،

لِیَتُوبُوا: تاکہ وہ توبہ کریں۔ ۱۱۸/۹،

لَیْتَهَا: کاش وہ (مؤنث)۔ ۲۷/۶۹،

لِیُثَبِّتَ: تاکہ وہ جمائے رکھے۔ ۱۰۲/۱۶،

لِیُثْبِتُوکَ: تاکہ وہ تجھ کو قید کرلیں۔ ۳۰/۸،

لِیُجَادِلُوکُمْ: تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں۔ ۱۲۱/۶،

لِیَجْزِیَ: تاکہ وہ بدلہ دے۔ ۴/۱۰، ۵۱/۱۴، ۴۵/۳۰، ۲۴/۳۳، ۴/۳۴، ۱۴/۴۵، ۳۱/۵۳،

لِیَجْزِیَکَ: تاکہ وہ تجھ کو بدلہ دے۔ ۲۵/۲۸،

لِیَجْزِیَهُمْ: تاکہ وہ ان کو بدلہ دے۔ ۱۲۱/۹، ۳۸/۲۴،

لِیَجْعَلَ: تاکہ وہ بنائے۔ ۱۵۶/۳، ۶/۵، ۵۳/۲۲،

لَیَجْمَعَنَّکُمْ: البتہ وہ تم کو ضرور اکٹھا (جمع) کرے گا۔ ۸۷/۴، ۱۲/۶،

لِیُحَآجُّوکُمْ: تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں۔ ۷۶/۲،

لَیَحْبَطَنَّ: البتہ وہ ضرور بے کار ہو جائے گا۔ ۶۵/۳۹،

لِیَحْزُنَ: تاکہ وہ غمگین کر دے۔ ۱۰/۵۸،

لَیَحْزُنُکَ: البتہ وہ تجھ کو غمگین کرتا ہے ۳۳/۶،

لَیَحْزُنُنِی: البتہ وہ مجھ کو غمگین کرتا ہے۔ ۱۳/۱۲،

لِیُحِقَّ: تا کہ وہ سچ کر دکھائے۔ ۸/۸،
لِیَحْکُمْ: تا کہ وہ فیصلہ کر دے۔ ۴۷/۵،
لِیَحْکُمَ: تا کہ وہ فیصلہ کر دے۔ ۲۱۳/۲، ۲۳/۳، ۴۸/۲۴، ۵۱/۲۴،
لَیَحْکُمُ: البتہ وہ فیصلہ کر دے گا۔ ۱۲۴/۱۶،
لَیَحْلِفُنَّ: البتہ وہ ضرور حلف اٹھائیں گے، البتہ وہ ضرور قسمیں کھائیں گے۔ ۱۰۷/۹،
لَیَحْمِلُنَّ: البتہ وہ ضرور اٹھائیں گے۔ ۱۳/۲۹،
لِیَحْمِلُوْا: تا کہ وہ اٹھائیں۔ ۲۵/۱۶،
لِیُخْرِجَ: تا کہ وہ نکال دے۔ ۱۱/۶۵،
لِیُخْرِجَکُمْ: تا کہ وہ تم کو نکال دے۔ ۴۳/۳۳، ۹/۵۷،
لَیُخْرِجَنَّ: البتہ وہ ضرور نکال دے گا۔ ۸/۶۳،
لَیَخْرُجُنَّ: البتہ وہ ضرور نکلیں گے۔ ۵۳/۲۴،
لِیُخْرِجُوْكَ: تا کہ وہ تجھ کو نکال دیں۔ ۷۶/۱۷،
لِیُخْزِیَ: تا کہ وہ ذلیل کر دے، تا کہ وہ رسوا کر دے۔ ۵/۵۹،
لِیَدَّبَّرُوْا: تا کہ وہ غور کریں۔ ۲۹/۳۸،
لِیُدْحِضُوْا: تا کہ وہ زائل کر دیں۔ ۵۶/۱۸، ۵/۴۰،
لِیُدْخِلَ: تا کہ وہ داخل کر دے۔ ۲۵/۴۸،
لِیَدْخُلُوْا: تا کہ وہ داخل ہوں۔ ۷/۱۷،
لَیُدْخِلَنَّهُمْ: البتہ وہ ان کو ضرور داخل کرے گا۔ ۵۹/۲۲،
لِیَدْعُ: تا کہ وہ دعا کرے۔ ۲۶/۴۰،
لِیَذَرَ: تا کہ وہ کیا جائے۔ ۱۷۹/۳،
لِیَذَّکَّرَ: تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ ۵۲/۱۴،
لِیَذَّکَّرُوْا: تا کہ وہ نصیحت پکڑیں۔ ۴۱/۱۷، ۵۰/۲۵،
لِیَذْکُرُوْا: تا کہ وہ یاد کریں۔ ۲۴/۲۲،
لِیَذُوْقَ: تا کہ وہ چکھے۔ ۹۵/۵۔
لِیَذُوْقُوْا: تا کہ وہ چکھیں۔ ۵۶/۴،

لِیُذْهِبَ: تا کہ وہ دور کر دے۔ ۳۳/۳۳،
لِیُذِیْقَکُمْ: تا کہ وہ تم کو چکھائے۔ ۴۶/۳۰،
لِیُذِیْقَهُمْ: تا کہ وہ اِن کو چکھائے۔ ۴۱/۳۰،
لِیَرْبِطَ: تا کہ وہ مضبوط کرے۔ ۱۱/۸،
لِیَرْبُوَا: تا کہ وہ بڑھے۔ تا کہ وہ زیادہ ہو جائے ۳۹/۳۰،
لِیُرْدُوْهُمْ: تا کہ وہ ان کو ہلاک کریں۔ ۱۳۷/۶،
لَیَرْزُقَنَّهُمْ: البتہ وہ ان کو ضرور رزق دے گا۔ ۵۸/۲۲،
لِیُرْضُوْکُمْ: تا کہ وہ تم کو راضی کریں۔ ۶۲/۹،
لِیَرْضَوْهُ: تا کہ وہ اس کو پسند کریں۔ ۱۱۳/۶،
لِیُرَوْا: تا کہ وہ ان کو دکھایا جائے۔ ۶/۹۹،
لِیُرِیَکُمْ: تا کہ وہ تم کو دکھائے۔ ۳۱/۳۱،
لِیُرِیَهٗ: تا کہ وہ اس کو دکھائے۔ ۳۱/۵،
لِیُرِیَهُمَا: تا کہ وہ ان دونوں کو دکھائے۔ ۲۷/۷،
لِیَزْدَادُوْا: تا کہ وہ زیادہ ہو جائے۔ ۱۷۸/۳، ۴/۴۸،
لَیُزْلِقُوْنَكَ: البتہ وہ تجھ کو پھسلا دیں گے۔ ۵۱/۶۸،
لَیَزِیْدَنَّ: البتہ وہ ضرور بڑھا دے گا۔ ۶۴/۵، ۶۸/۵،
لَیْسَ: نہیں ہے، فعل ناقص ہے، اسم کو رفع (پیش) اور خبر کو نصب (زبر) دیتا ہے۔ ۱۷۷/۲، ۱۸۹/۲، ۱۹۸/۲، ۲۴۹/۲، ۲۷۲/۲، ۲۸۲/۲، ۲۸/۳، ۳۶/۳، ۶۶/۳، ۷۵/۳، ۱۲۸/۳، ۱۶۷/۳، ۱۸۲/۳، ۱۰۱/۴، ۱۲۳/۴، ۱۷۶/۴، ۹۳/۵، ۱۱۶/۵، ۳۰/۶، ۵۱/۶، ۵۳/۶، ۷۰/۶، ۱۲۲/۶، ۶۱/۷، ۶۷/۷، ...... ۴۷ جگہ
لَیْسَتِ: وہ نہیں ہے، فعل ناقص ہے۔ ۱۱۳/۲، ۱۸/۴،
لِیَسْتَخْفُوْا: تا کہ وہ آڑ کریں۔ ۵/۱۱،
لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ: البتہ وہ ان کو ضرور خلیفہ بنائے گا۔ ۵۵/۲۴،
لِیَسْتَعْفِفِ: تا کہ وہ بچتا رہے۔ ۳۳/۲۴،
لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ: البتہ وہ تیرے قدم اکھاڑ دیں

گے۔ ٧٦/١٧،
لِيَسْتَاْذِنْكُمُ: چاہئے کہ وہ تم سے اجازت لیں، ٥٨/٢٤،
لِيَسْتَيْقِنَ: تاکہ وہ یقین کرلیں۔ ٣١/٧٤،
لَيُسْجَنَنَّ: البتہ وہ ضرور قید کیا جائے گا. ٣٢/١٢،
لَيَسْجُنُنَّهٗ: البتہ وہ اس کو ضرور قید کریں گے ٣٥/١٢،
لِيَسْكُنَ: تاکہ وہ سکون پائے۔ ١٨٩/٧،
لِيَسْكُنُوْا: تاکہ وہ سکون پائیں۔ ٨٦/٢٧،
لَيُسَمُّوْنَ: البتہ وہ نام رکھتے ہیں۔ ٢٧/٥٣،
لَيْسُوْا: وہ نہیں ہیں، فعل ناقص ہے اور صیغہ جمع مذکر غائب۔ ١١٣/٣، ٨٩/٦،
لِيَسُوْٓءُا: تاکہ وہ بگاڑ دیں۔ ٧/١٧،
لِيَسْئَلَ: تاکہ وہ پوچھے۔ ٨/٣٣،
لَيُسْئَلُنَّ: البتہ ان سے ضرور باز پرس کی جائے گی۔ ١٣/٢٩،
لِيَشْتَرُوْا: تاکہ وہ خریدیں۔ ٧٩/٢،
لِيَشْهَدَ: تاکہ وہ شہادت (گواہی) دے۔ ٢/٢٤،
لِيَشْهَدُوْا: تاکہ وہ شہادت دیں۔ ٢٨/٢٢،
لَيُصْبِحُنَّ: البتہ وہ ضرور ہوجائیں گے ٤٠/٢٣،
لِيَصُدُّوْا: تاکہ وہ روکیں۔ ٣٦/٨،
لَيَصُدُّوْنَهُمْ: البتہ وہ ان کو بند کرتے ہیں ٣٧/٤٣،
لَيَصْرِمُنَّهَا: البتہ وہ ضرور اس کے پھل توڑیں گے۔ ١٧/٦٨،
لِيَصْفَحُوْا: تاکہ وہ درگزر کریں۔ ٢٢/٢٤،
لِيُضِلَّ: تاکہ وہ گمراہ کرے۔ ١٤٤/٦، ١١٥/٩، ٩/٢٢، ٦/٣١، ٨/٣٩،
لَيُضِلُّنَا: البتہ وہ ہم کو گمراہ کرتے ہیں۔ ٤٢/٢٥،
لِيُضِلُّوْا: تاکہ وہ گمراہ کریں۔ ٨٨/١٠، ٣٠/١٤،
لَيُضِلُّوْنَ: البتہ وہ گمراہ کرتے ہیں۔ ١١٩/٦،

لِيُضِيْعَ: تاکہ وہ ضائع کرے۔ ١٤٣/٢،
لِيُطَاعَ: تاکہ اس کی اطاعت کی جائے۔ ٦٤/٤،
لَيَطْغٰى: البتہ وہ سرکشی کرتا ہے۔ ٦/٩٦،
لِيُطْفِئُوْا: تاکہ وہ بجھائیں۔ ٨/٦١،
لِيُطْلِعَكُمْ: تاکہ وہ تم کو مطلع کردے۔ ١٧٩/٣،
لِيَطْمَئِنَّ: تاکہ وہ سکون پائے۔ ٢٦٠/٢،
لِيَطَّوَّفُوْا: تاکہ وہ طواف کریں۔ ٢٩/٢٢،
لِيُطَهِّرَكُمْ: تاکہ وہ تم کو پاک کردے۔ ٦/٥، ١١/٨،
لِيَظْلِمَهُمْ: تاکہ وہ ان پر ظلم کرے۔ ٧٠/٩، ٤٠/٢٩، ٩/٣٠،
لِيُظْهِرَهٗ: تاکہ وہ اس کو غالب کردے. ٣٣/٩، ٢٨/٤٨، ٩/٦١،
لِيَعْبُدُوْا: تاکہ وہ عبادت کریں۔ ٣١/٩،
لِيَعْبُدُوا: تاکہ وہ عبادت کریں۔ ٥/٩٨،
لِيُعْجِزَهٗ: تاکہ وہ اس کو عاجز کردے. ٤٤/٣٥،
لِيُعَذِّبَ: تاکہ وہ عذاب دے۔ ٧٣/٣٣،
لِيُعَذِّبَهُمْ: تاکہ وہ ان کو عذاب دے۔ ٣٣/٨،
لِيَعْلَمَ: تاکہ وہ جان لے۔ ١٤٠/٣، ١٦٦/٣، ١٦٧/٣، ٩٤/٥، ٥٢/١٢، ٣٩/١٦، ٥٤/٢٢، ٢٥/٥٧، ٢٨/٧٢،
لَيَعْلَمُ: البتہ وہ جانتا ہے۔ ٤٧/٢٧،
لِيُعْلَمَ: تاکہ وہ معلوم ہوجائے۔ ٣١/٢٤،
لِيَعْلَمُوْا: تاکہ وہ جان لیں۔ ٥٢/١٤، ٢١/١٨،
لَيَعْلَمَنَّ: البتہ وہ ضرور الگ کردے گا۔ ٣/٢٩، ١١/٢٩،
لِيَغْفِرَ: تاکہ وہ مغفرت کردے۔ ١٣٧/٤، ١٦٨/٤، ١٠/١٤، ٧٣/٢٠، ٢/٤٨،
لِيَغِيْظَ: تاکہ وہ غضبناک بنادے۔ ٢٩/٤٨،
لِيَفْتَدُوْا: تاکہ وہ بدلہ میں دے کر چھوٹ جائیں۔ ٣٦/٥،
لَيَفْتِنُوْنَكَ: تاکہ وہ تجھ کو بہکادیں۔ ٧٣/١٧،

لِيَفْجُرَ: تاکہ وہ کھل کر گناہ کریں۔ ۵/۷۵،

لِيُفْسِدَ: تاکہ وہ فساد کرے۔ ۲۰۵/۲،

لِيُفْسِدُوْا: تاکہ وہ فساد پھیلائیں۔ ۱۲۷/۷،

لِيَقْتَرِفُوْا: تاکہ وہ کرلیں۔ ۱۱۳/۶،

لِيَقْتُلُوْكَ: تاکہ وہ تجھ کو قتل کردیں۔ ۲۰/۲۸،

لِيُقَرِّبُوْنَا: تاکہ وہ ہم کو مقرب بنادیں۔ ۳/۳۹،

لِيَقْضِ: تاکہ وہ پورا کردیں۔ ۷۷/۴۳،

لِيُقْضٰى: تاکہ وہ پورا کیا جائے۔ ۶۰/۶،

لِيَقْضُوْا: تاکہ وہ دور کردیں۔ ۲۹/۲۲،

لِيَقْضِيَ: تاکہ وہ حکم دے۔ ۴۲/۸، ۴۴/۸،

لِيَقْطَعَ: تاکہ وہ کاٹ دے۔ ۱۲۷/۳،

لِيَقُوْلَ: تاکہ وہ کہے۔ ۳۱/۷۴،

لَيَقُوْلَنَّ: البتہ وہ ضرور کہے گا۔ ۷۳/۴، ۷/۱۱، ۱۰/۱۱،
۵۸/۳۰، ۵۰/۴۱،

لَيَقُوْلَنَّ: البتہ وہ ضرور کہیں گے۔ ۶۵/۹، ۸/۱۱، ۴۶/۲۱،
۱۰/۲۹، ۶۱/۲۹، ۶۳/۲۹، ۲۵/۳۹، ۳۸/۳۹، ۹/۴۳، ۸۷/۴۳،

لِيَقُوْلُوْا: تاکہ وہ کہیں۔ ۹/۴، ۵۳/۶، ۱۰۵/۶،

لَيَقُوْلُوْنَ: تاکہ وہ کہیں۔ ۱۵۱/۳۷، ۱۶۷/۳۷، ۳۴/۴۴، ۲/۵۸،

لِيَقُوْمَ: تاکہ وہ کھڑا ہو۔ ۲۵/۵۷،

لِيُقِيْمُوْا: تاکہ وہ قائم کریں، تاکہ وہ اہتمام
کریں۔ ۳۷/۱۴،

لَيَكْتُمُوْنَ: البتہ وہ چھپاتے ہیں۔ ۱۴۶/۲،

لِيُكَفِّرَ: تاکہ وہ دور کرے۔ ۳۵/۳۹،

لِيَكْفُرُوْا: تاکہ وہ انکار کردے۔ ۵۵/۱۶، ۶۶/۲۹، ۳۴/۳۰،

لِيَكُوْنَ: تاکہ وہ ہو جائے۔ ۷۵/۶، ۷۸/۲۲، ۱/۲۵، ۸/۲۸،

لَيَكُوْنًا: البتہ اس کا ہونا۔ ۳۲/۱۲،

لِيَكُوْنَا: تاکہ وہ دونوں ہو جائیں۔ ۲۹/۴۱،

لَيَكُوْنُنَّ: البتہ وہ ضرور ہوں گے۔ ۴۲/۳۵،

لَيْلَ: رات، اسم جنس، جمع لَيَالِيْ۔ ۲۷/۳، ۹۶/۶، ۵۴/۷،
۶۷/۱۰، ۳/۱۳، ۳۳/۱۴، ۱۲/۱۶، ۱۲/۱۷، ۲۰/۲۱، ۳۳/۲۱، ۶۱/۲۲، ۴۷/۲۵،
۶۲/۲۵، ۸۶/۲۷، ۷۱/۲۸، ۷۳/۲۸، ۲۹/۳۱، ۱۳/۳۵، ۵/۳۹، ۶۱/۴۰، ۶/۵۷،
۲/۷۳، ۲۰/۷۳، ۱۰/۷۸،

لَيْلًا: رات۔ ۲۴/۱۰، ۱/۱۷، ۲۳/۴۴، ۵/۷۱، ۲۶/۷۶،

لَيْلِ: رات۔ ۱۶۴/۲، ۱۸۷/۲، ۲۷۴/۲، ۲۷/۳، ۱۱۳/۳، ۱۹۰/۳،
۱۳/۶، ۶۰/۶، ۶/۱۰، ۲۷/۱۰، ۸۱/۱۱، ۱۱۴/۱۱، ۱۰/۱۳، ۶۵/۱۵، ۷۸/۱۷،
۷۹/۱۷، ۱۳۰/۲۰، ۴۲/۲۱، ۶۱/۲۲، ۸۰/۲۳، ۴۴/۲۴، ۲۳/۳۰، ۲۹/۳۱، ۳۳/۳۴،
۱۳/۳۵، ..... ۴۴ جگہ

لَيْلٍ: رات۔ ۷۲/۲۸،

لَيْلُ: رات۔ ۷۶/۶، ۳۷/۳۶، ۴۰/۳۶، ۳۷/۴۱،

لِيَلْبِسُوْا: تاکہ وہ ملادیں۔ ۱۳۷/۶،

لَيْلَةَ: رات۔ ۱۸۷/۲،

لَيْلَةَ الصِّيَامِ: روزہ کی رات۔ ۱۸۷/۲،

لَيْلَةً: رات۔ ۵۱/۲، ۱۴۲/۷،

لَيْلَةِ: رات۔ ۱/۹۷،

لَيْلَةِ الْقَدْرِ: شب قدر جو رمضان المبارک میں
آتی ہے اور ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ ۱/۹۷،

لَيْلَةٍ: رات۔ ۳/۴۴،

لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ: برکت والی رات مراد شب قدر، ۳/۴۴،

لَيْلَةُ: رات۔ ۲/۹۷، ۳/۹۷،

لَيْلَةُ الْقَدْرِ: شب قدر، عظمت و شرافت والی
رات۔ ۲/۹۷، ۳/۹۷،

لَيْلَهَا: اس کی رات کو۔ ۲۹/۷۹،

لِيُمَحِّصَ: تاکہ وہ خالص کرے، تاکہ وہ صاف
کرے۔ ۱۴۱/۳، ۱۵۴/۳،

لَيَمَسَّنَّ: البتہ وہ ضرور پہنچ جائے گا۔ ۷۳/۵،

لَيَمَسَّنَّكُمْ: البتہ وہ تم کو ضرور پہنچ جائے گا، ۱۸/۳۶،

لِیَمْکُرُوْا: تاکہ وہ مکر (فریب) کریں ۱۲۳/۶،

لَیُمَکِّنَنَّ: البتہ وہ ضرور جمائے گا۔ ۵۵/۲۴،

لِیُمْلِلِ: تاکہ وہ املا کرائے، تاکہ وہ لکھوائے ۲۸۲/۲،

لِیَمِیْزَ: تاکہ وہ الگ الگ کرے۔ ۳۷/۸،

لَیِّنًا: (ض) نرم۔ لِیْنٌ سے صفت مشبہ۔ ۴۴/۲۰،

لَیُنْبَذَنَّ: البتہ اس کو ضرور پھینکا جائے گا۔ ۴/۱۰۴،

لِیْـنَةٍ: کھجور کا نرم و نازک پودا، کھجور کا تروتازہ درخت، اسم جنس ہے۔ ۵/۵۹،

لِیُنْذِرَ: تاکہ وہ ڈرائے۔ ۲/۱۸، ۷۰/۳۶، ۱۵/۴۰، ۱۲/۴۶،

لِیُنْذِرَکُمْ: تاکہ وہ تم کو ڈرائے۔ ۶۳/۷، ۶۹/۷،

لِیُنْذَرُوْا: تاکہ ان کو ڈرایا جائے۔ ۵۲/۱۴،

لِیُنْذِرُوْا: تاکہ وہ ڈرائیں۔ ۱۲۲/۹،

لَیَنْصُرَنَّ: البتہ وہ اس کی ضرور مدد کرے گا۔ ۴۰/۲۲،

لَیَنْصُرَنَّهٗ: البتہ وہ اس کی ضرور مدد کرے گا۔ ۶۰/۲۲،

لِیَنْفِرُوْا: تاکہ وہ نکل کھڑے ہوں۔ ۱۲۲/۹،

لِیُنْفِقْ: تاکہ وہ خرچ کرے۔ ۷/۶۵،

لِیُوَاطِئُوْا: تاکہ وہ درست کریں۔ ۳۷/۹،

لَیُوْحُوْنَ: البتہ وہ دل میں ڈالتے ہیں۔ ۱۲۱/۶،

لِیُوْسُفَ: حضرت یوسف علیہ السلام کے لئے ۲۱/۱۲، ۵۶/۱۲، ۷۶/۱۲،

لَیُوْسُفُ: البتہ حضرت یوسف علیہ السلام۔ ۸/۱۲،

لِیُوْفُوْا: تاکہ وہ پورا کردیں (وفا کریں)۔ ۲۹/۲۲،

لَیُوَفِّیَنَّهُمْ: البتہ وہ ضرور ان کو پورا پورا دے گا۔ ۱۱۱/۱۱،

لِیُوَفِّیَهُمْ: تاکہ وہ ان کو پورا پورا دے۔ ۳۰/۳۵،

لَیُوَلُّنَّ: البتہ وہ ضرور پھیریں گے۔ ۱۲/۵۹،

لِیَوْمٍ: اس دن کے لئے۔ ۴۷/۲۱، ۵۳/۳۸، ۹/۶۴، ۱۳/۷۷،

لِیَوْمٍ: اس دن کے لئے۔ ۹/۳، ۲۵/۳، ۴۳/۱۴، ۵/۸۳،

لِیَهْدِیَهُمْ: تاکہ وہ ان کو ہدایت دے، ۱۳۷/۴، ۱۶۸/۴،

لِیَهْلِكَ: تاکہ وہ ہلاک کردے۔ ۴۲/۸،

لِیُهْلِكَ: تاکہ وہ ہلاک کردے۔ ۱۱۷/۱۱،

لَیَاْتِیَنَّهُمْ: البتہ وہ ان کے پاس ضرور آئے گا ۵۳/۲۹،

لَیَاْتِیَنِّیْ: البتہ وہ میرے پاس ضرور لائے گا ۲۱/۲۷،

لِیَاْخُذَ: تاکہ وہ پکڑے، تاکہ وہ لے۔ ۷۶/۱۲،

لِیَاْخُذُوْا: تاکہ وہ پکڑیں، تاکہ وہ لیں۔ ۱۰۲/۴،

لِیَاْخُذُوْهُ: تاکہ وہ اس کو پکڑ لیں، تاکہ وہ اس کو لے لیں۔ ۵/۴۰،

لِیُؤْذَنَ: تاکہ اجازت دی جائے۔ ۹۰/۹،

لِیَاْکُلُوْا: تاکہ وہ کھائیں۔ ۳۵/۳۶،

لَیَاْکُلُوْنَ: البتہ وہ کھائیں گے۔ ۳۴/۹، ۲۰/۲۵،

لَیُؤْمِنَنَّ: البتہ وہ ضرور ایمان لائے گا۔ ۱۵۹/۴،

لَیُؤْمِنُنَّ: البتہ وہ ضرور ایمان لائیں گے۔ ۱۰۹/۶،

لِیُؤْمِنُوْا: تاکہ وہ ایمان لائیں۔ ۱۸۶/۲، ۱۱۱/۶، ۱۰۱/۷، ۱۳/۱۰، ۹۶/۱۰،

لَیَئُوْسٌ: البتہ ناامید۔ ۹/۱۱،

بَابُ المِیم

م ا

مَا: نہیں، کیا، جو کچھ، جس کو۔ حرف نفی واستفہام اوراسم موصول وغیرہ۔ کثرت سے آیا ہے۔

مَاتَ: (ن،ض،س) وہ مر گیا، وہ فوت ہو گیا۔ مَوْتٌ سے ماضی۔ ۱۴۴/۳، ۸۴/۹،

مَاتُوا: وہ مر گئے، وہ فوت ہو گئے۔ ۱۶۱/۲، ۹۱/۳، ۱۵۶/۳، ۸۴/۹، ۱۲۵/۹، ۵۸/۲۲، ۳۴/۴۷

مَادُمْتَ: (ن) جب تک تو رہے۔ دَوْمٌ ودَوَامٌ سے ماضی، فعل ناقص ہے۔ ۷۵/۳

مَادُمْتُ: جب تک میں رہا۔ ۱۱۷/۵، ۳۱/۱۹،

مَادُمْتُمْ: جب تک تم رہو۔ ۹۶/۵،

مَاذَا: کیا چیز ہے، کیا ہے 'ما' حرف استفہام ہے اور 'ذا' فصل کے لئے تاکہ ما نافیہ اور ما استفہامیہ میں امتیاز ہو جائے، ......۲۴ جگہ

مَارِجٍ: آگ کی لپٹ، بھڑکتا ہوا شعلہ جس میں دھواں نہ ہو۔ ۱۵/۵۵،

مَارِدٍ: (ن،ک) سرکش، شریر۔ مُرُوْدًا ومُرَادَةٌ سے اسم فاعل، جمع مَرَدَةٌ. ۷/۳۷

مَارُوْتَ: ایک فرشتہ کا نام جو ہاروت فرشتے کا ساتھی ہے۔ ۱۰۲/۲،

مَاعُوْنَ: (ف) برتنے کی خانگی چیزیں، معمولی چیزیں، حسنِ سلوک، زکوٰۃ، مَعْنٌ سے ۷/۱۰۷،

مَاكِثِيْنَ: (ن،ک) ٹھہرنے والی، رہنے والی۔ مَکْثٌ سے اسم فاعل ۳/۱۸،

مٰكِثُوْنَ: ٹھہرنے والے، رہنے والے۔ ۷۷/۴۳،

مٰكِرِيْنَ: (ن) مکر کرنے والے، خفیہ تدبیر کرنے والے۔ مَکْرٌ سے اسم فاعل ۵۴/۳، ۳۰/۸،

مَالَ: مال، دولت، جمع اَمْوَالٌ. ۱۷۷/۲، ۱۵۲/۶، ۳۴/۱۷، ۲۰/۸۹،

مَالًا: مال۔ دولت۔ ۲۱/۱۱، ۳۴/۱۸، ۳۹/۱۸، ۷۷/۱۹، ۱۲/۷۴، ۶/۹۰، ۲/۱۰۴،

مَالِ: مال، دولت۔ ۲۴۷/۲، ۳۳/۲۴،

مَالٍ: مال، دولت۔ ۵۵/۲۳، ۳۶/۲۷، ۱۴/۶۸،

مَالُ: مال، دولت۔ ۳۶/۱۸،

مَالٌ: مال، دولت۔ ۸۸/۲۶،

مٰلِكَ: (ض) مالک، حاکم، سب پر قدرت رکھنے والا، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ مِلْكٌ سے اسم فاعل، جمع مُلُوْكٌ. ۲۶/۳،

مٰلِكِ: مالک۔ حاکم۔ سب پر قدرت رکھنے والا۔ ۳/۱،

مٰلِكُ: مالک۔ حاکم۔ سب پر قدرت رکھنے والا۔ ۷۷/۴۳،

مٰلِكُوْنَ: مالک، ملکیت رکھنے والے۔ ۷۱/۳۶،

مَالَهٗ: اس کے مال کو۔ اس کی دولت کو۔ جمع اَمْوَالٌ. ۲۶۴/۲، ۱۸/۹۲، ۳/۱۰۴،

مَالُهٗ: اس کا مال، اس کی دولت۔ ۲۱/۷۱، ۱۱/۹۲، ۲/۱۱۱،

مَالِئُوْنَ: (ف) بھرنے والے۔ مَلْأٌ ومَلْئَةٌ سے

اسم فاعل۔ ۵۳/۵۶، ۶۶/۳۷،

مَالِیَہْ: میرا مال، اصل میں۔ مَالِیْ تھا، وقف کی وجہ سے ہائے سکتہ لگائی گئی ہے۔ ۲۸/۶۹،

مَانِعَتُهُمْ: (ف) ان کو بچانے والی، ان کی حفاظت کرنے والی۔ مَنْعٌ سے اسم فاعل۔ ۲/۵۹،

مٰهِدُوْنَ: (ف) بچھانے والے، تیار کرنے والے، مَهْدٌ سے اسم فاعل، جمع مُهُوْدٌ۔ ۴۸/۵۱،

مَاهِیَہْ: وہ کیا ہے، یہ اصل میں مَاهِیَ تھا، وقف کی وجہ سے آخر میں ہائے سکتہ لگائی گئی ہے۔ ۱۰/۱۰۱،

مَآءَ: پانی، اسم جنس ہے، جمع مِیَاهٌ۔ ۵۷/۷، ۵/۲۲، ۲۳/۲۸، ۲۷/۳۲، ۳۹/۴۱، ۲۸/۵۴، ۶۸/۵۶، ۲۵/۸۰،

مَآءً: پانی۔ ۲۲/۲، ۴۳/۴، ۶/۵، ۹۹/۶، ۱۱/۸، ۱۷/۱۳، ۳۲/۱۴، ۲۲/۱۵، ۱۰/۱۶، ۶۵/۱۶، ۵۳/۲۰، ۶۳/۲۲، ۱۸/۲۳، ۳۹/۲۴، ۴۸/۲۵، ۶۰/۲۷، ۶۳/۲۹، ۲۴/۳۰، ۱۰/۳۱، ۲۷/۳۵، ۲۱/۳۹، ۱۱/۴۳، ۱۵/۴۷، ۹/۵۰، ۱۶/۷۲، ۲۷/۷۷، ۱۴/۷۸،

مَآءِ: پانی۔ ۵۰/۷، ۷/۱۱، ۴۳/۱۱، ۱۴/۱۳، ۳۰/۲۱، ۵۴/۲۵،

مَآءٍ: پانی۔ ۱۶۴/۲، ۲۴/۱۰، ۴/۱۳، ۱۶/۱۴، ۲۹/۱۸، ۴۵/۱۸، ۴۵/۲۴، ۸/۳۲، ۱۵/۴۷، ۳۱/۵۶، ۲۰/۷۷، ۶/۸۶،

مَآءٍ مَّعِیْنٍ: جاری پانی۔ ۳۰/۶۷،

مَآءٍ مَّهِیْنٍ: حقیر پانی مراد نطفہ۔ ۸/۳۲، ۲۰/۷۷،

مَآءُ: پانی۔ ۷۴/۲، ۴۴/۱۱، ۱۲/۵۴، ۱۱/۶۹،

مَآئِدَةً: (ض) کھانا چنا ہوا خوان، کچھ کھانا، ایسا برتن جس میں کھانا ہو۔ مَیْدٌ و مَیَدَانٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۲/۵، ۱۱۴/۵،

مَآئَكِ: اپنے پانی کو۔ ۴۴/۱۱،

مَآئُكُمْ: تمہارا پانی۔ ۳۰/۶۷،

مَآئَهَا: اس کا پانی۔ ۳۱/۷۹،

مَآئُهَا: اس کا پانی۔ ۴۱/۱۸،

م ب

مُبٰرَکًا: (مفا) مبارک، برکت والا۔ مُبَارَکَةٌ سے اسم مفعول۔ ۹/۵۰، ۲۹/۲۳، ۳۱/۱۹، ۹۶/۳،

مُبٰرَكٌ: مبارک، برکت والا، ۹۲/۶، ۱۵۵/۶، ۵۰/۲۱، ۲۹/۳۸،

مُبٰرَکَةِ: (مفا) مبارک کرنا۔ برکت دینا۔ مصدر ہے۔ ۳۰/۲۸،

مُبٰرَکَةٍ: مبارک کرنا، برکت دینا۔ ۳۵/۲۴، ۳/۴۴،

مُبْتَلِیْكُمْ: (افت) تمہارا امتحان لینے والا، تمہیں آزمانے والا، اِبْتِلَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴۹/۲،

مُبْتَلِیْنَ: امتحان لینے والے، آزمانے والے، واحد مُبْتَلِیْ، ۳۰/۲۳،

مَبْثُوْثِ: (ن،ض) پریشان، بچھے ہوئے، منتشر۔ بَثٌّ سے اسم مفعول۔ ۴/۱۰۱،

مَبْثُوْثَةٌ: بچھے ہوئے، پھیلے ہوئے، منتشر۔ ۱۶/۸۸،

مُبَدِّلَ: (تف) تبدیل کرنے والا۔ تَبْدِیْلٌ سے اسم فاعل۔ ۳۴/۶، ۱۱۵/۶، ۲۷/۱۸،

مُبْدِیْهِ: (اف) اس کو ظاہر کرنے والا، اس کو ایجاد کرنے والا۔ اِبْدَآءٌ سے اسم فاعل۔ ۳۷/۳۳،

مُبَذِّرِیْنَ: بے جا خرچ کرنے والے، فضول خرچ کرنے والے۔ تَبْذِیْرٌ سے اسم فاعل۔ ۲۷/۱۷،

مُبْرِمُوْنَ: (اف) مقرر کرنے والے، ٹھہرانے والے۔ اِبْرَامٌ سے اسم فاعل۔ ۷۹/۴۳،

مُبَرَّءُوْنَ: (تف) بری کئے ہوئے، پاک کئے ہوئے۔ تَبْرِئَةٌ سے اسم مفعول۔ ۲۶/۲۴،

مَبْسُوْطَتٰنِ: (ن) دو کھلے ہوئے، دو کشادہ۔ بَسْطٌ سے اسم مفعول تثنیہ۔ ۶۴/۵،

مُبَشِّرًا: (تف) بشارت دینے والے، خوشخبری دینے والے۔ تَبْشِیرٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰۵/۱۷، ۵۶/۲۵، ۴۵/۳۳، ۸/۴۸، ۶/۶۱،

مُبَشِّرَاتٍ: خوشخبری دینے والیاں، مراد بارش کی خوشخبری دینی والی ٹھنڈی ہوائیں ۴۶/۳۰،

مُبَشِّرِیْنَ: بشارت دینے والے، خوشخبری دینے والے۔ ۲۱۳/۲، ۱۶۵/۴، ۴۸/۶، ۵۶/۱۸،

مُبْصِرًا: (اف) دکھانے والا، روشنی والا۔ اِبْصَارٌ سے اسم فاعل۔ ۶۷/۱۰، ۸۶/۲۷، ۶۱/۴۰،

مُبْصِرَةً: دکھانے والی، روشن کرنے والی، واضح کرنے والی، یہ اسم فاعل ہے مفعول کے معنی میں۔ ۱۲/۱۷، ۵۹/۱۷، ۱۳/۲۷،

مُبْصِرُوْنَ: دیکھنے والے، مراد دل کی آنکھ سے دیکھنے والے۔ ۲۰۱/۷،

مُبْطِلُوْنَ: (اف) اہلِ باطل، جھوٹ کہنے والے اِبْطَالٌ سے اسم فاعل، واحد مُبْطِلٌ. ۲۷/۴۵، ۱۷۳/۷، ۴۸/۲۹، ۵۸/۳۰، ۷۸/۴۰،

مُبْعَدُوْنَ: (اف) دور کئے ہوئے۔ اِبْعَادٌ سے اسم مفعول، واحد مُبْعَدٌ. ۱۰۱/۲۱،

مَبْعُوْثُوْنَ: (ف) قبروں سے اٹھائے جانے والے، دوبارہ زندہ کئے جانے والے۔ بَعْثٌ سے اسم مفعول، واحد مُبْعَثٌ ۷/۱۱، ۴۹/۱۷، ۹۸/۱۷، ۸۲/۲۳، ۱۶/۳۷، ۴۷/۵۶، ۴/۸۳،

مَبْعُوْثِیْنَ: قبروں سے اٹھائے جانے والے، دوبارہ زندہ کئے جانے والے۔ ۲۹/۶، ۳۷/۲۳،

مُبْلِسُوْنَ: (اف) حیرت زدہ، ناامید، مایوس، اِبْلَاسٌ سے اسم فاعل، واحد مُبْلِسٌ. ۴۴/۶، ۷۷/۲۳، ۷۵/۴۳،

مُبْلِسِیْنَ: حیرت زدہ، ناامید، مایوس۔ ۴۹/۳۰،

مَبْلَغُهُمْ: (ن) ان کے علم کی انتہا، ان کے فہم کے حد، ان کے پہنچنے کی جگہ بُلُوْغٌ سے مصدر ۳۰/۵۳،

مُبَوَّاَ: (تف) ٹھکانا، جگہ۔ تَبْوِئَۃٌ سے اسم ظرف۔ ۹۳/۱۰،

مُبِیْنًا: (اف) ظاهر کرنے والا، کھلا ہوا۔ اِبَانَۃٌ سے اسم فاعل۔ ۲۰/۴، ۵۰/۴، ۹۱/۴، ۱۰۱/۴، ۱۱۲/۴، ۱۱۹/۴، ۱۴۴/۴، ۱۵۳/۴، ۱۷۴/۴، ۵۳/۱۷، ۳۶/۳۳، ۵۸/۳۳، ۱/۴۸،

مُبِیْنِ: ظاہر کرنے والا۔ کھلا ہوا۔ واضح۔ صاف۔ ۱/۱۲، ۲/۲۶، ۷۹/۲۷، ۲/۲۸، ۲/۴۳، ۲/۴۴، ۲۳/۸۱،

مُبِیْنٍ: ظاہر کرنے والا، کھلا ہوا۔ ۱۶۴/۳، ۵۹/۶، ۷۴/۶، ۶۰/۷، ۶۱/۱۰، ۶/۱۱، ۹۶/۱۱، ۸/۱۲، ۳۰/۱۲، ۱۰/۱۴، ۱/۱۵، ۷۹/۱۵، ۳۸/۱۹، ۵۴/۲۱، ۴۵/۲۳، ۳۰/۲۶، ۹۷/۲۶، ۱۹۵/۲۶، ۱/۲۷، ۲۱/۲۷، ۷۵/۲۷، ۸۵/۲۸، ۱۱/۳۱، ۳/۳۴، ۲۴/۳۴...... ۳۸ جگہ

مُبِیْنُ: ظاہر کرنے والا، کھلا ہوا۔ ۹۲/۵، ۱۶/۶، ۸۹/۱۵، ۳۵/۱۶، ۸۲/۱۶، ۱۱/۲۲، ۲۵/۲۴، ۵۴/۲۴، ۱۶/۲۷، ۱۸/۲۹، ۱۷/۳۶، ۱۰۶/۳۷، ۱۵/۳۹، ۳۰/۴۵، ۱۲/۶۴،

مُبِیْنٌ: ظاہر کرنے والا، کھلا ہوا۔ ۱۶۸/۲، ۲۰۸/۲، ۱۵/۵، ۱۱۰/۵، ۷/۶، ۱۴۲/۶، ۲۲/۷، ۱۰۷/۷، ۱۸۴/۷، ۲/۱۰، ۷۶/۱۰، ۷/۱۱، ۲۵/۱۱، ۵/۱۲، ۱۸/۱۵، ۴/۱۶، ۱۰۳/۱۶، ۴۹/۲۲، ۱۲/۲۴، ۳۲/۲۶، ۱۱۵/۲۶، ۱۳/۲۷، ۱۵/۲۸، ۱۸/۲۸، ۵۰/۲۹،

مُبَیِّنٰتٍ: (تف) بیان کرنے والیاں، واضح آیات کھلے احکامات۔ تَبْیِیْنٌ سے اسم فاعل، واحد مُبَیِّنَۃٌ. ۳۴/۲۴، ۴۶/۲۴، ۱۱/۶۵،

مُبَیِّنَۃٍ: کھلی ہوئی، واضح۔ ۱۹/۴، ۳۰/۳۳، ۱/۶۵،

م ت

مِتَّ: (ن) تو مرگیا۔ مَوْتٌ سے ماضی۔ ۳۴/۲۱،

مِتُّ: میں مرگیا۔ ۲۳/۱۹، ۶۶/۱۹،

مَتٰی: کب، جب، اسمِ ظرف بھی ہے اور حرف بھی۔ ۲۱۴/۲، ۴۸/۱۰، ۵۱/۱۷، ۳۸/۲۱، ۷۱/۲۷، ۲۸/۳۲، ۲۹/۳۴، ۴۸/۳۶، ۲۵/۶۷،

مَتَابًا: توبہ کرنا، رجوع کرنا۔ ۷۱/۲۵،

مَتَابِ: (ن) میرا توبہ کرنا، میرا رجوع کرنا۔ تَوْبٌ سے مصدر میمی بھی ہے اسمِ ظرف بھی، اصل میں مَتَابِیْ تھا 'ی' حذف ہوگئی۔ ۳۰/۱۳،

مَتَاعَ: (ف،ک) متاع، فائدہ، پونجی، جمع اَمْتِعَةٌ. ۲۳/۱۰، ۶۱/۲۸،

مَتَاعًا: متاع، فائدہ، پونجی۔ ۲۳۶/۲، ۲۴۰/۲، ۹۶/۵، ۳/۱۱، ۸۰/۱۶، ۵۳/۳۳، ۴۴/۳۶، ۷۳/۵۶، ۳۳/۷۹، ۳۲/۸۰،

مَتَاعٍ: متاع، فائدہ، پونجی۔ ۱۷/۱۳،

مَتَاعٌ: متاع، فائدہ، پونجی۔ ۱۴/۳، ۱۸۵/۳، ۷۷/۴، ۳۸/۹، ۶۰/۲۸، ۳۶/۴۲، ۳۵/۴۳، ۲۰/۵۷،

مَتَاعٌ: متاع، فائدہ، پونجی۔ ۳۶/۲، ۲۴۱/۲، ۱۹۷/۳، ۲۴/۷، ۷۰/۱۰، ۲۶/۱۳، ۱۱۷/۱۶، ۱۱۱/۲۱، ۲۹/۲۴، ۳۹/۴۰،

مَتَاعَنَا: ہمارے فائدے کو، ہماری پونجی کو۔ ۷۹/۱۲،

مَتَاعِنَا: ہمارے فائدے کو، ہماری پونجی کو۔ ۱۷/۱۲،

مَتَاعَهُمْ: ان کے فائدے کو، ان کی پونجی کو، ۶۵/۱۲،

مُتَبَّرٌ: (تف) ہلاک کیا ہوا، تباہ، برباد۔ تَتْبِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۳۹/۷،

مُتَبَرِّجٰتٍ: (تفع) اپنا بناؤ سنگھار ظاہر کرنے والی عورتیں، آراستہ ہونے والی عورتیں۔ تَبَرُّجٌ سے اسم فاعل۔ ۶۰/۲۴،

مُتَّبَعُوْنَ: (افت) اتباع کئے ہوئے، پیچھا کئے ہوئے۔ اِتِّبَاعٌ سے اسم مفعول۔ ۵۲/۲۶، ۲۳/۴۴،

مُتَتَابِعَیْنِ: (تفا) پے درپے، لگاتار۔ تَتَابُعٌ سے اسمِ فاعل، واحد مُتَتَابِعٌ. ۹۲/۴،

مُتَجَانِفٍ: (تفا) گناہ کی طرف مائل ہونے والا جھکنے والا۔ تَجَانُفٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۵،

مُتَجٰوِرٰتٌ: (تفا) ایک دوسرے کے نزدیک، اور متصل، برابر برابر۔ تَجَاوُرٌ سے اسم فاعل، واحد مُتَجَاوِرَةٌ. ۴/۱۳،

مُتَحَرِّفًا: (تفع) پینترا بدلنے والا، کرتب کرنے والا۔ تَحَرُّفٌ سے اسم فاعل۔ ۱۶/۸،

مُتَحَیِّزًا: (تفع) پناہ لینے والا، جگہ لینے والا۔ تَحَیُّزٌ سے اسم فاعل۔ ۱۶/۸،

مُتَّخِذَ: (افت) پکڑنے والا، لینے والا، بنانے والا۔ اِتِّخَاذٌ سے اسم فاعل۔ ۵۱/۱۸،

مُتَّخِذٰتِ: پکڑنے والیاں۔ لینے والیاں، بنانے والیاں واحد مُتَّخِذَةٌ. ۲۵/۴،

مُتَّخِذِیْ: پکڑنے والے، بنانے والے، اصل میں۔ مُتَّخِذِیْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون اعرابی ساقط ہوگیا۔ ۵/۵،

مُتَرَاکِبًا: (تفا) اوپر تلے، ایک پر ایک چڑھا ہوا، تہ بہ تہ۔ تَرَاکُبٌ سے اسم فاعل۔ ۹۹/۶،

مَتْرَبَةٍ: (س) محتاج، مفلس، نادار، مٹی والا۔ ۱۶/۹۰،

مُتَرَبِّصٌ: (تفع) انتظار کرنے والا، راہ دیکھنے والا، مراد اعمال کے نتائج کا منتظر۔ تَرَبُّصٌ سے اسم فاعل۔ ۱۳۵/۲۰،

مُتَرَبِّصُوْنَ: انتظار کرنے والے، راہ دیکھنے والے۔ ۵۲/۹،

مُتَرَبِّصِینَ: انتظار کرنے والے، راہ دیکھنے والے۔ ۳۱/۵۲،

مُتَرَدِّیَةُ: (تفع) گر کر ہلاک ہونے والی، وہ حلال جانور جو اوپر سے گر کر ذبح کرنے سے پہلے مرجائے۔ تَرَدِّیٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۵،

مُتْرَفُوْھَا: (اف) اس (بستی) کے دولتمند، اس کے خوشحال۔ اِتْرَافٌ سے اسم مفعول، واحد مُتْرَفٌ۔ اصل میں مُتْرَفُوْنَ تھا اضافت کی وجہ سے نون اعرابی حذف ہوگیا ۳۴/۳۴، ۲۳/۴۳،

مُتْرَفِیْنَ: دولتمند، خوشحال۔ ۴۵/۵۶،

مُتْرَفِیْھَا: اس (بستی) کے دولتمند، اس کے خوشحال۔ ۱۶/۱۷،

مُتْرَفِیْھِمْ: ان کے دولتمند، ان کے خوشحال ۶۴/۲۳،

مُتَشَابِھًا: (تفا) مشابہ، ملتا جلتا۔ تَشَابُهٌ سے اسم فاعل۔ ۲۵/۲، ۱۴۱/۶، ۲۳/۳۹،

مُتَشَابِهٍ: باہم ملتے جلتے، ایک دوسرے کی مانند۔ ۹۹/۶، ۱۴۱/۶،

مُتَشٰبِھٰتٌ: متشابہ (آیتیں) ملتی جلتی۔ ۷/۳،

مُتَشٰكِسُوْنَ: (تفا) بدخوضدی، جھگڑالو، تَشَاكُسٌ سے اسم فاعل۔ ۲۹/۳۹،

مُتَصَدِّعًا: (تفع) پھٹ جانے والا ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا۔ تَصَدُّعٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۵۹،

مُتَصَدِّقٰتِ: (تفع) صدقہ دینے والیاں، خیرات کرنے والیاں۔ تَصَدُّقٌ سے اسم فاعل واحد مُتَصَدِّقَةٌ۔ ۳۵/۳۳،

مُتَصَدِّقِیْنَ: صدقہ دینے والے، خیرات کرنے والے۔ ۳۵/۳۳،

مُتَطَهِّرِیْنَ: (تفع) پاک صاف رہنے والے۔ تَطَهُّرٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲۲/۲،

مُتَعَالِ: (تفا) بلند، عالی شان، بہت غالب، تَعَالِیٌ سے اسم فاعل۔ ۹/۱۳،

مَتَّعْتُ: (تف) میں نے فائدہ پہنچایا، تَمْتِیْعٌ سے ماضی۔ ۲۹/۴۳،

مَتَّعْتَهُمْ: تو نے ان کو فائدہ پہنچایا۔ ۱۸/۲۵،

مُتَعَمِّدًا: (تفع) قصداً کرنے والا، جان بوجھ کر کرنے والا، تَعَمُّدٌ سے اسم فاعل، ۹۳/۴، ۹۵/۵،

مَتَّعْنَا: ہم نے فائدہ پہنچایا۔ ۸۸/۱۵، ۱۳۱/۲۰، ۴۴/۲۱،

مَتَّعْنٰهُ: ہم نے اس کو فائدہ پہنچایا۔ ۶۱/۲۸،

مَتَّعْنٰهُمْ: ہم نے ان کو فائدہ پہنچایا، ۹۸/۱۰، ۲۰۵/۲۶، ۱۴۸/۳۷،

مَتِّعُوْهُنَّ: تم ان (عورتوں) کو فائدہ پہنچاؤ۔ تَمْتِیْعٌ سے امر۔ ۲۳۶/۲، ۴۹/۳۳،

مُتَفَرِّقَةٍ: (تفع) متفرق، جدا جدا۔ تَفَرُّقٌ سے اسم فاعل۔ ۶۷/۱۲،

مُتَفَرِّقُوْنَ: متفرق، جدا جدا۔ ۳۹/۱۲،

مُتَقٰبِلِیْنَ: (تفا) ایک دوسرے کے مقابل، آمنے سامنے۔ تَقَابُلٌ سے اسم فاعل واحد مُتَقَابِلٌ۔ ۴۷/۱۵، ۴۴/۳۷، ۵۳/۴۴، ۱۶/۵۶،

مُتَقَلَّبَكُمْ: (تفع) تمہارے چلنے پھرنے کی جگہ کو، تمہاری آمد و رفت کی جگہ کو۔ تَقَلُّبٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۹/۴۷،

مُتَّقُوْنَ: (افت) متقی، پرہیزگار۔ اِتِّقَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۱۷۷/۲، ۳۴/۸، ۳۵/۱۳، ۱۵/۲۵، ۳۳/۳۹، ۱۵/۴۷،

مُتَّقِیْنَ: متقی، پرہیزگار۔ یہ اصل میں مُوْتَقِیِیْنَ تھا۔ واؤ کو تا سے بدل کر تا کا تا میں ادغام کر دیا تو مُتَّقِیِیْنَ ہوگیا۔ یا پر کسرہ ثقیل تھا

اس لئے اس کو گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین کی وجہ سے ایک یا کو حذف کر دیا تو متقین ہو گیا۔ ٢/٢، ٦٦/٢، ١٨٠/٢، ١٩٤/٢، ٢٤١/٢، ٧٦/٣، ١١٥/٣، ١٣٣/٣، ١٣٨/٣، ٢٧/٥، ٤٦/٥، ١٢٨/٧، ٤/٩، ٧/٩، ٣٦/٩، ٤٤/٩، ١٢٣/٩، ٤٩/١١، ٤٥/١٥، ٣٠/١٦، ٣١/١٦، ٨٥/١٩، ٩٧/١٩، ٤٨/٢١، ٣٤/٢٢...... ٣٤٣ جگہ

مُتَکَبِّرٍ: (تفع) تکبر کرنے والا، مغرور۔ تَکَبُّرٌ سے اسم فاعل۔ ٢٧/٤٠، ٣٥/٤٠،

مُتَکَبِّرُ: بڑی عظمت والا، بزرگ، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ ٢٣/٥٩،

مُتَکَبِّرِیْنَ: تکبر، (غرور) کرنے والے۔ ٢٩/١٦، ٦٠/٣٩، ٧٢/٣٩، ٧٦/٤٠،

مُتَکَلِّفِیْنَ: (تفع) تکلف کرنے والے، بناوٹ کرنے والے۔ تَکَلُّفٌ سے اسم فاعل ٨٦/٣٨،

مُتَّکَاً: (افت) تکیہ لگانے کی جگہ، سہارا لگانے کی جگہ۔ اِتِّکَاءٌ سے اسم ظرف۔ ٣١/١٢،

مُتَّکِئُوْنَ: تکیہ لگائے ہوئے، سہارا لئے ہوئے، اِتِّکَاءٌ سے اسم فاعل، واحد مُتَّکِیٌٔ ٥٦/٣٦،

مُتَّکِئِیْنَ: تکیہ لگائے ہوئے، سہارا لئے ہوئے۔ ٣١/١٨، ٥١/٣٨، ٢٠/٥٢، ٥٤/٥٥، ٧٦/٥٥، ١٦/٥٦، ١٣/٧٦،

مُتَلَقِّیٰنِ: (تفع) دو ملاقاتیں کرنے والے، دو لینے والے، مراد اعمال لکھنے والے۔ دو فرشتے یعنی کراماً کاتبین جو ہر روز آدمیوں کی نیکی و بدی لکھ کر لے جاتے ہیں۔ تَلَقِّیٌ سے اسم فاعل، واحد مُتَلَقِّیٌ۔ ١٧/٥٠،

مِتُّمْ: (ض، س) تم مرجاؤ گے۔ مَوْتٌ سے ماضی، بمعنی استقبال۔ ٣٥/٢٣،

مُتُّمْ: (ن) تم مرجاؤ گے۔ مَوْتٌ سے ماضی بمعنی مضارع۔ ١٥٧/٣، ١٥٨/٣،

مُتِمُّ: (اف) تمام کرنے والا، پورا کرنے والا۔ اِتْمَامٌ سے اسم فاعل۔ ٨/٦١،

مِتْنَا: ہم مرجائیں گے۔ ٨٢/٢٣، ١٦/٣٧، ٥٣/٣٧، ٣/٥٠، ٤٧/٥٦،

مُتَنَافِسُوْنَ: (تفا) حرص کرنے والے، رغبت کرنے والے۔ تَنَافُسٌ سے اسم فاعل ٢٦/٨٣،

مُتَوَسِّمِیْنَ: (تفع) اہلِ بصیرت، اہلِ فراست پہچاننے والے، تَوَسُّمٌ سے اسم فاعل۔ ٧٥/١٥،

مُتَوَفِّیْكَ: (تفع) تجھے وفات دینے والا، تجھے موت دینے والا۔ تَوَفِّیٌ سے اسم فاعل۔ ٥٥/٣،

مُتَوَکِّلُوْنَ: (تفع) توکل کرنے والے، بھروسہ کرنے والے۔ تَوَکُّلٌ سے اسم فاعل۔ ٦٧/١٢، ١٢/١٤، ٣٨/٣٩،

مُتَوَکِّلِیْنَ: توکل کرنے والے، بھروسہ کرنے والے۔ ١٥٩/٣،

مَتِیْنُ: (ن، ک) مضبوط، قوی، محکم۔ مَتْنٌ و مَتَانَۃٌ سے صفت مشبہ۔ ٥٨/٥١،

مَتِیْنٌ: مضبوط، قوی، محکم۔ ١٨٣/٧، ٤٥/٦٨،

م ث

مَثَابَۃً: (ن) ثواب کی جگہ، عبادت کی جگہ، جمع ہونے کی جگہ۔ ثَوْبٌ سے ظرف مکان۔ ١٢٥/٢،

مَثَانِیَ: بار بار ذکر کئے ہوئے مضامین، مکرر، تعریف کیا ہوا۔ ثِنْیٌ و ثَنَاءٌ سے واحد مُثْنٰی۔ ٨٧/١٥، ٢٣/٣٩،

مَثْبُوْرًا: (ن) ملعون، ہلاک کیا ہوا۔ ثَبْرٌ و ثُبُوْرٌ سے اسم مفعول۔ ١٠٢/١٧،

مِثْقَالَ: (ک، ن، س) برابر، ہم وزن، بھاری ہونا۔

ثِقْلٌ وثَقَالَةٌ سے فعل بھی ہے اسم بھی، جمع مَثَاقِيلُ. ۴۰/۴، ۴۷/۲۱، ۱۶/۳۱، ۲۲/۳۴، ۷/۹۹، ۸/۹۹

مِثْقَالِ: برابر، ہم وزن، بھاری۔ ۶۱/۱۰

مِثْقَالُ: برابر، ہم وزن، بھاری ہونا۔ ۳/۳۴

مُثْقَلَةٌ: بوجھ والی، گناہوں کے بوجھ سے لدی ہوئی۔ ثِقْلٌ وثَقَالَةٌ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۳۵

مُثْقَلُوْنَ: گراں بار، لدے ہوئے، بوجھل۔ ثِقْلٌ وثَقَالَةٌ سے اسم مفعول۔ ۴۰/۵۲

مَثَلَ: مثال، نظیر، کہاوت، جمع، اَمْثَالٌ. ۵۹/۳، ۴۵/۱۸

مَثَلًا: مثال، نظیر، کہاوت۔ ۲۶/۲، ۱۷۷/۷، ۲۴/۱۱، ۲۴/۱۴، ۷۵/۱۶، ۷۶/۱۶، ۱۱۲/۱۶، ۳۲/۱۸، ۳۴/۲۴، ۲۸/۳۰، ۱۳/۳۶، ۷۸/۳۶، ۲۹/۳۹، ۱۷/۴۳، ۵۶/۴۳، ۵۷/۴۳، ۵۹/۴۳، ۱۰/۶۶، ۱۱/۶۶، ۳۱/۷۴

مَثَلِ: مثال، نظیر، کہاوت۔ ۱۷/۲، ۱۷۱/۲، ۲۶۱/۲، ۲۶۴/۲، ۲۶۵/۲، ۵۹/۳، ۱۱۷/۳، ۴۱/۲۹، ۲۰/۵۷، ۱۵/۵۹، ۱۶/۵۹، ۵/۶۲

مَثَلِ: مثال، نظیر، کہاوت۔ ۸۹/۱۷، ۵۴/۱۸، ۳۳/۲۵، ۵۸/۳۰، ۲۷/۳۹

مَثَلُ: مثال، نظیر، کہاوت۔ ۱۷۱/۲، ۲۱۴/۲، ۲۶۱/۲، ۲۶۵/۲، ۱۷۶/۷، ۲۴/۱۰، ۲۴/۱۱، ۳۵/۱۳، ۱۸/۱۴، ۲۶/۱۴، ۶۰/۱۶، ۳۵/۲۴، ۴۱/۲۹، ۲۷/۳۰، ۸/۴۳، ۱۵/۴۷، ۵/۶۲

مَثَلٌ: مثال، نظیر، کہاوت۔ ۷۳/۲۲

مِثْلَ: مانند، طرح، مشابہ، جمع اَمْثَالٌ ۱۱۳/۲، ۱۱۸/۲، ۷۳/۳، ۳۱/۵، ۹۳/۶، ۱۲۴/۶، ۳۱/۸، ۱۰۲/۱۰، ۸۱/۲۳، ۴۸/۲۸، ۷۹/۲۸، ۳۰/۴۰، ۳۱/۴۰، ۱۳/۴۱، ۲۳/۵۱، ۵۹/۵۱، ۱۰۱/۶۰

مِثْلِ: مانند، طرح، مشابہ۔ ۱۳۷/۲، ۱۹۴/۲، ۱۲۶/۱۶، ۸۸/۱۷، ۶۰/۲۲، ۶۱/۳۷

مِثْلُ: مانند، طرح، مشابہ، ۲۲۸/۲، ۲۳۳/۲، ۲۷۵/۲، ۱۱/۴، ۱۷۶/۴، ۹۵/۵، ۸۹/۱۱، ۱۴/۳۵

مُثْلٰى: (ک) پسندیدہ، بہترین۔ مَثَالَةٌ سے اسم تفضیل۔ ۶۳/۲۰

مَثُلٰتُ: عبرتناک سزائیں، کہاوتیں، ''وہ سزا جو دوسروں کو ارتکاب جرم سے باز رکھنے کے لئے مثال بن جائے'' (المفردات/۴۶۳) واحد مَثُلَةٌ۔ ۶/۱۳

مِثْلَكُمْ: تمہاری مانند، تمہاری طرح۔ ۳۴/۲۳

مِثْلُكُمْ: تمہاری مانند، تمہاری طرح۔ ۱۱/۱۴، ۱۱۰/۱۸، ۳/۲۱، ۲۴/۲۳، ۳۳/۲۳، ۶/۴۱

مِثْلَنَا: ہماری طرح۔ ۲۷/۱۱

مِثْلِنَا: ہماری طرح۔ ۴۷/۲۳

مِثْلُنَا: ہماری طرح۔ ۱۰/۱۴، ۱۵۴/۲۶، ۱۸۶/۲۶، ۱۵/۳۶

مِثْلَهٗ: اس کی مانند، اس کی طرح۔ ۳۶/۵، ۱۸/۱۳، ۴۷/۳۹

مِثْلِهٖ: اس کی مانند، اس کی طرح ۲۳/۲، ۳۸/۱۰، ۱۳/۱۱، ۸۸/۱۷، ۱۰۹/۱۸، ۵۸/۲۰، ۱۷/۲۴، ۴۲/۳۶، ۱۱/۴۲، ۱۰/۴۶، ۳۴/۵۲

مِثْلُهٗ: اس کی مانند، اس کی طرح ۱۴۰/۳، ۱۶۹/۷، ۱۷/۱۳

مَثَلُهٗ: اس کی مثال۔ اس کی حالت۔ ۲۶۴/۲، ۱۲۲/۶، ۱۷۶/۷

مِثْلَهَا: اس کی مانند، اس کی طرح۔ ۱۶۰/۶، ۴۰/۴۰

مِثْلِهَا: اس کی مانند، اس کی طرح۔ ۱۰۶/۲، ۲۷/۱۰

مِثْلُهَا: اس کی مانند، اس کی طرح۔ ۴۰/۴۲، ۸/۸۹

مِثْلَهُمْ: ان کی مانند۔ ان کی طرح۔ ۹۹/۱۷، ۸۴/۲۱، ۸۱/۳۶، ۴۳/۳۸

مِثْلُهُمْ: ان کی مانند، ان کی طرح۔ ۱۴۰/۴

مَثَلُهُمْ: ان کی مثال، ان کی حالت ۱۷/۲، ۲۹/۴۸

مِثْلُهُنَّ: ان (عورتوں) کی مانند، ان کی طرح، ۱۲/۶۵

مِثْلَيْهَا: اس سے دو چند، اس سے دوگنا، اصل میں، مِثْلَيْنِ تھا اضافت کی وجہ سے نون حذف ہوگیا۔ ۱۶۵/۳

مِثْلَيْهِمْ: ان سے دوگنے۔ ۱۳/۳

مَثْنٰی: دو دو۔ ۳/۴، ۳۶/۳۴، ۱/۳۵،

مَثْوًی: (ض) رہنے کی جگہ، ٹھکانا۔ ثُوِیًّا و ثُوَاءً سے ظرفِ مکان، جمع مَثَاوِی. ۹۷/۴، ۱۵۱/۳، ۲۹/۱۶، ۷۲/۳۹،

مَثْوًی: رہنے کی جگہ، ٹھکانا ۶۸/۲۹، ۳۲/۳۹، ۶۰/۳۹، ۲۴/۴۱، ۱۲/۴۷،

مَثْوٰکُمْ: تمہارے رہنے کی جگہ، تمہارا ٹھکانا۔ ۱۲۸/۶، ۱۹/۴۷،

مَثْوٰهُ: اس کے رہنے کی جگہ، اس کی مہمانی، اس کی خاطر مدارت۔ ۲۱/۱۲،

مَثْوَایَ: میری رہنے کی جگہ، میری مہمانی، میری خاطر مدارت۔ ۲۳/۱۲،

مَثُوْبَةً: ثواب، جزا، بدلہ۔ ۶۰/۵،

مَثُوْبَةٌ: ثواب، بدلہ، معاوضہ۔ ۱۰۳/۲،

م ج

مَجٰلِسِ: (ض) مجلسیں، محفلیں، بیٹھنے کی جگہیں۔ جُلُوْسٌ سے اسم ظرف۔ ۱۱/۵۸،

مُجٰهِدُوْنَ: (مفا) جہاد کرنے والے، کوشش کرنے والے۔ مُجَاهَدَةٌ سے اسم فاعل۔ ۹۵/۴،

مُجٰهِدِیْنَ: جہاد کرنے والے۔ ۹۵/۴، ۳۱/۴۷،

مُجْتَمِعُوْنَ: (افت) جمع ہونے والے، اکھٹے ہونے والے۔ اِجْتِمَاعٌ سے اسم فاعل، واحد مُجْتَمِعٌ۔ ۳۹/۲۶،

مَجْذُوْذٍ: کاٹا ہوا۔ منقطع کیا ہوا۔ جَذٌّ سے اسم مفعول۔ ۱۰۸/۱۱،

مُجْرِمًا: (اف) جرم کرنے والا، گناہ کرنے والا۔ اِجْرَامٌ سے اسم فاعل۔ ۷۴/۲۰،

مُجْرِمُ: جرم کرنے والا، گناہ کرنے والا۔ ۱۱/۷۰،

مُجْرِمُوْنَ: مجرم، گنہگار۔ ۸/۸، ۱۷/۱۰، ۵۰/۱۰، ۸۲/۱۰، ۵۳/۱۸، ۹۹/۲۶، ۷۸/۲۸، ۱۲/۳۰، ۵۵/۳۰، ۱۲/۳۲، ۵۹/۳۶، ۲۲/۴۴، ۴۱/۵۵، ۴۳/۵۵، ۴۶/۷۷،

مُجْرِمِیْنَ: مجرم گنہگار۔ ۵۵/۶، ۱۴۷/۶، ۴۰/۷، ۸۴/۷، ۱۳۳/۷، ۶۶/۹، ۱۳/۱۰، ۷۵/۱۰، ۵۲/۱۱، ۱۱۶/۱۱، ۱۱۰/۱۲، ۴۹/۱۴، ۱۲/۱۵، ۵۸/۱۵، ۴۹/۱۸، ۸۶/۱۹، ۱۰۲/۲۰، ۲۲/۲۵، ۳۱/۲۵، ۲۰۰/۲۶، ۶۹/۲۷، ۱۷/۲۸، ۲۲/۳۲، ۳۲/۳۴، ۳۴/۳۷......۳۴ جگہ

مُجْرِمِیْهَا: اس (بستی) کے مجرم، اس کے گنہار، اصل میں مُجْرِمِیْنَ تھا اضافت کی وجہ سے نون ساقط ہو گیا۔ ۱۲۳/۶،

مَجْرٖهَا: (ض) اس کو جاری کرنا، اس کا چلنا۔ جِرْیَانٌ سے اسمِ ظرف۔ ۴۱/۱۱،

مَجْمَعَ: (ف) جمع ہونے کی جگہ، ملنے کی جگہ۔ جَمْعٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۶۰/۱۸، ۶۱/۱۸،

مَجْمُوْعٌ: جمع کئے جائیں گے، اکھٹے کئے جائیں گے۔ جَمْعٌ سے اسمِ مفعول بمعنی مستقبل مجہول۔ ۱۰۳/۱۱،

مَجْمُوْعُوْنَ: وہ سب جمع کیے جائیں گے، وہ سب اکھٹے کئے جائیں گے، اسم مفعول بمعنی مستقبل مجہول۔ ۵۰/۵۶،

مَجْنُوْنٍ: (ن) مجنون۔ دیوانہ۔ پاگل۔ جَنٌّ و جُنُوْنٌ سے اسم مفعول، جمع مَجَانِیْنٌ. ۳۶/۳۷، ۲۹/۵۲، ۲/۶۸، ۲۲/۸۱،

مَجْنُوْنٌ: مجنون، دیوانہ، پاگل۔ ۶/۱۵، ۲۷/۲۶، ۱۴/۴۴، ۳۹/۵۱، ۵۲/۵۱، ۹/۵۴، ۵۱/۶۸،

مَجُوْسَ: مجوسی، آتش پرست۔ مراد ایران کے آتش پرست جو دو خدا مانتے ہیں، ایک ظلمت کا ایک نور کا۔ ۱۷/۲۲،

مُجِیْبٌ: (اف) جواب دینے والا، قبول کرنے والا۔ اِجَابَةٌ سے اسم فاعل۔ ٦١/١١،

مُجِیْبُوْنَ: جواب دینے والے۔ قبول کرنے والے۔ ٧٥/٣٧،

مَجِیْدِ: (ن،ک) بزرگ۔ عظمت والا۔ رفیع الشان، مَجْدٌ سے صفت مشبہ۔ ١/٥٠،

مَجِیْدُ: بزرگ، عظمت والا، رفیع الشان۔ ١٥/٨٥،

مَجِیْدٌ: بزرگ۔ عظمت والا۔ رفیع الشان۔ ٧٣/١١، ٢١/٨٥،

م ح

مَحَارِیْبَ: محرابیں، مسجد کے در، قلعے۔ واحد مِحْرَابٌ. ١٣/٣٤،

مِحَالِ: (مفا) حیلہ کرنا۔ تدبیر کرنا۔ گرفت کرنا۔ عذاب دینا، مصدر ہے۔ ١٣/١٣،

مَحَبَّةً: محبت کرنا، پسند کرنا، مصدر ہے۔ ٣٩/٢٠،

مُحْتَضَرٌ: (افت) حاضر کیا ہوا۔ اِحْتِضَارٌ سے اسم مفعول۔ ٢٨/٥٤،

مُحْتَظِرِ: (افت) کانٹوں کی باڑ لگانے والا، اِحْتِظَارٌ سے اسم فاعل۔ ٣١/٥٤،

مَحْجُوْبُوْنَ: (ن) حجاب میں کئے ہوئے، پردے میں کئے ہوئے۔ حَجْبٌ وحِجَابٌ سے اسم مفعول، واحد مَحْجُوْبٌ. ١٥/٨٣،

مَحْجُوْرًا: (ن،ض) روکا ہوا، بند کیا ہوا۔ حَجْرٌ سے اسم مفعول۔ ٢٢/٢٥، ٥٣/٢٥،

مُحْدَثٍ: (اف) تازہ، نیا۔ اِحْدَاث سے اسم مفعول۔ ٢/٢١، ٥/٢٦،

مَحْذُوْرًا: (س) ڈرنے کی چیز، خوفناک۔ حَذَرٌ سے اسم مفعول۔ ٥٧/١٧،

مِحْرَابَ: محراب، عبادت خانہ، بالاخانہ، جمع مَحَارِیْبٌ. لغت میں محراب سب سے اونچی جگہ کو کہتے ہیں، یہاں اس سے وہ بالاخانہ مراد ہے جو حضرت زکریا نے حضرت مریم کے لئے بنوایا تھا. ٣٧/٣، ٢١/٣٨،

مِحْرَابِ: محراب، حجرہ، عمدہ مکان۔ ٣٩/٣، ١١/١٩،

مُحَرَّرًا: (تف) تحریر کیا ہوا، آزاد کیا ہوا۔ تَحْرِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ٣٥/٣،

مُحَرَّمًا: (تف) حرام کیا ہوا، منع کیا ہوا، تَحْرِیْمٌ سے اسم مفعول۔ ١٤٥/٦،

مُحَرَّمِ: حرام کیا ہوا، منع کیا ہوا۔ ٣٧/١٤،

مُحَرَّمٌ: حرام کیا ہوا، منع کیا ہوا۔ ٨٥/٢، ١٣٩/٦،

مُحَرَّمَةٌ: حرام کی ہوئی، منع کی ہوئی۔ ٢٦/٥،

مَحْرُوْمِ: (ک،ض،س) محروم، سوال نہ کرنے والا، حِرْمٌ وحِرْمَانٌ سے اسم مفعول۔ ١٩/٥١، ٢٥/٧٠،

مَحْرُوْمُوْنَ: محروم کئے گئے، بدنصیب۔ ٦٧/٥٦، ٢٧/٦٨،

مُحْسِنٌ: (اف) احسان کرنے والا، فریضہ سے زیادہ ادا کرنے والا۔ اِحْسَانٌ سے اسم فاعل۔ ١١٢/٢، ١٢٥/٤، ٢٢/٣١، ١١٣/٣٧،

مُحْسِنٰتِ: احسان کرنے والی عورتیں، نیک عورتیں، واحد مُحْسِنَةٌ. ٢٩/٣٣،

مُحْسِنُوْنَ: احسان کرنے والے، بھلائی کرنے والے۔ ١٢٨/١٦،

مُحْسِنِیْنَ: احسان کرنے والے۔ بھلائی کرنے والے۔ ٥٨/٢، ١٩٥/٢، ٢٣٦/٢، ١٣٤/٣، ١٤٨/٣، ١٣/٥، ٨٥/٥، ٩٣/٥، ٨٤/٦، ٥٦/٧، ١٦١/٧، ٩١/٩، ١٢٠/٩، ١١٥/١١، ٢٢/١٢، ٣٦/١٢، ٥٦/١٢، ٧٨/١٢، ٩٠/١٢، ٣٧/٢٢، ١٤/٢٨، ٦٩/٢٩، ٣/٣١

٨٠/٣٧، ١٠٥/٣٧،...... ٣٣ جگہ

مَحْسُوْرًا: (ن،ض) پچھتایا ہوا۔ حسرت زدہ۔ عاجز۔ حَسْرٌ سے اسم مفعول۔ ٢٩/١٧،

مَحْشُوْرَةً: (ن،ض) جمع کی ہوئی، اکٹھی کی ہوئی، حَشْرٌ سے اسم مفعول۔ ١٩/٣٨،

مُحْصَنٰتِ: (اف) پاک دامن عورتیں۔ شوہر والی عورتیں۔ مسلمان عورتیں۔ آزاد عورتیں۔ اِحْصَانٌ سے اسم مفعول۔ ٢٥/٤، ٤/٢٤، ٢٣/٢٤،

مُحْصَنٰتٍ: پاک دامن عورتیں۔ شوہر والی عورتیں۔ ٢٥/٤،

مُحْصَنٰتُ: پاک دامن عورتیں۔ شوہر والی عورتیں۔ ٢٤/٤، ٥/٥،

مُحَصَّنَةٍ: (تف) قلعہ بند، محفوظ۔ تَحْصِيْنٌ سے اسم مفعول۔ ١٤/٥٩،

مُحْصِنِيْنَ: (اف) بیویوں والے۔ اِحْصَانٌ سے اسم فاعل۔ ٢٤/٤، ٥/٥،

مُحْضَرًا: (اف) حاضر کیا ہوا، سامنے لایا ہوا۔ اِحْضَارٌ سے اسم مفعول۔ ٣٠/٣،

مُحْضَرُوْنَ: حاضر کئے ہوئے۔ سامنے لائے ہوئے ١٦/٣٠، ٣٨/٣٤، ٣٢/٣٦، ٥٣/٣٦، ٧٥/٣٦، ١٢٧/٣٧، ١٥٨/٣٧،

مُحْضَرِيْنَ: حاضر کئے ہوئے۔ سامنے لائے ہوئے۔ ٦١/٢٨، ٥٧/٣٧،

مَحْظُوْرًا: (ن) بند کی ہوئی، روکی ہوئی۔ حَظْرٌ سے اسم مفعول۔ ٢٠/١٧،

مَحْفُوْظًا: (س) محفوظ، حفاظت کیا ہوا۔ حِفْظٌ سے اسم مفعول۔ ٣٢/٢١،

مَحْفُوْظٍ: محفوظ، حفاظت کیا ہوا۔ ٢٢/٨٥،

مُحْكَمٰتٌ: (اف) محکم یعنی صاف صاف معنوں والی، واضح۔ اِحْكَامٌ سے اسم مفعول، واحد مُحْكَمَةٌ. ٧/٣،

مُحْكَمَةٌ: صاف صاف مضمون والی، واضح، ٢٠/٤٧،

مُحَلِّقِيْنَ: (تف) بال منڈوانے والے، سر منڈوانے والے۔ تَحْلِيْقٌ سے اسم فاعل، واحد مُحَلِّقٌ. ٢٧/٤٨،

مَحِلَّهٗ: (ض) اس (قربانی) کے حلال ہونے کی جگہ، اس کی قربان گاہ، مراد حدودِ منٰی۔ حِلٌّ سے اسم ظرف مکان۔ ١٩٦/٢، ٢٥/٤٨،

مَحِلُّهَا: اس کا ذبح کرنے کا مقام، اس کی قربان گاہ، یعنی حدودِ حرم۔ ٣٣/٢٢،

مُحِلِّي: (اف) حلال سمجھنے والے، حلال قرار دینے والے۔ اِحْلَالٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُحِلِّيْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون حذف ہو گیا، واحد مُحِلٌّ. ١/٥،

مُحَمَّدٍ: (تف) تعریف کیا ہوا، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی۔ آپ سے پہلے اس نام سے کوئی موسوم نہیں ہوا۔ ”وہ شخص جس کے اندر بکثرت خصائل حمیدہ اور اوصافِ پسندیدہ ہوں“ (المفردات/١٣١) تَحْمِيْدٌ سے اسم مفعول۔ ٢/٤٧،

مُحَمَّدٌ: تعریف کیا ہوا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم گرامی۔ ١٤٤/٣، ٤٠/٣٣، ٢٩/٤٨،

مَحْمُوْدًا: (س) تعریف کیا ہوا۔ حَمْدٌ و مَحْمِدٌ سے اسم مفعول۔ ٧٩/١٧،

مَحْوُنَا: (ن) ہم نے محو کر دی، ہم نے مٹا دی۔ مَحْوٌ سے ماضی۔ ١٢/١٧،

مُحْيِي: (اف) حیات دینے والا، زندہ کرنے

والا۔ اِحْیَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۵۰/۳۰، ۳۹/۴۱،

مَحْیَاهُمْ: (س) ان کی حیات، ان کی زندگی حَیٰوۃٌ سے مصدر میمی۔ ۲۱/۴۵،

مَحْیَایَ: میری حیات، میری زندگی۔ ۱۶۲/۶،

مَحِیْصًا: (ض) پناہ گاہ، بھاگنے کی جگہ۔ حَیْصٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۲۱/۴،

مَحِیْصٍ: پناہ گاہ، بھاگنے کی جگہ۔ ۲۱/۱۴، ۴۸/۴۱، ۳۵/۴۲، ۳۶/۵۰،

مَحِیْضِ: (ض) حیض کا آنا، حیض کا مقام، حیض کا زمانہ۔ حَیْضٌ سے مصدر بھی ہے اور اسم ظرف زمان ومکان بھی۔ ۲۲۲/۲، ۴/۶۵،

مُحِیْطًا: (اف) احاطہ کرنے والا، ہر طرف سے گھیرنے والا اِحَاطَۃٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰۸/۴، ۱۲۶/۴،

مُحِیْطٍ: احاطہ کرنے والا، گھیرنے والا۔ ۸۴/۱۱،

مُحِیْطٌ: احاطہ کرنے والا، گھیرنے والا۔ ۱۹/۲، ۱۲۰/۳، ۴۷/۸، ۹۲/۱۱، ۵۴/۴۱، ۲۰/۸۵،

مُحِیْطَۃٌ: احاطہ کرنے والی، گھیرنے والی۔ ۴۹/۹، ۵۴/۲۹،

م خ

مَخَاضُ: (ف، س) دردزہ ہونا، دردولادت، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ۲۳/۱۹،

مُخْبِتِیْنَ: (اف) عاجزی کرنے والے۔ خشوع کرنے والے۔ اِخْبَاتٌ سے اسم فاعل، واحد مُخْبِتٌ. ۳۴/۲۲،

مُخْتَالًا: (افت) تکبر کرنے والا، مغرور۔ اِخْتِیَالٌ سے اسم فاعل۔ ۳۶/۴،

مُخْتَالٍ: تکبر کرنے والا، غرور کرنے والا، ۱۸/۳۱، ۲۳/۵۷،

مُخْتَلِفًا: (افت) مختلف، جدا جدا۔ اِخْتِلَافٌ سے اسم فاعل۔ ۱۴۱/۶، ۱۳/۱۶، ۲۷/۳۵، ۲۱/۳۹،

مُخْتَلِفٍ: مختلف، جدا جدا، متفرق۔ ۸/۵۱،

مُخْتَلِفٌ: مختلف، جدا جدا، متفرق۔ ۶۹/۱۶، ۲۷/۳۵، ۲۸/۳۵،

مُخْتَلِفُوْنَ: اختلاف کرنے والے۔ ۳/۷۸،

مُخْتَلِفِیْنَ: اختلاف کرنے والے، مراد دین میں اختلاف کرنے والے۔ ۱۱۸/۱۱،

مَخْتُوْمٍ: (مفا) مہر لگی ہوئی، مہر زدہ۔ خَتْمٌ سے اسم مفعول۔ ۲۵/۸۳،

مَخْذُوْلًا: (ن) بے بس، بے یار ومددگار۔ خَذْلٌ وخَذْلَانٌ سے اسم مفعول۔ ۲۲/۱۷،

مُخْرَجَ: (اف) خارج کیا ہوا، ظاہر کیا ہوا۔ اِخْرَاجٌ سے اسم مفعول ومصدر میمی ۸۰/۱۷،

مَخْرَجًا: (ن) خارج ہونے کی جگہ، نکلنے کی جگہ۔ خُرُوْجٌ سے اسم ظرف مکان ۲/۶۵،

مُخْرِجُ: (اف) خارج کرنے والا، ظاہر کرنے والا۔ اِخْرَاجٌ سے اسم فاعل ۹۵/۶،

مُخْرِجٌ: خارج کرنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔ ۷۲/۲، ۶۴/۹،

مُخْرَجُوْنَ: (اف) خارج کئے ہوئے، نکالے ہوئے، اِخْرَاجٌ سے اسم مفعول ۳۵/۲۳، ۶۷/۲۷،

مُخْرِجِیْنَ: خارج کئے ہوئے، نکالے ہوئے ۳۸/۱۵، ۱۶۷/۲۶،

مُخْزِی: (اف) رسوا کرنے والا، ذلیل کرنے والا، اِخْزَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۲/۹،

مُخْسِرِیْنَ: (اف) خسارہ دینے والے، نقصان دینے والے، اِخْسَارٌ سے اسم فاعل، واحد مُخْسِرٌ۔ ۱۸۱/۲۶،

مُخضَرَّةً: (افعلا) سرسبز، سیاہی مائل سبز۔ اِخضِرَارٌ سے اسم فاعل۔ ۶۳/۲۲،

مَخضُودٍ: (ن) بغیر کانٹے کا، کانٹا دور کیا ہوا۔ خَضدٌ سے اسم مفعول۔ ۲۸/۵۶،

مُخلَّدُونَ: (تف) کسی چیز کا ہمیشہ رہنا۔ تَخلِیدٌ سے اسم مفعول۔ ۱۷/۵۶، ۱۹/۷۶،

مُخلَصًا: (اف) خالص کیا ہوا، ممتاز۔ اِخلَاصٌ سے اسم مفعول۔ ۵۱/۱۹،

مُخلِصًا: خالص کرنے والا، خاص کرنے والا۔ اِخلَاصٌ سے اسم فاعل۔ ۲/۳۹، ۱۱/۳۹، ۱۴/۳۹،

مُخلِصُونَ: خالص کرنے والے، خاص کرنے والے۔ ۱۳۹/۲،

مُخلَصِینَ: خاص کئے ہوئے، منتخب۔ ۲۴/۱۲، ۴۰/۱۵، ۴۰/۳۷، ۷۴/۳۷، ۱۲۸/۳۷، ۱۶۰/۳۷، ۱۶۹/۳۷، ۸۳/۳۸،

مُخلِصِینَ: خالص کرنے والے۔ ۲۹/۷، ۲۲/۱۰، ۶۵/۲۹، ۳۲/۳۱، ۱۴/۴۰، ۶۵/۴۰، ۵/۹۸،

مُخلِفَ: (اف) وعدہ خلافی کرنے والا۔ اِخلَافٌ سے اسم فاعل۔ ۴۷/۱۴،

مُخَلَّفُونَ: (تف) پیچھے رہے ہوئے، تَخلِیفٌ سے اسم مفعول، واحد مُخَلَّفٌ۔ ۸۱/۹، ۱۱/۴۸، ۱۵/۴۸،

مُخَلَّفِینَ: پیچھے رہے ہوئے، پیچھے چھوڑے ہوئے لوگ۔ ۱۶/۴۸،

مُخَلَّقَةٍ: (تف) تخلیق کی ہوئی، بنی ہوئی، پورے وقت پر پیدا ہونے والا۔ تَخلِیقٌ سے اسم مفعول۔ ۵/۲۲،

مَخمَصَةٌ: سخت بھوک۔ اسم ہے۔ ۱۲۰/۹،

مَخمَصَةٍ: ۳/۵

م د

مَدَّ: (ن) اس نے کھینچا، اس نے دراز کیا۔ مَدٌّ سے ماضی۔ ۳/۱۳، ۴۵/۲۵،

مَدًّا: لمبا کرنا۔ دراز کرنا۔ کھینچنا۔ مصدر ہے۔ ۷۵/۱۹، ۷۹/۱۹

مِدَادًا: روشنائی، سیاہی، اسم ہے۔ ۱۰۹/۱۸،

مَدَآئِنِ: بستیاں، شہر، واحد مَدِینَةٌ ۱۱۱/۷، ۳۶/۲۶، ۵۳/۲۶،

مُدبِرًا: (اف) پشت پھیرنے والا، پیچھے چلنے والا، اِدبَارٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰/۲۷، ۳۱/۲۸،

مُدَبِّرٰتِ: (تف) تدبیر کرنے والے (فرشتے) انتظام کرنے والے، وہ فرشتے جو اللہ کی طرف سے کائنات کے انتظام پر مامور ہیں، تَدبِیرٌ سے اسم فاعل، واحد مُدَبِّرَةٌ۔ ۵/۷۹،

مُدبِرِینَ: (اف) پیٹھ موڑنے والے، اِدبَارٌ سے اسم فاعل۔ ۲۵/۹، ۵۷/۲۱، ۸۰/۲۷، ۵۲/۳۰، ۹۰/۳۷، ۳۳/۴۰

مُدَّتْ: وہ دراز کی گئی، وہ کھینچی گئی۔ مَدٌّ سے ماضی مجہول۔ ۳/۸۴،

مُدَّتِهِمْ: ان کی مقررہ مدت، ان (کے معاہدہ) کی میعاد۔ ۴/۹،

مُدَّثِّرُ: (تفع) چادر میں لپٹنے والا، لحاف میں لپٹنے والا، مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ تَدَثُّرٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُتَدَثِّرُ تھا، 'تا' کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ۱/۷۴،

مُدحَضِینَ: (اف) خطاوار، شکست خوردہ، اِدحَاضٌ سے اسم مفعول، واحد مُدحَضٌ۔ ۱۴۱/۳۷،

مَدحُورًا: (ن) مردود کیا ہوا، رحمت سے دور کیا

ہوا۔ دَحْرٌ وَدُحُوْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۷، ۱۸/۱۷، ۳۹/۱۷

مُدْخَل: (اف) داخل کرنا، پہنچانا، مکان، اِدْخَالٌ سے مصدر میمی واسم ظرف مکان۔ ۸۰/۱۷،

مُدْخَلاً: داخل ہونے کی جگہ۔ ۳۱/۴، ۵۹/۲۲،

مُدَّخَلاً: (افت) داخل ہونے کی جگہ۔ اِدِّخَالٌ سے اسمِ ظرف، اصل میں مُدْتَخَلاً تھا، تا کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ۵۷/۹،

مَدَدًا: مدد، اعانت۔ ۱۰۹/۱۸،

مَدَدْنٰهَا: (ن) ہم نے اس کو دراز کیا، ہم نے اس کو کھینچا۔ مَدٌّ سے ماضی۔ ۱۹/۱۵، ۷/۵۰،

مِدْرَارًا: (ض) بہت برسنے والا، دَرٌّ سے مبالغہ۔ ۶/۶، ۵۲/۱۱، ۱۱/۷۱،

مُدْرَكُوْنَ: (اف) ہاتھ آئے ہوئے، پکڑے ہوئے۔ اِدْرَاكٌ سے اسم مفعول۔ ۶۱/۲۶،

مُدَّكِرٍ: (افت) نصیحت حاصل کرنے والا، عبرت پکڑنے والا۔ اِدِّكَارٌ سے اسم فاعل، اصل میں یہ مُذْتَكِرٌ تھا، باب اِفْتِعَال کی وجہ سے مُدْتَكِرٌ ہوگیا پھر تا کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ۱۵/۵۴، ۱۷/۵۴، ۲۲/۵۴، ۳۲/۵۴، ۴۰/۵۴، ۵۱/۵۴،

مُدْهَآمَّتٰنِ: (افعیلا) سرسبز۔ گہرا سبز۔ دو سیاہی مائل سبز۔ اِدْهِيْمَامٌ سے اسم فاعل واسم مفعول، واحد مُدْهَامَّةٌ۔ ۶۴/۵۵

مُدْهِنُوْنَ: (اف) دین میں سستی کرنے والے، سرسری سمجھنے والے۔ اِدْهَانٌ سے اسم فاعل۔ ۸۱/۵۶،

مَدْيَنَ: ایک بستی کا نام۔ ۸۵/۷، ۷۰/۹، ۸۴/۱۱، ۹۵/۱۱، ۴۰/۲۰، ۴۴/۲۲، ۲۲/۲۸، ۲۳/۲۸، ۴۵/۲۸، ۳۶/۲۹

مَدِيْنَةَ: مدینہ، شہر، یثرب کا نام، یہ وہ مقدس شہر ہے جہاں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وطن مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما کر تشریف لے گئے اور وہیں آپ ﷺ کا روضۂ مبارک بھی ہے، جمع مَدَائِنُ ومُدُوْنٌ۔ ۱۵/۲۸

مَدِيْنَةِ: مدینہ، یثرب کا نام۔ ۱۲۳/۷، ۱۰۱/۹، ۱۲۰/۹، ۳۰/۱۲، ۶۷/۱۵، ۱۹/۱۸، ۸۲/۱۸، ۴۸/۲۷، ۱۵/۲۸، ۱۸/۲۸، ۲۰/۲۸، ۶۰/۳۳، ۲۰/۳۶، ۸/۶۳

مَدِيْنُوْنَ: (ض) جزا دیئے ہوئے۔ بدلہ دیئے ہوئے، تابعدار، دِيْنٌ سے اسم مفعول، ۵۳/۳۷

مَدِيْنِيْنَ: بدلہ دیئے ہوئے، جن کا حساب کتاب ہوگیا۔ ۸۶/۵۶

م ذ

مُذَبْذَبِيْنَ: شک وشبہ میں پڑے ہوئے، پس و پیش میں مبتلا۔ ذَبْذَبَةٌ سے اسم مفعول، واحد مُذَبْذَبٌ۔ ۱۴۳/۴

مُذْعِنِيْنَ: (اف) اطاعت کرنے والے۔ فرمانبردار، اِذْعَانٌ سے اسم فاعل، واحد مُذْعِنٌ۔ ۴۹/۲۴،

مُذَكِّرٌ: (تف) یاد دلانے والا، نصیحت کرنے والا۔ تَذْكِيْرٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۸۸،

مَذْكُوْرًا: (ن) ذکر کیا ہوا، قابلِ ذکر۔ ذِكْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱/۷۶،

مَذْمُوْمًا: (ن) مذموم، ملامت کیا ہوا، بدحال کیا ہوا۔ ذَمٌّ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۱۷، ۲۲/۱۷،

مَذْمُوْمٌ: مذموم۔ ملامت کیا ہوا۔ بدحال کیا

ہوا۔ ۴۹/۶۸،

مَذْءُ وْمًا: مذمت کیا ہوا، ملامت کیا ہوا۔ ذَءْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۷،

م ر

مَرَّ: (ن) وہ گزر گیا، وہ (پہلی حالت پر) آ گیا مُرُوْرٌ سے ماضی۔ ۲۵۹/۲، ۱۲/۱۰، ۳۸/۱۱، ۸۸/۲۷،

مَرّٰتٍ: چند بار، بہت دفعہ، واحد مَرَّۃٌ. ۵۸/۲۴،

مَرَاضِعَ: دودھ پلانے والی عورتیں، واحد مُرْضِعٌ اور مُرْضِعَۃٌ. ۱۲/۲۸،

مُرٰغَمًا: (مفا) جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ ہجرت کا مقام۔ رِغَامٌ سے ظرف مکان ۱۰۰/۴،

مَرَافِقِ: کہنیاں، واحد مِرْفَقٌ. ۶/۵،

مِرَآءً: (مفا) بحث کرنا، جھگڑا کرنا، مصدر ہے۔ ۲۲/۱۸،

مَرَّتْ: وہ چلی گئی۔ وہ گزر گئی۔ مُرُوْرٌ سے ماضی۔ ۱۸۹/۷،

مَرَّۃً: ایک بار۔ ایک دفعہ۔ جمع مَرَّاتٌ۔ ۸۰/۹، ۱۲۶/۹، ۳۷/۲۰،

مَرَّۃٍ: ایک بار۔ ۹۴/۶، ۱۱۰/۶، ۵۶/۸، ۱۳/۹، ۸۳/۹، ۷/۱۷، ۵۱/۱۷، ۴۸/۱۸، ۷۹/۳۶، ۲۱/۴۱،

مِرَّۃٍ: قوت، طاقت۔ ۶/۵۳،

مُرْتَابٌ: (افت) شبہ میں پڑنے والا، شک کرنے والا۔ اِرْتِیَابٌ سے اسم فاعل۔ ۳۴/۴۰،

مَرَّتٰنِ: دو بار، دو دفعہ۔ مَرَّۃٌ کا تثنیہ۔ ۲۲۹/۲،

مُرْتَفَقًا: (افت) آرام، منزل، ٹھکانہ۔ اِرْتِفَاقٌ سے ظرف مکان۔ ۲۹/۱۸، ۳۱/۱۸،

مُرْتَقِبُوْنَ: (افت) انتظار کرنے والے، دیکھنے والے۔ اِرْتِقَابٌ سے اسم فاعل۔ ۵۹/۴۴،

مَرَّتَيْنِ: دو مرتبہ، دو بار۔ مَرَّۃٌ کا تثنیہ۔ ۱۰۱/۹، ۱۲۶/۹، ۴/۱۷، ۵۴/۲۸، ۳۱/۳۳،

مَرَجَ: (ن) اس نے ایک دوسرے سے ملایا، اس نے آزاد چھوڑ دیا، مَرْجٌ سے ماضی۔ ۵۳/۲۵، ۱۹/۵۵،

مَرْجَانُ: چھوٹا مونگا، چھوٹے موتی، واحد مَرْجَانَۃٌ. ۲۲/۵۵، ۵۸/۵۵،

مَرْجِعُكُمْ: (ض) تمہارا رجوع کرنا۔ تمہارا لوٹنا۔ ۵۵/۳، ۴۸/۵، ۱۰۵/۵، ۱۶۴/۶، ۴/۱۰، ۲۳/۱۰، ۴/۱۱، ۸/۲۹، ۱۵/۳۱، ۷/۳۹، ۶۰/۶۰،

مَرْجِعَهُمْ: ان کا رجوع کرنا، ان کا لوٹنا۔ ۶۸/۳۷،

مَرْجِعُهُمْ: ان کا رجوع کرنا، ان کا لوٹنا۔ ۱۰۸/۶، ۳۶/۱۰، ۷۰/۱۰، ۲۳/۳۱،

مُرْجِفُوْنَ: (اف) فساد کرنے والے، افواہیں پھیلانے والے۔ اِرْجَافٌ سے اسم فاعل واحد مُرْجِفٌ. ۶۰/۳۳،

مَرْجُوًّا: (ن) امید کیا ہوا۔ رَجَاءٌ سے اسم مفعول۔ ۶۲/۱۱،

مَرْجُوْمِيْنَ: (ن) سنگ سار کیے ہوئے۔ پتھر مار کر ہلاک کیے ہوئے۔ رَجْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۱۶/۲۶،

مُرْجَوْنَ: (اف) ڈھیل دیئے ہوئے۔ مہلت دیئے ہوئے، ملتوی کئے ہوئے۔ اِرْجَاءٌ سے مفعول، واحد مُرْجٰی. ۱۰۶/۹،

مَرَحًا: (س) اکڑتا ہوا۔ اتراتا ہوا۔ مصدر ہے۔ ۳۷/۱۷، ۱۸/۳۱،

مَرْحَبًا: کشادہ ہونا، آرام دہ جگہ۔ رَحْبٌ سے مصدر میمی و ظرف مکان۔ ۵۹/۳۸، ۶۰/۳۸،

مَرْحَمَۃِ: (س) رحم کرنا، مہربانی کرنا، نرمی کرنا۔

رَحْمٌ سے مصدر میمی۔ ۱۷/۹۰،

مَرَدَّ: (ن) لوٹانا، پھیرنا۔ رَدٌّ سے مصدر میمی۔ ۱۱/۱۳، ۴۳/۳۰، ۴۷/۴۲،

مَرَدًّا: لوٹایا جانا، مراد انجام۔ ۷۶/۱۹،

مَرَدِّ: لوٹائے جانے کا وقت یا مقام۔ رَدٌّ سے اسم ظرف زمان ومکان۔ ۴۴/۴۲،

مُرْدِفِيْنَ: (اف) یکے بعد دیگرے آنے والے پیچھے آنے والے۔ اِرْدَافٌ سے اسم فاعل ۹/۸،

مَرَدَّنَا: ہمارا لوٹایا جانا۔ ۴۳/۴۰،

مَرَدُوْا: (ک، ن) انہوں نے سرکشی کی، انہوں نے ضد کی، مَرْدًا و مُرُوْدَةً سے ماضی ۱۰۱/۹،

مَرْدُوْدِ: (ن) رد کیا ہوا، لوٹایا ہوا۔ رَدٌّ سے اسم مفعول۔ ۷۶/۱۱،

مَرْدُوْدُوْنَ: رد کئے ہوئے، لوٹائے ہوئے۔ ۱۰/۷۹،

مُرْسٰهَا: (ن) اس کا رکنا، اس کا ٹھہرنا۔ اِرْسَاءٌ سے مصدر میمی۔ ۱۸۷/۷، ۴۱/۱۱، ۴۲/۷۹،

مُرْسِلَ: (اف) بھیجنے والا۔ مبعوث کرنے والا۔ جاری کرنے والا۔ اِرْسَالٌ سے اسم فاعل۔ ۲/۳۵،

مُرْسَلًا: بھیجا ہوا، پیغمبر۔ اِرْسَالٌ سے اسم مفعول۔ ۴۳/۱۳،

مُرْسَلٌ: بھیجا ہوا، پیغمبر۔ ۷۵/۷،

مُرْسَلٰتِ: بھیجی ہوئیں، مسلسل چلنے والی ہوائیں یا مسلسل احکام لانے والے فرشتے مراد ہیں۔ اِرْسَالٌ سے اسم مفعول ۱/۷۷،

مُرْسِلَةٌ: بھیجنے والی (مراد بلقیس)۔ ۳۵/۲۷،

مُرْسِلُوْا: بھیجنے والے، پیدا کرنے والے، اصل میں مُرْسِلُوْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون حذف ہوگیا۔ ۲۷/۵۴،

مُرْسَلُوْنَ: بھیجے ہوئے، پیغمبر۔ ۵۷/۱۵، ۶۱/۱۵، ۱۰/۲۷، ۳۵/۲۷، ۱۳/۳۶، ۱۴/۳۶، ۱۶/۳۶، ۵۲/۳۶، ۳۱/۵۱،

مُرْسَلِيْنَ: بھیجے ہوئے، رسول بنائے ہو۔ ۲۵۲/۲، ۳۴/۶، ۴۸/۶، ۶/۷، ۷۷/۷، ۸۰/۱۵، ۵۶/۱۸، ۲۰/۲۵، ۲۱/۲۶، ۱۰۵/۲۶، ۱۲۳/۲۶، ۱۴۱/۲۶، ۱۶۰/۲۶، ۱۷۶/۲۶، ۷/۲۸، ۶۵/۲۸، ۳/۳۶، ۲۰/۳۶، ۳۷/۳۷، ۱۲۳/۳۷، ۱۳۳/۳۷، ۱۳۹/۳۷، ۱۷۱/۳۷، ۱۸۱/۳۷،

مُرْسِلِيْنَ: بھیجے ہوئے۔ رسول بنائے ہوئے ۴۵/۲۸، ۵/۴۴،

مُرْشِدًا: (اف) راہبر، سیدھے راستے پر چلانے والا۔ اِرْشَادٌ سے اسم فاعل۔ ۱۷/۱۸،

مِرْصَادًا: (ن) وہ جگہ جہاں بیٹھ کر کسی کی نگرانی یا انتظار کیا جائے۔ گھات لگانے کی جگہ، کمین گاہ۔ رَصَدٌ سے مبالغہ یا اسم ظرف ۲۱/۷۸،

مِرْصَادِ: گھات لگانے کی جگہ، کمین گاہ۔ ۱۴/۸۹،

مَرْصَدٍ: گھات کی جگہ، انتظار کی جگہ۔ ۵/۹،

مَرْصُوْصٌ: (ن) مضبوط، سیسہ پلائی ہوئی۔ رَصٌّ سے اسم مفعول۔ ۴/۶۱،

مَرَضًا: (س) مرض، بیماری، پریشانی، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ۱۰/۲،

مَرَضٌ: (س) مرض، بیماری، پریشانی، ۱۰/۲، ۵۲/۵، ۴۹/۸، ۱۲۵/۹، ۵۳/۲۲، ۵۰/۲۴، ۱۲/۳۳، ۳۲/۳۳، ۶۰/۳۳، ۲۰/۴۷، ۲۹/۴۷، ۳۱/۷۴،

مَرْضٰى: مریض، بیمار، واحد مَرِيْضٌ. ۴۳/۴، ۱۰۲/۴، ۶/۵، ۹۱/۹، ۲۰/۷۳،

مَرْضَاتَ: (س) رضامندی، خوشنودی۔ رِضٰی سے مصدر میمی۔ ۱/۶۶،

مَرْضَاتِ: رضامندی، خوشنودی، ۲۶۵/۲، ۲۰۷/۲، ۱۱۴/۴،

مَرْضَاتِيْ: میری رضامندی، میری خوشنودی ۱/۶۰،

مَرِضْتُ: میں مریض ہوتا ہوں۔ میں بیمار ہوتا

ہوں۔ مَـرَضٌ سے ماضی۔ حرف شرط کی وجہ سے مضارع کے معنی ہو گئے۔ ۸۰/۲۶،

مُـرْضِعَةٍ: (اف) دودھ پلانے والی۔ اِرْضَاعٌ سے اسم فاعل۔ ۲/۲۲،

مَرْضِیًّا: خوش کیا ہوا، پسندیدہ، رِضًی سے اسم مفعول۔ ۵۵/۱۹،

مَرْضِیَّةً: خوش کی ہوئی، پسندیدہ۔ ۲۸/۸۹،

مَـرْعٰی: (ف) چراگاہ۔ رَعْیٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۴/۸۷،

مَرْعٰهَا: اس کے چرنے کی جگہ۔ اس کا چارہ۔ ۳۱/۷۹،

مِرْفَقًا: (ن) سہولت، آرام، کامیابی کا ذریعہ رِفْقٌ سے مصدر میمی۔ ۱۶/۱۸،

مَـرْفُوْدُ: (ض) انعام دیا ہوا، مدد کیا ہوا۔ رَفْدٌ سے اسم مفعول۔ ۹۹/۱۱،

مَرْفُوْعِ: (ف) بلند کیا ہوا۔ اُٹھایا ہوا۔ رَفْعٌ اور رِفَاعَةٌ سے اسم مفعول۔ ۵/۵۲،

مَرْفُوْعَةٍ: بلند مرتبہ، اٹھائی ہوئی۔ ۳۴/۵۶، ۱۴/۸۰،

مَرْفُوْعَةٌ: بلند کی ہوئی، اٹھائی ہوئی۔ ۱۳/۸۸،

مَـرْقَدِنَا: (ن) ہماری خوابگاہ، ہماری قبر۔ رُقُوْدٌ سے ظرف مکان۔ ۵۲/۳۶،

مَـرْقُوْمٌ: (ن) لکھا ہوا، مہر، لگی ہوئی تحریر۔ رَقْمٌ سے اسم مفعول۔ ۹/۸۳، ۲۰/۸۳،

مَرْکُوْمٌ: (ن) تہ بہ تہ، جما ہوا، گہرا بادل۔ رَکْمٌ سے اسم مفعول۔ ۴۴/۵۲،

مَرُّوْا: وہ گزرے۔ مُرُوْرٌ سے ماضی۔ ۷۲/۲۵، ۳۰/۸۳

مَـرْوَةَ: خانہ کعبہ کے قریب ایک پہاڑی کا نام، اس کے قریب ہی ایک اور پہاڑی ہے جس کو صفا کہتے ہیں۔ حج اور عمرہ کے لئے طواف کعبہ کے بعد ان دونوں پہاڑیوں کے درمیان سعی کی جاتی ہے یعنی سات چکر لگائے جاتے ہیں اب یہ دونوں پہاڑیاں تقریباً ہموار ہو چکی ہیں، معمولی آثار باقی ہیں جن سے ان کی نشاندہی ہوتی ہے۔ ۱۵۸/۲،

مَرْءِ: مرد، انسان، آدمی مؤنث مرءة۔ ۱۰۲/۲، ۲۴/۸،

مَرْءُ: مرد، انسان۔ ۴۰/۷۸، ۳۴/۸۰

مُرِیْبِ: شک میں ڈالنے والا۔ ۲۵/۵۰،

مُرِیْبٍ: (اف) شک میں ڈالنے والا۔ اِرَابَةٌ سے اسم فاعل۔ ۶۲/۱۱، ۱۱۰/۱۱، ۹/۱۴، ۵۴/۳۴، ۴۵/۴۱، ۱۴/۴۲،

مِرْیَةٍ: شک۔ تردد۔ وہ شک جس سے تردد پیدا ہو۔ ۱۷/۱۱، ۱۰۹/۱۱، ۵۵/۲۲، ۲۳/۳۲، ۵۴/۴۱،

مَرِیْجٍ: (ن) الجھا ہوا کام، الجھی ہوئی بات، مَرْجٌ سے مفعول کے معنی میں صفت مشبہ۔ ۵/۵۰،

مَـرِیْدًا: (ن، ک) سرکش، خدا کا نافرمان۔ مَرْدًا ومُـرَادَةً و مُـرُوْدَةٌ سے صفتِ مشبہ، جمع مُرَدَآءُ. ۱۱۷/۴،

مَرِیْدٍ: سرکش، اللہ تعالیٰ کا نافرمان۔ ۷/۲۲

مَرِیْضًا: مریض، بیمار۔ مَرَضٌ سے صفت مشبہ۔ ۱۸۴/۲، ۱۸۵/۲، ۱۹۶/۲،

مَرِیْضِ: مریض، بیمار۔ ۶۱/۲۴، ۱۷/۴۸،

مَرْیَمَ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔ ۸۷/۲، ۲۵۳/۲، ۳۶/۳، ۴۲/۳، ۴۵/۳، ۱۵۶/۴، ۱۵۷/۴، ۱۷۱/۴، ۱۷/۵، ۴۶/۵، ۷۲/۵، ۷۵/۵، ۷۸/۵، ۱۱۰/۵، ۱۱۲/۵، ۱۱۴/۵، ۱۱۶/۵، ۳۱/۹، ۱۶/۱۹، ۳۴/۱۹، ۵۰/۲۳، ۷/۳۳، ۵۷/۴۳، ۲۷/۵۷، ۶/۶۱، ۱۴/۶۱، ۱۲/۶۶،

مَرْیَمُ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔ ۳۷/۳، ۴۲/۳، ۴۳/۳، ۴۵/۳، ۲۷/۱۹،

مَرِیْئًا: (ک،س،ف) خوشگوار، جلد ہضم ہونے والا۔ مَرَائَۃٌ سے صفت مشبہ۔ ۴/۴

م ز

مِزَاجُہٗ: (مفا) اس کا باہم ملانا، اس کی آمیزش، مصدر ہے۔ ۲۷/۸۳

مِزَاجُھَا: اس کی ملاوٹ، اس کی آمیزش، ۵/۷۶، ۱۷/۷۶

مُزْجٰۃٍ: (اف) تھوڑی، ناقص، حقیر۔ اِزْجَاءٌ سے اسم مفعول۔ ۸۸/۱۲

مُزَحْزِحِہٖ: اس کو بچانے والا، اس کو دور کرنے والا۔ زَحْـزَحَۃٌ سے اسم فاعل، رباعی مجرد کے باب فَعْلَلَۃٌ سے ہے۔ ۹۶/۲

مُزْدَجَرٌ: (افت) ڈانٹ، نصیحت، منع کرنا، اِزْدِجَارٌ سے مصدر میمی، اصل میں مُزْتَجَرٌ تھا 'تا' کو 'دال' سے بدل لیا۔ ۴/۵۴

مُـزِّقْتُمْ: (تف) تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے، تم ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے جاؤ گے۔ تَـمْزِیْقٌ سے ماضی مجہول۔ ۷/۳۴

مَـزَّقْنٰھُمْ: ہم نے ان کو ریزہ ریزہ کر دیا، ہم نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ تَـمْزِیْقٌ سے ماضی۔ ۱۹/۳۴

مُـزَّمِّلُ: (تفع) کپڑے میں لپٹنے والا، مراد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم۔ اصل میں مُتَزَمِّلُ تھا۔ تا کو زاء سے بدل کر زاء کا زاء میں ادغام کر دیا۔ تَزَمُّلٌ سے اسم فاعل۔ ۱/۷۳

مُـزْنِ: (ن) سفید بادل، پانی سے بھرا ہوا بادل، چلا جانا، واحد مُزْنَۃٌ۔ ۶۹/۵۶

مَـزِیْدِ: (ض) مزید، زیادہ، زیادتی کرنا، مصدر میمی بھی ہے اور اسم بھی۔ ۳۰/۵۰

مَزِیْدٌ: مزید، زیادہ، زیادہ کرنا۔ ۳۵/۵۰

م س

مَسَّ: (ن،س) مس کرنا، چھونا، لگنا، مصدر ہے ۴۸/۵۴

مَسَّ: وہ مس ہو گیا، وہ چھو گیا، وہ لگ گیا۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۱۴۰/۳، ۹۵/۷، ۱۲/۱۰، ۳۳/۳۰، ۸/۳۹، ۴۹/۳۹

مَسِّ: آسیب، جن، لپٹنا۔ ۲۷۵/۲

مِسَاسَ: (مفا) مالش، ہاتھ لگانا، چھونا، مصدر بھی ہے اسم بھی۔ ۹۷/۲۰

مَسٰـجِدَ: (ن) مسجدیں، سجدہ کرنے کی جگہیں، عبادت خانے۔ سُـجُوْدٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۱۴/۲، ۱۷/۹، ۱۸/۹، ۱۸/۷۲

مَسٰجِدِ: مسجدیں، سجدہ کرنے کی جگہیں ۱۸۷/۲،

مَسٰجِدُ: مسجدیں، سجدہ کرنے کی جگہیں ۴۰/۲۲

مُسٰفِحٰتٍ: (مفا) بدکار عورتیں، زنا کرنے والیاں سِفَاحٌ سے اسم فاعل، واحد مُسَافِحَۃٌ ۲۵/۴

مُسٰفِحِیْنَ: بدکار، زنا کرنے والے ۲۴/۴، ۵/۵

مَسَـاقُ: (ن) چلنا، ہنکانا، سَوقٌ سے مصدر میمی۔ ۳۰/۷۵

مَسٰکِنَ: (ن) گھر، مکان، رہنے کی جگہ۔ سُکُوْنٌ سے اسم ظرف مکان، واحد مَسْکَنٌ۔ ۷۲/۹، ۱۲/۶۱

مَسٰکِنِ: گھر، مکان، رہنے کی جگہ۔ ۴۵/۱۴

مَسٰکِنُ: گھر، مکان، رہنے کی جگہ۔ ۲۴/۹

مَسٰکِنِکُمْ: تمہارے گھر، تمہارے مکان ۱۸/۲۷

مَسٰکِنُکُمْ: تمہارے گھر، تمہارے مکان، ۱۳/۲۱

مَسٰکِنِھِمْ: ان کے گھر، ان کے مکان۔ ۱۲۸/۲۰، ۳۸/۲۹، ۲۶/۳۲

مَسْكِنُهُمْ: بان کے گھر، ان کے مکان، ۵۸/۲۸، ۲۵/۴۶،

مَسٰكِيْنَ: مسکین لوگ، غریب محتاج، واحد مِسْكِيْنٌ۔ ۱۷۷/۲، ۸۹/۵، ۹۵/۵، ۷۹/۱۸، ۲۲/۲۴،

مَسٰكِيْنِ: مسکین، غریب محتاج۔ ۸۳/۲، ۲۱۵/۲، ۳۶/۴، ۴۱/۸، ۶۰/۹، ۷/۵۹،

مَسٰكِيْنُ: مسکین، غریب محتاج۔ ۸/۴،

مُسَبِّحُوْنَ: (تف) تسبیح پڑھنے والے، اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے والے، تَسْبِيْحٌ سے اسم فاعل۔ ۱۶۶/۳۷،

مُسَبِّحِيْنَ: تسبیح پڑھنے والے، اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنے والے۔ ۱۴۳/۳۷،

مَسْبُوْقِيْنَ: (ن،ض) پیچھے چھوڑے ہوئے، عاجز۔ سَبْقٌ سے اسم مفعول۔ ۶۰/۵۶، ۴۱/۷۰،

مُسْتَاخِرِيْنَ: (افت) تاخیر سے آنے والے، پیچھے رہنے الے، اِسْتِخَارٌ سے اسم فاعل، واحد مُسْتَاخِرٌ۔ ۲۴/۱۵،

مُسْتَاْنِسِيْنَ: (است) اُنس کرنے والے، جی لگانے والے۔ اِسْتِيْنَاسٌ سے اسم فاعل، واحد مُسْتَاْنِسٌ۔ ۵۳/۳۳،

مُسْتَبْشِرَةٌ: (است) خوش ہونے والی۔ اِسْتِبْشَارٌ سے اسم فاعل۔ ۳۹/۸۰،

مُسْتَبْصِرِيْنَ: (است) سب کچھ دیکھنے والے۔ ہوشیار (دنیاوی معاملات میں) اِسْتِبْصَارٌ سے اسم فاعل۔ ۳۸/۲۹،

مُسْتَبِيْنَ: (است) بیان کرنے والی، واضح ہدایت والی، روشن، اِسْتِبَانَةٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۷/۳۷،

مُسْتَخْفٍ: (است) چھپنے والا، اِسْتِخْفَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰/۱۳،

مُسْتَخْلَفِيْنَ: (است) خلیفہ بنائے ہوئے، جانشین بنائے ہوئے، اِسْتِخْلَافٌ سے اسم مفعول۔ ۷/۵۷،

مُسْتَسْلِمُوْنَ: (است) اطاعت کرنے والے، فرمانبردار۔ اِسْتِسْلَامٌ سے اسم فاعل۔ ۲۶/۳۷،

مُسْتَضْعَفُوْنَ: (است) ضعیف بے بس، کمزور اِسْتِضْعَافٌ سے اسم مفعول۔ ۲۶/۸،

مُسْتَضْعَفِيْنَ: ضعیف، بے بس، کمزور۔ ۷۵/۴، ۹۷/۴، ۹۸/۴، ۱۲۷/۴،

مُسْتَطَرٌ: (افت) لکھا ہوا۔ اِسْتِطَارٌ سے اسم مفعول۔ ۵۳/۵۴،

مُسْتَطِيْرًا: پھیلنے والا، عام۔ اِسْتِطَارَةٌ سے اسم فاعل۔ ۷/۷۶،

مُسْتَعَانُ: (است) وہ جس سے مدد طلب کی جائے، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ اِسْتِعَانَةٌ سے اسم مفعول۔ ۱۸/۱۲، ۱۱۲/۲۱،

مُسْتَغْفِرِيْنَ: (است) مغفرت چاہنے والے، معافی مانگنے والے، اِسْتِغْفَارٌ سے اسم فاعل، ۱۷/۳،

مُسْتَقْبِلَ: (است) آگے ہونے والا، سامنے آنے والا۔ اِسْتِقْبَالٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۴۶،

مُسْتَقْدِمِيْنَ: (است) آگے ہونے والے، پہلے زمانے کے لوگ۔ اِسْتِقْدَامٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۱۵،

مُسْتَقَرًّا: (است) ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ۔ اِسْتِقْرَارٌ سے اسم مفعول واسم ظرف مکان۔ ۲۴/۲۵، ۶۶/۲۵، ۷۶/۲۵،

مُسْتَقَرٌّ: (است) ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ ۳۸/۳۶،

مُسْتَقَرُّ: ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ۔ ۱۲/۷۵،

مُسْتَقَرٌّ: ٹھہرایا ہوا، ٹھہرنے کی جگہ۔ ۳۶/۲، ۶۷/۶، ۹۸/۶، ۲۴/۷،

مُسْتَقِرًّا: قرار پکڑنے والا، ٹھہرنے والا۔ اِسْتِقْرَارٌ سے اسم فاعل۔ ۴۰/۲۷،

مُسْتَقِرٌّ: قرار پکڑے والا، ٹھہرنے والا۔ ۳/۵۴، ۳۸/۵۴،

مُسْتَقَرَّهَا: اس کے ٹھہرنے کی جگہ۔ ۶/۱۱،

مُسْتَقِيمَ: (افت) سیدھا، درست، صحیح۔ اِسْتِقَامٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۱، ۱۶/۷، ۱۱۸/۳۷،

مُسْتَقِيمًا: سیدھا، درست۔ ۶۸/۴، ۱۷۵/۴، ۱۲۶/۶، ۱۵۳/۶، ۲/۴۸، ۲۰/۴۸،

مُسْتَقِيمٍ: سیدھا، درست۔ ۳۵/۱۷، ۱۸۲/۲۶،

مُسْتَقِيمٍ: سیدھا، درست۔ ۱۴۲/۲، ۲۱۳/۲، ۱۰۱/۳، ۱۶/۵، ۳۹/۶، ۸۷/۶، ۱۶۱/۶، ۲۵/۱۰، ۵۶/۱۱، ۷۶/۱۶، ۱۲۱/۱۶، ۵۴/۲۲، ۶۷/۲۲، ۷۳/۲۳، ۴۶/۲۴، ۴/۳۶، ۵۲/۴۲، ۴۳/۴۳، ۳۰/۴۶، ۲۲/۶۷،

مُسْتَقِيمٌ: سیدھا۔ درست۔ ۵۱/۳، ۴۱/۱۵، ۳۶/۱۹، ۶۱/۳۶، ۶۱/۴۳، ۶۴/۴۳،

مُسْتَكْبِرًا: (است) تکبر کرنے والا، غرور کرنے والا، اِسْتِكْبَارٌ سے اسم فاعل۔ ۷/۳۱، ۸/۴۵،

مُسْتَكْبِرُونَ: تکبر کرنے والے، غرور کرنے والے۔ ۲۲/۱۶، ۵/۶۳،

مُسْتَكْبِرِينَ: تکبر کرنے والے، غرور کرنے والے۔ ۲۳/۱۶، ۶۷/۲۳،

مُسْتَمِرٍ: (است) قدیمی، ہمیشہ کا، مضبوط، اِسْتِمْرَارٌ سے اسم فاعل۔ ۱۹/۵۴،

مُسْتَمِرٌّ: قدیمی، ہمیشہ کا، مضبوط۔ ۲/۵۴،

مُسْتَمْسِكُونَ: (است) مضبوط پکڑنے والے، چنگل سے پکڑنے والے۔ اِسْتِمْسَاكٌ سے اسم فاعل۔ ۲۱/۴۳،

مُسْتَمِعُونَ: (افت) سننے والے۔ اِسْتِمَاعٌ سے اسم فاعل۔ ۱۵/۲۶،

مُسْتَمِعُهُمْ: ان کا سننے والا۔ ۳۸/۵۲،

مُسْتَنْفِرَةٌ: (است) بدکنے والی، وحشی۔ اِسْتِنْفَارٌ سے اسم فاعل۔ ۵۰/۷۴،

مُسْتَوْدَعٌ: (است) پناہ کی جگہ۔ اِسْتِيدَاعٌ سے اسم مفعول واسم ظرف مکان۔ ۹۸/۶،

مُسْتَوْدَعَهَا: اس کی امانت رکھنے کی جگہ، اس کے سونپنے کی جگہ۔ ۶/۱۱،

مَسْتُورًا: (ن) چھپانے والا، سِتْرٌ سے اسم مفعول بمعنی اسم فاعل۔ ۴۵/۱۷،

مَسْتُورٍ: چھپانے والا۔ ۲/۵۲،

مَسَّتْهُ: (س، ن) اس نے اس کو چھوا، وہ اس کو پہنچی۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۱۰/۱۱، ۵۰/۴۱،

مُسْتَهْزِءُونَ: (است) مذاق کرنے والے، ہنسی اڑانے والے، اِسْتِهْزَاءٌ سے اسم فاعل، ۱۴/۲،

مُسْتَهْزِءِينَ: ٹھٹھا (مذاق) کرنے والے، ہنسی اڑانے والے۔ ۹۵/۱۵،

مَسَّتْهُمْ: اس نے ان کو چھوا، وہ ان کو پہنچی، ۲۱/۱۰،

مَسَّتْهُمُ: اس نے ان کو چھوا، وہ ان کو پہنچی۔ ۲۱۴/۲،

مُسْتَيْقِنِينَ: (است) یقین کرنے والے۔ اِسْتِيقَانٌ سے اسم فاعل۔ ۳۲/۴۵،

مَسْجِدَ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ سُجُودٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۲۸/۹، ۷/۱۷، ۲۷/۴۸،

مَسْجِدَالْحَرَامَ: خانہ کعبہ کی مسجد، اس مسجد کی حدود میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی چیزیں حرام فرمادیں جو دوسرے مقامات پر حلال ہیں اس لئے اسکو مسجد الحرام کہا گیا۔ ۲۸/۹، ۲۷/۴۸،

مَسْجِدًا: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۱۰۷/۹، ۲۱/۱۸،

مَسْجِدِ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۱۴۴/۲، ۱۴۹/۲، ۱۵۰/۲، ۱۹۱/۲، ۱۹۶/۲، ۲۱۷/۲، ۲/۵، ۳۴/۸، ۷/۹، ۱۹/۹، ۱/۱۷، ۲۵/۲۲، ۲۵/۴۸،

مَسْجِدٍ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۲۹/۷، ۳۱/۷،

مَسْجِدٌ: مسجد، سجدہ کرنے کی جگہ۔ ۱۰۸/۹،

مَسْجُوْرِ: (ن) خشک کیا ہوا، بھڑکایا ہوا۔ لبریز، پُر۔ سِجْرٌ وسُجُوْرٌ سے اسم فاعل۔ ۶/۵۲،

مَسْجُوْنِیْنَ: (ن) قیدی، باز رکھنا۔ سَجْنٌ سے اسم مفعول۔ ۲۹/۲۶،

مَسْحًا: (ف) مسح کرنا، ہاتھ پھیرنا، پونچھنا، مصدر ہے۔ ۳۳/۳۸،

مُسَحَّرِیْنَ: (تف) سحر زدہ، جادو کئے ہوئے۔ تَسْحِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۵۳/۲۶، ۱۸۵/۲۶،

مَسْحُوْرًا: (ف) سحر زدہ، جادو کیا ہوا، بے بس سِحْرٌ سے اسم مفعول۔ ۴۷/۱۷، ۱۰۱/۱۷، ۸/۲۵،

مَسْحُوْرُوْنَ: سحر زدہ، جادو کئے ہوئے، بے بس۔ ۱۵/۱۵،

مُسَخَّرِ: (تف) فرمانبردار بنایا ہوا، معلق کیا ہوا تَسْخِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۶۴/۲،

مُسَخَّرٰتٍ: مسخر کی ہوئیں، فرمانبردار بنائی ہوئیں، (مراد تارے) واحد مُسَخَّرَۃٌ. ۵۴/۷، ۷۹/۱۶،

مُسَخَّرٰتٌ: مسخر کی ہوئیں۔ فرمانبردار بنائی ہوئیں۔ ۱۲/۱۶،

مَسَخْنٰھُمْ: (ض) ہم نے ان کو مسخ کیا، ہم نے ان کی صورت بگاڑ دی۔ مَسْخٌ سے ماضی، ۶۷/۳۶،

مَسَدٍ: (ن) خوب بٹی ہوئی۔ مونج۔ کھجور کی چھال۔ ۵/۱۱۱،

مُسْرِفٌ: (اف) اسراف کرنے والا، بے جا خرچ کرنے والا۔ اِسْرَافٌ سے اسم فاعل۔ ۲۸/۴۰، ۳۴/۴۰،

مُسْرِفُوْنَ: اسراف کرنے والے، بے جا خرچ کرنے والے۔ ۳۲/۵، ۸۱/۷، ۱۹/۳۶،

مُسْرِفِیْنَ: اسراف کرنے والے، بے جا خرچ کرنے والے۔ ۱۴۱/۶، ۳۱/۷، ۱۲/۱۰، ۸۳/۱۰، ۹/۲۱، ۱۵۱/۲۶، ۴۳/۴۰، ۵/۴۳، ۳۱/۴۴، ۳۴/۵۱،

مَسْرُوْرًا: (ن، ک) مسرور، خوش کیا ہوا۔ سُرُوْرٌ سے اسم مفعول۔ ۹/۸۴، ۱۳/۸۴،

مَسْطُوْرًا: (ن) لکھا ہوا۔ سَطْرٌ سے اسم مفعول۔ ۵۸/۱۷، ۶/۳۳،

مَسْطُوْرِ: لکھا ہوا۔ ۲/۵۲،

مَسْغَبَۃٍ: (ن، س) بھوک، فاقہ، کھانے کی شدید خواہش، مصدر میمی بھی ہے اسم بھی۔ ۱۴/۹۰،

مُسْفِرَۃٌ: (اف) چمکنے والی، روشن۔ اِسْفَارٌ سے اسم فاعل۔ ۳۸/۸۰،

مَسْفُوْحًا: (ف) بہتا ہوا، گرایا ہوا۔ سَفْحٌ سے اسم مفعول۔ ۱۴۵/۶،

مِسْكٌ: مشک، کستوری، اسم معرب ہے۔ ۲۶/۸۳،

مَسَّكُمْ: اس نے تم کو مس کیا، وہ تم کو پہنچا، وہ تم کو لگا۔ ۶۸/۸، ۱۴/۲۴،

مَسَّكُمُ: اس نے تم کو مس کیا، وہ تم کو پہنچا، وہ تم کو لگا۔ ۵۳/۱۶، ۶۷/۱۷،

مَسْکَنَۃُ: مفلسی محتاجی، ذلت۔ ۶۱/۲، ۱۱۲/۳،

مَسْکَنِھِمْ: (ن، ک) ان کا گھر، ان کے رہنے کی جگہ، جمع مَسَاکِنٌ، سُکُوْنٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۵/۳۴،

مَسْکُوْب: (ن) گرتا ہوا، بہتا ہوا۔ سَکْبٌ و سُکُوْبٌ سے اسم مفعول۔ ۳۱/۵۶،

مَسْکُوْنَةٍ: (ن) بسی ہوئی، آباد مکان۔ سُکُوْنٌ سے اسم مفعول۔ ۲۹/۲۴،

مِسْکِیْنَ: مسکین، مفلس محتاج، جمع مَسَاکِنُ۔ ۲۶/۱۷، ۳۸/۳۰، ۴۴/۷۴،

مِسْکِیْنًا: مسکین، مفلس محتاج۔ ۴/۵۸، ۸/۷۶، ۱۶/۹۰،

مِسْکِیْنِ: مسکین، مفلس محتاج۔ ۳۴/۶۹، ۱۸/۸۹، ۳/۱۰۷،

مِسْکِیْنٍ: مسکین، مفلس محتاج۔ ۱۸۴/۲،

مِسْکِیْنٌ: مسکین۔ مفلس۔ محتاج۔ ۲۴/۶۸،

مُسْلِمًا: (اف) مسلمان، فرمانبردار۔ اِسْلَامٌ سے اسم فاعل۔ ۶۷/۳، ۱۰۱/۱۲،

مُسْلِمٰتِ: مسلمان عورتیں، فرمانبردار عورتیں ۳۵/۳۳،

مُسْلِمٰتٍ: مسلمان عورتیں، فرمانبردار عورتیں ۵/۶۶،

مُسْلِمَةً: مسلمان عورت، فرمانبردار عورت، ۱۲۸/۲،

مُسَلَّمَةٌ: (تف) صحیح وسالم، بے داغ، تندرست تَسْلِیْمٌ سے اسم مفعول۔ ۷۱/۲، ۹۲/۴،

مُسْلِمُوْنَ: مسلمان، فرمانبردار۔ ۱۳۲/۲، ۱۳۳/۲، ۱۳۶/۲، ۵۲/۳، ۶۴/۳، ۸۰/۳، ۸۴/۳، ۱۰۲/۳، ۱۱۱/۵، ۱۴/۱۱، ۱۰۸/۲۱، ۸۱/۲۷، ۳۶/۲۹، ۵۳/۳۰، ۱۴/۷۲،

مُسْلِمَیْنِ: دو مسلمان، دو فرمانبردار۔ مُسْلِمٌ کا تثنیہ. ۱۲۸/۲،

مُسْلِمِیْنَ: مسلمان، فرمانبردار، ۱۶۳/۶، ۱۲۶/۷، ۷۲/۱۰، ۸۴/۱۰، ۹۰/۱۰، ۲/۱۵، ۸۹/۱۶، ۱۰۲/۱۶، ۷۸/۲۲، ۳۱/۲۷، ۳۸/۲۷، ۴۲/۲۷، ۹۱/۲۷، ۵۳/۲۸، ۳۵/۳۳، ۱۲/۳۹، ۳۳/۴۱، ۶۹/۴۳، ۱۵/۴۶، ۳۶/۵۱، ۳۵/۶۸،

مُسَمًّی: (تف) معین۔ مقرر کیا ہوا۔ نام رکھا ہوا۔ تَسْمِیَةٌ سے اسم مفعول۔ ۲۸۲/۲، ۲/۶، ۶۰/۶، ۳/۱۱، ۲/۱۳، ۱۰/۱۴، ۶۱/۱۴، ۱۲۹/۲۰، ۵/۲۲، ۳۳/۲۲، ۵۳/۲۹، ۸/۳۰، ۲۹/۳۱،

۱۳/۳۵، ۴۵/۳۵، ۵/۳۹، ۴۲/۳۹، ۶۷/۴۰، ۱۴/۴۲، ۳/۴۶، ۴/۷۱،

مُسْمَعٍ: (اف) سنایا ہوا۔ اِسْمَاعٌ سے اسم مفعول۔ ۴۶/۴،

مُسْمِعٍ: سنانے والا، اِسْمَاعٌ سے اسم فاعل، ۲۲/۳۵،

مَسَّنَا: (ن، س) اس نے ہم کو مَس کیا، اس نے ہم کو چھوا۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۸۸/۱۲، ۳۸/۵۰،

مُسَنَّدَةٌ: (تف) دیوار سے لگائی ہوئی، سہارا لگائی ہوئی۔ تَسْنِیْدٌ سے اسم مفعول۔ ۴/۶۳،

مَسْنُوْنٍ: (ن) متغیر، سڑا ہوا، جس کا رنگ و بو بدل جائے، سَنٌّ سے اسم مفعول، ۲۶/۱۵، ۲۸/۱۵، ۳۳/۱۵

مَسَّنِیَ: اس نے مجھ کو مس کیا، وہ مجھ کو پہنچ گیا۔ مَسٌّ سے ماضی۔ ۱۸۸/۷، ۵۴/۱۵، ۸۳/۲۱، ۴۱/۳۸،

مُسْوَدًّا: (افعا) سیاہ کیا ہوا، کالا۔ اِسْوِدَادٌ سے اسم مفعول۔ ۵۸/۱۶، ۱۷/۴۳،

مُسْوَدَّةٌ: سیاہ کی ہوئی، کالی۔ اِسْوِدَادٌ سے اسم مفعول۔ ۶۰/۳۹،

مُسَوَّمَةً: (تف) نشان کی ہوئی۔ ممتاز۔ نامزد۔ جنگل میں آزادی سے چرنے والے۔ تَسْوِیْمٌ اسم مفعول۔ ۸۳/۱۱، ۳۴/۵۱

مُسَوَّمَةِ: نشان کی ہوئی۔ نامزد۔ ممتاز۔ ۱۴/۳،

مُسَوِّمِیْنَ: علامت بنانے والے، نشان بنانے والے، نامزد۔ تَسْوِیْمٌ سے اسم فاعل ۱۲۵/۳،

مَسَّهُ: اس نے اس کو مس کیا، وہ اس کو پہنچا۔ ۸۳/۱۷، ۴۹/۴۱، ۵۱/۴۱، ۲۰/۷۰، ۲۱/۷۰،

مَسَّهٗ: اس نے اس کو مس کیا، وہ اس کو پہنچا۔ ۱۲/۱۰،

مَسَّهُمْ: اس نے ان کو مس کیا، اس نے ان کو چھوا، وہ ان کو پہنچا۔ ۲۰۱/۷،

مَسْئُولًا: (ف) سوال کیا ہوا، پوچھا ہوا، سُؤَالٌ و سُؤْلٌ سے اسم مفعول ٣٣/١٥، ٣٤/١٧، ٣٦/١٧، ١٦/٢٥، ١٥/٣٣،

مَسْئُوْلُوْنَ: سوال کئے ہوئے، باز پرس کئے ہوئے۔ ٢٤/٣٧،

مَسِيحَ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔ ١٥٧/٤، ١٧/٥، ٣١/٩

مَسِيحُ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب۔ ٤٥/٣، ١٧١/٤، ١٧٢/٤، ١٧/٥، ٧٢/٥، ٧٥/٥، ٣٠/٩

مُسِيءُ: (اف) برائی کرنے والا، گنہگار، اِسَاءَةٌ سے اسم فاعل۔ ٥٨/٤٠،

م ش

مَشَارِبُ: (س) پینے کی چیزیں، پینے کا وقت شُرْبٌ سے اسم ظرف، واحد مَشْرَبٌ ٧٣/٣٦

مَشَارِقَ: (س) مشرقین، طلوع ہونے کے مقامات شَرْقٌ سے اسم ظرف، سورج طلوع ہونے کی جگہ روزانہ بدلتی رہتی ہے اس لئے جمع کا صیغہ لایا گیا۔ ١٣٧/٧،

مَشَارِقِ: مشرقین، طلوع ہونے کے مقامات ٥/٣٧،

مَشٰرِقِ: مشرقین، طلوع ہونے کے مقامات ٤٠/٧٠،

مَشَّاءٍ: (ض) بہت زیادہ چلنے والا۔ مَشْيٌ سے اسم مبالغہ۔ ١١/٦٨،

مَشَّاءٍ بِنَمِيمٍ: بہت چغل خور۔ ١١/٦٨،

مُشْتَبِهًا: (افت) شبہ میں ڈالنے والا، ملتا جلتا، اِشْتِبَاهٌ سے اسم فاعل۔ ٩٩/٦،

مُشْتَرِكُوْنَ: (افت) شریک ہونے والے۔ اِشْتِرَاكٌ سے اسم فاعل۔ ٣٣/٣٧، ٣٩/٤٣

مَشْحُوْنِ: (ف،ن،س) بھرا ہوا، شَحْنٌ سے اسم مفعول۔ ١١٩/٢٦، ٤١/٣٦، ١٤٠/٣٧،

مَشْرَبَهُمْ: (س) ان کے پینے کی جگہ۔ ان کا گھاٹ۔ شَرْبٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی۔ ٦٠/٢، ١٦٠/٧،

مَشْرِقِ: (ن) مشرق، سورج نکلنے کی جگہ۔ شُرُوْقٌ سے اسم ظرف۔ ١٧٧/٢، ٢٥٨/٢، ٣٨/٤٣، ٩/٧٥،

مَشْرِقُ: مشرق، سورج نکلنے کی جگہ۔ ١١٥/٢، ١٤٢/٢،

مَشْرِقَيْنِ: دو مشرق۔ مَشْرِقٌ کا تثنیہ۔ ٣٨/٤٣، ١٧/٥٥،

مُشْرِقِيْنَ: (اف) صبح کے وقت، سورج نکلنے کے وقت، اِشْرَاقٌ سے اسم فاعل، واحد مُشْرِقٌ ٧٣/١٥، ٦٠/٢٦

مُشْرِكٍ: (اف) شرک کرنے والا، کافر۔ اِشْرَاكٌ سے اسم فاعل۔ ٢٢١/٢،

مُشْرِكٌ: شرک کرنے والا، کافر۔ ٣/٢٤

مُشْرِكٰتِ: شرک کرنے والیاں، کافر عورتیں ٢٢١/٢، ٧٣/٣٣، ٦/٤٨

مُشْرِكَةً: شرک کرنے والی، کافر عورت۔ ٣/٢٤

مُشْرِكَةٍ: شرک کرنے والی، کافر عورت۔ ٢٢١/٢،

مُشْرِكُوْنَ: شرک کرنے والے۔ ١٢١/٦، ٢٨/٩، ٣٣/٩، ١٠٦/١٢، ١٠٠/١٦، ٩/٦١

مُشْرِكِيْنَ: شرک کرنے والے۔ ١٠٥/٢، ١٣٥/٢، ٢٢١/٢، ٦٧/٣، ٩٥/٣، ١٤/٦، ٢٣/٦، ٧٩/٦، ١٠٦/٦، ١٣٧/٦، ١٦١/٦، ١/٩، ٣/٩، ٤/٩، ٥/٩، ٦/٩، ٧/٩، ١٧/٩، ٣٦/٩، ١١٣/٩، ١٠٥/١٠، ١٠٨/١٢، ٩٤/١٥، ١٢٠/١٦، ١٢٣/١٦..... ٣٦ جگہ

مَشْعَرِ: علامت، نشان، جمع مَشَاعِرُ۔ ١٩٨/٢،

مَشْعَرِ الْحَرَامِ: مزدلفہ میں واقع ایک پہاڑ کا نام جس پر وقوف کرنا افضل ہے، تمام مزدلفہ میں وادئ محسر کے علاوہ کہیں بھی

قیام کیا جائے جائز ہے، مزدلفہ عرفات اور منی کے درمیان واقع ہے۔ ۱۹۸/۲،

مُشْفِقُوْنَ: (اف) ڈرنے والے۔ اِشْفَاقٌ سے اسمِ فاعل۔ ۲۸/۲۱، ۴۹/۲۱، ۵۷/۲۳، ۱۸/۴۲، ۲۷/۷۰،

مُشْفِقِیْنَ: ڈرنے والے۔ ۴۹/۱۸، ۲۲/۴۲، ۲۶/۵۲،

مِشْکٰوۃٍ: چراغ رکھنے کا طاق۔ ۳۵/۲۴

مَشْکُوْرًا: (ن) شکر کیا ہوا، مقبول، قدر کیا ہوا۔ شُکْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۹/۱۷، ۲۲/۷۶،

مَشَوْا: (ض) وہ چلے۔ مَشْیٌ سے ماضی۔ ۲۰/۲،

مَشْهَدِ: (ک،س) شہادت دینا، حاضر ہونا، گواہی دینے کی جگہ۔ شُهُوْدٌ وشَهَادَةٌ سے اسم ظرف۔ ۳۷/۱۹

مَشْهُوْدًا: شہادت، دیا ہوا، حاضر کیا ہوا۔ شُهُوْدٌ وشَهَادَةٌ سے اسم مفعول۔ ۷۸/۱۷،

مَشْهُوْدٍ: شہادت دیا ہوا، حاضر کیا ہوا۔ ۳/۸۵

مَشْهُوْدٌ: شہادت دیا ہوا، حاضر کیا ہوا۔ ۱۰۳/۱۱،

مَشْئَمَةِ: بائیں طرف، کم بختی، بدبختی، اسم ہے۔ ۹/۵۶، ۱۹/۹۰،

مَشِیْدٍ: (ض) بلند کئے ہوئے، مضبوط قلعے، شَیْدٌ سے اسم مفعول۔ ۴۵/۲۲،

مُشَیَّدَةٍ: (تف) بلند کئے ہوئے، مضبوط بنائے ہوئے۔ تَشْیِیْدٌ سے اسم مفعول۔ ۷۸/۴

مَشْیِكَ: تیری چال۔ ۱۹/۳۱،

م ص

مَصَابِیْحَ: چراغ۔ قندیل۔ واحد مِصْبَاحٌ. ۱۲/۴۱، ۵/۶۷،

مَصَانِعَ: مکانات، قلعے، واحد مَصْنَعَةٌ. ۱۲۹/۲۶،

مِصْبَاحُ: چراغ، قندیل، صَبْحٌ سے اسم آلہ، ۳۵/۲۴

مِصْبَاحٌ: چراغ، قندیل۔ ۳۵/۲۴

مُصْبِحِیْنَ: (اف) صبح کرنے والے، صبح کے وقت کو پانے والے۔ اِصْبَاحٌ سے اسم فاعل۔ ۶۶/۱۵، ۸۳/۱۵، ۱۳۷/۳۷، ۱۷/۶۸، ۲۱/۶۸،

مُصَدِّقًا: (تف) تصدیق کرنے والا، سچا ماننے والا، تَصْدِیْقٌ سے اسم فاعل، ۴۱/۲، ۹۱/۲، ۹۷/۲، ۳/۳، ۳۹/۳، ۵۰/۳، ۴۷/۴، ۴۶/۵، ۴۸/۵، ۳۱/۳۵، ۳۰/۴۶، ۶/۶۱،

مُصَدِّقُ: تصدیق کرنے والا، سچا ماننے والا ۹۲/۶،

مُصَدِّقٌ: تصدیق کرنے والا، سچا ماننے والا ۸۹/۲، ۱۰۱/۲، ۸۱/۳، ۱۲/۴۶،

مُصَّدِّقٰتِ: (تفع) صدقہ کرنے والیاں، خیرات دینے والیاں، تَصَدُّقٌ سے اسم فاعل، ۱۸/۵۷،

مُصَدِّقِیْنَ: تصدیق کرنے والے، سچا ماننے والے۔ ۵۲/۳۷،

مُصَّدِّقِیْنَ: (تفع) صدقہ دینے والے، خیرات دینے والے۔ تَصَدُّقٌ سے اسم فاعل۔ اصل میں مُتَصَدِّقِیْنَ تھا 'تا' کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ۱۸/۵۷،

مِصْرَ: ملک مصر۔ ۸۷/۱۰، ۲۱/۱۲، ۹۹/۱۲، ۵۱/۴۳،

مِصْرًا: کوئی شہر۔ ہر وہ شہر جس کی حد بندی ہو۔ جمع اَمْصَارٌ. ۶۱/۲،

مُصْرِخِكُمْ: (اف) تمہاری فریاد کو پہنچنے والا، تمہارا مددگار۔ اِصْرَاخٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲/۱۴،

مُصْرِخِيَّ: میری فریاد کو پہنچنے والے، میرے مددگار، واحد مُصْرِخٌ. اصل میں یہ لفظ مُصْرِخِیْنَ اور یائے متکلم سے مرکب ہے اضافت کی وجہ سے مُصْرِخِیْنَ کا نون

حذف ہوگیا اور دونوں یاؤں میں ادغام ہوگیا۔ ۲۲/۱۴،

مَصْرِفًا: (ض) لوٹنے کی جگہ، بچنے کا راستہ۔ صَرْفٌ سے اسم ظرف، جمع مَصَارِفُ۔ ۵۳/۱۸،

مَصْرُوْفًا: (ف) لوٹایا ہوا، پھیرا ہوا۔ صَرْفٌ سے اسم مفعول۔ ۸/۱۱،

مُصْطَفَیْنَ: (افت) پسند کیے ہوئے، برگزیدہ، منتخب۔ اِصْطِفَاءٌ سے اسم مفعول۔ واحد مُصْطَفٰی. ۴۷/۳۸،

مُصَفًّی: (تف) صاف کیا ہوا، جھاگ اتارا ہوا۔ تَصْفِیَۃٌ سے اسم مفعول۔ ۱۵/۴۷،

مُصْفَرًّا: (افعلا) زرد کیا ہوا۔ پیلا کیا ہوا۔ اِصْفِرَارٌ سے اسم مفعول۔ ۵۱/۳۰، ۲۱/۳۹، ۲۰/۵۷،

مَصْفُوْفَۃٍ: (ن) صف بستہ، قطار در قطار۔ صَفٌّ سے اسم مفعول۔ ۲۰/۵۲،

مَصْفُوْفَۃٌ: (ن) صف بستہ، قطار در قطار۔ ۱۵/۸۸،

مُصَلًّی: (تف) نماز پڑھنے کی جگہ۔ تَصْلِیَۃٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۲۵/۲،

مُصْلِحٌ: (اف) اصلاح کرنے والا، سنوارنے والا۔ اِصْلَاحٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲۰/۲،

مُصْلِحُوْنَ: اصلاح کرنے والے، درست کرنے والے۔ ۱۱/۲، ۱۱۷/۱۱،

مُصْلِحِیْنَ: اصلاح کرنے والے، درست کرنے والے۔ ۱۷۰/۷، ۱۹/۲۸،

مُصَلِّیْنَ: نماز پڑھنے والے، واحد مُصَلِّی. ۲۲/۷۰، ۴۳/۷۴، ۴/۱۰۷،

مُصَوِّرُ: (تف) تصویر بنانے والا، پیدا کرنے والا، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت۔ تَصْوِیْرٌ سے اسم فاعل۔ ۲۴/۵۹،

مُصِیْبَۃٍ: (اف) مصیبت، تکلیف، پہنچنے والی۔ اِصَابَۃٌ سے اسم فاعل۔ جمع مَصَائِبُ. ۳۰/۴۲، ۲۲/۵۷، ۱۱/۶۴،

مُصِیْبَۃُ: مصیبت، تکلیف، پہنچنے والی۔ ۱۰۶/۵،

مُصِیْبَۃٌ: مصیبت، تکلیف، پہنچنے والی۔ ۱۵۶/۲، ۱۶۵/۳، ۶۲/۴، ۷۲/۴، ۵۰/۹، ۴۷/۲۸،

مُصِیْبُھَا: اس کو پا لینے والا۔ اس کو پہنچ جانے والا۔ ۸۱/۱۱،

مَصِیْرًا: (ض) لوٹنے کی جگہ، ٹھکانا۔ صَیْرٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی، ۹۷/۴، ۱۱۵/۴، ۱۵/۲۵، ۶/۴۸،

مَصِیْرُ: لوٹنے کی جگہ، ٹھکانا۔ ۱۲۶/۲، ۲۸۵/۲، ۲۸/۳، ۱۶۲/۳، ۱۸/۵، ۱۶/۸، ۷۳/۹، ۴۸/۲۲، ۷۲/۲۲، ۴۲/۲۴، ۵۷/۲۴، ۱۴/۳۱، ۱۸/۳۵، ۳/۴۰، ۱۵/۴۲، ۴۳/۵۰، ۱۵/۵۷، ۸/۵۸، ۴/۶۰، ۳/۶۴، ۱۰/۶۴، ۹/۶۶، ۶/۶۷،

مَصِیْرَکُمْ: تمہارا لوٹنا۔ ۳۰/۱۴،

مُصَیْطِرٍ: داروغہ، حاکم، نگراں۔ سَیْطَرَۃٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُسَیْطِرٍ تھا، س کو ص سے بدل دیا، جیسے سِرَاط کو صِرَاط کیا گیا۔ ۲۲/۸۸،

مُصَیْطِرُوْنَ: داروغہ، حاکم، نگراں، جمع کا صیغہ ہے۔ ۳۷/۵۲،

م ض

مَضٰی: (ض) وہ گزر گیا۔ مُضِیٌّ سے ماضی۔ ۸/۴۳،

مَضَاجِعِ: (ف) بستر، بچھونے، خواب گاہیں۔ ضَجْعٌ و ضُجُوْعٌ سے اسم ظرف، واحد مَضْجَعٌ. ۳۴/۴، ۱۶/۳۲،

مَضَاجِعِهِمْ: ان کی خواب گاہیں، ان کی قتل گاہیں۔ ۱۵۴/۳،

مُضَآرٍّ: (مفا) ضرور پہنچانے والا، نقصان دینے والا، ضِرارٌ سے اسم مفعول۔ اصل میں مُضَارِرٌ تھا دونوں راؤں کا ادغام کر دیا۔ ۱۲/۴،

مُضٰعَفَةً: (مفا) دوگنا کیا ہوا، بڑھانا، مصدر بھی ہے اور اسم مفعول بھی۔ ۱۳۰/۳،

مَضَتْ: (ض ن) وہ گزر گئی، وہ ہو چکی۔ ۳۸/۸،

مُضْطَرَّ: (افت) مضطر، بے قرار، بے بس۔ اِضْطِرَارٌ سے اسم مفعول، اصل میں مُضْتَرِرٌ تھا، 'تا' کو طا سے بدل کر 'را' کا را میں ادغام کر دیا۔ ۶۲/۲۷،

مُضْعِفُوْنَ: (اف) دوگناہ کرنے والے اِضْعَافٌ سے اسم فاعل۔ ۳۹/۳۰،

مُضْغَةَ: بوٹی۔ گوشت کا ٹکڑا۔ گوشت کا لوتھڑا۔ جمع مَضَغٌ. ۱۴/۲۳،

مُضْغَةً: بوٹی، گوشت، کا ٹکڑا۔ ۱۴/۲۳،

مُضْغَةٍ: بوٹی، گوشت کا ٹکڑا۔ ۵/۲۲،

مُضِلِّ: (اف) گمراہ کرنے والا، بہکانے والا۔ اِضْلَالٌ سے اسم فاعل۔ ۳۷/۳۹،

مُضِلٌّ: (اف) گمراہ کرنے والا، بہکانے والا۔ ۱۵/۲۸،

مُضِلِّيْنَ: گمراہ کرنے والے، بہکانے والے، ۵۱/۱۸،

مُضِيًّا: (ض) گزر جانا، آگے چلنا، مصدر میمی ۶۷/۳۶،

م ط

مُطَاعٍ: (اف) اطاعت کیا ہوا، پیشوا۔ اِطَاعَةٌ سے اسم مفعول۔ ۲۱/۸۱،

مَطَرَ: بارش، جمع اَمْطَارٌ. ۴۰/۲۵،

مَطَرًا: بارش۔ ۸۴/۷، ۱۷۳/۲۶، ۵۸/۲۷،

مَطَرٍ: بارش۔ ۱۰۲/۴،

مَطَرُ: بارش۔ ۱۷۳/۲۶،

مُطَفِّفِيْنَ: (تف) تول اور ناپ میں کمی کرنے والے۔ تَطْفِيْفٌ سے اسم فاعل۔ ۱/۸۳

مَطْلَعِ: (ن) طلوع ہونے کی جگہ، چمکنا، برآمد ہونا، طُلُوْعٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی، جمع مطالِعَ. ۵/۹۷،

مَطْلِعَ: طلوع ہونے کی جگہ، چمکنا، برآمد ہونا ۹۰/۱۸،

مُطَّلِعُوْنَ: (افت) واقف (مطلع) ہونے والے، جھانک کر دیکھنے والے۔ اِطِّلَاعٌ سے اسم فاعل، واحد مُطَّلِعٌ اصل میں مُطْتَلِعُوْنَ تھا طا کا تا میں ادغام کر دیا۔ ۵۴/۳۷،

مُطَلَّقٰتِ: (تف) مطلقہ عورتیں، طلاق دی ہوئی عورتیں۔ تَطْلِيْقٌ سے اسم مفعول، واحد مُطَلَّقَةٌ. ۲۴۱/۲،

مُطَلَّقٰتُ: مطلقہ عورتیں، طلاق دی ہوئی عورتیں، ۲۲۸/۲،

مَطْلُوْبُ: (ن) طلب کیا ہوا، چاہا ہوا، مراد مکھی۔ طَلَبٌ سے اسم مفعول۔ ۷۳/۲۲،

مُطْمَئِنٌّ: (افعیلا) اطمینان والا، پرسکون۔ اِطْمِينَانٌ سے اسم فاعل۔ ۱۰۶/۱۶،

مُطْمَئِنَّةً: اطمینان پانے والی، سکون پانے والی۔ ۱۱۲/۱۶،

مُطْمَئِنَّةُ: اطمینان پانے والی، سکون پانے والی۔ ۲۷/۸۹،

مُطْمَئِنِّيْنَ: اطمینان والے، وطن بنانے والے قیام کرنے والے۔ ۹۵/۱۷،

مُطَّوِّعِيْنَ: (تفع) نفلی صدقات دینے والے،

خیرات کرنے والے۔ تَطَوُّعٌ سے اسم فاعل، واحد مُطَّوِّعٌ، اصل میں مُتَطَوِّعِیْنَ تھا، تا کو طا سے بدل کر 'تا' کا 'طا' میں ادغام کر دیا۔ ۷۹/۹

مَطْوِیّٰتٌ: لپٹے ہوئے۔ طَیٌّ سے اسم مفعول، واحد مَطْوِیَّۃٌ. ۶۷/۳۹

مُطَهَّرَةً: (تف) پاک کی ہوئی۔ تَطْهِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۲/۹۸

مُطَهَّرَةٍ: پاک کی ہوئی۔ ۱۴/۸۰

مُطَهَّرَةٌ: پاک کی ہوئی۔ ۲۵/۲، ۱۵/۳، ۵۷/۴

مُطَهِّرُكَ: تجھے پاک کرنے والا، تجھے دور رکھنے والا۔ تَطْهِیْرٌ سے اسم فاعل۔ ۵۵/۳

مُطَهَّرُوْنَ: پاک کئے ہوئے۔ ۷۹/۵۶

مُطَّهِّرِیْنَ: (تفع) پاک ہونے والے، تَطَهُّرٌ سے اسم فاعل، اصل میں مُتَطَهِّرِیْنَ تھا، تا کا طا میں ادغام کر دیا۔ ۱۰۸/۹

م ظ

مُظْلِمًا: (اف) تاریکی میں پڑے ہوئے، اندھیرے میں پڑے ہوئے۔ اِظْلَامٌ سے اسم فاعل، ۲۷/۱۰

مُظْلِمُوْنَ: تاریکی میں پڑے ہوئے، اندھیرے میں داخل ہونے والے۔ ۳۷/۳۶

مَظْلُوْمًا: (ض) ظلم کیا ہوا، ستایا ہوا۔ ظُلْمٌ سے اسم مفعول۔ ۳۳/۱۷

م ع

مَعَ: ساتھ، اسم ہے۔ ۳۳/۲ ۱۵۳/۲، ۱۹۴/۲، ۲۴۹/۲، ۴۳/۳، ۵۳/۳، ۱۹۳/۳، ۶۹/۴، ۱۳۶/۴، ۸۳/۵، ۱۹/۶، ۶۸/۶، ۴۷/۷، ۱۵۰/۷، ۶۶/۸، ۳۶/۹، ۴۶/۹، ۸۳/۹، ۸۶/۹، ۸۷/۹، ۹۳/۹، ۱۱۹/۹، ۱۲۳/۹، ۴۲/۱۱، ۳۱/۱۵

مُعْجِزِیْنَ: (مفا) عاجز کرنے والے، ہرانے والے۔ مُعَاجَزَةٌ سے اسم فاعل۔ ۵۱/۲۲، ۵/۳۴، ۳۸/۳۴

مَعَادٍ: (ن) لوٹ کر آنے کی جگہ، عالم آخرت، عَوْدٌ سے اسم ظرف۔ ۸۵/۲۸

مَعَاذَ: (ن) پناہ لینا، عَوْذٌ سے مصدر میمی، ۲۳/۱۲، ۷۹/۱۲

مَعَاذِیْرَهٗ: اس کے عذر، اس کے بہانے، واحد مَعْذِرَةٌ اور مِعْذَارٌ. ۱۵/۷۵

مَعَارِجَ: درجات، سیڑھیاں، واحد مِعْرَاجٌ ۳۳/۴۳

مَعَارِجِ: درجات، سیڑھیاں۔ ۳/۷۰

مَعَاشًا: (ض) معاش کا وقت، روزی کا وقت، کمائی کرنا۔ عَیْشٌ سے اسم ظرف و مصدر میمی، جمع مَعَایِشَ. ۱۱/۷۸

مَعَایِشَ: معاش کے سامان، روزیاں، روزی کے سامان، واحد مَعِیْشَةٌ. ۱۰/۷، ۲۰/۱۵

مُعْتَبِیْنَ: (اف) مقبول، توبہ کئے ہوئے۔ اِعْتَابٌ سے اسم مفعول، واحد مُعْتَبٌ. ۲۴/۴۱

مُعْتَدٍ: (افت) ظالم، حد سے بڑھنے والے۔ اِعْتِدَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۲۵/۵۰، ۱۲/۶۸، ۱۲/۸۳

مُعْتَدُوْنَ: سرکش لوگ، حد سے بڑھنے والے۔ ۱۰/۹

مُعْتَدِیْنَ: سرکش لوگ، حد سے تجاوز کرنے والے۔ ۱۹۰/۲، ۸۷/۵، ۱۱۹/۶، ۵۵/۷، ۷۴/۱۰

مُعْتَرَّ: (افت) سوال کرنے والا۔ مانگنے والا۔ بے قرار محتاج۔ اِعْتِرَارٌ سے اسم فاعل۔ اصل میں مُعْتَرِرُ تھا، را کا را میں ادغام کر دیا۔ ۳۶/۲۲

مُعْجِزٍ: (اف) عاجز بنانے والا، ہرانے والا۔

اِعْجَازٌ سے اسم فاعل۔ ۳۲/۴۶

مُعْجِزِی: عاجز بنانے والے، اصل میں مُعْجِزِیْنَ تھا، اضافت کی وجہ سے نون ساقط ہوگیا۔ ۲/۹، ۳/۹

مُعْجِزِیْنَ: عاجز بنانے والے۔ ۱۳۴/۶، ۵۳/۱۰، ۲۰/۱۱، ۳۳/۱۱، ۴۶/۱۶، ۵۷/۲۴، ۲۲/۲۹، ۵۱/۳۹، ۳۱/۴۲

مَعْدُوْدٍ: (ن) شمار کیا ہوا، گنا ہوا۔ عَدٌّ سے اسم مفعول۔ ۱۰۴/۱۱

مَعْدُوْدَاتٍ: گنے ہوئے، چند گنتی کے دن، واحد مَعْدُوْدَةٌ۔ ۱۸۴/۲، ۲۰۳/۲، ۲۴/۳

مَعْدُوْدَةً: گنتی کے چند دن۔ ۸۰/۲

مَعْدُوْدَةٍ: گنتی کے چند دن۔ ۸/۱۱، ۲۰/۱۲

مُعَذِّبُوْهَا: (تف) اس کو سخت عذاب دینے والے۔ تَعْذِیْبٌ سے اسم فاعل۔ ۵۸/۱۷

مُعَذِّبَهُمْ: ان کو سخت عذاب دینے والا۔ ۳۳/۸

مُعَذِّبُهُمْ: ان کو سخت عذاب دینے والا۔ ۱۶۴/۷

مُعَذَّبِیْنَ: عذاب دیئے ہوئے۔ تَعْذِیْبٌ سے اسم مفعول۔ ۱۳۸/۲۶، ۲۱۳/۲۶، ۳۵/۳۴، ۵۹/۳۷

مُعَذِّبِیْنَ: سخت عذاب دینے والے۔ ۱۵/۱۷

مَعْذِرَةً: عذر پیش کرنا، اسم بھی ہے اور مصدر میمی بھی۔ ۱۶۴/۷

مَعْذِرَتُهُمْ: ان کا عذر، ان کا بہانہ، مصدر میمی، ۵۷/۳۰

مُعَذِّرُوْنَ: (تف) عذر پیش کرنے والے۔ بہانہ تراشنے والے، تَعْذِیْرٌ سے اسم فاعل، ۹۰/۹

مَعَرَّةٌ: ایذا، ضرر، تکلیف، عیب۔ ۲۵/۴۸

مُعْرِضُوْنَ: (اف) اعراض کرنے والے، روگردانی کرنے والے، کنارہ کش۔ اِعْرَاضٌ سے اسم فاعل۔ ۸۳/۲، ۲۳/۳، ۲۳/۸، ۷۶/۹، ۱۰۵/۱۲، ۱/۲۱، ۲۴/۲۱، ۳۲/۲۱، ۴۲/۲۱، ۳/۲۳، ۷۱/۲۳، ۴۸/۲۴، ۶۸/۳۸، ۳/۴۶

مُعْرِضِیْنَ: اعراض کرنے والے، منہ موڑنے والے۔ ۴/۶، ۸۱/۱۵، ۵/۲۶، ۴۶/۳۶، ۴۹/۷۴

مَعْرُوْشٰتٍ: چڑھائے ہوئے۔ اونچے کئے ہوئے۔ بلند کئے ہوئے۔ تَعْرِیْشٌ سے اسم مفعول، واحد مَعْرُوْشَةٌ. ۱۴۱/۶

مَعْرُوْفًا: (ض) نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ عِرْفَانٌ ومَعْرِفَةٌ سے اسم مفعول، ''معروف ہر وہ فعل ہے جس کی اچھائی عقل وشرع سے معلوم ہو، اور منکر اس فعل کو کہتے ہیں جس کا یہ (عقل وشرع) انکار کریں (المفردات/ ۳۳۱)۔ ۲۳۵/۲، ۵/۴، ۸/۴، ۱۵/۳۱، ۶/۳۳، ۳۲/۳۳

مَعْرُوْفِ: نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ ۱۷۸/۲، ۱۸۰/۲، ۲۲۸/۲، ۲۳۲/۲، ۲۳۳/۲، ۲۳۴/۲، ۲۳۶/۲، ۲۴۱/۲، ۱۰۴/۳، ۱۱۰/۳، ۱۱۴/۳، ۶/۴، ۱۹/۴، ۲۵/۴، ۱۵۷/۷، ۶۷/۹، ۷۱/۹، ۱۱۲/۹، ۴۱/۲۲، ۱۷/۳۱

مَعْرُوْفِ: نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ ۲۲۹/۲، ۲۳۱/۲، ۲۴۰/۲، ۱۱۴/۴، ۱۲/۶۰، ۲/۶۵، ۶/۶۵

مَعْرُوْفٌ: نیکی، بھلائی، اچھی بات۔ ۲۶۳/۲، ۲۱/۴۷

مَعْرُوْفَةٌ: معروف، پہنچانی ہوئی، پسندیدہ ۵۳/۲۴

مَعْزِ: بکریاں، اسم جنس۔ ۱۴۳/۶

مَعْزِلٍ: (ض) کنارہ، الگ جگہ۔ عَزْلٌ سے اسم ظرف ومصدر میمی۔ ۴۲/۱۱

مَعْزُوْلُوْنَ: معزول کئے ہوئے، برطرف کئے ہوئے، الگ کئے ہوئے۔ عَزْلٌ سے اس مفعول۔ ۲۱۲/۲۶

مِعْشَارَ: دسواں حصہ، اسم ہے۔ ۴۵/۳۴

مَعْشَرَ: بڑی جماعت، بڑا گروہ، جمع مَعَاشِرٌ.

۱۲۸/۶، ۱۳۰/۶، ۳۳/۵۵

مُعْصِرٰتِ: (اف) نچوڑنے والیاں، مراد پانی سے بھرے ہوئے بادل جو ابھی برسے نہ ہوں، اِعْصَارٌ سے اسم فاعل، واحد مُعْصِرَةٌ ۱۴/۷۸،

مَعْصِیَتِ: (ض) معصیت، گناہ، نافرمانی، عَصْیٌ سے مصدر میمی و اسم جمع مَعَاصی. ۸/۵۸، ۹/۵۸،

مُعَطَّلَةٍ: (تف) خالی پڑے ہوئے، بے کار کئے ہوئے، ویران، تَعْطِیْلٌ سے اسم مفعول، ۴۵/۲۲،

مُعَقِّبَ: (تف) ہٹانے والا، رد کرنے والا، تَعْقِیْبٌ سے اسم فاعل۔ ۴۱/۱۳،

مُعَقِّبٰتٌ: چوکیدار، ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے۔ دن اور رات میں باری باری آنے والے فرشتے۔ ۱۱/۱۳،

مَعَكَ: تیرے ساتھ۔ ۱۰۲/۴، ۸۸/۷، ۱۳۴/۷، ۴۸/۱۱، ۱۱۲/۱۱، ۲۸/۲۳، ۴۷/۲۷، ۵۷/۲۸، ۵۰/۳۳، ۲۰/۷۳،

مَعَكُمْ: تم سب کے ساتھ۔ ۱۴/۲، ۴۱/۲، ۸۱/۳، ۴۷/۴، ۱۴۱/۴، ۱۲/۵، ۵۳/۵، ۹۴/۶، ۷۱/۷، ۱۲/۸، ۷۵/۸، ۴۲/۹، ۵۲/۹، ۲۰/۱۰، ۱۰۲/۱۰، ۹۳/۱۱، ۶۶/۱۲، ۱۵/۲۶، ۱۰/۲۹، ۱۹/۳۶، ۵۹/۳۸، ۳۵/۴۷، ۳۱/۵۲، ۴/۵۷، ۱۴/۵۷، ۱۱/۵۹،

مَعَكُمَا: تم دونوں کے ساتھ۔ ۴۶/۲۰،

مَعْكُوْفًا: (ض) بند کیا ہوا، روکا ہوا۔ عَكْفٌ و عُكُوْفٌ سے اسم مفعول۔ ۲۵/۴۸،

مُعَلَّقَةِ: (تف) معلق، ادھر میں لٹکی ہوئی۔ تَعْلِیْقٌ سے اسم مفعول۔ ۱۲۹/۴،

مُعَلَّمٌ: (تف) تعلیم دیا ہوا، سکھایا ہوا۔ تَعْلِیْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۴/۴۴،

مَعْلُوْمِ: (س) معلوم، جانا ہوا۔ عِلْمٌ سے اسم مفعول۔ ۳۸/۱۵، ۸۱/۳۸،

مَعْلُوْمٍ: معلوم، جانا ہوا، ۲۱/۱۵، ۳۸/۲۶، ۱۵۵/۲۶، ۵۰/۵۶، ۲۲/۷۷،

مَعْلُوْمٌ: معلوم، جانا ہوا۔ ۴/۱۵، ۴۱/۳۷، ۱۶۴/۳۷، ۲۴/۷۰،

مَعْلُوْمٰتٌ: جانی ہوئی چیزیں، مقرر، واحد مَعْلُوْمَةٌ، عِلْمٌ سے اسم مفعول۔ ۱۹۷/۲،

مَعْلُوْمٰتٍ: جانی ہوئی چیزیں۔ مقرر۔ ۲۸/۲۲،

مُعَمَّرٍ: (تف) معمر، بوڑھا، عمر رسیدہ۔ تَعْمِیْرٌ سے اسم مفعول۔ ۱۱/۳۵،

مَعْمُوْرِ: آباد، مراد وہ مسجد جو ساتویں آسمان پر ہے اور ہر وقت فرشتوں سے آباد رہتی ہے۔ عِمَارَةٌ سے اسم مفعول۔ ۴/۵۲،

مَعَنَا: ہمارے ساتھ۔ ۴۰/۹، ۴۲/۱۱، ۱۲/۱۲، ۶۳/۱۲، ۴۷/۲۰، ۱۷/۲۶،

مُعَوِّقِیْنَ: (تف) منع کرنے والے، روکنے والے، تَعْوِیْقٌ سے اسم فاعل، واحد مُعَوِّقٌ. ۱۸/۳۳،

مَعَهٗ: اس کے ساتھ۔ ۲۱۴/۲، ۲۴۹/۲، ۱۴۶/۳، ۳۶/۵، ۶۴/۷، ۷۲/۷، ۱۳۱/۷، ۱۵۷/۷، ۸۸/۹، ۷۳/۱۰، ۱۲/۱۱، ۴۰/۱۱، ۵۸/۱۱، ۶۶/۱۱، ۹۴/۱۱، ۳۶/۱۲، ۱۸/۱۳، ۴۲/۱۷، ۱۰۳/۱۷، ۹۱/۲۳، ۶۲/۲۴، ۷/۲۵، ۳۵/۲۵، ۶۵/۲۶، ۱۱۹/۲۶،

مَعَهَا: اس (مؤنث) کے ساتھ۔ ۲۱/۵۰،

مَعَهُمْ: ان کے ساتھ۔ ۸۹/۲، ۹۱/۲، ۱۰۱/۲، ۲۱۳/۲، ۷۲/۴، ۷۳/۴، ۱۰۸/۴، ۱۴۰/۴، ۱۵۰/۶، ۸۴/۲۱، ۴۳/۳۸، ۲۵/۵۷، ۷/۵۸، ۱۲/۵۹،

مَعِیَ: میرے ساتھ۔ ۱۰۵/۷، ۸۳/۹، ۶۷/۱۸، ۷۲/۱۸، ۷۵/۱۸، ۲۴/۲۱، ۶۲/۲۶، ۱۱۸/۲۶، ۳۴/۲۸، ۲۸/۶۷،

مَعِیْشَةً: سامان زندگی، جمع مَعَایِش. ۱۲۴/۲۰،

مَعِیْشَتَهَا: اس (مؤنث) کا سامانِ زندگی۔ ۵۸/۲۸،

مَعِیْشَتَهُمْ: ان کا سامان زندگی۔ ۳۲/۴۳،

مَعِیْنٍ: (ض ف) بہتا ہوا۔ آب رواں۔ جاری چشمہ۔ عَیْنٌ و مَعْنٌ سے اسم مفعول۔ ۵۰/۲۳،

۴۵/۳۷، ۱۸/۵۶، ۳۰/۶۷

م غ

مَغٰرٰتٍ: غار، گڑھے، واحد مَغَارَةٌ. ۵۷/۹،

مَغٰرِبِ: غروب ہونے کے مقامات۔ غُرُوْبٌ سے اسم ظرف، واحد مَغْرِبٌ، سورج غروب ہونے کے مقامات روزانہ بدلتے رہتے ہیں اس لئے مشارق کی طرح مغارب بھی جمع کا صیغہ لایا گیا۔ ۴۰/۷۰،

مَغَارِبَهَا: اس کے غروب ہونے کے مقامات، ۱۳۷/۷،

مُغَاضِبًا: (مفا) خفا ہونے والا، غصہ کرنے والا۔ مُغَاضَبَةٌ سے اسم فاعل۔ ۸۷/۲۱،

مَغَانِمَ: غنیمت کے مال۔ واحد مَغْنَمٌ. ۱۵/۴۸، ۱۹/۴۸، ۲۰/۴۸،

مَغَانِمُ: غنیمت کے مال۔ ۹۴/۴،

مُغْتَسَلٌ: (افت) نہانے کی جگہ، نہانے کا پانی اِغْتِسَالٌ سے اسم ظرف۔ ۴۲/۳۸،

مَغْرِبَ: (ن) غروب ہونے کی جگہ۔ غُرُوْبٌ سے اسم ظرف، جمع مَغَارِبٌ. ۸۶/۱۸،

مَغْرِبِ: غروب ہونے کی جگہ ۱۷۷/۲، ۲۵۸/۲، ۲۸/۲۶، ۹/۷۳،

مَغْرِبُ: غروب ہونے کی جگہ۔ ۱۱۵/۲، ۱۴۲/۲،

مَغْرِبَيْنِ: غروب ہونے کے دو مقام۔ (ایک سردی کا ایک گرمی کا)۔ ۱۷/۵۵،

مُغْرَقُوْنَ: (اف) غرق کئے ہوئے، ڈبوئے ہوئے۔ اِغْرَاقٌ سے اسم مفعول۔ ۳۷/۱۱، ۲۷/۲۳، ۲۴/۴۴،

مُغْرَقِيْنَ: غرق کئے ہوئے، ڈبوئے ہوئے۔ ۴۳/۱۱،

مَغْرَمًا: (س) جرمانہ، تاوان۔ غُرْمٌ سے مصدر میمی، جمع مَغَارِمُ. ۹۸/۹،

مَغْرَمٍ: جرمانہ، تاوان۔ ۴۰/۵۲، ۴۶/۶۸،

مُغْرَمُوْنَ: (اف) تاوان زدہ، قرضدار۔ اِغْرَامٌ سے اسم مفعول۔ ۶۶/۵۶،

مَغْشِيِّ: (س) بے ہوش۔ غَشْیٌ سے اسم مفعول، اصل میں مَغْشُوْیِ تھا، واؤ کو یا سے بدل کر یا کا یا میں ادغام کردیا۔ ۲۰/۴۷،

مَغْضُوْبِ: غضب کیا ہوا۔ غصہ کیا ہوا۔ غَضَبٌ سے اسم مفعول۔ ۷/۱،

مَغْفِرَةً: (ض) مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ اسم بھی ہے مصدر بھی۔ ۲۶۸/۲، ۹۶/۴، ۳۵/۳۳، ۲۹/۴۸،

مَغْفِرَةِ: مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ ۱۷۵/۲، ۲۲۱/۲، ۳۲/۵۳، ۵۶/۷۴،

مَغْفِرَةٍ: مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ ۱۳۳/۳، ۶/۱۳، ۱۱/۳۶، ۴۳/۴۱، ۲۱/۵۷،

مَغْفِرَةٌ: مغفرت کرنا، معاف کرنا۔ ۲۶۳/۲، ۱۳۶/۳، ۱۵۷/۳، ۹/۵، ۴/۸، ۷۴/۸، ۱۱/۱۱، ۵۰/۲۲، ۲۶/۲۴، ۴/۳۴، ۷/۳۵، ۱۵/۴۷، ۳/۴۹، ۲۰/۵۷، ۱۲/۶۷،

مَغْلُوْبٌ: (ض) مغلوب، کمزور، دبایا ہوا۔ غَلَبَةٌ سے اسم مفعول۔ ۱۰/۵۴،

مَغْلُوْلَةً: (ن) بندھی ہوئی، بخیل۔ غَلٌّ سے اسم مفعول۔ ۲۹/۱۷،

مَغْلُوْلَةٌ: بندھی ہوئی، بخیل۔ ۶۴/۵،

مُغْنُوْنَ: (اف) بچانے والے، دور کرنے والے، (بصلۂ عَنْ) اِغْنَاءٌ سے اسم فاعل۔ واحد مُغْنِی. ۲۱/۱۴، ۴۷/۴۰،

مُغَيِّرًا: (تف) بدلنے والا، تَغْیِیْرٌ سے اسم فاعل، ۵۳/۸،

مُغِيْرٰتِ: (اف) غارت کرنے والیاں۔ شب خون مارنے والے۔ دھاوا بولنے والے۔ مراد

جنگی گھوڑے۔ اِغَارَۃٌ سے اسم فاعل۔ ۳/۱۰۰،

م ف

مَفَاتِحُ: کنجیاں، خزانے، واحد مِفتَاحٌ۔ ۵۹/۶،

مَفَاتِحَہٗ: اس کی کنجیاں، اس کے خزانے، ۶۱/۲۴، ۷۶/۲۸،

مَفَازًا: (ن) کامیابی۔ فَوْزٌ سے مصدر میمی۔ ۳۱/۷۸،

مَفَازَۃٍ: کامیابی، نجات۔ ۱۸۸/۳،

مَفَازَتِھِمْ: ان کی کامیابی۔ ۶۱/۳۹،

مُفَتَّحَۃً: (تف) خوب کھلی ہوئی۔ تَفْتِیْحٌ سے اسم مفعول۔ ۵۰/۳۸،

مُفْتَرٰی: (افت) افترا کرنے والا، بہتان تراشنے والا، تہمت لگانے والا۔ اِفْتِـرَاءٌ سے اسم فاعل۔ ۳۶/۲۸، ۴۳/۳۴،

مُفْتَرٍ: بہتان تراشنے والا، تہمت لگانے والا۔ ۱۰۱/۱۶،

مُفْتَرُوْنَ: بہتان لگانے والے۔ تہمت لگانے والے۔ ۵۰/۱۱،

مُفْتَرَیٰتٍ: خودساختہ، گھڑی ہوئی، مراد قرآن مجید کی سورتیں، واحد مُفْتَرَاۃٌ. ۱۳/۱۱،

مُفْتَرِیْنَ: اپنی طرف سے بنانے والے، تہمت لگانے والے۔ ۱۵۲/۷،

مَفْتُوْنُ: (ض) فتنہ، جنون، دیوانہ۔ فَتْنٌ وفُتُوْنٌ سے اسم مفعول۔ ۶/۶۸،

مَفَرُّ: (ض) فرار ہونا، فرار ہونے کا وقت۔ فِرَارٌ سے مصدر میمی واسم ظرف۔ ۱۰/۷۵،

مُفْرَطُوْنَ: (اف) آگے بھیجے ہوئے، پہلے بھیجے ہوئے۔ اِفْرَاطٌ سے اسم مفعول۔ ۶۲/۱۶،

مَفْرُوْضًا: (ن) فرض کیا ہوا، مقرر کیا ہوا۔ فَرْضٌ سے اسم مفعول۔ ۷/۴، ۱۱۸/۴،

مُفْسِدٌ: (اف) فساد کرنے والا۔ بگاڑنے والا۔ اِفْسَادٌ سے اسم فاعل۔ ۲۲۰/۲،

مُفْسِدُوْنَ: (اف) فساد کرنے والے، بگاڑنے والے۔ ۱۲/۲، ۹۴/۱۸،

مُفْسِدِیْنَ: فساد کرنے والے، بگاڑنے والے، ۶۰/۲، ۶۳/۳، ۶۴/۵، ۷۴/۷، ۸۶/۷، ۱۰۳/۷، ۱۴۲/۷، ۴۰/۱۰، ۸۱/۱۰، ۹۱/۱۰، ۸۵/۱۱، ۱۸۳/۲۶، ۱۴/۲۷، ۴/۲۸، ۷۷/۲۸، ۳۰/۲۹، ۳۶/۲۹، ۲۸/۳۸،

مُفَصَّلًا: (تف) مفصل، تفصیل وار۔ تَفْصِیْلٌ سے اسم مفعول۔ ۱۱۴/۶،

مُفَصَّلٰتٍ: جدا جدا، کھلی ہوئی، واضح۔ ۱۳۳/۷،

مَفْعُوْلًا: (ف) کیا ہوا، انجام دیا ہوا، فَعْلٌ سے اسم مفعول، ۴۷/۴، ۴۲/۸، ۴۴/۸، ۵/۱۷، ۱۰۸/۱۷، ۳۷/۳۳، ۱۸/۷۳،

مُفْلِحُوْنَ: (اف) فلاح پانے والے، کامیاب اِفْلَاحٌ سے اسم فاعل۔ ۵/۲، ۱۰۴/۳، ۸/۷، ۱۵۷/۷، ۸۸/۹، ۱۰۲/۲۳، ۵۱/۲۴، ۳۸/۳۰، ۵/۳۱، ۲۲/۵۸، ۹/۵۹، ۱۶/۶۴،

مُفْلِحِیْنَ: فلاح پانے والے، کامیاب ۶۷/۲۸،

م ق

مَقَابِرَ: قبرستان، قبریں، واحد مَقْبَرَۃٌ. ۲/۱۰۲،

مَقَاعِدَ: (ن) بیٹھنے کی جگہیں، گھات لگانے کے مقامات۔ قُـعُـوْدٌ سے اسم ظرف، واحد مَقْعَدٌ. ۱۲۱/۳، ۹/۷۲،

مَقَالِیْدُ: کنجیاں، خزانے، واحد مِقْلَدٌ ومِقْلِیْدٌ. ۶۳/۳۹، ۱۲/۴۲،

مَقَامَ: (مفا) قیام کرنا، کھڑا ہونا، کھڑے ہونے کی جگہ، قِیَامٌ سے مصدر میمی واسم ظرف ۴۶/۵۵، ۴۰/۷۹،

مَقَامًا: قیام کرنا، کھڑا ہونا، کھڑا ہونے کی جگہ، مکان۔ ۷۹/۱۷، ۷۳/۱۹،

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا: تعریف کیا ہوا مقام، احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے کہ عرشِ الٰہی کے داہنی طرف ایک خاص مقام کا نام "مقامِ محمود" ہے، اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ سے قیامت کے دن اسی مقام پر رونق افروز کرنے کا وعدہ فرمایا ہے، مخلوقات میں سے آپ ﷺ کے علاوہ کسی کو بھی یہ مقام نصیب نہیں ہوگا (ترمذی)۔ ۷۹/۱۷،

مَقَامِ: قیام کی جگہ، کھڑا ہونا، مکان۔ ۱۲۵/۲،

مَقَامِ اِبْرٰهِمَ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کھڑے ہونے کی جگہ، یہاں وہ پتھر مراد ہے جس پر کھڑے ہوکر آپ نے اپنے صاحبزادے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی مدد سے خانۂ کعبہ کی تعمیر کی، یہ پتھر اب بھی اپنی جگہ پر موجود ہے، طوافِ کعبہ کے بعد یہاں دو رکعت نماز ادا کرنا مستحب ہے۔ ۱۲۵/۲،

مَقَامٍ: قیام کرنا، کھڑا ہونا، مکان۔ ۵۸/۲۶، ۲۶/۴۴، ۵۱/۴۴،

مَقَامُ: قیام کرنا، کھڑا ہونا، مکان۔ ۹۷/۳،

مَقَامٌ: قیام کرنا، کھڑا ہونا، مکان۔ ۱۶۴/۳۷،

مُقَامَ: (اف) رہنے کی جگہ، مکان۔ اِقَامَةٌ سے اسم ظرف مکان۔ ۱۳/۳۳،

مُقَامًا: رہنے کی جگہ، مکان۔ ۶۶/۲۵، ۷۶/۲۵

مُقَامَةِ: کھڑا ہونا، رہنا۔ ۳۵/۳۵،

مَقَامِعُ: (انف) گرز، بڑے بڑے ہتھوڑے، اِنْقِمَاعٌ سے اسم آلہ، واحد مِقْمَعٌ. ۲۱/۲۲،

مَقَامِكَ: تیرے قیام (کھڑے ہونے) کی جگہ کو۔ ۳۹/۲۷،

مَقَامَهُمَا: ان دونوں کا مقام، ان دونوں کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ ۱۰۷/۵،

مَقَامِيْ: میرا کھڑا ہونا، میرا رہنا۔ ۷۱/۱۰، ۱۴/۱۴،

مَقْبُوْحِيْنَ: (ک،ف) برے بنے ہوئے، بدحال لوگ۔ قَبْحٌ وقَبَاحَةٌ سے اسم مفعول۔ ۴۲/۲۸،

مَقْبُوْضَةٌ: (ض) قبضہ کی ہوئی، پکڑی ہوئی۔ قَبْضٌ سے اسم مفعول۔ ۲۸۳/۲،

مَقْتًا: ناپسند کرنا۔ نفرت کرنا۔ بیزار ہونا۔ سخت ناراض ہونا، مصدر ہے۔ ۳۹/۳۵، ۳۵/۴۰، ۳/۶۱،

مَقْتًا: ناپسندیدہ۔ نفرت کیا ہوا۔ مصدر بمعنی مفعول۔ ۲۲/۴،

مَقْتُ: ناپسند کرنا۔ نفرت۔ بیزاری۔ ۱۰/۴۰،

مُقْتَحِمٌ: (افت) گھسنے والا، خطروں میں پڑنے والا، بیٹھنے والا، اِقْتِحَامٌ سے اسم فاعل، ۵۹/۳۸،

مُقْتَدِرًا: (افت) ہر طرح قدرت والا، قابو والا اِقْتِدَارٌ سے اسم فاعل۔ ۴۵/۱۸،

مُقْتَدِرٍ: ہر طرح کی قدرت والا، قابو والا۔ ۴۲/۵۴، ۵۵/۵۴،

مُقْتَدِرُوْنَ: ہر طرح کی قدرت رکھنے والے ۴۲/۴۳،

مُقْتَدُوْنَ: (افت) پیروی کرنے والے، پیچھے پیچھے چلنے والے۔ اِقْتِدَاءٌ سے اسم فاعل واحد مُقْتَدِی. ۲۳/۴۳،

مُقْتِرِ: (اف) تنگدست، نادار محتاج۔ اِقْتَارٌ سے اسم فاعل۔ ۲۳۶/۲،

مُقْتَرِفُوْنَ: (افت) کرنے والے، مرتکب ہونے والے۔ اِقْتِرَافٌ سے اسم فاعل۔ ۱۱۳/۶،

مُقْتَرِنِيْنَ: (افت) ساتھ ساتھ آنے والے، پَرا باندھ کر آنے والے۔ اِقْتِرَانٌ سے اسم فاعل، واحد مُقْتَرِنَ. ۵۳/۴۳،

مُقْتَسِمِيْنَ: (افت) تقسیم کرنے والے، بانٹنے

والے، حصے کرنے والے، مراد یہودی و عیسائی۔ اِقْتِسَام سے اسم فاعل۔ ۹۰/۱۵

مُقْتَصِدٌ: (افت) متوسط درجے کا۔ درمیانی راہ چلنے والا۔ عہد کو پورا کرنے والا۔ اِقْتِصَادٌ سے اسم فاعل۔ ۳۲/۳۱، ۳۲/۳۵

مُقْتَصِدَةٌ: اعتدال پر رہنے والی۔ ۶۶/۵

مَقْتِكُمْ: تمہاری اپنے آپ سے نفرت، بیزاری۔ ۱۰/۴۰

یَجِدْكَ: اس نے تجھ کو پایا۔ ۶/۹۳،

یَجِدُوْا: ان کو پانا چاہئے، ان کو حاصل کرنا چاہئے۔ وِجْدَانٌ سے امر غائب۔ ۱۲۳/۹،

یَجِدُوْا: انھوں نے پایا۔ انھوں نے حاصل کیا۔ وِجْدَانٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ۵۳/۱۸، ۲۵/۷۱،

یَجِدُوْا: وہ پائیں گے، وہ حاصل کریں گے۔ وِجْدَانٌ سے مضارع بمعنی مستقبل۔ ۵۸/۱۸،

یَجِدُوْنَ: وہ پائیں گے، وہ حاصل کریں گے۔ ۱۲۱/۴، ۱۷۳/۴، ۵۷/۹، ۷۹/۹، ۹۱/۹، ۲۳/۲۴، ۱۷/۳۳، ۶۵/۳۳، ۲۲/۴۸، ۹/۵۹،

یَجِدُوْنَهٗ: وہ اس کو پائیں گے۔ ۱۵۷/۷،

یَجِدْهُ: وہ اس کو پائے گا۔ ۳۹/۲۴،

یُجِرْكُمْ: (اف) وہ تم کو پناہ دے گا۔ وہ تم کو محفوظ رکھے گا۔ اِجَارَۃٌ سے مضارع۔ ۳۱/۴۶،

یَجْرِمَنَّكُمْ: (ض) وہ ضرور تم کو آمادہ کرتا ہے، وہ ضرور تمہارا باعث بنے گا۔ جَرْمٌ و جَرِیْمَۃٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۲/۵، ۸/۵، ۸۹/۱۱،

یَجُرُّهٗ: (ن) وہ اس کو گھسیٹتا ہے، وہ اس کو کھینچتا ہے۔ جَرٌّ سے مضارع۔ ۱۵۰/۷،

یَجْرِیْ: (ض) وہ جاری ہوتا ہے، وہ بہتا ہے جَرْیٌ اور جَرَیَانٌ سے مضارع۔ ۲/۱۳، ۲۹/۳۱، ۱۳/۳۵، ۵/۳۹،

یُجْزَ: (ض) اس کو جزا دی جائے گی، اس کو بدلہ دیا جائے گا، جَزَاءٌ سے مضارع مجہول، ۱۲۳/۴،

یُجْزَی: اس کو جزا دی جائے گی، اس کو بدلہ دیا جائے گا۔ ۸۴/۲۸،

یُجْزٰی: اس کو جزا دی جائے گی، اس کو بدلہ دیا جائے گا۔ ۱۶۰/۶، ۴۰/۴۰،

یُجْزٰهُ: اس کو جزا دی جائے گی۔ اس کو بدلہ دیا جائے گا۔ ۴۱/۵۳،

یُجْزَوْنَ: ان کو بدلہ دیا جائے گا۔ ۱۲۰/۶، ۱۴۷/۷، ۱۸۰/۷، ۷۵/۲۵، ۳۳/۳۴،

یَجْزِیْ: وہ جزا دے گا، وہ بدلہ دے گا۔ ۱۴۴/۳، ۸۸/۱۲، ۳۱/۱۶، ۳۳/۳۱،

یَجْزِیَ: وہ جزا دے گا، وہ بدلہ دے گا۔ ۴/۱۰، ۵۱/۱۴، ۴۵/۳۰، ۲۴/۳۳، ۴/۳۴، ۱۴/۴۵، ۳۱/۵۳،

یَجْزِیَكَ: وہ تجھ کو جزا دے گا، وہ تجھ کو بدلہ دے گا۔ ۲۵/۲۸،

یَجْزِیَهُمْ: وہ ان کو جزا دے گا، وہ ان کو بدلہ

دے گا۔ ۱۳۸/۶، ۱۳۹/۶،

یَجْزِیَھُمْ: وہ ان کو جزا دے گا، وہ ان کو بدلہ دے گا۔ ۱۲۱/۹، ۳۸/۲۴، ۳۵/۳۹

یَجْعَلْ: (ف) وہ بناتا ہے، وہ کرتا ہے۔ جَعْلٌ سے مضارع۔ ۱۲۵/۶، ۲۹/۸، ۱/۱۸، ۱۰/۲۵، ۲۸/۵۷، ۲/۶۵، ۴/۶۵، ۱۲/۷۱، ۲/۱۰۵،

یَجْعَلَ: وہ بناتا ہے، وہ کرتا ہے۔ ۱۵۶/۳، ۱۷۶/۳، ۱۵/۴، ۱۹/۴، ۱۴۱/۴، ۶/۵، ۳۷/۸، ۵۳/۲۲، ۷/۷۰

یَجْعَلِ: وہ بناتا ہے، وہ کرتا ہے۔ ۴۰/۲۴،

یَجْعَلُ: وہ بناتا ہے، وہ کرتا ہے۔ ۱۲۴/۶، ۱۲۵/۶، ۱۰۰/۱۰، ۹۶/۱۹، ۵۰/۴۲، ۷/۶۵، ۲۵/۷۲، ۱۷/۷۳

یَجْعَلُکُمْ: وہ تم کو بنائے گا، وہ تم کو کرے گا۔ ۶۲/۲۷،

یَجْعَلَنِیْ: اس نے مجھے بنایا، اس نے مجھے کیا۔ ۳۲/۱۹،

یَجْعَلُوْنَ: وہ بناتے ہیں، وہ تراشتے ہیں۔ ۱۹/۲، ۹۱/۱۵، ۵۶/۱۶، ۵۷/۱۶، ۶۲/۱۶

یَجْعَلُوْهُ: وہ اس کو بناتے ہیں۔ ۱۵/۱۲،

یَجْعَلَهٗ: وہ اس کو بناتا ہے، وہ اس کو کرتا ہے ۳۹/۶،

یَجْعَلَهٗ: وہ اس کو بناتا ہے، وہ اس کو کرتا ہے ۳۷/۸،

یَجْعَلُهٗ: وہ اس کو بناتا ہے، وہ اس کو کرتا ہے ۴۳/۲۴، ۴۸/۳۰، ۲۱/۳۹

یُجَلِّیْھَا: (تف) وہ اس کو ظاہر کرے گا، وہ اس کو روشن کرے گا۔ تَجْلِیَةٌ سے مضارع ۱۸۷/۷،

یَجْمَحُوْنَ: (ف) وہ سرکشی کرتے ہیں، وہ سرپٹ دوڑتے ہیں۔ جَمْحٌ، جِمَاحٌ اور جُمُوْحٌ سے مضارع۔ ۵۷/۹،

یَجْمَعُ: (ف) وہ جمع کرے گا، وہ اکٹھا کرے گا۔ جَمْعٌ سے مضارع۔ ۱۰۹/۵، ۲۶/۳۴، ۱۵/۴۲،

یَجْمَعُکُمْ: وہ تم کو جمع کرے گا، وہ تم کو اکٹھا کرے گا۔ ۲۶/۴۵، ۹/۶۴،

یَجْمَعَنَّکُمْ: وہ تم کو ضرور جمع کرے گا، وہ تم کو ضرور اکٹھا کرے گا۔ ۸۷/۴، ۱۲/۶،

یَجْمَعُوْنَ: وہ جمع کرتے ہیں، وہ اکٹھا کرتے ہیں۔ ۱۵۷/۳، ۵۸/۱۰، ۳۲/۴۳،

یُجَنَّبُھَا: (تف) اس کو اس سے دور رکھا جائے گا، اس کو اس سے محفوظ رکھا جائے گا۔ تَجْنِیْبٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۷/۹۲،

یَجْھَلُوْنَ: (س) وہ جہالت کرتے ہیں، وہ نادانی کرتے۔ جَھْلٌ سے مضارع۔ ۱۱۱/۶،

یَجْئَرُوْنَ: وہ گڑگڑاتے ہیں، وہ چلاتے ہیں جُؤَارٌ سے مضارع۔ ۶۴/۲۳،

یُجِیْبُ: (اف) وہ قبول کرتا ہے، وہ سنتا ہے۔ اِجَابَةٌ سے مضارع۔ ۶۲/۲۷،

یُجِیْرُ: (اف) وہ حفاظت کرتا ہے، وہ پناہ دیتا ہے۔ اِجَارَةٌ سے مضارع۔ ۸۸/۲۳، ۲۸/۶۷،

یُجِیْرَنِیْ: وہ مجھ کو پناہ دے گا۔ ۲۲/۷۲،

ی ح

یُحَآجُّوْکُمْ: (مفا) وہ تم سے حجت کرتے ہیں، وہ تم سے جھگڑا کرتے ہیں۔ حِجَاجٌ و مُحَاجَّةٌ سے مضارع۔ ۷۳/۳، ۷۶/۲

یُحَآجُّوْنَ: وہ حجت کرتے ہیں، وہ جھگڑا کرتے ہیں۔ ۱۶/۴۲،

یُحَادِدِ: (مفا) وہ دشمنی کرتا ہے، وہ مخالفت کرتا ہے۔ مُحَادَدَةٌ سے مضارع، وصل کی وجہ سے مکسور کر دیا گیا۔ ۶۳/۹،

یُحَآدُّوْنَ: وہ دشمنی کرتے ہیں وہ مخالفت کرتے

ہیں۔ مُحَادٌّ سے مضارع۔ ۵/۵۸، ۲۰/۵۸،

یُحَارِبُوْنَ: (مفا) وہ جنگ کرتے ہیں، وہ لڑتے ہیں۔ مُحَارَبَۃٌ سے مضارع۔ ۳۳/۵،

یُحَاسَبُ: (مفا) اس سے حساب لیا جائے گا۔ مُحَاسَبَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ۸/۸۴،

یُحَاسِبْکُمْ: وہ تمہارا حساب لے گا۔ ۲۸۴/۲،

یُحَاطَ: (اف) اس کا احاطہ کرلیا جائے، اس کو گھیر لیا جائے۔ اِحَاطَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ۶۶/۱۲،

یُحَافِظُوْنَ: (مفا) وہ حفاظت کرتے ہیں، وہ مداومت کرتے ہیں۔ مُحَافَظَۃٌ سے مضارع۔ ۹۲/۶، ۹/۲۳، ۳۴/۷۰،

یُحَاوِرُہٗ: (مفا) وہ اس سے اِدھر اُدھر کی باتیں کرتا ہے، وہ اس سے بات چیت کرتا ہے۔ مُحَاوَرَۃٌ سے مضارع۔ ۳۴/۱۸، ۳۷/۱۸،

یُحِبُّ: (اف) وہ محبت کرتا ہے، وہ پسند کرتا ہے اِحْبَابٌ سے مضارع۔ ۱۹۰/۲، ۱۹۵/۲، ۲۰۵/۲، ۲۲۲/۲، ۲۷۶/۲، ۳۲/۳، ۵۷/۳، ۷۶/۳، ۱۳۴/۳، ۱۴۰/۳، ۱۴۶/۳، ۱۴۸/۳، ۱۵۹/۳، ۳۶/۴، ۱۰۷/۴، ۱۴۸/۴، ۱۳/۵، ۴۲/۵، ۶۴/۵، ۸۷/۵، ۹۳/۵، ۱۴۱/۶، ۳۱/۷، ۵۵/۷، ۵۸/۸ ...... ۴۱ جگہ

یُحْبِبْکُمْ: وہ تم سے محبت کرے گا۔ وہ تم کو پسند کرے گا۔ ۳۱/۳،

یُحْبَرُوْنَ: (ن) وہ مسرور ہوں گے، ان کو خوش کیا جائے گا، ان کو نوازا جائے گا۔ حَبْرٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۵/۳۰،

یَحْبِسُہٗ: (ض) وہ اس کو محبوس کرتا ہے، وہ اس کو منع کرتا ہے، وہ اس کو روکتا ہے۔ حَبْسٌ سے مضارع۔ ۸/۱۱،

یُحْبِطُ: (اف) وہ ضائع کردے گا، وہ بے کار کردے گا۔ اِحْبَاطٌ سے مضارع ۳۲/۴۷،

یَحْبَطَنَّ: (س) وہ ضرور ضائع ہو جائے گا، وہ ضرور بے کار ہو جائے گا۔ حَبْطٌ وحُبُوْطٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۶۵/۳۹،

یُحِبُّوْنَ: (اف) وہ محبت کرتے ہیں، وہ پسند کرتے ہیں۔ اِحْبَابٌ سے مضارع۔ ۱۸۸/۳، ۱۰۸/۹، ۱۹/۲۴، ۹/۵۹، ۲۷/۷۶،

یُحِبُّوْنَکُمْ: وہ تم سے محبت کرتے ہیں، وہ تم کو پسند کرتے ہیں۔ ۱۱۹/۳،

یُحِبُّوْنَہٗ: وہ اس سے محبت کرتے ہیں۔ ۵۴/۵،

یُحِبُّوْنَھُمْ: وہ ان سے محبت کرتے ہیں۔ ۱۶۵/۲،

یُحِبُّھُمْ: وہ ان سے محبت کرتا ہے، وہ ان کو پسند کرتا ہے۔ ۵۴/۵،

یَحْتَسِبُ: (افت) وہ گمان کرتا ہے، وہ خیال کرتا ہے۔ اِحْتِسَابٌ سے مضارع ۳/۶۵،

یَحْتَسِبُوْا: انہوں نے گمان کیا، انہوں نے خیال کیا۔ اِحْتِسَابٌ سے مضارع، بمعنی ماضی، ۲/۵۹،

یَحْتَسِبُوْنَ: وہ گمان کرتے ہیں، وہ خیال کرتے ہیں۔ ۴۷/۳۹،

یُحْدِثُ: (اف) وہ پیدا کرتا ہے۔ اِحْدَاثٌ سے مضارع۔ ۱۱۳/۲۰، ۱/۶۵،

یَحْذَرِ: (س) اس کو ڈرنا چاہئے، اس کو بچنا چاہئے۔ حَذْرٌ سے امر غائب۔ ۶۳/۲۴،

یَحْذَرُ: وہ ڈرتا ہے، وہ بچتا ہے۔ حَذْرٌ سے مضارع۔ ۶۴/۹، ۹/۳۹،

یُحَذِّرُکُمْ: (تف) وہ تم کو ڈراتا ہے۔ تَحْذِیْرٌ سے مضارع۔ ۲۸/۳، ۳۰/۳،

يَحْذَرُوْنَ: وہ ڈرتے ہیں، وہ بچتے ہیں۔ ۱۲۲/۹،

يَحْذَرُوْنَ: وہ ڈرتے تھے۔ حَذْرٌ سے ماضی استمراری۔ ۶/۲۸،

يُحَرِّفُوْنَ: (تف) وہ تحریف کرتے ہیں، وہ بدل دیتے ہیں۔ تَحْرِيْفٌ سے مضارع ۴۶/۴، ۱۳/۵، ۴۱/۵،

يُحَرِّفُوْنَهٗ: وہ اس میں تحریف کرتے ہیں، وہ اس کو بدل دیتے ہیں۔ ۷۵/۲،

يُحَرِّمُ: (تف) وہ حرام کرتا ہے، وہ ممنوع قرار دیتا ہے۔ تَحْرِيْمٌ سے مضارع ۱۵۷/۷،

يُحَرِّمُوْنَ: وہ حرام کرتے ہیں، وہ ممنوع قرار دیتے ہیں۔ ۲۹/۹،

يُحَرِّمُوْنَهٗ: وہ اس کو حرام کرتے ہیں، وہ ممنوع قرار دیتے ہیں۔ ۳۷/۹،

يَحْزُنُ: (ن، س) وہ غمگین کرتا ہے، وہ رنجیدہ کرتا ہے۔ حُزْنٌ سے مضارع۔ ۱۰/۵۸،

يَحْزَنَّ: وہ ضرور غمگین ہوں گی، وہ ضرور رنجیدہ ہوں گی، حُزْنٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۵۱/۳۳،

يَحْزُنْكَ: وہ تجھ کو غمگین کرتا ہے، وہ تجھ کو رنجیدہ کرتا ہے۔ ۱۷۶/۳، ۴۱/۵، ۶۵/۱۰، ۲۳/۳۱، ۷۶/۳۶،

يَحْزُنُكَ: وہ تجھ کو غمگین (رنجیدہ) کرتا ہے ۳۳/۶،

يَحْزُنُنِيْ: وہ مجھ کو غمگین (رنجیدہ) کرتا ہے۔ ۱۳/۱۲،

يَحْزَنُوْنَ: وہ غمگین (رنجیدہ) ہوں گے۔ ۳۸/۲، ۶۲/۲، ۱۱۲/۲، ۲۶۲/۲، ۲۷۴/۲، ۲۷۷/۲، ۱۷۰/۳، ۶۹/۵، ۴۸/۶، ۳۵/۷، ۶۲/۱۰، ۶۱/۳۹، ۱۳/۴۶،

يَحْزُنْهُمْ: وہ ان کو غمگین (رنجیدہ) کرتا ہے ۱۰۳/۲۱،

يَحْسَبُ: (س) وہ گمان کرتا ہے، وہ خیال کرتا ہے۔ حُسْبَانٌ سے مضارع۔ ۳/۷۵، ۳۶/۷۵،

۵/۹۰، ۷/۹۰، ۳/۱۰۴،

يَحْسَبَنَّ: وہ ضرور گمان کرے گا، وہ ضرور خیال کرے گا۔ حُسْبَانٌ سے مضارع، بانون تاکید۔ ۱۷۸/۳، ۱۸۰/۳، ۵۹/۸،

يَحْسَبُوْنَ: وہ گمان کرتے ہیں، وہ خیال کرتے ہیں، ۳۰/۷، ۱۰۴/۱۸، ۵۵/۲۳، ۲۰/۳۳، ۳۷/۴۳، ۸۰/۴۳، ۱۸/۵۸، ۴/۶۳،

يَحْسَبُهٗ: وہ اس کو گمان کرتا ہے، وہ اس کو خیال کرتا ہے۔ ۳۹/۲۴،

يَحْسَبُهُمُ: وہ ان کو گمان (خیال) کرتا ہے۔ ۱۷۳/۲،

يَحْسُدُوْنَ: (ن) وہ حسد کرتے ہیں، وہ جلتے ہیں۔ حَسَدٌ سے مضارع۔ ۵۴/۴،

يُحْسِنُوْنَ: (اف) وہ احسان کرتے ہیں، وہ اچھا کرتے ہیں۔ اِحْسَانٌ سے مضارع ۱۰۴/۱۸،

يُحْشَرَ: (ن) وہ جمع کیا جائے گا، وہ اکٹھا کیا جائے گا۔ حَشْرٌ سے مضارع مجہول۔ ۵۹/۲۰،

يُحْشَرُ: وہ جمع کیا جائے گا، وہ اکٹھا کیا جائے گا۔ ۱۹/۴۱،

يُحْشَرُوْا: ان کو جمع کیا جائے گا، ان کو اکٹھا کیا جائے گا۔ ۵۱/۶،

يُحْشَرُوْنَ: ان کو جمع (اکٹھا) کیا جائے گا۔ ۳۸/۶، ۳۶/۸، ۳۴/۲۵،

يَحْشُرُهُمْ: وہ ان کو جمع (اکٹھا) کرے گا، حَشْرٌ سے مضارع، ۱۷۲/۴، ۱۲۸/۶، ۴۵/۱۰، ۲۵/۱۵، ۱۷/۲۵، ۴۰/۳۴،

يَحُضُّ: (ن) وہ آمادہ کرتا ہے، وہ ترغیب دیتا ہے، وہ تاکید کرتا ہے۔ حَضٌّ سے مضارع۔ ۳۴/۶۹،

يَحْضُرُوْنِ: (ن) وہ میرے پاس حاضر ہوں گے، وہ میرے نزدیک ہوں گے۔ حَضْرٌ و حُضُوْرٌ سے مضارع۔ اصل لفظ يَحْضُرُوْنِيْ

تھا، متکلم کی 'یا' حذف ہوگئی۔ ۹۸/۲۳،

یَحِضْنَ: (ض) اس (عورت) کو حیض آیا، اس کو ماہواری آئی۔ حَیْضٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ۴/۶۵،

یَحْطِمَنَّکُمْ: (ض) وہ تم کو ضرور روندے گا، وہ تم کو ضرور کچلے گا۔ حَطْمٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۸/۲۷،

یَحْفَظْنَ: (س) وہ (عورتیں) حفاظت کریں، وہ نگہداشت رکھیں۔ حِفْظٌ سے مضارع، بمعنی امر۔ ۳۱/۲۴،

یَحْفَظُوْا: وہ حفاظت کریں، وہ نگہداشت رکھیں۔ ۳۰/۲۴،

یَحْفَظُوْنَهٗ: وہ اس کی حفاظت (نگہداشت) کرتے ہیں۔ ۱۱/۱۳،

یُحْفِکُمْ: (اف) وہ تم سے مانگتے ہیں، وہ ضد کرتے ہیں، وہ تم سے اصرار کرتے ہیں۔ اِحْفَاءٌ سے مضارع۔ ۳۷/۴۷،

یَحِقَّ: (ض، ن) وہ حق ہوتا ہے، وہ ثابت ہوتا ہے، وہ پورا ہوتا ہے۔ حَقٌّ سے مضارع ۷۰/۳۶،

یُحِقَّ: (اف) وہ حق ظاہر کرتا ہے، وہ سچ کرتا ہے۔ اِحْقَاقٌ سے مضارع۔ ۷/۸، ۸/۸،

یُحِقُّ: وہ حق ظاہر کرتا ہے، وہ سچ کرتا ہے، وہ قائم کرتا ہے۔ ۸۲/۱۰، ۲۴/۴۲،

یَحْکُمَ: (ن) وہ حکم کرتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے۔ حُکْمٌ سے مضارع۔ ۲۳/۳، ۸۷/۷، ۱۰۹/۱۰، ۸۰/۱۲، ۴۸/۲۴، ۵۱/۲۴، ۲۱۳/۲،

یَحْکُمُ: وہ حکم کرتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے۔ ۱۱۳/۲، ۱۴۱/۴، ۱/۵، ۹۵/۵، ۴۱/۱۳، ۱۲۴/۱۶، ۵۶/۲۲، ۶۹/۲۲، ۳/۳۹، ۱۰/۶۰،

یَحْکُمُ: وہ حکم کرتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے۔ ۴۴/۵، ۴۵/۵، ۴۷/۵،

یُحْکِمُ: (اف) وہ محکم کرتا ہے، وہ مضبوط کرتا ہے، وہ ثابت کرتا ہے، اِحْکَامٌ سے مضارع ۵۲/۲۲،

یَحْکُمٰنِ: (ن) وہ دونوں فیصلہ کرتے ہیں۔ حُکْمٌ سے مضارع۔ ۷۸/۲۱،

یُحَکِّمُوْكَ: (تف) وہ آپ کو حَکَم بناتے ہیں وہ آپ کو منصف بناتے ہیں، وہ آپ کو ثالث بناتے ہیں۔ تَحْکِیْمٌ سے مضارع۔ ۶۵/۴،

یَحْکُمُوْنَ: وہ فیصلہ کرتے ہیں، وہ تجویز کرتے ہیں۔ ۱۳۶/۶، ۵۹/۱۶، ۴/۲۹، ۲۱/۴۵،

یُحَکِّمُوْنَكَ: وہ آپ کو حَکَمُ (ثالث) بناتے ہیں۔ ۴۳/۵،

یَحِلَّ: (ن، ض) وہ نازل ہوگا، وہ واقعہ ہوگا۔ حُلُوْلٌ سے مضارع۔ ۸۱/۲۰، ۸۶/۲۰،

یَحِلُّ: وہ نازل ہوگا، وہ واقع ہوگا۔ ۳۹/۱۱، ۴۰/۳۹،

یَحِلُّ: (ض) وہ حلال ہوتا ہے، وہ احرام سے نکلتا ہے۔ حِلٌّ سے مضارع۔ ۲۲۸/۲، ۲۲۹/۲، ۱۹/۴، ۵۲/۳۳، ۴۰/۳۹،

یُحِلُّ: (اف) وہ حلال کرتا ہے، وہ جائز بناتا ہے۔ اِحْلَالٌ سے مضارع۔ ۱۵۷/۷،

یَحْلِفُنَّ: (ض) وہ ضرور حلف اٹھائیں گے، وہ ضرور قسمیں کھائیں گے۔ حَلْفٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۰۷/۹،

یَحْلِفُوْنَ: وہ حلف اٹھاتے ہیں، وہ قسمیں کھاتے ہیں۔ ۶۲/۴، ۴۲/۹، ۵۶/۹، ۶۲/۹، ۷۴/۹، ۹۵/۹، ۹۶/۹، ۱۴/۵۸، ۱۸/۵۸،

یَحْلِلُ: (ض) وہ اترتا ہے، وہ نازل ہوتا ہے

حُلُوْلٌ سے مضارع۔ ٨١/٢٠،

يُحِلُّوْا: (اف) وہ حلال کرتے ہیں۔ اِحْلَالٌ سے مضارع۔ ٣٧/٩،

يَحِلُّوْنَ: (ض) وہ حلال کرتے ہیں۔ حِلٌّ سے مضارع۔ ١/٦٠،

يُحَلَّوْنَ: (تف) ان کو آراستہ کیا جائے گا، ان کو زیور پہنایا جائے گا۔ تَحْلِيَةٌ سے مضارع۔ ٣١/١٨، ٢٣/٢٢، ٣٣/٣٥

يُحِلُّوْنَهٗ: وہ اس کو حلال کرتے ہیں۔ ٣٧/٩،

يُحْمٰى: (اف) اس کو گرم کیا جائے گا، اس کو دہکایا جائے گا، اِحْمَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ٣٥/٩،

يُحْمَدُوْا: (س) ان کی تعریف کی جائے گی، حَمْدٌ سے مضارع مجہول۔ ١٨٨/٣،

يَحْمِلُ: (ض) وہ اٹھائے گا، وہ برداشت کرے گا۔ حَمْلٌ سے مضارع۔ ١٠٠/٢٠، ٥/٦٢، ١٧/٦٩،

يُحْمَلُ: وہ اٹھایا جائے گا۔ وہ برداشت کیا جائے گا۔ حَمْلٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ١٨/٣٥،

يَحْمِلُنَّ: وہ ضرور اٹھائیں گے، وہ ضرور برداشت کریں گے۔ حَمْلٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ١٣/٢٩،

يَحْمِلْنَهَا: اس کو اٹھانے سے، اس کی ذمہ داری سے۔ حَمْلٌ سے مضارع۔ اَنْ کی وجہ سے مصدر کے معنی ہو گئے۔ ٧٢/٣٣،

يَحْمِلُوْا: وہ اٹھاتے ہیں، وہ برداشت کرتے ہیں۔ ٢٥/١٦،

يَحْمِلُوْنَ: وہ اٹھائیں گے، وہ برداشت کریں گے۔ ٣١/٦، ١٣/٢٩،

يَحْمِلُوْهَا: وہ اس کو اٹھاتے ہیں، وہ اس کو برداشت کرتے ہیں۔ ٥/٦٢،

يَحْمُوْمٌ: سیاہ دھواں، بے حد کالا دھواں، اسم ہے۔ ٤٣/٥٦،

يَحُوْرَ: (ن) وہ لوٹے گا، وہ پھرے گا۔ حَوْرٌ سے مضارع۔ ١٤/٨٤،

يَحُوْلُ: (ن) وہ حائل ہوتا ہے، وہ آڑ بن جاتا ہے، وہ درمیان میں آتا ہے۔ حَوْلٌ سے مضارع۔ ٢٤/٨،

يُحْيِ: (اف) وہ زندہ کرتا ہے۔ اِحْيَاءٌ سے مضارع ٧٣/٢، ٦/٢٢، ١٩/٣٠، ٥٠/٣٠، ٤٨/٣٦، ٩/٤٢، ١٧/٥٧،

يُحْيِ: وہ زندہ کرتا ہے۔ ٢٥٨/٢، ٢٥٩/٢، ١٥٦/٣، ١٥٨/٧، ١١٦/٩، ٥٦/١٠، ٢٤/٣٠، ٦٨/٤٠، ٨/٤٤، ٢/٥٧،

يُحْيِيَ: وہ زندہ کرتا ہے۔ ٣٣/٤٦، ٤٠/٧٥،

يَحْيٰى (س) وہ زندہ کرتا ہے۔ وہ جیتا ہے۔ حَيَاةٌ سے مضارع۔ ٤٢/٨، ٧٤/٢٠، ١٣/٨٧،

يَحْيٰى: حضرت یحیٰی علیہ السلام کا اسم گرامی جو حضرت زکریا علیہ السلام کے صاحبزادے تھے۔ ٣٩/٣، ٨٥/٦، ٧/١٩، ١١/١٩، ٩٠/٢١،

يُحِيْطُوْا: (اف) انہوں نے احاطہ کیا، انہوں نے گھیر لیا، اِحَاطَةٌ سے مضارع بمعنی ماضی، ٣٩/١٠،

يُحِيْطُوْنَ: وہ احاطہ کرتے ہیں، وہ گھیرتے ہیں۔ ٢٥٥/٢، ١١٠/٢٠،

يَحِيْفَ: (ض) وہ ظلم کرے گا، وہ زیادتی کرے گا۔ حَيْفٌ سے مضارع۔ ٥٠/٢٤،

يَحِيْقُ: (ض) وہ گھیرتا ہے، وہ پکڑتا ہے۔ حَيْقٌ وحُيُوْقٌ اور حَيَقَانٌ سے مضارع۔ ٤٣/٣٥،

يُحَيِّكَ: (تف) وہ تجھ کو سلام کرتا ہے، وہ تجھ کو دعا دیتا ہے۔ تَحِيَّةٌ سے مضارع، اصل لفظ

یُحْیِیْكَ تھا، یا کا یا میں ادغام کر دیا۔ ۸/۵۸،

یُحْیِ: (اف) وہ زندہ کرتا ہے، وہ جان ڈالتا ہے۔ اِحْیَاءٌ سے مضارع۔ ۲۵۸/۲، ۲۵۹/۲، ۱۵۶/۳، ۱۵۸/۷، ۱۱۶/۹، ۵۶/۱۰، ۸۰/۲۳، ۲۴/۳۰، ۶۸/۴۰، ۸/۴۴، ۲/۵۷،

یُحْیِ ےَ: وہ زندہ کرنے پر (قادر ہے)۔ مضارع بمعنی مصدر ۳۳/۴۶، ۴۰/۷۵،

یُحْیِ: وہ زندہ کرتا ہے۔ وہ جان ڈالتا ہے۔ ۷۳/۲، ۶/۲۲، ۱۹/۳۰، ۵۰/۳۰، ۷۸/۳۶، ۹/۴۲، ۱۷/۵۷،

یُحْیِیْکُمْ: وہ تم کو زندہ کرتا ہے۔ اِحْیَاءٌ سے مضارع۔ ۲۸/۲، ۲۴/۸، ۶۶/۲۲، ۴۰/۳۰، ۲۶/۴۵،

یُحْیِیْهَا: وہ اس کو زندہ کرے گا۔ ۷۹/۳۶،

یُحْیِیْنِ: وہ مجھے زندگی دے گا۔ ۸۱/۲۶،

ی خ

یُخٰدِعُوْنَ: (مفا) وہ فریب کرتے ہیں، وہ دھوکہ دیتے ہیں۔ مُخَادَعَةٌ سے مضارع۔ ۹/۲، ۱۴۲/۴،

یَخَافُ: (س،ن) وہ خوف کھاتا ہے، وہ ڈرتا ہے۔ خَوْفٌ سے مضارع۔ ۱۰/۲۷، ۴۵/۵۰، ۱۳/۷۲، ۱۵/۹۱،

یَخٰفُ: وہ خوف کھاتا ہے، وہ ڈرتا ہے۔ ۱۱۲/۲۰،

یَخَافَا: وہ دونوں خوف کھاتے ہیں، وہ دونوں ڈرتے ہیں۔ ۲۲۹/۲،

یَخَافُوْا: وہ خوف کھاتے ہیں، وہ ڈرتے ہیں۔ ۱۰۸/۵،

یَخَافُوْنَ: وہ خوف کھاتے ہیں، وہ ڈرتے ہیں۔ ۲۳/۵، ۵۴/۵، ۵۱/۶، ۲۱/۱۳، ۵۰/۱۶، ۵۷/۱۷، ۳۷/۲۴، ۵۰/۲۴، ۳۷/۵۱، ۵۳/۷۴، ۷/۷۶

یَخَافُهٗ: وہ اس سے خوف کھاتا ہے، وہ اس سے ڈرتا ہے۔ ۹۴/۵،

یُخَالِفُوْنَ: (مفا) وہ خلاف کرتے ہیں۔ وہ مخالفت کرتے ہیں۔ مُخَالَفَةٌ سے مضارع ۶۳/۲۴،

یَخْتَارُ: (افت) وہ اختیار کرتا ہے، وہ پسند کرتا ہے۔ اِخْتِیَارٌ سے مضارع۔ ۶۸/۲۸،

یَخْتَانُوْنَ: (افت) وہ خیانت کرتے ہیں، وہ چوری کرتے ہیں۔ اِخْتِیَانٌ سے مضارع ۱۰۷/۴،

یَخْتَصُّ: (افت) وہ خاص کرتا ہے۔ اِخْتِصَاصٌ سے مضارع۔ ۱۰۵/۲، ۷۴/۳،

یَخْتَصِمُوْنَ: (افت) وہ بحث کرتے ہیں، وہ جھگڑتے ہیں۔ اِخْتِصَامٌ سے مضارع۔ ۴۴/۳، ۹۶/۲۶، ۴۵/۲۷، ۶۹/۳۸،

یَخْتَلِفُوْنَ: (افت) وہ اختلاف کرتے ہیں۔ اِخْتِلَافٌ سے مضارع۔ ۱۱۳/۲، ۱۹/۱۰، ۹۳/۱۰، ۳۹/۱۶، ۱۲۴/۱۶، ۷۶/۲۷، ۲۵/۳۲، ۳/۳۹، ۴۶/۳۹، ۱۷/۴۵،

یَخْتِمُ: (ض) وہ مہر لگاتا ہے۔ وہ بند لگاتا ہے۔ خَتْمٌ سے مضارع۔ ۲۴/۴۲،

یَخْدَعُوْكَ: (ف) آپ کو دھوکہ دینا، آپ سے فریب کرنا۔ خَدْعٌ سے مضارع بمعنی مصدر۔ ۶۲/۸،

یَخْدَعُوْنَ: وہ دھوکہ دیتے ہیں، وہ فریب دیتے ہیں۔ ۹/۲،

یَخْذُلْکُمْ: (ن) وہ تم کو چھوڑ دے گا۔ وہ تمہاری مدد نہ کرے گا۔ خَذْلَانٌ سے مضارع۔ ۱۶۰/۳،

یُخْرِبُوْنَ: (اف) وہ خراب کرتے ہیں، وہ اجاڑتے ہیں۔ وہ برباد کرتے ہیں۔ اِخْرَابٌ سے مضارع۔ ۲/۵۹،

یَخْرُجُ: (ن) وہ نکلتا ہے، وہ پیدا ہوتا ہے۔ خُرُوْجٌ سے مضارع۔ ۷۴/۲، ۵۸/۷، ۶۹/۱۶، ۴۳/۲۴، ۴۸/۳۰، ۲/۳۴، ۲۲/۵۵، ۴/۵۷، ۷/۸۶

یَخْرُجُ: وہ نکلتا ہے، وہ پیدا ہوتا ہے۔ ۱۰۰/۴،

یُخْرِجُ: (اف) وہ نکالتا ہے، وہ پیدا کرتا ہے۔ اِخْرَاجٌ سے مضارع۔ ۶۱/۲، ۳۷/۴۷،

یُخْرِجَ: وہ نکالتا ہے، وہ پیدا کرتا ہے۔ ۲۹/۴۷، ۱۱/۶۵،

یُخْرِجُ: وہ نکالتا ہے، وہ پیدا کرتا ہے۔ ۹۵/۶، ۳۱/۱۰، ۲۵/۲۷، ۱۹/۳۰، ۲۱/۳۹،

یُخْرِجْکُمْ: وہ تم دونوں کو نکال دیں گے۔ ۶۳/۲۰،

یُخْرِجَکُمْ: وہ تم کو نکال دے گا۔ ۱۱۰/۷، ۳۵/۲۶، ۴۳/۳۳، ۹/۵۷،

یُخْرِجُکُمْ: وہ تم کو پیدا کرتا ہے۔ ۶۷/۴۰، ۱۸/۷۱،

یَخْرُجْنَ: (ن) وہ عورتیں نکلیں۔ خُرُوْجٌ سے مضارع۔ ۱/۶۵،

یَخْرُجُنَّ: وہ ضرور نکلیں گے۔ خُرُوْجٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۵۳/۲۴،

یُخْرِجَنَّ: (اف) وہ ضرور نکال دے گا۔ اِخْرَاجٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۸/۶۳،

یُخْرِجَنَّکُمَا: وہ تم دونوں کو نکال دے گا۔ ۱۱۷/۲۰،

یَخْرُجُوْا: وہ نکلیں گے۔ ۲۲/۵، ۳۷/۵، ۲۲/۲۲، ۲۰/۳۲، ۲/۵۹،

یُخْرِجُوْکَ: انہوں نے تجھ کو نکالا۔ اِخْرَاجٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ۳۰/۸، ۷۶/۱۷،

یُخْرِجُوْکُمْ: وہ تم کو نکالتے ہیں۔ ۸/۶۰،

یَخْرُجُوْنَ: وہ (جہاد کے لئے) نکلیں گے۔ ۷/۵۴، ۱۲/۵۹، ۴۳/۷۰،

یُخْرِجُوْنَ: وہ نکالتے ہیں۔ ۱/۶۰،

یُخْرَجُوْنَ: وہ نکالے جائیں گے۔ اِخْرَاجٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۵/۴۵،

یُخْرِجُوْنَهُمْ: وہ ان کو نکالتے ہیں۔ ۲۵۷/۲،

یُخْرِجُهُمْ: وہ ان کو نکالے گا۔ ۲۵۷/۲، ۱۶/۵،

یَخْرُصُوْنَ: (ن) وہ اٹکل دوڑاتے ہیں، وہ قیاسی باتیں کرتے ہیں۔ خَرْصٌ سے مضارع۔ ۱۱۶/۶، ۶۶/۱۰، ۲۰/۴۳،

یَخِرُّوْا: (ض) وہ گرے۔ خَرٌّ و خُرُوْرٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ۳۳/۲۵،

یَخِرُّوْنَ: وہ گرتے ہیں۔ ۱۰۷/۱۷، ۱۰۹/۱۷،

یُخْزِی: (اف) وہ ذلیل کرے گا، وہ رسوا کرے گا۔ اِخْزَاءٌ سے مضارع۔ ۸/۶۶،

یُخْزِهِمْ: وہ ان کو ذلیل کرے گا، وہ ان کو رسوا کرے گا۔ ۱۴/۹

یُخْزِیَ: وہ ذلیل کرے گا، وہ رسوا کرے گا۔ ۵/۵۹،

یُخْزِیْهِ: وہ اس کو ذلیل کرے گا، وہ اس کو رسوا کرے گا۔ ۳۹/۱۱، ۹۳/۱۱،

یُخْزِیْهِمْ: وہ ان کو ذلیل کرے گا، وہ اس کو رسوا کرے گا۔ ۲۷/۱۶،

یَخْسَرُ: (س) وہ خسارے میں رہے گا، وہ نقصان اٹھائے گا۔ خُسْرَانٌ سے مضارع ۲۷/۴۵،

یُخْسِرُوْنَ: (اف) وہ خسارہ دیتے ہیں، وہ کم دیتے ہیں۔ اِخْسَارٌ سے مضارع۔ ۳/۸۳،

یَخْسِفَ: (ض) وہ دھنسا دے گا۔ خَسْفٌ سے مضارع۔ ۴۵/۱۶، ۶۸/۱۷، ۱۶/۶۷،

یَخْشَ: (س) اس کو ڈرنا چاہئے۔ خَشْیَةٌ سے امر غائب۔ ۹/۴،

یَخْشَ: وہ ڈرتا ہے۔ خَشْیَةٌ سے مضارع۔ ۱۸/۹، ۵۲/۲۴،

یَخْشَی: وہ ڈرتا ہے۔ ۲۸/۳۵،

یَخْشٰی: وہ ڈرتا ہے۔ ۳/۲۰، ۴۴/۲۰، ۲۶/۷۹، ۹/۸۰، ۱۰/۸۷،

یَخْشٰهَا: وہ اس سے ڈرتا ہے۔ ۴۵/۷۹،

یَخشَوْنَ: وہ ڈرتے ہیں۔ ۷۷/۴، ۲۱/۱۳، ۳۹/۳۳، ۱۸/۳۵، ۲۳/۳۹، ۱۲/۶۷،

یَخْشَوْنَهٗ: وہ اس سے ڈرتے ہیں۔ ۳۹/۳۳،

یَخْصِفٰنِ: (ض) وہ دونوں ٹانکتے ہیں، وہ دونوں چپکانے لگے، وہ دونوں ڈھانپنے لگے۔ خَصْفٌ سے مضارع۔ ۲۲/۷، ۱۲۱/۲۰،

یَخِصِّمُوْنَ: (افت) وہ جھگڑتے ہیں۔ اِخْتِصَامٌ سے مضارع، اصل میں یَخْتَصِمُوْنَ تھا، تَا کو صاد سے بدل کر صاد کا صاد میں ادغام کر دیا اور خا کو مکسور کر دیا۔ ۴۹/۳۶،

یَخْطَفُ: (س) وہ اچک لے گا، وہ سلب کر لے گا۔ خَطْفٌ سے مضارع۔ ۲۰/۲،

یَخْفٰی: (س) وہ چھپتا ہے، وہ پوشیدہ ہوتا ہے۔ خفَاءٌ سے مضارع۔ ۵/۳، ۳۸/۱۴، ۱۶/۴۰، ۷/۸۷

یُخَفِّفُ: (تف) وہ تخفیف کر دے گا، وہ نرم کر دے گا، وہ ہلکا کر دے گا۔ تَخْفِیفٌ سے مضارع۔ ۴۹/۴۰،

یُخَفِّفَ: وہ تخفیف کرے، وہ نرم کرے، وہ آسان کرے۔ ۲۸/۴،

یُخَفَّفُ: اس میں تخفیف کی جائے گی، اس میں کمی کی جائی گی۔ تَخْفِیفٌ سے مضارع مجہول۔ ۸۶/۲، ۱۶۲/۲، ۸۸/۳، ۸۵/۱۶، ۳۶/۳۵،

یَخْفَوْنَ: (س) وہ پوشیدہ ہوں گے، وہ چھپیں گے۔ خَفَاءٌ سے مضارع۔ ۴۰/۴۱،

یُخْفُوْنَ: (اف) وہ چھپاتے ہیں، وہ پوشیدہ کرتے ہیں۔ اِخْفَاءٌ سے مضارع۔ ۱۵۴/۳، ۲۸/۶،

یُخْفِیْنَ: وہ چھپاتی ہیں، وہ پوشیدہ رکھتی ہیں۔ ۳۱/۲۴،

یَخْلُ: (ن) وہ خالی رہے گا، وہ تنہا رہے گا۔ خُلُوٌّ وخَلَاءٌ سے مضارع، اصل لفظ یَخْلُوْ تھا، جواب امر ہونے کی بنا پر واؤ حذف ہوگیا۔ ۹/۱۲،

یَخْلُدُ: (ن) وہ ہمیشہ رہے گا۔ خُلُوْدٌ سے مضارع۔ ۶۹/۲۵،

یُخْلِفَ: (اف) وہ خلاف کرے گا۔ اِخْلَاف سے مضارع۔ ۸۰/۲، ۴۷/۲۲،

یُخْلِفُ: وہ خلاف کرے گا۔ ۹/۳، ۳۱/۱۳، ۶/۳۰، ۲۰/۳۹،

یَخْلُفُوْنَ: وہ خلیفہ بنیں گے، وہ جانشین بنیں گے۔ خَلْفٌ وخِلَافَةٌ سے مضارع۔ ۶۰/۴۳،

یُخْلِفُهٗ: وہ اس کا بدلہ دے گا۔ ۳۹/۳۴،

یَخْلُقَ: (ن) پیدا کرنا، بنانا۔ خَلْقٌ سے مضارع بمعنی مصدر۔ ۹۹/۱۷، ۸۱/۳۶،

یَخْلُقُ: وہ پیدا کرتا ہے، وہ بناتا ہے۔ ۴۷/۳، ۱۷/۵، ۱۹۱/۷، ۸/۱۶، ۱۷/۱۶، ۴۵/۲۴، ۶۸/۲۸، ۵۴/۳۰، ۴/۳۹، ۴۹/۴۲،

یُخْلَقُ: وہ پیدا کیا گیا، وہ بنایا گیا۔ خَلْقٌ سے مضارع مجہول۔ ۸/۸۹،

یَخْلُقُکُمْ: وہ تم کو پیدا کرتا ہے، وہ تم کو بناتا ہے۔ ۶/۳۹،

یَخْلُقُوْا: وہ پیدا کریں گے، وہ بنائیں گے۔ ۷۳/۲۲،

یَخْلُقُوْنَ: وہ پیدا کریں گے، وہ بنائیں گے۔ ۲۰/۱۶، ۳/۲۵،

یُخْلَقُوْنَ: وہ پیدا کئے جاتے ہیں، وہ بنائیں جاتے ہیں۔ خَلْقٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۹۱/۷، ۲۰/۱۶، ۳/۲۵،

یَخُوْضُوْا: (ن) وہ بحث کرتے ہیں، وہ مصروف ہوتے ہیں۔ خَوْضٌ سے مضارع۔ ۱۴۰/۴، ۶۸/۶، ۸۳/۴۳، ۴۲/۷۰،

یَخُوضُونَ: وہ بحث کرتے ہیں، وہ جھگڑا کرتے ہیں۔ وہ عیب جوئی کرتے ہیں۔ ٦٨/٦،

یُخَوِّفُ: (تف) وہ خوف دلاتا ہے، وہ ڈراتا ہے۔ تَخوِیفٌ سے مضارع۔ ١٧٥/٣، ١٦/٣٩،

یُخَوِّفُونَکَ: وہ تجھے خوف دلاتے ہیں، وہ تجھے ڈراتے ہیں۔ ٣٦/٣٩،

یُخَیَّلُ: (تف) وہ خیال کیا جاتا ہے، اس کا گمان کیا جاتا ہے، تَخیِیلٌ سے مضارع مجہول۔ ٦٦/٢٠،

ی د

یَدِ: ہاتھ، قبضہ، تصرف، جمع اَیدِ. اصل لفظ یَدْیٌ تھا 'ی' حذف ہوگئی۔ ٣٧/٣، ٢٩/٥٧،

یَدِ: ہاتھ، قبضہ، تصرف۔ ٢٩/٩،

یَدُ: ہاتھ۔ ٦٤/٥، ١٠/٤٨،

یَدَا: دونوں ہاتھ۔ یَدٌ کا تثنیہ، اصل لفظ یَدَانِ تھا اضافت کی بنا پر نون گر گیا۔ ١/١١١،

یُدٰفِعُ: (مفا) وہ دفع کرتا ہے، وہ دور کرتا ہے۔ مُدَافَعَةٌ سے مضارع۔ ٣٨/٢٢،

یَدٰکَ: تیرے دونوں ہاتھ۔ ١٠/٢٢،

یَدٰہُ: اس کے دونوں ہاتھ۔ ٦٤/٥، ٥٧/١٨، ٤٠/٧٨،

یُدَبِّرُ: (تف) وہ تدبیر کرتا ہے، وہ انتظام کرتا ہے۔ تَدبِیرٌ سے مضارع۔ ٣/١٠، ٣١/١٠، ٢/١٣، ٥/٣٢،

یَدَّبَّرُوا: (تفع) انہوں نے سوچا، انہوں نے غور کیا۔ تَدَبُّرٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ اصل لفظ۔ یَتَدَبَّرُوا تھا، تا کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ ٦٨/٢٣،

یَدَّبَّرُوا: ان کو غور کرنا چاہئے، ان کو فکر کرنا چاہئے۔ تَدَبُّرٌ سے امر غائب۔ ٢٩/٣٨،

یُدْحِضُوا: (اف) وہ زائل کرتے ہیں وہ ڈگمگاتے ہیں۔ وہ باطل کرتے ہیں۔ اِدْحَاضٌ سے مضارع۔ ٥٦/١٨، ٥/٤٠،

یَدْخُلَ: (ن) وہ داخل ہوگا۔ دُخُولٌ سے مضارع۔ ١١١/٢،

یَدْخُلِ: وہ داخل ہوگا۔ ١٤/٤٩،

یُدْخَلَ: (اف) اس کو داخل کیا جائے گا۔ اِدْخَالٌ سے مضارع مجہول۔ ٣٨/٧٠،

یُدْخِلَ: وہ داخل کرے گا، اِدْخَالٌ سے مضارع۔ ٥/٤٨،

یُدْخِلُ: وہ داخل کرے گا۔ ١٤/٢٢، ٢٣/٢٢، ٨/٤٢، ١٢/٤٧، ٣١/٧٦،

یُدْخِلْکُمْ: وہ تم کو داخل کرے گا۔ ١٢/٦١،

یُدْخِلَکُمْ: وہ تم کو داخل کرے گا۔ ٨/٦٦،

یُدْخِلَنَا: وہ ہم کو داخل کرے گا۔ ٨٤/٥،

یَدْخُلَنَّهَا: (ن) وہ اس میں ضرور داخل ہوگا۔ دُخُولٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ٢٤/٦٨،

یُدْخِلَنَّهُمْ: (اف) وہ ان کو ضرور داخل کرے گا۔ اِدْخَالٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ٥٩/٢٢،

یَدْخُلُوا: وہ داخل ہوں گے۔ دُخُولٌ سے مضارع۔ ٧/١٧،

یَدْخُلُونَ: وہ داخل ہوں گے۔ ١٢٤/٤، ٤٠/٧، ٢٣/١٣، ٦٠/١٩، ٤٠/٤٠، ٦٠/٤٠، ٢/١١٠،

یَدْخُلُونَهَا: وہ اس میں داخل ہوں گے۔ ٢٣/١٣، ٣١/١٦، ٣٣/٣٥،

یَدْخُلُوهَا: وہ اس میں داخل ہوں گے۔ ١١٤/٢، ٤٦/٧،

یُدْخِلُهُ: وہ اس کو داخل کرے گا۔ ١٣/٤، ١٤/٤، ١٧/٤٨، ٩/٦٤، ١١/٦٥،

یُدْخِلُهُمْ: وہ ان کو داخل کرے گا۔ ٣٠/٤٥، ٢٢/٥٨،

یُدْخِلُهُمْ: وہ ان کوداخل کرے گا۔ ۱۷۵/۴، ۹۹/۹، ۶/۴۷،

یَدْرُسُوْنَهَا: (ن)وہ اس کودرس دیتے ہیں، وہ اس کو پڑھاتے ہیں۔ دَرْسٌ ودِرَاسَةٌ سے مضارع۔ ۴۴/۳۴،

یُدْرِكُ: (اف)وہ پاتا ہے، وہ دیکھتا ہے، وہ احاطہ کرتا ہے۔ اِدْرَاكٌ سے مضارع۔ ۱۰۳/۶،

یُدْرِكْكُمُ: وہ (موت) تم کو پالے گی، وہ تم کو آئے گی۔ ۷۸/۴،

یُدْرِكْهُ: وہ (موت) اس کو پالے گی، وہ اس کو آ پکڑے گی۔ ۱۰۰/۴،

یَدْرَؤُا: (اف)وہ دفع کرتا ہے، وہ ٹالتا ہے۔ دَرْءٌ سے مضارع۔ ۸/۲۴،

یَدْرَؤُنَ: وہ دفع کرتے ہیں، وہ ٹالتے ہیں۔ ۲۲/۱۳، ۵۴/۲۸،

یُدْرِیْكَ: (اف)وہ تجھ کو خبردار کرتا ہے وہ تجھ کو بتاتا ہے۔ اِدْرَاءٌ سے مضارع۔ ۶۳/۳۳، ۱۷/۴۲، ۳/۸۰،

یَدُسُّهٗ: (ن)وہ اس کو گاڑتا ہے، وہ اس کو دفن کرتا ہے۔ دَسٌّ سے مضارع۔ ۵۹/۱۶،

یَدْعُ: (ن)اس کو دعا کرنی چاہئے، اس کو پکارنا چاہئے۔ دُعَاءٌ سے امر غائب۔ ۱۱/۱۷، ۱۱۷/۲۳، ۲۶/۴۰، ۶/۵۴، ۱۷/۹۶،

یَدُعُّ: (ن)وہ دھکے دیتا ہے۔ دَعٌّ سے مضارع۔ ۲/۱۰۷،

یُدْعٰی: اس کو بلایا جاتا ہے، اس کو دعوت دی جاتی ہے، دُعَاءٌ ودَعْوَةٌ سے مضارع مجہول ۷/۶۱،

یَدْعُنَا: اس نے ہم سے دعا کی، اس نے ہم کو پکارا۔ دُعَاءٌ ودَعْوَةٌ سے مضارع۔ ۱۲/۱۰،

یَدْعُوْا: وہ دعا کرتے ہیں، وہ بلاتے ہیں، وہ پکارتے ہیں۔ ۲۲۱/۲، ۲۵/۱۰، ۱۲/۲۲، ۱۳/۲۲، ۶/۳۵، ۸/۳۹، ۵/۴۶، ۱۱/۸۴،

یَدْعُوْكَ: وہ تجھ کو بلاتا ہے۔ ۲۵/۲۸،

یَدْعُوْكُمْ: وہ تم کو بلاتا ہے، ۱۵۳/۳، ۱۰/۱۴، ۵۲/۱۷، ۸/۵۷،

یَدْعُوْنَ: وہ دعا کرتے ہیں، وہ پکارتے ہیں۔ ۲۲۱/۲، ۱۰۴/۳، ۱۱۷/۴، ۵۲/۶، ۱۰۸/۶، ۶۶/۱۰، ۱۰۱/۱۱، ۱۴/۱۳، ۲۰/۱۶، ۵۷/۱۷، ۲۸/۱۸، ۶۲/۲۲، ۶۸/۲۵، ۴۱/۲۸، ۴۲/۲۹، ۳۰/۳۱، ۱۶/۳۲، ۵۱/۳۸، ۲۰/۴۰، ۴۸/۴۱، ۸۶/۴۳، ۵۵/۴۴،

یُدْعَوْنَ: وہ بلائے جائیں گے، وہ پکارے جائیں گے۔ دُعَاءٌ اور دَعْوَةٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۳/۳، ۴۲/۶۸، ۴۳/۶۸،

یُدَعُّوْنَ: (ن)ان کو دھکے دے کر ہنکایا جائے گا، وہ دھکیلے جائیں گے۔ دَعٌّ سے مضارع مجہول۔ ۱۳/۵۲،

یَدَّعُوْنَ: (افت)وہ خواہش کریں گے، وہ طلب کریں گے۔ اِدِّعَاءٌ سے مضارع۔ ۵۷/۳۶،

یَدْعُوْنَنَا: وہ ہم کو پکارتے ہیں۔ ۹۰/۲۱،

یَدْعُوْنَنِیْ: وہ مجھے بلاتے ہیں۔ ۳۳/۱۲،

یَدْعُوْنَهٗ: وہ اسے بلاتے ہیں۔ ۷۱/۶،

یَدْعُوْهُ: وہ اس کو بلاتے ہیں۔ ۱۹/۷۲،

یَدْعُوْهُمْ: وہ ان کو بلاتے ہیں۔ ۲۱/۳۱،

یَدَكَ: تیرا ہاتھ۔ ۲۸/۵، ۲۹/۱۷، ۲۲/۲۰، ۱۲/۲۷، ۳۲/۲۸،

یَدِكَ: تیرا ہاتھ، تیرا قبضہ، تیری قدرت۔ ۲۶/۳، ۴۴/۳۸،

یَدْمَغُهٗ: (ف)وہ اس کا دماغ توڑتا ہے، وہ اس کا بھیجا نکالتا ہے۔ دَمْغٌ سے مضارع ۱۸/۲۱،

یُدْنِیْنَ: (اف)وہ نزدیک کرلیا کریں، وہ لٹکا لیا کریں۔ اِدْنَاءٌ سے مضارع بمعنی مصدر ۵۹/۳۳،

یَدَهٗ: اس کا ہاتھ۔ ۱۰۸/۷، ۴۰/۲۴، ۳۳/۲۶،

یَدِهٖ: اس کا ہاتھ، اس کا قبضہ، اس کی قدرت۔ ۱/۶۸،

یَـدِهٖ: اس کا ہاتھ، اس کا قبضہ، اس کی قدرت۔ ۲۳۷/۲، ۲۴۹/۲، ۸۸/۲۳، ۸۳/۳۶،

یُـدْهِنُوْنَ: (اف) وہ سستی کرتے ہیں، وہ ڈھیلے پڑتے ہیں۔ اِدْهَانٌ سے مضارع۔ ۹/۶۸،

یَدَیْ: دونوں ہاتھ، اصل لفظ یَـدَیْنِ تھا، اضافت کی بنا پر نون حذف ہوگیا۔ ۵۷/۷، ۴۸/۲۵، ۶۳/۲۷، ۴۶/۳۴، ۱۲/۵۸، ۱۳/۵۸،

یَدِیَ: اپنا ہاتھ۔ ۲۸/۵،

یَدَیْ: آگے، پہلے۔ ۱/۴۹،

یَدَیَّ: اپنے دونوں ہاتھوں سے۔ ۵۰/۳، ۷۵/۳۸، ۶/۶۱،

یَـدِیْـنُوْنَ: (ض) وہ دین اختیار کرتے ہیں، وہ اطاعت کرتے ہیں۔ دِیْنٌ سے مضارع ۲۹/۹،

یَدَیْهِ: اس کے آگے، اس کے سامنے۔ ۹۷/۲، ۳/۳، ۴۶/۵، ۴۸/۵، ۹۲/۶، ۳۷/۱۰، ۱۱۱/۱۲، ۱۱/۱۳، ۲۷/۲۵، ۱۲/۳۴، ۳۱/۳۴، ۴۲/۴۱، ۲۱/۴۶، ۳۰/۴۶، ۲۷/۷۲،

یَدَیْهَا: اس کے سامنے، اس کے زمانے میں ۶۶/۲،

ی ذ

یُذَبِّحُ: (تف) وہ ذبح کرتا ہے، وہ گلا کاٹتا ہے۔ تَذْبِیْحٌ سے مضارع۔ ۴/۲۸،

یُـذَبِّـحُوْنَ: وہ ذبح کرتے ہیں، وہ گلا کاٹتے ہیں۔ ۴۹/۲،

یَذَرَ: (س) وہ کرتا ہے، وہ چھوڑ دیتا ہے۔ وَذْرٌ سے مضارع، اصل لفظ یُوْذِرُ تھا. ۱۷۹/۳،

یَذَرَكَ: وہ تجھ کو چھوڑتا ہے۔ ۱۲۷/۷،

یَذَرُوْنَ: وہ چھوڑتے ہیں۔ ۲۳۴/۲، ۲۴۰/۲، ۲۷/۷۶،

یَذَرُهَا: وہ اس (زمین) کو چھوڑ دے گا۔ ۱۰۶/۲۰،

یَذَرُهُمْ: وہ ان کو چھوڑتا ہے۔ ۱۸۶/۷،

یَذْرَؤُكُمْ: (ف) وہ تم کو پیدا کرتا ہے، وہ تمہاری نسل چلاتا ہے، وہ تمہیں پھیلاتا ہے۔ ذَرْءٌ سے مضارع۔ ۱۱/۴۲،

یَذْكُرُ: (ن) وہ ذکر کرتا ہے، وہ یاد کرتا ہے۔ ذِكْرٌ سے مضارع۔ ۶۷/۱۹، ۳۶/۲۱،

یُذْكَرَ: وہ ذکر کیا جاتا ہے، وہ یاد کیا جاتا ہے۔ ذِكْرٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۱۴/۲، ۳۶/۲۴،

یُذْكَرِ: وہ ذکر کیا جاتا ہے، وہ یاد کیا جاتا ہے، وصل کی وجہ سے را کو مکسور کیا گیا۔ ۱۲۱/۶،

یُذْكَرُ: وہ ذکر کیا جاتا ہے، وہ یاد کیا جاتا ہے۔ ۴۰/۲۲،

یَـذَّكَّـرَ: (تفع) وہ نصیحت حاصل کرتا ہے، وہ غور کرتا ہے۔ تَـذَكُّرٌ سے مضارع، اصل لفظ یَتَـذَكَّرُ تھا، تا کو ذال سے بدل کر ذال کا ذال میں ادغام کر دیا۔ ۵۲/۱۴، ۶۲/۲۵،

یَذَّكَّرُ: وہ نصیحت حاصل کرتا ہے، وہ غور کرتا ہے۔ ۲۶۹/۲، ۷/۳، ۴/۸۰، ۱۰/۸۷،

یَـذَّكَّرُوْا: وہ نصیحت حاصل کرتے ہیں، وہ غور کرتے ہیں۔ ۴۱/۱۷، ۵۰/۲۵،

یَـذْكُرُوْا: وہ ذکر کریں گے، وہ یاد کریں گے۔ ذِكْرٌ سے مضارع۔ ۲۸/۲۲، ۳۴/۲۲،

یَـذْكُرُوْنَ: وہ ذکر کرتے ہیں، وہ یاد کرتے ہیں۔ ۱۹۱/۳، ۱۴۲/۴، ۱۳۸/۶، ۱۳/۳۷، ۵۶/۷۴،

یَذَّكَّرُوْنَ: وہ نصیحت پکڑتے ہیں۔ ۱۲۶/۶، ۲۶/۷، ۱۳۰/۷، ۵۷/۸، ۱۲۶/۹، ۱۳/۱۶،

یَـذْكُرُهُمْ: وہ ان کو ذکر کرتا ہے، وہ ان کو یاد کرتا ہے۔ ۶۰/۲۱،

یَذُوْقَ: (ن) وہ چکھتا ہے۔ ذَوْقٌ سے مضارع ۹۵/۵،

یَذُوْقُوْا: وہ چکھتے ہیں۔ ۵۶/۴، ۸/۳۸،

يَذُوقُونَ: وہ چکھیں گے۔ ٥٦/٤٤، ٢٤/٧٨

يَذُوقُوهُ: وہ اس کو چکھیں گے۔ ٥٧/٣٨

يَذْهَبُ: (ف) وہ جاتا ہے (بلاصلہ) وہ لے جاتا ہے (بصلہٗ با) ذَهَابٌ سے مضارع۔ ١٧/١٣، ٤٣/٢٤

يُذْهِبُ: وہ دور کردے گا، وہ زائل کردے گا۔ اِذْهَابٌ سے مضارع۔ ١٥/٩

يُذْهِبَ: وہ دور کرتا ہے، وہ زائل کرتا ہے، ١١/٨، ٣٣/٣٣

يَذْهَبَا: وہ دونوں لے جائیں گے، وہ دونوں مٹا دیں گے۔ ٦٣/٢٠

يُذْهِبْكُمْ: وہ تم کو لے جائے گا، وہ تم کو ہلاک کردے گا۔ ١٣٣/٤، ١٣٣/٦، ١٩/١٤، ١٦/٣٥

يُذْهِبْنَ: وہ دور کردیتی ہے، وہ مٹا دیتی ہے۔ ١١٤/١١

يُذْهِبَنَّ: وہ دور کردے گی، وہ موقوف کردے گی۔ اِذْهَابٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ١٥/٢٢

يَذْهَبُوا: وہ جاتے ہیں۔ ٦٢/٢٤، ٢٠/٣٣

يُذِيقَ: (اف) وہ چکھاتا ہے۔ اِذَاقَةٌ سے مضارع ٦٥/٦

يُذِيقَكُمْ: وہ تم کو چکھائے گا۔ ٤٦/٣٠

يُذِيقَهُمْ: وہ ان کو چکھائے گا۔ ٤١/٣٠

ی ر

يَـرَ: (ف) وہ دیکھتا ہے، اس نے دیکھا۔ رُؤْيَةٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ٣٠/٢١، ٧٧/٣٦

يَرَى: وہ دیکھے گا۔ ١٦٥/٢، ٩٤/٩، ١٠٥/٩، ٦/٣٤

يَرٰى: وہ دیکھتا ہے۔ ١٢/٥٣، ٣٥/٥٣، ٣٦/٧٩، ١٤/٩٦

يُرٰى: اس کو دکھایا جاتا ہے۔ رُؤْيَةٌ سے مضارع مجہول۔ ٤٠/٥٣

يُرَآى: اس کو دکھایا جاتا ہے۔ ٢٥/٤٦

يُـرَادُ: (اف) اس کا ارادہ کیا جاتا ہے۔ اِرَادَةٌ سے مضارع مجہول۔ ٦/٣٨

يَرٰكَ: وہ آپ کو دیکھتا ہے۔ ٢١٨/٢٦

يَرٰكُمْ: وہ تم کو دیکھتا ہے۔ ٢٧/٧، ١٢٧/٩

يَرٰهَا: وہ اس کو دیکھتا ہے۔ ٤٠/٢٤

يُرَآءُونَ: (مفا) وہ ریاکاری کرتے ہے، وہ دکھاوا کرتے ہیں۔ مُرَآئَةٌ سے مضارع ١٤٢/٤، ٦/١٠٧

يَرْبِطَ: (ض) وہ باندھتا ہے، وہ مضبوط کرتا ہے۔ رَبْطٌ سے مضارع۔ ١١/٨

يَـرْبُـوْا: (ن) وہ زیادہ ہوتا ہے، وہ بڑھتا ہے۔ رَبْوٌ رُبُوٌّ اور رَبَاءٌ سے مضارع۔ ٣٩/٣٠

يَرْبُوَا: وہ زیادہ ہوتا ہے، وہ بڑھتا ہے۔ ٣٩/٣٠

يُرْبِي: (اف) وہ زیادہ کرتا ہے، وہ بڑھاتا ہے۔ اِرْبَاءٌ سے مضارع۔ ٢٧٦/٢

يَرْتَابَ: (افت) وہ شک کرتا ہے، وہ شبہ کرتا ہے۔ اِرْتِيَابٌ سے مضارع۔ ٣١/٧٤

يَـرْتَـابُـوْا: وہ شک کرتے ہیں، وہ شبہ کرتے ہیں۔ ١٥/٤٩

يَـرْتَدَّ: (افت) وہ مرتد ہوجائے گا، وہ لوٹے گا۔ اِرْتِدَادٌ سے مضارع۔ ٥٤/٥، ٤٠/٢٧

يَرْتَدُّ: وہ مرتد ہوجائے گا، وہ لوٹے گا۔ ٤٣/١٤

يَرْتَدِدْ: وہ مرتد ہوجائے گا، وہ لوٹ جائے گا۔ ٢١٧/٢

يَـرْتَعْ: (ف) وہ خوب کھاتا ہے، وہ مزے اڑاتا ہے۔ رَتْعٌ و رُتُوعٌ سے مضارع۔ ١٢/١٢

يَرْتَقُوا: (افت) ان کو چڑھنا چاہئے۔ اِرْتِقَاءٌ سے امر غائب۔ ١٠/٣٨

يَرِثُ: (ح) وہ وارث ہوگا، وہ مالک ہوگا۔ وِرَاثَةٌ سے مضارع۔ ٦/١٩

يَرِثُنِي: وہ میرا وارث ہوگا، وہ میرا مالک ہوگا۔ ٦/١٩

یَرِثُوْنَ: وہ وارث ہوں گے، وہ مالک ہوں گے۔ ۱۰۰/۷، ۱۱/۲۳،

یَرِثُهَا: وہ اس کا وارث (مالک) ہوگا۔ ۱۷۶/۴، ۱۰۵/۲۱،

یَرْجِعَ: (ض) وہ رجوع کرتا ہے، وہ لوٹتا ہے۔ رَجْعٌ رُجُوْعٌ سے مضارع۔ ۹۱/۲۰،

یَرْجِعُ: وہ رجوع کرتا ہے، وہ لوٹتا ہے۔ ۸۹/۲۰، ۳۵/۲۷، ۳۱/۳۴،

یُرْجَعُ: وہ لوٹایا جائے گا۔ رَجْعٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۲۳/۱۱،

یَرْجِعُوْنَ: وہ رجوع کرتے ہیں، وہ لوٹتے ہیں۔ ۱۸/۲، ۷۲/۳، ۱۶۸/۷، ۱۷۴/۷، ۶۲/۱۲، ۵۸/۲۱، ۹۵/۲۱، ۲۸/۲۷، ۴۱/۳۰، ۲۱/۳۲، ۳۱/۳۶، ۵۰/۳۶، ۶۷/۳۶، ۲۸/۴۳، ۴۸/۴۳، ۲۷/۴۶،

یُرْجَعُوْنَ: وہ لوٹائے جائیں گے۔ ۸۳/۳، ۳۶/۶، ۴۰/۱۹، ۶۴/۲۴، ۳۹/۲۸، ۷۷/۴۰،

یَرْجُمُوْکُمْ: (ن) وہ تم کو سنگسار کرتا ہے، وہ تم کو پتھر مار کر ہلاک کرتا ہے۔ رَجْمٌ سے مضارع۔ ۲۰/۱۸،

یَرْجُوْا: (ن) وہ امید کرتا ہے۔ رِجَاءٌ سے مضارع۔ ۱۱۰/۱۸، ۵/۲۹، ۲۱/۳۳، ۹/۳۹،

یَرْجُوا. وہ امید کرتا ہے۔ ۶/۶۰،

یَرْجُوْنَ: وہ امید کرتے ہیں۔ ۲۱۸/۲، ۱۰۴/۴، ۷/۱۰، ۱۱/۱۰، ۱۵/۱۰، ۵۷/۱۷، ۶۰/۲۳، ۲۱/۲۵، ۴۰/۲۵، ۲۹/۳۵، ۱۴/۴۵، ۲۷/۷۸،

یَرْحَمُ: (س) وہ رحم کرے گا، وہ مہربانی کرے گا۔ رَحْمٌ سے مضارع۔ ۲۱/۲۹،

یَرْحَمْکُمْ: وہ تم پر رحم کرے گا، وہ تم پر مہربانی کرے گا۔ ۵۴/۱۷،

یَرْحَمَکُمْ: وہ تم پر رحم کرے گا، وہ تم پر مہربانی کرے گا۔ ۸/۱۷،

یَرْحَمْنَا: وہ ہم پر رحم کرے گا، وہ ہم پر مہربانی کرے گا۔ ۱۴۹/۷،

یَرْحَمُهُمُ: وہ ان پر رحم کرے گا، وہ ان پر مہربانی کرے گا۔ ۷۱/۹،

یُرِدْ: (اف) وہ ارادہ کرتا ہے، وہ چاہتا ہے۔ اِرَادَةٌ سے مضارع۔ ۱۴۵/۳، ۱۲۵/۶، ۲۵/۲۲، ۲۹/۵۳،

یُرِدِ: وہ ارادہ کرتا ہے، وہ چاہتا ہے ۴۱/۵، ۱۲۵/۶،

یُرَدُّ: (ن) وہ لوٹایا جائے گا، وہ پھیرا جائے گا۔ رَدٌّ سے مضارع مجہول۔ ۱۴۷/۶، ۱۱۰/۱۲، ۷۰/۱۶، ۸۷/۱۸، ۵/۲۲، ۴۷/۴۱،

یُرِدْنِ: (اف) وہ مجھے چاہے۔ اِرَادَةٌ سے مضارع، اصل لفظ یُرِدْنِیْ تھا۔ ۲۳/۳۶،

یُرِدْكَ: وہ تجھ کو پہنچانا چاہے، وہ تجھ سے ارادہ کرے۔ ۱۰۷/۱۰،

یَرُدُّوْکُمْ: وہ تم کو لوٹائیں گے۔ ۲۱۷/۲، ۱۰۰/۳، ۱۴۹/۳،

یُرَدُّوْنَ: (ن) وہ لوٹائے جائیں گے۔ رَدٌّ سے مضارع مجہول۔ ۸۵/۲، ۱۰۱/۹،

یَرُدُّوْنَکُمْ: وہ تم کو لوٹا دیں گے۔ ۱۰۹/۲،

یُرْدُوْهُمْ: (اف) وہ ان کو ہلاک کریں گے، وہ ان کو برباد کریں گے۔ اِرْدَاءٌ سے مضارع یہ مہموز الام نہیں، ناقص یائی ہے۔ ۱۳۷/۶،

یَرْزُقُ: (ن) وہ رزق دیتا ہے۔ رِزْقٌ سے مضارع۔ ۲۱۲/۲، ۳۷/۳، ۳۸/۲۴، ۱۹/۴۲،

یَرْزُقُکُمْ: وہ تم کو رزق دیتا ہے۔ ۶۴/۲۷، ۲۴/۳۴، ۳/۳۵، ۲۱/۶۷، ۳۱/۱۰،

یَرْزُقَنَّهُمُ: وہ ان کو ضرور رزق دے گا۔ ۵۸/۲۲،

یُرْزَقُوْنَ: ان کو رزق دیا جائے گا۔ رِزْقٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۶۹/۳، ۴۰/۴۰،

يَرْزُقْهُ: وہ اس کو رزق دے گا۔ ٣/٦٥،

يَرْزُقُهَا: وہ اس (مؤنث) کو رزق دے گا۔ ٦٠/٢٩،

يُرْسِلَ: (اف) وہ ارسال کرے گا، وہ بھیجے گا۔ اِرْسَالٌ سے مضارع۔ ٦٨/١٧، ٦٩/١٧، ٤٠/١٨، ٤٦/٣٠، ٥١/٤٢، ١٧/٦٧،

يُرْسِلِ: وہ ارسال کرتا ہے، وہ بھیجتا ہے۔ ٥٢/١١، ١١/٧١،

يُرْسِلُ: وہ ارسال کرے گا، وہ بھیجے گا۔ ٦١/٦، ٥٧/٧، ١٣/١٣، ٦٣/٢٧، ٤٨/٣٠، ٤٢/٣٩،

يُرْسَلُ: وہ ارسال کیا جائے گا، وہ بھیجا جائے گا۔ اِرْسَالٌ سے مضارع مجہول۔ ٣٥/٥٥،

يَرْشُدُوْنَ: (ن) وہ ہدایت پائیں گے، وہ راہ پائیں گے۔ رَشَدٌ سے مضارع۔ ١٨٦/٢،

يَرْضٰى: (س) وہ راضی ہوتا ہے، وہ پسند کرتا ہے۔ رِضًى سے مضارع، ١٠٨/٤، ٩٦/٩، ٧/٣٩، ٢٦/٥٣، ٢١/٩٢،

يُرْضِعْنَ: (اف) وہ دودھ پلائیں گی۔ اِرْضَاعٌ سے مضارع۔ ٢٣٣/٢،

يُرْضُوْكُمْ: (اف) وہ تم کو راضی کرتے ہیں، وہ تم کو خوش کرتے ہیں۔ اِرْضَاءٌ سے مضارع۔ ٦٢/٩،

يُرْضُوْنَكُمْ: وہ تم کو راضی (خوش) کرتے ہیں۔ ٨/٩،

يَرْضَوْنَهُ: (س) وہ اس سے راضی ہوتے ہیں، وہ اس کو پسند کرتے ہیں۔ رِضًى سے مضارع۔ ٥٩/٢٢،

يَرْضَوْهُ: وہ اس سے راضی ہوں گے، وہ اس کو پسند کریں گے۔ ١١٣/٦،

يُرْضُوْهُ: وہ اس کو راضی کریں گے، وہ اس کو خوش کریں گے۔ ٦٢/٩،

يَرْضَهُ: وہ اس سے راضی ہوتا ہے، وہ اس کو پسند کرتا ہے۔ ٧/٣٩،

يَرْضَيْنَ: وہ راضی رہیں گے۔ ٥١/٣٣،

يَرْغَبُ: (س) وہ پھرے گا، وہ روگردانی کرے گا (بصلۂ عن) خواہش کرنا، آرزو کرنا (بصلۂ، فی، الیٰ، ب) رَغَبٌ ورَغبَةٌ سے مضارع۔ ١٣٠/٢،

يَرْغَبُوْا: وہ رغبت کریں گے، وہ عزیز سمجھیں گے۔ ١٢٠/٩،

يَرْفَعِ: (ف) وہ بلند کرتا ہے، وہ اونچا کرتا ہے رَفْعٌ سے مضارع۔ ١١/٥٨،

يَرْفَعُ: وہ بلند کرتا ہے، وہ اٹھاتا ہے۔ ١٢٧/٢،

يَرْفَعُهُ: وہ اس کو بلند کرتا ہے، وہ اس کو اٹھاتا ہے۔ ١٠/٣٥،

يَرْقُبُوْا: (ن) وہ لحاظ کریں گے، وہ رعایت کریں گے۔ رَقْبٌ و رُقُوْبٌ سے مضارع۔ ٨/٩،

يَرْقُبُوْنَ: وہ لحاظ کرتے ہیں، وہ رعایت کرتے ہیں۔ ١٠/٩،

يَرْكَبُوْنَ: (س) وہ سوار ہوتے ہیں۔ رَكْبٌ اور رُكُوْبٌ سے مضارع۔ ٤٢/٣٦،

يَرْكُضُوْنَ: (ن) وہ بھاگنے لگے، وہ دوڑنے لگے۔ رَكْضٌ سے مضارع۔ ١٢/٢١،

يَرْكَعُوْنَ: (ف) وہ رکوع کرتے ہیں، وہ جھکتے ہیں یعنی نماز پڑھتے ہیں۔ رُكُوْعٌ سے مضارع۔ ٤٨/٧٧،

يَرْكُمَهُ: (ن) وہ اس کو اکٹھا کرتا ہے، وہ اس کو تہ بہ تہ کر کے ڈھیر لگاتا ہے۔ رَكْمٌ ورُكُوْمٌ سے مضارع۔ ٣٧/٨،

يَرْمِ: (ض) وہ تہمت لگاتا ہے، وہ عیب لگاتا ہے۔

رَمْیٌ سے مضارع، اصل لفظ یَرْمِیُ تھا، شرط کی وجہ سے یا کو حذف کر دیا۔ ۱۱۲/۴،

یَـرْمُوْنَ: وہ تہمت لگاتے ہیں، وہ عیب لگاتے ہیں۔ ۴/۲۴، ۶/۲۴، ۲۳/۲۴،

یَرَوْا: (ف) وہ دیکھ لیں۔ رُؤْیَۃٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ۶/۶، ۲۵/۶، ۱۴۶/۷، ۱۴۸/۷، ۴۱/۱۳، ۴۸/۱۶، ۷۹/۱۶، ۹۹/۱۷، ۷/۲۶، ۸۶/۲۷، ۱۹/۲۹، ۶۷/۲۹، ۳۷/۳۰، ۲۷/۳۲، ۹۰/۳۴، ۳۱/۳۶، ۷۱/۳۶، ۱۵/۴۱، ۳۳/۴۶، ۴۴/۵۲، ۲/۵۴، ۱۹/۶۷،

یُرَوْا: (ف) ان کو دکھائے جائیں گے۔ اِرَائَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ۶/۹۹،

یَرَوْا: وہ دیکھیں گے۔ ۸۸/۱۰، ۹۷/۱۰، ۲۰۱/۲۶،

یَرَوْنَ: وہ دیکھتے ہیں۔ ۱۶۵/۲، ۱۲۶/۹، ۸۹/۲۰، ۴۴/۲۱، ۲۲/۲۵، ۴۲/۲۵، ۳۵/۴۶، ۱۳/۷۶،

یَرَوْنَہٗ: وہ اس کو دیکھتے ہیں۔ ۶/۷۰،

یَرَوْنَھَا: وہ اس (مؤنث) کو دیکھتے ہیں۔ ۴۰/۲۵، ۴۲/۷۹،

یَرَوْنَھُمْ: وہ ان کو دیکھتے ہیں۔ ۱۳/۳،

یَرَہٗ: وہ اس کو دیکھتا ہے۔ ۷/۹۰، ۷/۹۹، ۸/۹۹،

یَرْھَبُوْنَ: (ف) وہ ڈرتے ہیں، وہ خوف کھاتے ہیں۔ رَھَبٌ و رَھْبَۃٌ سے مضارع ۱۵۴/۷،

یَرْھَقُ: (س) وہ ڈھانکتا ہے، وہ چھپاتا ہے۔ رَھَقٌ سے مضارع۔ ۲۶/۱۰،

یُرْھِقَھُمَا: (اف) وہ اثر ڈالے گی، وہ مبتلا کرے گی، وہ عاجز کرے گی۔ اِرْھَاقٌ مضارع۔ ۸۰/۱۸،

یُرِیْدُ: (اف) وہ ارادہ کرتا ہے، وہ چاہتا ہے۔ اِرَادَۃٌ سے مضارع۔ ۱۸۵/۲، ۲۵۳/۲، ۱۰۸/۳، ۱۵۲/۳، ۱۷۶/۳، ۲۶/۴، ۲۷/۴، ۲۸/۴، ۶۰/۴، ۱۳۴/۴، ۱/۵، ۶/۵، ۴۹/۵، ۹۱/۵، ۱۱۰/۷، ۷/۸، ۶۷/۸، ۵۵/۹، ۸۵/۹، ۱۵/۱۱، ۳۴/۱۱، ۱۰۷/۱۱، ۱۸/۱۷، ۴۴/۱۸، ۱۴/۲۲،

یُـرِیْدَا: وہ دونوں ارادہ کریں گے، وہ دونوں چاہیں گے۔ ۳۵/۴،

یُـرِیْدٰنِ: وہ دونوں ارادہ کرتے ہیں، وہ دونوں چاہتے ہیں۔ ۶۳/۲۰،

یُـرِیْدُوْا: وہ ارادہ کرتے ہیں، وہ چاہتے ہیں۔ ۶۲/۸، ۷۱/۸،

یُرِیْدُوْنَ: وہ ارادہ کرتے ہیں، وہ چاہتے ہیں۔ ۴۴/۴، ۶۰/۴، ۹۱/۴، ۱۵۰/۴، ۳۷/۵، ۵۲/۶، ۳۲/۹، ۲۸/۱۱، ۷۹/۲۸، ۸۳/۲۸، ۳۸/۳۰، ۱۳/۳۳، ۱۵/۴۸، ۴۲/۵۲، ۸/۶۱،

یُرِیْکُمْ: (اف) وہ تم کو دکھاتا ہے۔ اِرَاءَ ۃٌ سے مضارع۔ ۷۳/۲، ۹۳/۲۷، ۱۳/۴۰، ۸۱/۴۰،

یُرِیْکُمُ: وہ تم کو دکھاتا ہے۔ ۱۲/۱۳، ۲۴/۳۰،

یُرِیَکُمْ: وہ تم کو دکھائے۔ ۳۱/۳۱،

یُرِیْکُمُوْھُمْ: وہ تمہیں ان کو دکھاتا ہے۔ ۴۴/۸،

یُرِیْکَھُمْ: وہ تجھے ان کو دکھاتا ہے۔ ۴۳/۸،

یُرِیَہٗ: وہ اس کو دکھاتا ہے۔ ۳۱/۵،

یُرِھِمْ: وہ ان کو دکھائے گا۔ ۱۶۷/۲،

یُرِیَھُمَا: وہ ان دونوں کو دکھائے گا۔ ۲۷/۷،

ی ز

یَزَالُ: (ن) وہ ہمیشہ رہے گا، سورج کا ڈھلنا۔ زَوَالٌ سے مضارع، فعل ناقص ہے۔ ۱۱۰/۹، ۳۱/۱۳، ۵۵/۲۲،

یَزَالُوْنَ: وہ ہمیشہ رہیں گے۔ ۲۱۷/۲، ۱۱۸/۱۱،

یُزْجِیْ: (اف) وہ ہنکاتا ہے، وہ چلاتا ہے، وہ اٹھاتا ہے۔ اِزْجَاءٌ سے مضارع۔ ۶۶/۱۷، ۴۳/۲۴،

یَـزْدَادَ: (افت) وہ زیادہ ہوتا ہے، وہ بڑھتا ہے۔ اِزْدِیَادٌ سے مضارع۔ ۳۱/۷۴

يَزْدَادُوْ: وہ زیادہ ہو جائے گا۔ ۱۷۸/۳، ۴/۴۸،

يَزِدْكُمْ: (ض) وہ تم کو زیادہ دے گا۔ زِيَادَةٌ سے مضارع۔ ۵۲/۱۱،

يَزِدْهُ: اس نے اس کو زیادہ کیا، اس نے اس کو بڑھایا۔ ۲۱/۷۱،

يَزِدْهُمْ: اس نے ان کو زیادہ کیا۔ ۶/۷۲،

يَزِرُوْنَ: (ض) وہ اٹھائیں گے۔ وِزْرٌ سے مضارع۔ ۳۱/۶، ۲۵/۱۶،

يَزْعُمُوْنَ: (ن) وہ گمان کرتے ہیں، وہ دعوٰی کرتے ہیں۔ زَعْمٌ سے مضارع۔ ۶۰/۴،

يَزِغْ: (ض) وہ منحرف ہو جائے گا، وہ پھر جائے گا۔ زَيْغٌ سے مضارع۔ ۱۲/۳۴،

يَزِفُّوْنَ: (ض، ف) وہ گھبراتے ہیں، وہ دوڑتے ہیں۔ زَفٌّ و زُفُوْفٌ سے مضارع۔ ۹۴/۳۷،

يَزَّكّٰى: (تفع) وہ پاکیزگی حاصل کرتا ہے۔ تَزَكِّيٌ سے مضارع، اصل لفظ يَتَزَكّٰى تھا، تا کو زا سے بدل کر زا کا زا میں ادغام کر دیا۔ ۳/۸۰، ۷/۸۰،

يُزَكُّوْنَ: (تف) وہ تزکیہ کرتے ہیں، وہ پاک کرتے ہیں۔ تَزْكِيَةٌ سے مضارع۔ ۴۹/۴،

يُزَكِّيْ: وہ پاک کرتا ہے۔ ۴۹/۴، ۲۱/۲۴،

يُزَكِّيْكُمْ: وہ تم کو پاکیزہ کرتا ہے۔ ۱۵۱/۲،

يُزَكِّيْهِمْ: وہ ان کو پاک کرتا ہے۔ ۱۲۹/۲، ۱۷۴/۲، ۷۷/۳، ۱۶۴/۳، ۲/۶۲،

يُزْلِقُوْنَكَ: (اف) وہ تجھ کو پھسلا دیں گے، وہ تجھ کو گرا دیں گے۔ اِزْلَاقٌ سے مضارع۔ ۵۱/۶۸،

يَزْنُوْنَ: (ض) وہ زنا کرتے ہیں، وہ بدکاری کرتے ہیں۔ زِنًا، وزِنَاءٌ سے مضارع ۶۸/۲۵،

يَزْنِيْنَ: وہ زنا کرتی ہیں، وہ بدکاری کرتی ہیں۔ ۱۲/۶۰،

يُزَوِّجُهُمْ: (تف) وہ ان کو جمع کرتا ہے، وہ ان کو جوڑا جوڑا بناتا ہے۔ تَزْوِيْجٌ سے مضارع ۵۰/۴۲،

يَزِيْدُ: (ض) وہ زیادہ کرتا ہے، وہ بڑھاتا ہے۔ زِيَادَةٌ سے مضارع۔ ۸۲/۱۷، ۴۶/۱۹، ۱/۳۵، ۳۹/۳۵،

يَزِيْدَنَّ: وہ ضرور بڑھائے گا۔ زِيَادَةٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۶۴/۵، ۶۸/۵،

يَزِيْدُوْنَ: وہ زیادہ کرتے ہیں وہ بڑھاتے ہیں۔ ۱۴۷/۳۷،

يَزِيْدَهُمْ: وہ ان کو زیادہ دیتا ہے، وہ ان کو بڑھاتا ہے۔ ۳۸/۲۴، ۳۰/۳۵،

يَزِيْدُهُمْ: وہ ان کو زیادہ دیتا ہے۔ ۱۷۳/۴، ۴۱/۱۷، ۶۰/۱۷، ۱۰۹/۱۷،

يَزِيْغُ: (ض) وہ منحرف ہوتے ہیں، وہ ٹیڑھے ہو جاتے ہیں۔ زَيْغٌ سے مضارع۔ ۱۱۷/۹،

ی، س

يٰسٓ: حروف مقطعات میں سے ہے اور قرآن شریف کی چھتیسویں سورت کا نام ہے۔ ۱/۳۶،

يُسَارِعُوْنَ: (مفا) وہ سرعت کرتے ہیں، وہ جلدی کرتے ہیں۔ مُسَارَعَةٌ سے مضارع۔ ۱۱۴/۳، ۱۷۶/۳، ۴۱/۵، ۵۲/۵،

يُسْرِعُوْنَ: وہ سرعت کرتے ہیں، وہ جلدی کرتے ہیں۔ ۹۰/۲۱، ۶۱/۲۳،

يُسَاقُوْنَ: (ن) وہ ہانکے جاتے ہیں، وہ کھینچے جاتے ہیں۔ سَوْقٌ سے مضارع مجہول ۶/۸

يَسْبِتُوْنَ: وہ سنیچر مناتے ہیں، وہ چھٹی کرتے ہیں۔ سَبْطٌ سے مضارع۔ ۱۶۳/۷،

يُسَبِّحُ: (تف) وہ تسبیح کرتا ہے، وہ پاکی بیان کرتا

ہے۔تَسۡبِیۡحٌ سے مضارع۔ ۱۳/۱۳، ۴۴/۱۷، ۳۶/۲۴
۴۱/۲۴، ۲۴/۵۹، ۱/۶۲، ۱/۶۴

یُسَبِّحۡنَ: وہ تسبیح کرتی ہیں، وہ پاکی بیان کرتی ہیں۔ ۷۹/۲۱، ۱۸/۳۸

یُسَبِّحُوۡنَ: وہ تسبیح کرتے ہیں، وہ پاکی بیان کرتے ہیں۔ ۲۰/۲۱، ۷۵/۳۹، ۷/۴۰، ۳۸/۴۱، ۵/۴۲

یَسۡبَحُوۡنَ: (ف) وہ تیرتے ہیں، وہ تیزی سے چلتے ہیں۔ سَبۡحٌ سے مضارع۔ ۳۳/۲۱، ۴۰/۳۶

یُسَبِّحُوۡنَهٗ: وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں، وہ اس کی پاکی بیان کرتے ہیں۔ ۲۰۶/۷

یَسۡبِقُوۡنَا: (ض) وہ ہم سے سبقت کرتے ہیں، وہ ہم سے آگے بڑھتے ہیں۔ سَبۡقٌ و سَبَاقٌ سے مضارع۔ ۴/۲۹

یَسۡبِقُوۡنَهٗ: وہ اس سے آگے بڑھتے ہیں، وہ اس سے نکل بھاگیں گے۔ ۲۷/۲۱

یَسُبُّوۡا: (ن) وہ گستاخی کرتے ہیں، وہ برا کہیں گے۔ سَبٌّ سے مضارع۔ ۱۰۸/۶

یَسۡتَبۡدِلۡ: (است) وہ بدل دے گا، وہ بدلہ میں لے آئے گا، اِسۡتِبۡدَالٌ سے مضارع، ۳۹/۹، ۳۸/۴۷

یَسۡتَبۡشِرُوۡنَ: (افت) وہ خوش ہوتے ہیں۔ اِسۡتِبۡشَارٌ سے مضارع، ۱۷۰/۳، ۱۷۱/۳، ۱۲۴/۹، ۶۷/۱۵، ۴۸/۳۰، ۴۵/۳۹

یَسۡتَثۡنُوۡنَ: (است) وہ اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کرتے ہیں یعنی انشاءاللہ کہتے ہیں، وہ استثنا کرتے ہیں۔ اِسۡتِثۡنَاءٌ سے مضارع ۱۸/۶۸

یَسۡتَجِیۡبُ: (است) وہ جواب دیتا ہے، وہ قبول کرتا ہے، اِسۡتِجَابَةٌ سے مضارع ۳۶/۶، ۲۶/۴۲، ۵/۴۶

یَسۡتَجِیۡبُوۡا: ان کو چاہئے کہ وہ میرے احکام قبول کرلیں۔ اِسۡتِجَابَةٌ سے امر غائب ۱۸۶/۲،

یَسۡتَجِیۡبُوۡا: ان کو جواب دینا چاہئے۔ اِسۡتِجَابَةٌ سے امر غائب۔ ۱۹۴/۷،

یَسۡتَجِیۡبُوۡا: وہ جواب دیتے ہیں، وہ قبول کرتے ہیں۔ ۱۴/۱۱، ۱۸/۱۳، ۵۲/۱۸، ۵۰/۲۸، ۶۴/۲۸

یَسۡتَجِیۡبُوۡنَ: وہ جواب دیتے ہیں، وہ قبول کرتے ہیں۔ ۱۴/۱۳

یَسۡتَحِبُّوۡنَ: (است) وہ ترجیح دیتے ہیں، وہ پسند کرتے ہیں۔ اِسۡتِحۡبَابٌ سے مضارع ۳/۱۴،

یَسۡتَحۡسِرُوۡنَ: (است) وہ تھکتے ہیں، وہ عاجز ہوتے ہیں۔ اِسۡتِحۡسَارٌ سے مضارع۔ ۱۹/۲۱،

یَسۡتَحۡیٖ: (است) وہ شرماتا ہے، وہ جھجکتا ہے اِسۡتِحۡیَاءٌ سے مضارع۔ یہ حَیَاءٌ سے ماخوذ ہے۔ ۲۶/۲، ۵۳/۳۳

یَسۡتَحۡیٖ: وہ زندہ رکھتا ہے۔ اِسۡتِحۡیَاءٌ سے مضارع یہ حَیٰوةٌ سے ماخوذ ہے ۴/۲۸

یَسۡتَحۡیُوۡنَ: وہ زندہ رکھتے ہیں۔ ۴۹/۲، ۱۴۱/۷، ۶/۱۴

یَسۡتَخۡرِجَا: (است) وہ دونوں نکالیں گے۔ اِسۡتِخۡرَاجٌ سے مضارع، اصل لفظ یَسۡتَخۡرِجَانِ تھا، اَنۡ کی وجہ سے نون حذف ہوگیا۔ ۸۲/۱۸،

یَسۡتَخِفَّنَّكَ: (است) وہ تم کو ضرور خفا کردیں گے، وہ تم کو ضرور ہلکا کردیں گے۔ اِسۡتِخۡفَافٌ سے مضارع با نون تاکید ۶۰/۳۰،

یَسۡتَخۡفُوۡا: (است) وہ چھپ جاتے ہیں، وہ آڑ کرتے ہیں، وہ پردہ کرتے ہیں۔ اِسۡتِخۡفَاءٌ سے مضارع۔ ۵/۱۱،

یَسۡتَخۡفُوۡنَ: وہ چھپتے ہیں، وہ پوشیدہ رہتے ہیں۔ ۱۰۸/۴،

یَسْتَخْلِفُ: (است) وہ خلیفہ بناتا ہے، وہ جانشین بناتا ہے۔ اِسْتِخْلَافٌ سے مضارع ۱۳۳/۶،

یَسْتَخْلِفُ: وہ خلیفہ بناتا ہے، وہ جانشین بناتا ہے۔ ۵۷/۱۱،

یَسْتَخْلِفَكُمْ: وہ تم کو خلیفہ (جانشین) بناتا ہے۔ ۱۲۹/۷،

یَسْتَخْلِفَنَّهُمْ: وہ ضرور ان کو خلیفہ بنائے گا۔ ۵۵/۲۴،

یَسْتَسْخِرُوْنَ: (است) وہ تمسخر کرتے ہیں، وہ مذاق کرتے ہیں۔ اِسْتِسْخَارٌ سے مضارع۔ ۱۴/۳۷،

یَسْتَصْرِخُهٗ: (است) وہ اس سے فریاد کرتا ہے، وہ اس کو چیخ کر بلاتا ہے۔ اِسْتِصْرَاخٌ سے مضارع۔ ۱۸/۲۸،

یَسْتَضْعِفُ: (است) وہ ضعیف کرتا ہے، وہ کمزور کرتا ہے۔ اِسْتِضْعَافٌ سے مضارع۔ ۴/۲۸

یُسْتَضْعَفُوْنَ: وہ ضعیف کئے جاتے ہیں، وہ کمزور کئے جاتے ہیں۔ اِسْتِضْعَافٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۳۷/۷،

یَسْتَطِعْ: (است) وہ استطاعت رکھتا ہے، وہ طاقت رکھتا ہے، اِسْتِطَاعَةٌ سے مضارع ۲۵/۴، ۴/۵۸،

یَسْتَطِیْعُ: وہ استطاعت رکھتا ہے، وہ طاقت رکھتا ہے۔ ۲۸۲/۲، ۱۱۲/۵،

یَسْتَطِیْعُوْنَ: وہ استطاعت رکھتے ہیں، وہ طاقت رکھتے ہیں۔ ۲۷۳/۲، ۹۸/۴، ۱۹۲/۷، ۱۹۷/۷، ۲۰/۱۱، ۷۳/۱۶، ۴۸/۱۷، ۱۰۱/۱۸، ۴۰/۲۱، ۴۳/۲۱، ۹/۲۵، ۲۱۱/۲۶، ۵۰/۳۶، ۷۵/۳۶، ۴۲/۶۸

یَسْتَعْتِبُوْا: (است) وہ توبہ کرتے ہیں، وہ خوش کرتے ہیں۔ وہ رضا مند کرتے ہیں۔ اِسْتِعْتَابٌ سے مضارع ۲۴/۴۱،

یُسْتَعْتَبُوْنَ: ان کی توبہ قبول کی جائے گی، ان کا عذر قبول کیا جائے گا۔ اِسْتِعْتَابٌ سے مضارع مجہول۔ ۸۴/۱۶، ۵۷/۳۰، ۳۵/۴۵،

یَسْتَعْجِلُ: (است) وہ عجلت کرتا ہے، وہ جلدی کرتا ہے۔ اِسْتِعْجَالٌ سے مضارع۔ ۵۰/۱۰، ۱۸/۴۲،

یَسْتَعْجِلُوْنَ: وہ عجلت کرتے ہیں وہ جلدی چاہتے ہیں۔ ۲۰۴/۲۶، ۱۷۶/۳۷،

یَسْتَعْجِلُوْنِ: وہ عجلت کرتے ہیں، وہ جلدی چاہتے ہیں۔ ۵۹/۵۱،

یَسْتَعْجِلُوْنَكَ: وہ تجھ سے عجلت کرتے ہیں وہ تجھ سے جلدی چاہتے ہیں۔ ۶/۱۳، ۴۷/۲۲، ۵۳/۲۹، ۵۴/۲۹،

یَسْتَعْفِفْ: (است) وہ (یتیم کے مال سے) پرہیز کرے، وہ بچتا رہے۔ اِسْتِعْفَافٌ سے امر غائب۔ ۶/۴،

یَسْتَعْفِفُ: وہ (زنا سے) پرہیز کرے، وہ پاک دامن رہے۔ ۳۳/۲۴

یَسْتَعْفِفْنَ: ان کو (چادر کے بغیر پھرنے سے) پرہیز کرنا، ان کا بچتے رہنا۔ اَن کی وجہ سے مضارع مصدر کے معنی میں ہوگیا۔ ۶۰/۲۴،

یَسْتَغْشُوْنَ: (است) وہ لپٹتے ہیں۔ وہ ڈھانپتے ہیں۔ اِسْتِغْشَاءٌ سے مضارع۔ ۵/۱۱،

یَسْتَغْفِرْ: (است) وہ مغفرت طلب کرے گا، وہ معافی مانگے گا۔ ۵/۶۳،

یَسْتَغْفِرِ: وہ مغفرت طلب کرے گا، وہ معافی مانگے گا۔ ۱۱۰/۴،

یَسْتَغْفِرُوْا: وہ مغفرت طلب کرتے ہیں، وہ معافی مانگتے ہیں۔ ۱۱۳/۹، ۵۵/۱۸،

یَسْتَغْفِرُوْنَ: وہ مغفرت طلب کرتے ہیں، وہ

معافی مانگتے ہیں۔ ۳۳/۸، ۷/۴۰، ۵/۴۲، ۱۸/۵۱،

یَسْتَغْفِرُوْنَهٗ: وہ اس سے مغفرت طلب کرتے ہیں، وہ اس سے معافی مانگتے ہیں۔ ۷۴/۵،

یَسْتَغِیْثٰنِ: (است) وہ دونوں فریاد کرتے ہیں، وہ دونوں دعا مانگتے ہیں۔ اِسْتِغَاثَةٌ سے مضارع۔ ۱۷/۴۶،

یَسْتَغِیْثُوْا: وہ فریاد کرتے ہیں، وہ مانگتے ہیں ۲۹/۱۸،

یَسْتَفْتِحُوْنَ: (است) وہ فتح کی دعا مانگتے ہیں وہ مدد چاہتے ہیں۔ اِسْتِفْتَاحٌ سے مضارع ۸۹/۲،

یَسْتَفْتُوْنَكَ: (است) وہ آپ سے فتویٰ لیتے ہیں، وہ آپ سے شرعی حکم معلوم کرتے ہیں۔ اِسْتِفْتَاءٌ سے مضارع۔ ۱۲۷/۴، ۱۷۶/۴،

یَسْتَفِزُّوْنَكَ: (است) وہ تیرے قدم اکھاڑتے ہیں، وہ تیرے قدم ڈگمگاتے ہیں۔ اِسْتِفْزَازٌ سے مضارع۔ ۷۶/۱۷،

یَسْتَفِزَّهُمْ: ان کے قدم اکھاڑ دینا، ان کو بہکا دینا۔ اِسْتِفْزَاز سے مضارع بمعنی مصدر۔ ۱۰۳/۱۷،

یَسْتَقْدِمُوْنَ: (است) وہ سبقت کرتے ہیں، وہ پیش قدمی کرتے ہیں۔ اِسْتِقْدَامٌ سے مضاع۔ ۳۴/۷، ۴۹/۱۰، ۶۱/۱۶،

یَسْتَقِیْمَ: (است) اس کا سیدھا رہنا، اس کا سیدھا چلنا، اِسْتِقَامَةٌ سے مضارع بمعنی مصدر ۲۸/۸۱،

یَسْتَکْبِرْ: (است) وہ تکبر کرے گا، وہ غرور کرے گا۔ اِسْتِکْبَارٌ سے مضارع۔ ۱۷۲/۴،

یَسْتَکْبِرُوْنَ: وہ تکبر کرتے ہیں، وہ غرور کرتے ہیں۔ ۸۲/۵، ۲۰۶/۷، ۴۹/۱۶، ۱۹/۲۱، ۱۵/۳۲، ۳۵/۳۷، ۶۰/۴۰،

یَسْتَمِعُ: (است) وہ سنتا ہے، وہ کان لگاتا ہے اِسْتِمَاعٌ سے مضارع۔ ۹/۷۲،

یَسْتَمِعُ: وہ سنتا ہے، وہ کان لگاتا ہے۔ ۲۵/۶، ۱۶/۴۷،

یَسْتَمِعُوْنَ: وہ سنتے ہیں، وہ کان لگاتے ہیں۔ ۴۲/۱۰، ۴۷/۱۷، ۱۸/۳۹، ۲۹/۴۶، ۳۸/۵۲،

یَسْتَنْبِطُوْنَهٗ: (است) وہ استنباط کرتے ہیں، وہ تحقیق کرتے ہیں۔ اِسْتِنْبَاطٌ سے مضارع۔ ۸۳/۴،

یَسْتَنْبِئُوْنَكَ: (است) وہ آپ سے خبر معلوم کرتے ہیں، وہ آپ سے پوچھتے ہیں۔ اِسْتِنْبَاءٌ سے مضارع۔ ۵۳/۱۰،

یَسْتَنْقِذُوْهُ: (است) وہ اس کو چھڑاتے ہیں۔ وہ اس کو نجات دلاتے ہیں، اِسْتِنْقَاذٌ سے مضارع، ۷۳/۲۲،

یَسْتَنْکِحَهَا: (است) اس کا اس سے نکاح کی خواہش کرنا۔ اِسْتِنْکَاحٌ سے مضارع بمعنی مصدر۔ ۵۰/۳۳،

یَسْتَنْکِفْ: (است) وہ عار کرے گا، وہ عیب جانے گا، وہ انکار کرے گا، اِسْتِنْکَافٌ سے مضارع، ۱۷۲/۴،

یَسْتَنْکِفَ: وہ عار کرتا ہے، وہ انکار کرتا ہے ۱۷۲/۴،

یَسْتَوْفُوْنَ: (است) وہ پورا پورا لیتے ہیں۔ اِسْتِیْفَاءٌ سے مضارع۔ ۲/۸۳،

یَسْتَوٗنَ: (است) وہ برابر ہوتے ہیں۔ اِسْتِوَاءٌ سے مضارع۔ ۱۹/۹، ۷۵/۱۶، ۱۸/۳۲،

یَسْتَوِی: وہ برابر ہوتا ہے۔ ۹۵/۴، ۱۰۰/۵، ۵۰/۶، ۱۶/۱۳، ۱۲/۳۵، ۱۹/۳۵، ۲۲/۳۵، ۹/۳۹، ۵۸/۴۰،

یَسْتَوِیْ: وہ برابر ہوتا ہے۔ ۷۶/۱۶، ۱۰/۵۷، ۲۰/۵۹،

یَسْتَوِیٰنِ: وہ دونوں برابر ہوتے ہیں۔ ۲۴/۱۱، ۲۹/۳۹،

یَسْتَهْزِئُ: (است) وہ مذاق کرتا ہے، وہ ٹھٹھا کرتا ہے۔ اِسْتِهْزَاءٌ سے مضارع ۱۵/۲،

یُسْتَهْزَاُ: اس کا مذاق اڑایا جاتا ہے، اس کا ٹھٹھا کیا

جاتا ہے۔اِستِھزَاءٌ سے مضارع مجہول ۱۴۰/۴،

یَستَھزِءُونَ: وہ مذاق کرتے ہیں،وہ ٹھٹھا کرتے ہیں۔ ۵/۶، ۱۰/۶، ۸/۱۱، ۱۱/۱۵، ۳۴/۱۶، ۴۱/۲۱، ۶/۲۶، ۱۰/۳۰، ۳۰/۳۶، ۴۸/۳۹، ۸۳/۴۰، ۷/۴۳، ۳۳/۴۵، ۲۶/۴۶،

یَستَاخِرُونَ: (است)وہ تاخیر کرتے ہیں،وہ دیر کرتے ہیں۔اِستِیخَارٌ سے مضارع ۳۴/۷، ۴۹/۱۰، ۵/۱۵، ۶۱/۱۶، ۴۳/۲۳،

یَستَاذِنُ: (است)وہ اجازت مانگتا ہے۔اِستِیذَانٌ سے مضارع۔ ۱۳/۳۳،

یَستَاذِنُكَ: وہ تجھ سے رخصت مانگتے ہیں ۴۴/۹، ۴۵/۹،

یَستَاذِنُکُمُ: وہ تم سے اجازت لیا کریں۔ اِستِیذَان سے امر غائب۔ ۵۸/۲۴،

یَستَاذِنُوا: وہ اجازت مانگ لیا کریں۔ ۵۹/۲۴،

یَستَاذِنُونَكَ: وہ آپ سے اجازت مانگتے ہیں، وہ آپ سے رخصت مانگتے ہیں۔ ۹۳/۹، ۶۲/۲۴،

یَستَاذِنُوهُ: وہ اس (پیغمبر ﷺ) سے اجازت لیتے ہیں۔ ۶۲/۲۴،

یَستَیقِنَ: (است)وہ یقین کرتے ہیں۔اِستِیقَانٌ سے مضارع۔ ۳۱/۷۴،

یَسجُدُ: (ن)وہ سجدہ کرتا ہے۔سُجُودٌ سے مضارع۔ ۱۵/۱۳، ۴۹/۱۶، ۱۸/۲۲،

یَسجُدٰنِ: وہ دونوں سجدہ کرتے ہیں ۶/۵۵،

یَسجُدُوا: وہ سجدہ کرتے ہیں۔ ۲۵/۲۷،

یَسجُدُونَ: وہ سجدہ کرتے ہیں۔ ۱۱۳/۳، ۲۰۶/۷، ۲۴/۲۷، ۲۱/۸۴،

یُسجَرُونَ: (ن)وہ جھونکے جائیں گے،وہ گرم کئے جائیں گے۔سَجرٌ سے مضارع۔ ۷۲/۴۰،

یُسجَنَ: (ن)اس کو قید کیا جائے گا۔سَجنٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۵/۱۲،

یُسجَنَنَّ: وہ ضرور قید کیا جائے گا۔سَجنٌ سے مضارع مجہول با نون تاکید۔ ۳۲/۱۲،

یَسجُنُنَّهٗ: وہ ضرور اس کو قید کریں گے۔سَجنٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۳۵/۱۲،

یُسحَبُونَ: (ف)وہ گھسیٹے جائیں گے،وہ کھینچے جائیں گے،سَحبٌ سے مضارع مجہول ۷۱/۴۰، ۴۸/۵۴،

یُسحِتَکُمُ: (اف)وہ تم کو فنا کرے گا، وہ تم کو ہلاک کرے گا۔اِسحَاتٌ سے مضارع۔ ۶۱/۲۰،

یَسخَرُ: (س)وہ مذاق کرتا ہے،وہ ٹھٹھا کرتا ہے۔ سَخرٌ وسُخرِیَّةٌ سے مضارع۔ ۱۱/۴۹،

یَسخَرُونَ: وہ مذاق اڑاتے ہیں۔ ۲۱۲/۲، ۷۹/۹، ۱۲/۳۷،

یَسخَطُونَ: (س)وہ ناراض ہوتے ہیں،وہ ناخوش ہوتے ہیں۔سَخَطٌ سے مضارع ۵۸/۹،

یَسرِ: (ض)وہ چلنے لگی،وہ گزرنے لگی،وہ رات کو چلا۔سَرٰیٌ، سُرٰی اورسِرَایَةٌ سے مضارع۔ ۴/۸۹،

یَسِّرْ: (تف)تو آسان کر،تو سہل کر۔تَیسِیرٌ سے امر۔ ۲۶/۲۰،

یُسرَ: (ض)آسانی کرنا،سہل کرنا،مصدر ہے۔ ۱۸۵/۲،

یُسرًا: آسانی،سہولت۔ ۸۸/۱۸، ۳/۵۱، ۴/۶۵، ۷/۶۵، ۵/۹۴، ۶/۹۴،

یُسرٰی: آسانی،بہت آسان، پہلے معنی میں یُسرٌ سے اسم مصدر اور دوسرے معنی میں اسم تفضیل۔ ۸/۸۷، ۷/۹۲،

یُسرِفُ: (اف)وہ اسراف کرتا ہے،وہ تجاوز کرتا ہے۔اِسرَافٌ سے مضارع۔ ۳۳/۱۷،

یُسْرِفُوْا: وہ اسراف (فضول خرچی) کرتے ہیں۔ ۶۷/۲۵،

یَسْرِقُ: (ض) وہ چوری کرتا ہے۔ سَرَقٌ و سَرَقَۃٌ سے مضارع۔ ۷۷/۱۲،

یَسْرِقْنَ: وہ چوری کریں گی۔ ۱۲/۶۰،

یَسَّرْنَا: ہم نے آسان کر دیا، ہم نے سہل کر دیا۔ ۱۷/۵۴، ۲۲/۵۴، ۳۲/۵۴، ۴۰/۵۴،

یَسَّرْنٰہُ: (تف) ہم نے اس (قرآن) کو آسان کر دیا، ہم نے اس کو سہل کر دیا۔ تَیْسِیْرٌ سے ماضی۔ ۹۷/۱۹، ۵۸/۴۴،

یُسِرُّوْنَ: (اف) وہ چھپاتے ہیں۔ اِسْرَارٌ سے مضارع۔ ۷۷/۲، ۵/۱۱، ۲۳/۱۶، ۷۶/۳۶

یَسَّرَہٗ: (تف) اس نے اس کو آسان (سہل) کر دیا۔ تَیْسِیْرٌ سے ماضی۔ ۲۰/۸۰،

یَسْطُرُوْنَ: (ن) وہ لکھتے ہیں۔ سَطْرٌ سے مضارع ۱/۶۸،

یَسْطُوْنَ: (ن) وہ حملہ کریں گے، وہ جھپٹ پڑیں گے۔ سَطْوٌ و سَطْوَۃٌ سے مضارع۔ ۷۲/۲۲

یَسَعَ: ایک مشہور پیغمبر کا اسم گرامی۔ ۸۶/۶، ۴۸/۳۸،

یَسْعٰی: (ف) وہ دوڑتا ہے، وہ کوشش کرتا ہے، سَعْیٌ سے مضارع۔ ۲۰/۲۸، ۲۰/۳۶، ۱۲/۵۷، ۸/۶۶، ۲۲/۷۹، ۸/۸۰،

یَسْعَوْنَ: وہ دوڑتے ہیں، وہ کوشش کرتے ہیں۔ ۳۳/۵، ۶۴/۵، ۳۸/۳۴

یَسْفِكُ: (ض) وہ خون بہائے گا۔ وہ خونریزی کرے گا۔ سَفْكٌ سے مضارع۔ ۳۰/۲

یُسْقٰی: (ض) وہ پلایا جائے گا۔ سَقْیٌ سے مضارع مجہول۔ ۴/۱۳،

یَسْقُوْنَ: وہ پانی پلاتے ہیں۔ ۲۳/۲۸،

یُسْقَوْنَ: ان کو پلایا جائے۔ ۱۷/۷۶، ۲۵/۸۳،

یَسْقِیْ: وہ پلائے گا۔ ۴۱/۱۲،

یَسْقِیْنِ: وہ مجھے پلاتا ہے۔ ۷۹/۲۶،

یَسْکُنَ: (ن) وہ سکون پاتا ہے، وہ راحت پاتا ہے، وہ رہتا ہے۔ سَکَنٌ اور سُکُوْنٌ سے مضارع۔ ۱۸۹/۷،

یُسْکِنِ: (اف) وہ روک دے، وہ ساکن کر دے اِسْکَانٌ سے مضارع۔ ۳۳/۴۲،

یَسْکُنُوْا: وہ سکون حاصل کرتے ہیں، وہ رہتے ہیں۔ ۸۶/۲۷،

یَسْلُبْھُمُ: (ن) وہ ان سے سلب کر لے، وہ ان سے چھین لے۔ سَلْبٌ سے مضارع، ۷۳/۲۲

یُسَلِّطُ: (تف) وہ مسلط کرتا ہے وہ مقرر کرتا ہے۔ تَسْلِیْطٌ سے مضارع۔ ۶/۵۹،

یَسْلُكُ: (ن) وہ چلاتا ہے، وہ مقرر کرتا ہے سَلْكٌ اور سُلُوْكٌ سے مضارع۔ ۲۷/۷۲،

یَسْلُکْہُ: وہ اس کو داخل کرے گا۔ ۱۷/۷۲،

یُسْلِمْ: (اف) وہ تابعدار بناتا ہے۔ وہ سونپ دیتا ہے۔ اِسْلَامٌ سے مضارع۔ ۲۲/۳۱،

یُسَلِّمُوْا: (تف) وہ تسلیم کر لیں، وہ قبول کر لیں تَسْلِیْمٌ سے مضارع۔ ۶۵/۴،

یُسْلِمُوْنَ: وہ اسلام لاتے ہیں، وہ تسلیم کرتے ہیں۔ ۱۶/۴۸،

یَسْمَعَ: (س) وہ سنتا ہے۔ سَمْعٌ سے مضارع ۶/۹،

یُسْمَعُ: وہ سنتا ہے۔ ۱۷۱/۲، ۴۲/۱۹، ۴۵/۲۱، ۸/۴۵، ۱/۵۸،

یُسْمِعُ: (اف) وہ سناتا ہے۔ اِسْمَاعٌ سے مضارع۔ ۲۲/۳۵،

یَسْمَعُوْا: وہ سنیں گے۔ ۱۹۸/۷، ۱۴/۳۵،

یَسْمَعُوْنَ: وہ سنتے ہیں۔ ۷۵/۲، ۳۶/۶، ۱۰۰/۷، ۱۷۹/۷، ۱۹۵/۷، ۲۱/۸، ۶۷/۱۰، ۶۵/۱۶، ۶۲/۱۹، ۱۰۰/۲۱، ۱۰۲/۲۱، ۴۶/۲۲، ۴۴/۲۵، ۲۳/۳۰، ۲۶/۳۲، ۴/۴۱، ۴۲/۵۰، ۲۵/۵۶، ۳۵/۷۸،

یَسَّمَّعُوْنَ: (تفع) وہ کان لگاتے ہیں۔ تَسَمُّعٌ سے مضارع۔ اصل لفظ یَتَسَمَّعُوْنَ تھا تا کو سین سے بدل کر سین کا سین میں ادغام کردیا۔ ۸/۳۷،

یَسْمَعُوْنَکُمْ: وہ تمہاری سنتے ہیں۔ ۷۲/۲۶،

یَسْمَعُهَا: اس نے اس کو سنایا۔ سَمْعٌ سے مضارع بمعنی ماضی۔ ۷/۳۱، ۸/۴۵،

یُسْمِنُ: (اف) وہ فربہ کرتا ہے، وہ موٹا کرتا ہے اِسْمَانٌ سے مضارع۔ ۷/۸۸

یُسَمُّوْنَ: (تف) وہ نام رکھتے ہیں، وہ نام رد کرتے ہیں۔ تَسْمِیَۃٌ سے مضارع۔ ۲۷/۵۳،

یَسُوْمُوْنَکُمْ: (ن) وہ تم کو ستاتے ہیں، وہ تم کو تکلیف دیتے ہیں۔ سَوْمٌ سے مضارع۔ ۴۹/۲، ۱۴۱/۷، ۶/۱۴،

یَسُوْمُهُمْ: وہ ان کو ستاتا ہے، وہ ان کو تکلیف دیتا ہے۔ ۱۶۷/۷،

یَسُوْءُ ا: (ن) وہ اداس کردیں گے، وہ بگاڑ دیں گے۔ سَوْءٌ سے مضارع۔ ۷/۱۷،

یَسْئَلَ: (ف) وہ سوال کرتا ہے، وہ پوچھتا ہے، وہ مانگتا ہے۔ سُؤَالٌ سے مضارع۔ ۸/۳۳،

یَسْئَلُ: وہ سوال کرتا ہے، وہ پوچھتا ہے، وہ مانگتا ہے۔ ۱۰/۷۰، ۶/۷۵،

یُسْئَلُ: اس سے سوال کیا جائے گا۔ اس سے پوچھا جائے گا۔ سُؤَالٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۳/۲۱، ۷۸/۲۸، ۳۹/۵۵،

یَسْئَلُكَ: وہ تم سے سوال کرتے ہیں، وہ تم سے پوچھتے ہیں۔ ۱۵۳/۴، ۶۳/۳۳،

یَسْئَلُكُمْ: وہ تم سے سوال کرتے ہیں، وہ تم سے پوچھتے ہیں۔ ۲۱/۳۶،

یَسْئَلُكُمْ: وہ تم سے مانگتا ہے، وہ تم سے طلب کرتا ہے۔ ۳۶/۴۷،

یَسْئَلْكُمُوهَا: وہ تم سے اس (مال کو مانگتا ہے ۳۷/۴۷،

یُسْئَلُنَّ: ان سے ضرور سوال کیا جائے گا۔ ان سے ضرور باز پرس کی جائے گی۔ سُؤَالٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ۱۳/۲۹،

یَسْئَلُوْا: ان کو سوال کرنا چاہئے، ان کو مانگنا چاہئے۔ سُؤَالٌ سے امر غائب۔ ۱۰/۶۰،

یَسْئَلُوْنَ: وہ سوال کرتے ہیں۔ وہ مانگتے ہیں۔ ۲۷۳/۲، ۱۲/۵۱،

یَسَاَلُوْنَ: وہ سوال کرتے ہیں۔ وہ مانگتے ہیں۔ ۲۰/۳۳،

یُسْئَلُوْنَ: ان سے سوال کیا جائے گا۔ ان سے باز پرس کی جائے گی۔ ۲۳/۲۱، ۱۹/۴۳،

یَسْئَلُوْنَكَ: وہ تم سے سوال کرتے ہیں، وہ تم سے پوچھتے ہیں۔ ۱۸۹/۲، ۲۱۵/۲، ۲۱۷/۲، ۲۱۹/۲، ۲۲۰/۲، ۲۲۲/۲، ۴/۵، ۱۸۷/۷، ۱/۸، ۸۵/۱۷، ۸۳/۱۸، ۱۰۵/۲۰، ۴۲/۷۹،

یَسْئَلُهٗ: وہ اس سے سوال کرتا ہے، وہ اس سے مانگتا ہے۔ ۲۹/۵۵،

یَسْئَمُ: (س) وہ اُکتاتا ہے، اس کا جی بھرتا ہے سَاَمَۃٌ سے مضارع۔ ۴۹/۴۱،

یَسْئَمُوْنَ: وہ اکتاتا ہے، وہ تھکتا ہے۔ ۳۸/۴۱،

یَسِیْرًا: (ض) آسان، سہل۔ یُسْرٌ سے صفت مشبہ۔ ۳۰/۴، ۱۶۹/۴، ۴۶/۲۵، ۱۴/۳۳، ۱۹/۳۳، ۳۰/۳۳، ۸/۸۴،

یَسِیرٌ: آسان، سہل۔ ١٠/٧٤،

یَسِیرًا: آسان، سہل، قلیل۔ ٦٥/١٢، ٧٠/٢٢، ١٩/٢٩، ١١/٣٥، ٤٤/٥٠، ٢٢/٥٧، ٧/٦٤،

یُسَیِّرُکُمْ: (تف) وہ تم کو چلاتا ہے۔ تَیسِیرٌ سے مضارع۔ ٢٢/١٠،

یَسِیرُوا: (ض) وہ سیر کرتے ہیں، وہ چلتے ہیں۔ سَیرٌ سے مضارع۔ ١٠٩/١٢، ٤٦/٢٢، ٩/٣٠، ٤٤/٣٥، ٢١/٤٠، ٨٢/٤٠، ١٠/٤٧،

یُسِیغُهٗ: (اف) وہ اس کو آسانی سے نگلے گا۔ اِسَاغَةٌ سے مضارع۔ ١٧/١٤،

ی ش

یُشَآقِّ: (مفا) وہ مخالفت کرتا ہے۔ شِقَاقٌ و مُشَاقَّةٌ سے مضارع، اصل لفظ یُشَاقِقُ تھا، قاف کا قاف میں ادغام کر دیا۔ ٤/٥٩،

یُشَاقِقِ: وہ مخالفت کرتا ہے۔ ١١٥/٤، ١٣/٨،

یَشَآءُ: (ف) وہ چاہتا ہے۔ مَشِیئَةٌ سے مضارع۔ ٩٠/٢، ١٠٥/٢، ١٤٢/٢، ٢١٢/٢، ٢١٣/٢، ٢٤٧/٢، ٢٥١/٢، ٢٦١/٢، ٢٦٩/٢، ٢٧٢/٢، ٢٨٤/٢، ٦/٣، ١٣/٣، ٣٧/٣، ٤٠/٣، ٤٧/٣، ٧٣/٣، ٧٤/٣، ١٢٩/٣، ١٧٩/٣، ٤٨/٤، ٤٩/٤، ١١٦/٤، ١٧/٥، ١٨/٥، ...... ١١٦ جگہ

یَشَآءُونَ: وہ چاہیں گے۔ ٣١/١٦، ١٦/٢٥، ٣٤/٣٩، ٢٢/٤٢، ٣٥/٥٠،

یَشْتَرُوا: (افت) وہ خریدتے ہیں، وہ حاصل کرتے ہیں۔ اِشْتِرَاءٌ سے مضارع۔ ٧٩/٢،

یَشْتَرُونَ: وہ خریدتے ہیں، وہ اختیار کرتے ہیں۔ ١٧٤/٢، ٧٧/٣، ١٨٧/٣، ١٩٩/٣، ٤٤/٤،

یَشْتَرِی: وہ خریدتا ہے۔ ٦/٣١،

یَشْتَهُونَ: (افت) وہ چاہتے ہیں، وہ خواہش کرتے ہیں۔ اِشْتِهَاءٌ سے مضارع۔ ٥٧/١٦، ٥٤/٣٤، ٢٢/٥٢، ٢١/٥٦، ٤٢/٧٧،

یَشْرَبُ: (س) وہ پیتا ہے۔ شُرْبٌ سے مضارع ٣٣/٢٣، ٦/٧٦، ٢٨/٨٣،

یَشْرَبُونَ: وہ پیتے ہیں۔ ٥/٧٦،

یَشْرَحْ: (ف) وہ کشادہ کرتا ہے، وہ کھولتا ہے شَرْحٌ سے مضارع۔ ١٢٥/٦،

یُشْرَكْ: (اف) اس کو شریک قرار دیا جائے، اِشْرَاكٌ سے مضارع مجہول۔ ١٢/٤٠،

یُشْرَكَ: وہ شریک کیا جاتا ہے۔ ٤٨/٤، ١١٦/٤،

یُشْرِكْ: وہ شریک کرتا ہے۔ اِشْرَاكٌ سے مضارع۔ ٤٨/٤، ١١٦/٤، ٧٢/٥، ١١٠/١٨، ٣١/٢٢،

یُشْرِكُ: وہ شریک کرتا ہیں۔ ٢٦/١٨،

یُشْرِكْنَ: وہ شریک کرتی ہیں۔ ١٢/٦٠،

یُشْرِكُونَ: وہ شریک کرتے ہیں۔ ١٩٠/٧، ١٩١/٧، ٣١/٩، ١٨/١٠، ١/١٦، ٣/١٦، ٥٤/١٦، ٥٩/٢٣، ٩٢/٢٣، ٥٥/٢٤، ٥٩/٢٧، ٦٣/٢٧، ٦٨/٢٨، ٦٥/٢٩، ٣٣/٣٠ ٣٥/٣٠، ٤٠/٣٠، ٦٧/٣٩، ٤٣/٥٢، ٢٣/٥٩،

یَشْرُونَ: (ض) وہ بیچتے ہیں، وہ خریدتے ہیں وہ لین دین کرتے ہیں۔ شَرْیٌ وشِرَاءٌ سے مضارع۔ ٧٤/٤،

یَشْرِی: وہ خرید و فروخت کرتا ہے۔ ٢٠٧/٢،

یُشْعِرُکُمْ: (اف) وہ تمہیں خبردار کرتا ہے، وہ تمہیں آگاہ کرتا ہے۔ اِشْعَارٌ سے مضارع۔ ١٠٩/٦،

یُشْعِرَنَّ: وہ ضرور خبردار کرے گا، وہ ضرور آگاہ کرے گا۔ اِشْعَارٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ١٩/١٨،

یَشْعُرُونَ: (ن) وہ شعور رکھتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں۔

شُعُوْرٌ سے مضارع۔ ۹/۲، ۱۲/۲، ۶۹/۳، ۲۶/۶، ۱۲۳/۶، ۹۵/۷، ۱۵/۱۲، ۱۰۷/۱۲، ۲۱/۱۶، ۲۶/۱۶، ۴۵/۱۶، ۵۶/۲۳، ۲۰۲/۲۶، ۱۸/۲۷، ۵۰/۲۷، ۶۵/۲۷، ۹/۲۸، ۱۱/۲۸، ۵۳/۲۹، ۲۵/۳۹، ۶۶/۴۳

يَشْفِ: (ض) وہ شفا دے گا، وہ اچھا کرے گا۔ شِفَاءٌ سے مضارع۔ ۱۴/۹،

يَشْفَعُ: (ف) وہ شفاعت کرے گا، وہ سفارش کرے گا۔ شفَاعَةٌ سے مضارع۔ ۲۵۵/۲،

يَشْفَعُ: وہ شفاعت کرے گا، وہ سفارش کرے گا۔ ۸۵/۴،

يَشْفَعُوْا: وہ شفاعت کریں گے، وہ سفارش کریں گے۔ ۵۳/۷،

يَشْفَعُوْنَ: وہ شفاعت (سفارش) کریں گے۔ ۲۸/۲۱،

يَشْفِيْنِ: (ض) وہ مجھے شفا دیتا ہے، وہ میری بیماری دور کرتا ہے۔ شِفَاءٌ سے مضارع اصل لفظ يَشْفِيْنِيْ تھا۔ ۸۰/۲۶،

يَشْقٰى: (س) وہ مشقت میں پڑتا ہے، وہ بد بخت ہوتا ہے۔ شِقَاءٌ، شَقْوَةٌ اور شَقَاوَةٌ سے مضارع۔ ۱۲۳/۲۰،

يَشَّقَّقُ: (تفع) وہ شق ہوتا ہے، وہ پھٹ جاتا ہے۔ تَشَقُّقٌ سے مضارع، اصل لفظ يَتَشَقَّقُ تھا، تا کو شین میں بدل کر شین کا شین میں ادغام کر دیا۔ ۷۴/۲،

يَشْكُرُ: (ن) وہ شکر کرے گا۔ شُكْرٌ سے مضارع۔ ۴۰/۲۷، ۱۲/۳۱،

يَشْكُرُوْنَ: وہ شکر کرتے ہیں۔ ۲۴۳/۲، ۵۸/۷، ۶۰/۱۰، ۳۸/۱۲، ۳۷/۱۴، ۳۵/۳۶، ۷۳/۳۶، ۷۳/۲۷، ۶۱/۴۰،

يَشْوِیْ: (ض) وہ جھلس دے گا، وہ بھون دے گا۔ شَیٌّ سے مضارع۔ ۲۹/۱۸،

يَشْهَدْ: (س) اس (مسلمانوں کی جماعت) کو حاضر رہنا چاہئے۔ شُهُوْدٌ اور شَهَادَةٌ سے مضارع۔ ۲/۲۴،

يَشْهَدَ: وہ شہادت دیں گے، وہ گواہی دیں گے۔ ۲۲/۴۱،

يَشْهَدُ: وہ شہادت دیتا ہے، وہ گواہی دیتا ہے ۱۶۶/۴، ۱۰۷/۹، ۱۱/۵۹، ۱/۶۳،

يُشْهِدُ: (اف) وہ گواہ بناتا ہے۔ اِشْهَادٌ سے مضارع۔ ۲۰۴/۲،

يَشْهَدُوْا: وہ گواہی دیتے ہیں، وہ حاضر ہوتے ہیں۔ ۲۸/۲۲،

يَشْهَدُوْنَ: وہ شہادت دیتے ہیں، وہ گواہی دیتے ہیں۔ ۱۶۶/۴، ۱۵۰/۶، ۶۱/۲۱، ۴۷/۲۵

يَشْهَدُهٗ: وہ (مقرب فرشتے) اس کو دیکھتے ہیں، وہ اس کے پاس حاضر ہوتے ہیں۔ ۲۱/۸۳،

يَشَآءُ: (ف) وہ چاہتا ہے۔ مَشِيْئَةٌ سے مضارع، اصل لفظ۔ يَشَاءُ تھا شرط کی وجہ سے الف حذف ہو گیا۔ ۱۳۳/۴، ۳۹/۶، ۱۳۳/۶، ۱۹/۱۴، ۵۴/۱۷، ۱۶/۳۵، ۳۳/۴۲

يَشَاِ: وہ چاہتا ہے۔ ۳۹/۶، ۲۴/۴۲،

ی ص

يُصَبُّ: (ن) وہ ٹپکایا جائے گا، وہ اوپر سے ڈالا جائے گا۔ صَبٌّ سے مضارع مجہول۔ ۱۹/۲۲،

يُصْبِحَ: (اف) وہ ہوتا ہے۔ اِصْبَاحٌ سے مضارع۔ فعل ناقص ہے۔ ۴۱/۱۸،

يُصْبِحُنَّ: وہ ضرور ہو جائیں گے۔ اِصْبَاحٌ سے

مضارع بانون تاکید۔ ۳۰/۲۲،

یُصْبِحُوا: وہ ہوجائیں گے۔ ۵۲/۵،

یَصْبِرُ: (ض) وہ صبر کرتا ہے۔ صَبْرٌ سے مضارع۔ ۹۰/۱۲،

یَصْبِرُوْا: وہ صبر کریں گے۔ ۲۴/۴۱،

یُصِبْکُمْ: (اف) وہ تم کو پہنچ جائے گا۔ اِصَابَةٌ سے مضارع۔ ۲۸/۴۰،

یُصِبْھَا: وہ اس کو پہنچ جائے گا۔ ۲۶۵/۲،

یُصْحَبُوْنَ: (اف) ان کی صحبت اختیار کی جائے گی، ان کا ساتھ دیا جائے گا۔ اِصْحَابٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۳/۲۱،

یَصْدُرُ: (ن) وہ نکلے گا، وہ واپس لوٹے گا۔ وہ ظاہر ہوگا۔ صَدْرٌ اور صُدُوْرٌ سے مضارع۔ ۶/۹۹،

یُصْدِرَ: (اف) وہ لوٹائے گا، وہ ہٹائے گا۔ اِصْدَارٌ سے مضارع۔ ۲۳/۲۸،

یَصَّدَّعُوْنَ: (تفع) وہ متفرق ہوں گے، وہ جدا جدا ہوں گے۔ تَصَدُّعٌ سے مضارع، اصل لفظ یَتَصَدَّعُوْنَ تھا تا کو صاد سے بدل کر صاد کا صاد میں ادغام کردیا۔ ۴۳/۳۰،

یُصَدَّعُوْنَ: (تف) ان کے سر دکھائے جائیں گے۔ ان کو دردسر ہوگا۔ تَصْدِیْعٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۹/۵۶،

یَصْدِفُوْنَ: (ض) وہ کنارہ کرتے ہیں، وہ اعراض کرتے ہیں۔ صَدْفٌ اور صُدُوْفٌ سے مضارع۔ ۴۶/۶، ۱۵۷/۶،

یُصَدِّقُنِیْ: (تف) وہ میری تصدیق کرتے ہیں۔ تَصْدِیْقٌ سے مضارع۔ ۳۴/۲۸،

یَصَّدَّقُوْا: (تفع) وہ صدقہ کریں گے، وہ خیرات کریں گے۔ وہ معاف کریں گے۔ تَصَدُّقٌ سے مضارع، اصل لفظ یَتَصَدَّقُوْا تھا، تا کو صاد سے بدل کر ادغام کردیا۔ ۹۲/۴،

یُصَدِّقُوْنَ: (تف) وہ تصدیق کرتے ہیں، وہ سچ مانتے ہیں۔ تَصْدِیْقٌ سے مضارع۔ ۲۶/۷۰،

یَصُدَّکُمْ: (ن) وہ تم کو روکتا ہے، وہ تم کو منع کرتا ہے۔ صَدٌّ سے مضارع۔ ۹۱/۵، ۴۳/۳۴،

یَصُدَّنَّكَ: (ن) وہ تجھے ضرور روکے گا۔ صَدٌّ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۶/۲۰،

یَصُدُّنَّكَ: وہ آپ کو روکیں گے، وہ آپ کو باز رکھیں گے۔ ۸۷/۲۸،

یَصُدَّنَّکُمْ: وہ تم کو ضرور روکے گا۔ ۶۲/۴۳،

یَصُدُّوْا: وہ روکتے ہیں، وہ باز رکھتے ہیں۔ ۳۶/۸،

یَصُدُّوْنَ: وہ روکتے ہیں، وہ باز رکھتے ہیں ۶۱/۴، ۴۵/۷، ۳۴/۸، ۴۷/۸، ۳۴/۹، ۱۹/۱۱، ۳/۱۴، ۲۵/۲۲، ۵/۶۳،

یَصِدُّوْنَ: (ض) وہ شور کرتے ہیں، وہ چیختے ہیں صَدِیْدٌ سے مضارع۔ ۵۷/۴۳،

یَصُدُّوْنَھُمْ: وہ ان کو روکتے ہیں، وہ ان کو باز رکھتے ہیں۔ ۳۷/۴۳،

یُصِرُّ: (اف) وہ اصرار کرتا ہے، وہ ضد کرتا ہے اِصْرَارٌ سے مضارع۔ ۸/۴۵،

یُصْرَفُ: (ض) وہ ہٹا لیا جائے گا، وہ پھیرا جائے گا۔ صَرْفٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۶/۶،

یُصْرَفُوْنَ: وہ پھیرے جاتے ہیں، وہ ہٹائے جاتے ہیں۔ صَرْفٌ سے مضارع مجہول۔ ۶۹/۴۰،

یَصْرِفُهٗ: وہ اس کو پھیرتا ہے، وہ اس کو ہٹاتا ہے ۴۳/۲۴،

یَصْرِمُنَّھَا: (ض) وہ اس کو ضرور کاٹیں گے، وہ ضرور اس کے پھل توڑ دیں گے۔ صَرْمٌ

سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۷/۶۸،

یُصِرُّوْا: (اف) وہ اصرار کرتے ہیں، وہ ضد کرتے ہیں۔ اِصْرَارٌ سے مضارع ۱۳۵/۳،

یُصِرُّوْنَ: وہ اصرار کرتے ہیں، وہ اڑے ہوئے ہیں۔ ۴۶/۵۶،

یَصْطَرِخُوْنَ: (افت) وہ چیخیں گے، وہ فریاد کریں گے۔ اِصْطِرَاخٌ سے مضارع، اصل لفظ اِصْطِرَاخٌ تھا، اگر باب افتعال کے فاکلمہ میں صاد واقع ہو تو 'تا' کو 'طا' سے بدل دیا جاتا ہے۔ ۳۷/۳۵،

یَصْطَفِیْ: (افت) وہ منتخب کرتا ہے، وہ برگزیدہ بناتا ہے۔ اِصْطِفَاءٌ سے مضارع، یہاں بھی افتعال کی تا کو طا سے بدلا گیا ہے۔ ۷۵/۲۲،

یَصْعَدُ: (س) وہ چڑھتا ہے، وہ پہنچتا ہے۔ صَعُوْدٌ سے مضارع۔ ۱۰/۳۵،

یَصَّعَّدُ: (تفع) وہ مشکل سے چڑھتا ہے۔ تَصَعُّدٌ سے مضارع اصل لفظ یَتَصَعَّدُ تھا، تا کو صاد سے بدل کر ادغام کر دیا گیا۔ ۱۲۵/۶،

یُصْعَقُوْنَ: (اف) وہ بے ہوش کئے جائیں گے، ان کے ہوش اڑ جائیں گے، پہلے معنی میں اِصْعَاقٌ سے اور دوسرے معنی میں صَعِقٌ سے (س) مضارع مجہول۔ ۴۵/۵۲،

یَصْفَحُوْا: (ف) ان کو درگزر کرنا چاہئے۔ صَفْحٌ سے امر غائب۔ ۲۲/۲۴،

یَصِفُوْنَ: (ض) وہ بیان کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں وَصْفٌ سے مضارع۔ ۱۰۰/۶، ۲۲/۲۱، ۹۱/۲۳، ۹۶/۲۳، ۱۵۹/۳۷، ۱۸۰/۳۷، ۸۲/۴۳

یَصِلُ: (ض) وہ پہنچتا ہے۔ وَصْلٌ و وُصُوْلٌ سے مضارع۔ ۱۳۶/۶،

یَصْلَی: وہ داخل ہوگا۔ صِلِیٌّ سے مضارع۔ ۱۲/۸۷،

یَصْلٰی: (س) وہ (آگ) میں داخل ہوگا۔ صَلْیٌ و صِلِیٌّ سے مضارع۔ ۱۲/۸۴،

یَصْلٰهَا: وہ اس (دوزخ) میں داخل ہوگا۔ ۱۸/۱۷، ۱۵/۹۲،

یُصْلَبُ: (ض) وہ سولی دیا جائے گا۔ اس کو پھانسی دی جائے گی۔ صَلْبٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۱/۱۲،

یُصَلَّبُوْا: (تف) ان کو سولی دی جائے گی، ان کو پھانسی دی جائے گی۔ تَصْلِیْبٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۳/۵،

یُصْلِحْ: (اف) وہ اصلاح کرے گا، وہ درست کرے گا۔ اِصْلَاحٌ سے مضارع ۷۱/۳۳،

یُصْلِحُ: وہ اصلاح کرے گا، وہ درست کرے گا۔ ۸۱/۱۰، ۵/۴۷،

یُصْلِحَا: وہ دونوں اصلاح کریں گے، وہ دونوں درست کریں گے۔ ۱۲۸/۴،

یُصْلِحُوْنَ: وہ اصلاح کرتے ہیں، وہ سنوارتے ہیں۔ ۱۵۲/۲۶، ۴۸/۲۷،

یَصِلُوْا: (ض) وہ پہنچیں گے، وَصْلٌ و وُصُوْلٌ سے مضارع۔ ۸۱/۱۱،

یُصَلُّوْا: (تف) ان کو نماز پڑھنی چاہئے۔ تَصْلِیَةٌ سے امر غائب۔ ۱۰۲/۴،

یَصِلُوْنَ: وہ پہنچتے ہیں۔ ۹۰/۴، ۲۱/۱۳، ۳۵/۲۸،

یَصْلَوْنَ: (س) وہ داخل ہوں گے۔ صَلْیٌ سے مضارع۔ ۱۰/۴،

یُصَلُّوْنَ: (تف) وہ رحمت بھیجتے ہیں، وہ درود بھیجتے ہیں۔ تَصْلِیَةٌ سے مضارع۔ ۵۶/۳۳،

یَصْلَوْنَهَا: وہ اس (دوزخ) میں داخل ہوں گے۔ ۲۹/۱۴، ۵۶/۳۸، ۸/۵۸، ۱۵/۸۲

یُصَلِّیْ: وہ نماز پڑھتا ہے، وہ رحمت بھیجتا ہے وہ درود بھیجتا ہے۔ ۳۹/۳، ۴۳/۳۳

یَصُمْهُ: (ن) اس کو اس (رمضان) کے روزے رکھنے چاہئیں۔ صَوْمٌ سے امر غائب۔ ۱۸۵/۲

یَصْنَعُ: (ف) وہ بناتا ہے، وہ کرتا ہے۔ صَنْعٌ سے مضارع۔ ۱۳۷/۷، ۳۸/۱۱

یَصْنَعُوْنَ: وہ بناتے ہیں، وہ کرتے ہیں۔ ۱۴/۵، ۶۳/۵، ۱۱۲/۱۶، ۳۰/۲۴، ۸/۳۵

یُصَوِّرُکُمْ: (تف) وہ تمہاری صورتیں بناتا ہے، وہ پیدا کرتا ہے، اللہ تعالیٰ کا اسم صفت ہے۔ تَصْوِیْرٌ سے مضارع۔ ۶/۳

یُصْهَرُ: (ف) وہ پگھلا دیا جائے گا، وہ گلا دیا جائے گا۔ صَهْرٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۰/۲۲

یُصِیْبُ: (اف) وہ پہنچے گا، وہ برسائے گا۔ اِصَابَةٌ سے مضارع۔ ۱۲۴/۶، ۹۰/۹، ۱۰۷/۱۰، ۱۳/۱۳، ۴۳/۲۴

یُصِیْبَکُمْ: وہ تم کو مصیبت میں مبتلا کرے گا، وہ تم کو پہنچائے گا۔ ۸۹/۱۱

یُصِیْبَکُمُ: وہ تم کو مصیبت میں مبتلا کرے گا، وہ تم کو پہنچائے گا۔ ۵۲/۹

یُصِیْبَنَا: وہ ہم کو مصیبت میں مبتلا کرے گا، وہ ہم کو پہنچائے گا۔ ۵۱/۹

یُصِیْبَهُمْ: وہ ان کو پہنچتا ہے۔ ۴۹/۵، ۶۳/۲۴

یُصِیْبُهُمْ: وہ ان کو پہنچتا ہے۔ ۱۲۰/۹، ۵۱/۳۹

ی ض

یُضَآرَّ: (مفا) ان کو ضرر پہنچایا جائے، ان کو تکلیف پہنچائی جائے۔ ضِرَارٌ سے مضارع ۲۸۲/۲

یُضٰعَفُ: (مفا) وہ بڑھا کر دیا جائے گا، وہ دوگنا کیا جائے گا۔ مُضَاعَفَةٌ سے مضارع مجہول۔ ۶۹/۲۵، ۳۰/۳۳

یُضٰعَفُ: وہ دوگنا کیا جائے گا۔ ۲۰/۱۱، ۱۸/۵۷

یُضٰعِفُ: وہ بڑھاتا ہے، وہ دوگنا کرتا ہے۔ مُضَاعَفَةٌ سے مضارع۔ ۲۶۱/۲

یُضٰعِفْهُ: وہ اس کو بڑھا کر دے گا۔ ۱۷/۶۴

یُضٰعِفَهُ: وہ اس کو بڑھا کر دے گا۔ ۲۴۵/۲، ۱۱/۵۷

یُضٰعِفْهَا: وہ اس (مؤنث) کو بڑھا کر دے گا۔ ۴۰/۴

یُضَاهِئُوْنَ: (مفا) وہ مشابہ ہوتے ہیں، وہ برابری کرتے، وہ ریس کرتے ہیں۔ مُضَاهَئَةٌ سے مضارع۔ ۳۰/۹

یَضْحَکُوْا: (س) ان کو ہنسنا چاہئے۔ ضِحْکٌ سے مضارع۔ ۸۲/۹

یَضْحَکُوْنَ: وہ ہنستے ہیں۔ ضِحْکٌ سے مضارع۔ ۴۷/۴۳، ۲۹/۸۳، ۳۴/۸۳

یَضُرُّ: (ن) وہ ضرر دیتا ہے، وہ نقصان پہنچاتا ہے۔ ضَرٌّ سے مضارع۔ ۱۴۴/۳

یَضْرِبَ: (ض) وہ مارتا ہے، وہ بیان کرتا ہے ضَرْبٌ سے مضارع۔ ۲۶/۲

یَضْرِبُ: وہ مارتا ہے، وہ بیان کرتا ہے۔ ۱۷/۱۳، ۲۵/۱۴، ۳۵/۲۴، ۳/۴۷

یَضْرِبْنَ: ان عورتوں کو ڈال لینا چاہئے، ان کو اوڑھے رہنا چاہئے۔ ضَرْبٌ سے امر غائب۔ ۳۱/۲۴

یَضْرِبْنَ: وہ (پاؤں) مارتی ہیں، وہ (پاؤں) زور سے رکھتی ہیں۔ ضَرْبٌ سے مضارع ۳۱/۲۴

یَضْرِبُوْنَ: وہ مارتے ہیں۔ ۵۰/۸، ۲۷/۴۷

يَضْرِبُوْنَ: وہ چلتے ہیں، وہ سفر کرتے ہیں۔ ٢٠/٧٣،

يَضَّرَّعُوْنَ: (تفع) وہ گڑگڑاتے ہیں، وہ عاجزی کرتے ہیں۔ تَضَرُّعٌ سے مضارع۔ ٩٤/٧،

يَضُرُّكَ: وہ تجھے نقصان پہنچاتا ہے، وہ تجھے تکلیف پہنچاتا ہے۔ ١٠٦/١٠،

يَضُرُّكُمْ: وہ تم کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ تم کو تکلیف دیتا ہے۔ ١٢٠/٣، ١٠٥/٥، ٦٦/٢١،

يَضُرُّنَا: وہ ہم کو ضرر پہنچاتا ہے، وہ ہم کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ ہم کو تکلیف دیتا ہے۔ ٧١/٦،

يَضُرُّوا: وہ نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تکلیف دیتے ہیں۔ ١٧٦/٣، ١٧٧/٣، ٣٢/٤٧،

يَضُرُّوْكَ: وہ تجھے نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تجھے تکلیف دیتے ہیں۔ ٤٢/٥،

يَضُرُّوْكُمْ: وہ تمہیں نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تمہیں تکلیف دیتے ہیں۔ ١١١/٣،

يَضُرُّوْنَ: وہ نقصان پہنچاتے ہیں، وہ تکلیف دیتے ہیں۔ ٧٣/٢٦

يَضُرُّوْنَكَ: وہ تجھے نقصان پہنچائیں گے، وہ تجھے تکلیف دیں گے۔ ١١٣/٤،

يَضُرُّهٗ: وہ اس کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ اس کو تکلیف دیتا ہے۔ ١٢/٢٢،

يَضُرُّهُمْ: وہ ان کو نقصان پہنچاتا ہے، وہ ان کو تکلیف دیتا ہے۔ ١٠٢/٢، ١٨/١٠، ٥٥/٢٥،

يَضَعُ: (ف) وہ دور کرتا ہے، وہ اتارتا ہے۔ وَضْعٌ سے مضارع۔ ١٥٧/٧،

يَضَعْنَ: وہ جنیں گی، وہ پیدا کریں گی۔ ٤/٦٥، ٦/٦٥،

يَضَعْنَ: وہ (زائد کپڑے) اتار رکھیں گی۔ ٦٠/٢٤،

يَضِلُّ: (ض) وہ گمراہ ہوتا ہے، وہ بھٹکتا ہے۔ ضَلَالٌ سے مضارع۔ ١١٧/٦، ١٠٨/١٠، ١٥/١٧، ٥٢/٢٠، ١٢٣/٢٠، ٤١/٣٩،

يُضِلَّ: (اف) وہ گمراہ کرے گا، وہ بہکائے گا اِضْلَالٌ سے مضارع۔ ١٤٤/٦، ١١٥/٩، ٩/٢٢، ٦/٣١، ٨/٣٩، ٤/٤٧،

يُضِلُّ: وہ گمراہ کرے گا، وہ بہکائے گا۔ ٢٦/٢، ٢٧/١٣، ٤/١٤، ٢٧/١٤، ٣٧/١٦، ٩٣/١٦، ٨/٣٥، ٣٤/٤٠، ٧٤/٤٠، ٣١/٧٤،

يُضَلُّ: (اف) وہ گمراہ کئے جائیں گے، وہ بہکائے جائیں گے۔ اِضْلَالٌ سے مضارع مجہول۔ ٣٧/٩،

يُضِلَّكَ: وہ تجھے گمراہ کردے گا، وہ تجھے بہکا دے گا۔ ٢٦/٣٨،

يُضْلِلُ: وہ گمراہ کرتا ہے، وہ بہکاتا ہے۔ اِضْلَالٌ سے مضارع۔ ١٧٨/٧، ٩٧/١٧، ١٧/١٨،

يُضْلِلِ: وہ گمراہ کرتا ہے، وہ بہکاتا ہے۔ ٨٨/٤، ١٤٣/٤، ١٧٨/٧، ١٨٦/٧، ٣٣/١٣، ٩٧/١٧، ١٧/١٨، ٢٣/٣٩، ٣٦/٣٩، ٣٣/٤٠، ٤٤/٤٢، ٤٦/٤٢

يُضْلِلْهُ: وہ اس کو گمراہ کرتا ہے، وہ اس کو بہکاتا ہے۔ ٣٩/٦،

يُضِلُّنَا: وہ ہم کو گمراہ کرتا ہے، وہ ہم کو بہکاتا ہے۔ ٤٢/٢٥،

يُضِلُّوْا: وہ گمراہ کرتے ہیں، وہ بہکاتے ہیں ٨٨/١٠، ٣٠/١٤، ٢٧/٧١،

يُضِلُّوْكَ: وہ تجھ کو گمراہ کرتے ہیں۔ وہ تجھ کو بہکاتے ہیں۔ ١١٣/٤، ١١٦/٦،

يَضِلُّوْنَ: (ض) وہ گمراہ ہوتے ہیں، وہ بھٹکتے ہیں۔ ضَلَالٌ سے مضارع۔ ٢٦/٣٨،

يُضِلُّوْنَ: وہ گمراہ ہوتے ہیں، وہ بھٹکتے ہیں۔ ٦٩/٣، ١١٣/٤، ١١٩/٦،

یُضِلُّوْنَکُمْ: وہ تم کو گمراہ کرتے ہیں، وہ تم کو بہکاتے ہیں۔ ۶۹/۳،

یُضِلُّوْنَهُمْ: وہ ان کو گمراہ کرتے ہیں، وہ ان کو بہکاتے ہیں۔ ۲۵/۱۶،

یُضِلَّهٗ: اس کو گمراہ کر دینا، اس کو بہکا دینا۔ اِضْلَالٌ سے مضارع بمعنی مصدر۔ ۱۲۵/۶،

یُضِلُّهٗ: وہ اس کو گمراہ کرتا ہے۔ ۴/۲۲،

یُضِلَّهُمْ: وہ ان کو گمراہ کرتا ہے، وہ ان کو بہکاتا ہے۔ ۶۰/۴،

یُضِیْعَ: (اف) وہ ضائع کرتا ہے، وہ بے کار کرتا ہے۔ اِضَاعَةٌ سے مضارع۔ ۱۴۳/۲،

یُضِیْعُ: وہ ضائع کرتا ہے، وہ بیکار کرتا ہے۔ ۱۷۱/۳، ۱۲۰/۹، ۱۱۵/۱۱، ۹۰/۱۲،

یُضَیِّفُوْهُمَا: (تف) وہ ان دونوں کی مہمان نوازی (میزبانی) کرتے ہیں، تَضَیُّفٌ سے مضارع۔ ۷۷/۱۸،

یَضِیْقُ: (ض) وہ تنگ ہوتا ہے، وہ گھٹتا ہے۔ ضِیْقٌ سے مضارع۔ ۹۷/۱۵، ۱۳/۲۶،

یُضِیْٓءُ: (اف) وہ روشن ہوتا ہے، وہ چمکتا ہے، وہ جلتا ہے۔ اِضَاءَةٌ سے مضارع۔ ۳۵/۲۴،

ی ط

یُطَاعَ: (اف) اس کی اطاعت کی جائے گی، اس کی فرمانبرداری کی جائے گی۔ اِطَاعَةٌ سے مضارع۔ ۶۴/۴،

یُطَاعُ: اس کی اطاعت (فرمانبرداری) کی جائے گی۔ ۱۸/۴۰،

یُطَافُ: (اف) وہ گھمایا جائے گا، وہ لایا جائے گا۔ اِطَافَةٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۵/۳۷، ۱۷/۴۳، ۱۵/۷۶،

یَطْبَعُ: (ف) وہ مہر لگاتا ہے، وہ بند کرتا ہے۔ طَبْعٌ سے مضارع۔ ۱۰۱/۷، ۵۹/۳۰، ۳۵/۴۰،

یُطِعِ: وہ اطاعت کرتا ہے، وہ فرمانبرداری کرتا ہے۔ اِطَاعَةٌ سے مضارع۔ اصل لفظ یُطِیْعُ تھا۔ مَنْ شرطیہ کی بنا پر یُطِعْ ہوگیا۔ ۱۳/۴، ۶۹/۴، ۸۰/۴، ۵۲/۲۴، ۱۷/۳۳، ۱۷/۴۸،

یُطْعَمُ: (اف) اس کو کھلایا جاتا ہے، اس کو کھانا دیا جاتا ہے۔ اِطْعَامٌ سے مضارع مجہول ۱۴/۶،

یُطْعِمُ: (اف) وہ کھلاتا ہے، وہ کھانا دیتا ہے۔ اِطْعَامٌ سے مضارع۔ ۱۴/۶،

یُطْعِمُنِیْ: وہ مجھے کھلاتا ہے، وہ مجھے کھانا دیتا ہے۔ ۷۹/۲۶،

یُطْعِمُوْنَ: وہ کھانا کھلاتے ہیں، وہ کھانا دیتے ہیں۔ ۸/۷۶،

یُطْعِمُوْنِ: وہ مجھے کھانا کھلاتے ہیں۔ ۵۷/۵۱،

یَطْعَمْهُ: (س) اس نے اس کو کھایا۔ طَعْمٌ سے مضارع۔ ۲۴۹/۲،

یَطْعَمُهٗ: وہ اس کو کھاتا ہے۔ ۱۴۵/۶،

یَطْعَمُهَا: وہ اس کو کھاتا ہے۔ ۱۳۸/۶،

یَطْغٰی: (ف) وہ حد سے تجاوز کرتا ہے۔ وہ سرکشی کرتا ہے۔ طُغْیَانٌ سے مضارع۔ ۴۵/۲۰، ۶/۹۶،

یُطْفِئُوْا: (اف) وہ اس کو بجھاتے ہیں۔ اِطْفَاءٌ سے مضارع۔ ۳۲/۹، ۸/۶۱،

یَطْلُبُهٗ: (ن) وہ اس (دن) کو آلیتی ہے، وہ اس کو ڈھونڈتا ہے۔ طَلَبٌ سے مضارع۔ ۵۴/۷،

یُطْلِعَکُمْ: (اف) وہ تم کو اطلاع کرے گا، وہ تم کو آگاہ کرے گا۔ اِطْلَاعٌ سے مضارع ۱۷۹/۳،

يَطْمِثْهُنَّ: (ض)وہ ان (عورتوں) کے ساتھ سوتا ہے، وہ ان سے جماع کرتا ہے۔ طَمْثٌ سے مضارع۔ ٥٦/٥٥، ٧٤/٥٥

يَطْمَعَ: (ف)وہ طمع کرتا ہے، وہ حرص کرتا ہے، وہ لالچ کرتا ہے۔ طَمْعٌ سے مضارع۔ ٣٢/٣٣

يَطْمَعُ: وہ حرص کرتا ہے، وہ لالچ کرتا ہے۔ طَمْعٌ سے مضارع۔ ٣٨/٧٠، ١٥/٧٤

يَطْمَعُوْنَ: وہ لالچ رکھتے ہیں، وہ آرزو رکھتے ہیں۔ ٤٦/٧

يَطْمَئِنَّ: وہ اطمینان پاتا ہے، وہ سکون پاتا ہے۔ اِطْمِيْنَانٌ سے مضارع۔ ٢٦٠/٢

يَطُوْفُ: (ن)وہ طواف کرتا ہے، وہ گھومتا ہے، وہ چکر لگاتا ہے۔ طَوْفٌ وطَوَافٌ سے مضارع۔ ٢٤/٥٢، ١٧/٥٦، ١٩/٧٦

يَطَّوَّفَ: (تفع)وہ طواف کرتا ہے، وہ گھومتا ہے۔ تَطَوُّفٌ سے مضارع۔ اصل لفظ يَتَطَوَّفُ تھا۔ تا کو طا سے بدل کر طا کا طا میں ادغام کردیا۔ ١٥٨/٢

يَطَّوَّفُوْا: ان کو طواف کرنا چاہئے، ان کو چکر کاٹنے چاہئیں۔ تَطَوُّفٌ سے امر غائب۔ ٢٩/٢٢

يَطُوْفُوْنَ: (ن)وہ طواف کرتے ہیں، وہ چکر لگاتے ہیں۔ ٤٤/٥٥

يُطَوَّقُوْنَ: (تف)ان کو طوق پہنایا جائے گا، ان کے گلے میں پٹہ ڈالا جائے گا۔ تَطْوِيْقٌ سے مضارع مجہول۔ ١٨٠/٣

يُطَهِّرَ: (تف)وہ پاک کرتا ہے۔ تَطْهِيْرٌ سے مضارع۔ ٤١/٥

يُطَهِّرَكُمْ: وہ تم کو پاک کرتا ہے۔ ٦/٥، ١١/٨، ٣٣/٣٣

يَطْهُرْنَ: (ن،ک)وہ (عورتیں) پاک ہوجائیں طُهْرٌ سے مضارع۔ ٢٢٢/٢

يَطَئُوْنَ: (س)وہ پامال کریں گے، وہ چلیں گے۔ وَطْأٌ سے مضارع۔ ١٢٠/٩

يَطِيْرُ: (ض)وہ پرواز کرتا ہے، وہ اڑتا ہے۔ طَيْرٌ اور طَيَرَانٌ سے مضارع۔ ٣٨/٦

يَطَّيَّرُوْا: (تفع)وہ منحوس سمجھتے ہیں، وہ بدشگونی کرتے ہیں۔ تَطَيُّرٌ سے مضارع، اصل لفظ۔ يَتَطَيَّرُوْا تھا، تا کو طا سے بدل کر طا میں ادغام کردیا۔ ١٣١/٧

يُطِيْعُكُمْ: (اف)وہ تمہاری اطاعت کرتا ہے، وہ تمہاری فرمانبرداری کرتا ہے۔ اِطَاعَةٌ سے مضارع۔ ٧/٤٩

يُطِيْعُوْنَ: وہ اطاعت (فرمانبرداری) کرتے ہیں۔ ٧١/٩

يُطِيْقُوْنَهٗ: (اف)وہ اس کی طاقت رکھتے ہیں، وہ اس کی قوت رکھتے ہیں۔ اِطَاقَةٌ سے مضارع۔ ١٨٤/٢

ی ظ

يُظَاهِرُوْا: (مفا)وہ مدد کرتے ہیں، وہ پشت پناہی کرتے ہیں۔ مُظَاهَرَةٌ وظِهَارَةٌ سے مضارع۔ ٤/٩

يُظٰهِرُوْنَ: وہ ظہار کرتے ہیں، وہ بیوی کو ماں کہہ دیتے ہیں۔ مُظَاهَرَةٌ سے مضارع ٢/٥٨، ٣/٥٨

يَظْلَلْنَ: وہ ہوجائیں گے۔ ظَلُوْلٌ سے مضارع فعل ناقص ہے۔ ٣٣/٤٢

يَظْلِمُ: (س) وہ ظلم کرتا ہے، وہ حق تلفی کرتا ہے۔ ظُلْمٌ سے مضارع۔ ١١٠/٤، ١٩/٢٥،

يَظْلِمُ: وہ ظلم کرتا ہے، وہ حق تلفی کرتا ہے۔ ٤٠/٤، ٤٤/١٠، ٤٩/١٨،

يَظْلِمُوْنَ: وہ ظلم (حق تلفی) کرتے ہیں۔ ٥٧/٢، ١١٧/٣، ٩/٧، ١٦٠/٧، ١٦٣/٧، ١٧٧/٧، ٧٠/٩، ٤٤/١٠، ٣٣/١٦، ١١٨/١٦، ٤٠/٢٩، ٩/٣٠، ٤٢/٤٢،

يُظْلَمُوْنَ: ان پر ظلم کیا جائے گا، ان کا حق تلف کیا جائے گا۔ ٢٨١/٢، ٢٥/٣، ١٦١/٣، ٤٩/٤، ١٢٤/٤، ١٦٠/٦، ٤٧/١٠، ٥٤/١٠، ١١١/١٦، ٧١/١٧، ٦٠/١٩، ٦٢/٢٣، ٦٩/٣٩، ٢٢/٤٥، ١٩/٤٦،

يَظْلِمُهُمْ: وہ ان پر ظلم کرتا ہے، وہ ان کا حق تلف کرتا ہے۔ ٧٠/٩، ٤٠/٢٩، ٩/٣٠،

يَظُنُّ: (ن) وہ گمان کرتا ہے، وہ خیال کرتا ہے۔ ظَنٌّ سے مضارع۔ ١٥/٢٢، ٤/٨٣،

يَظُنُّوْنَ: وہ گمان (خیال) کرتے ہیں۔ ٤٦/٢، ٧٨/٢، ٢٤٩/٢، ١٥٤/٣، ٢٤/٤٥،

يُظْهِرَ: (اف) وہ ظاہر کرتا ہے، وہ غالب کرتا ہے۔ اِظْهَارٌ سے مضارع۔ ٢٦/٤٠،

يُظْهِرُ: وہ ظاہر کرتا ہے، وہ غالب کرتا ہے۔ ٢٦/٧٢،

يَظْهَرُوْا: (ف) وہ غالب آئیں گے (بصلہ علیٰ) وہ تمہاری خبر پائیں گے۔ ظُهُوْرٌ سے مضارع۔ ٨/٩، ٢٠/١٨، ٣١/٢٤،

يَظْهَرُوْنَ: وہ غالب آتے ہیں، وہ قابو پاتے ہیں۔ ٣٣/٤٣،

يَظْهَرُوْهُ: وہ اس پر چڑھیں گے۔ ٩٧/١٨،

يُظْهِرَهٗ: وہ اس کو غالب کرتا ہے۔ ٣٣/٩، ٢٨/٤٨، ٩/٦١،

ی ع

يَعْبُدُ: (ن) وہ عبادت کرتا ہے، وہ پوجتا ہے۔ عِبَادَةٌ سے مضارع۔ ٧٠/٧، ٦٢/١١، ٨٧/١١، ١٠٩/١١، ١٠/١٤، ١١/٢٢، ٤٣/٣٤،

يَعْبُدُوْا: وہ عبادت کرتے ہیں، وہ پوجتے ہیں ٣١/٩، ٥/٩٨، ٣/١٠٦،

يَعْبُدُوْنَ: وہ عبادت کرتے ہیں، وہ پوجتے ہیں۔ ١٨/١٠، ١٠٩/١١، ٧٣/١٦، ١٦/١٨، ٤٩/١٩، ٧١/٢٢، ١٧/٢٥، ٥٥/٢٥، ٦٣/٢٨،

يَعْبُدُوْنَ: وہ عبادت کرتے تھے۔ عِبَادَةٌ سے ماضی بعید۔ ٤٠/٣٤، ٤١/٣٤، ٢٢/٣٧،

يُعْبَدُوْنَ: ان کی عبادت کی جاتی ہے۔ عِبَادَةٌ سے مضارع مجہول۔ ٤٥/٤٣،

يَعْبُدُوْنَنِيْ: وہ میری عبادت کرتے ہیں۔ ٥٥/٢٤،

يَعْبَؤُا: (ف) وہ اختیار دیتا ہے، وہ پروا کرے گا، وہ خیال کرے گا۔ عَبْؤٌ اور عَبَاءٌ سے مضارع۔ ٧٧/٢٥،

يَعْتَدُوْنَ: (افت) وہ زیادتی کرتے تھے، وہ حد سے تجاوز کرتے تھے۔ اِعْتِدَاءٌ سے مضارع۔ ٦١/٢، ١١٢/٣، ٧٨/٥،

يَعْتَذِرُوْنَ: (افت) وہ عذر کرتے ہیں، وہ بہانہ کرتے ہیں۔ اِعْتِذَارٌ سے مضارع۔ ٩٤/٩، ٣٦/٧٧

يَعْتَزِلُوْكُمْ: (افت) وہ کنارہ کشی کریں گے، وہ الگ رہیں گے۔ اِعْتِزَالٌ سے مضارع ٩١/٤،

يَعْتَصِمُ: (افت) وہ اعتماد کرتا ہے، وہ مضبوط پکڑتا ہے (بصلہٗ با) اِعْتِصَامٌ سے مضارع ١٠١/٣،

يُعْجِبُ: (اف) وہ تعجب میں ڈالتا ہے، وہ اچھا لگتا ہے، وہ پسند آتا ہے۔ اِعْجَابٌ سے

مضارع۔ ۲۹/۴۸،

یُعْجِبُكَ: وہ تجھے تعجب میں ڈالتا ہے، وہ تجھے پسند آتا ہے۔ ۲۰۴/۲،

یُعْجِزُوْنَ: (اف) وہ عاجزی کریں گے، وہ تھکا دیں گے۔ اِعْجَازٌ سے مضارع۔ ۵۹/۸،

یُعْجِزَهٗ: وہ اس کو عاجز کرے گا۔ وہ اس کو مجبور کرے گا۔ ۴۴/۳۵

یُعَجِّلُ: (تف) وہ عجلت کرتا ہے، وہ جلدی کرتا ہے۔ تَعْجِیْلٌ سے مضارع۔ ۱۱/۱۰،

یَعِدُ: (ض) وہ وعدہ کرتا ہے، وہ ڈراتا ہے۔ وَعْدٌ سے مضارع۔ ۴۰/۳۵،

یَعِدُكُمْ: وہ تم سے وعدہ کرتا ہے۔ ۸۶/۲۰،

یَعِدُكُمْ: وہ تم سے وعدہ کرتا ہے۔ ۳۵/۲۳، ۲۸/۴۸، ۲۶۸/۲،

یَعِدُكُمْ: وہ تم سے وعدہ کرتا ہے، وہ تم کو ڈراتا ہے۔ ۲۶۸/۲، ۷/۸،

یَعْدِلُوْنَ: (ض) وہ عدل کرتے ہیں، وہ انصاف کرتے ہیں، وہ برابر کرتے ہیں۔ عَدْلٌ و عُدُوْلٌ سے مضارع۔ ۱/۶، ۱۵۰/۶، ۱۵۹/۷، ۱۸۱/۷، ۶۰/۲۷،

یَعْدُوْنَ: (ن) وہ حد سے بڑھتے ہیں، وہ زیادتی کرتے ہیں۔ عُدْوَانٌ سے مضارع۔ ۱۶۳/۷

یَعِدُهُمْ: وہ ان سے وعدہ کرتا ہے۔ ۱۲۰/۴،

یَعِدُهُمْ: وہ اس سے وعدہ کرتا ہے۔ ۱۲۰/۴، ۶۴/۱۷،

یُعَذِّبَ: (تف) وہ عذاب دے گا، وہ سزا دے گا۔ تَعْذِیْبٌ سے مضارع۔ ۲۴/۳۳، ۷۳/۳۳، ۶/۴۸،

یُعَذِّبُ: وہ عذاب دے گا، وہ سزا دے گا۔ ۲۸۴/۲،

یُعَذِّبُكُمْ: وہ تم کو عذاب دے گا، وہ تم کو سزا دے گا۔ ۳۹/۹، ۵۴/۱۷، ۱۶/۴۸،

یُعَذِّبُكُمْ: وہ تم کو عذاب دے گا، وہ تم کو سزا دے گا۔ ۱۸/۵،

یُعَذِّبَنَا: وہ ہم کو عذاب دے گا، وہ ہم کو سزا دے گا۔ ۸/۵۸،

یُعَذِّبُهٗ: وہ اس کو عذاب دے گا، وہ اس کو سزا دے گا۔ ۱۷/۴۸،

یُعَذِّبُهٗ: وہ اس کو عذاب دے گا۔ وہ اس کو سزا دے گا۔ ۸۷/۱۸، ۲۴/۸۸،

یُعَذِّبَهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۱۲۸/۳، ۳۳/۸، ۵۵/۹، ۸۵/۹،

یُعَذِّبَهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۳۴/۸

یُعَذِّبْهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۷۴/۹

یُعَذِّبُهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۱۴۷/۴، ۱۰۶/۹،

یُعَذِّبْهُمْ: وہ ان کو عذاب دے گا، وہ ان کو سزا دے گا۔ ۱۴/۹،

یَعْرُجُ: (ن) وہ چڑھتا ہے۔ عُرُوْجٌ سے مضارع۔ ۵/۳۲، ۲/۳۴، ۴/۵۷،

یَعْرُجُوْنَ: وہ چڑھتے ہیں۔ ۱۴/۱۵،

یَعْرِشُوْنَ: (ض، ن) وہ چھت بناتے ہیں، وہ اونچا بناتے ہیں۔ عَرْشٌ وعُرُوْشٌ سے مضارع۔ ۱۳۷/۷، ۶۸/۱۶،

یُعْرِضْ: (اف) وہ اعراض کرے گا، وہ روگردانی کرے گا۔ اِعْرَاضٌ سے مضارع ۱۷/۷۲،

یُعْرَضُ: (ض) وہ سامنے لایا جائے گا، وہ پیش

کیا جائے گا، عَرْضٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۰/۳۶، ۳۴/۴۶

یُعْرِضُوْا: وہ اعراض کرتے ہیں، وہ ٹال دیتے ہیں۔ ۲/۵۴،

یُعْرَضُوْنَ: وہ سامنے لائے جائیں گے، وہ پیش کئے جائیں گے۔ ۱۸/۱۱، ۲۶/۴۰، ۴۵/۴۲،

یُعْرَفُ: (ض) وہ پہچانا جائے گا، وہ شناخت کیا جائے گا۔ عِرْفَانٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۱/۵۵،

یُعْرَفْنَ: وہ پہچانی جائیں گی، وہ شناخت کی جائیں گی۔ ۵۹/۳۳،

یَعْرِفُوْا: وہ پہنچانتے ہیں، وہ شناخت کرتے ہیں۔ عِرْفَانٌ سے مضارع۔ ۶۹/۲۳،

یَعْرِفُوْنَ: وہ پہنچانتے ہیں، وہ شناخت کرتے ہیں۔ ۱۴۶/۲، ۲۰/۶، ۴۶/۷، ۸۳/۱۶،

یَعْرِفُوْنَهٗ: وہ اس کو پہنچانتے ہیں، وہ اس کی شناخت کرتے ہیں۔ ۱۴۶/۲، ۲۰/۶،

یَعْرِفُوْنَهَا: وہ اس کو پہنچانتے ہیں، وہ اس کی شناخت کرتے ہیں۔ ۶۲/۱۲،

یَعْرِفُوْنَهُمْ: وہ ان کو پہنچانتے ہیں، وہ ان کو شناخت کرتے ہیں۔ ۴۸/۷،

یَعْزُبُ: (ن) وہ غائب ہوتا ہے، وہ چھپتا ہے۔ عُزُوْبٌ سے مضارع۔ ۶۱/۱۰، ۳/۳۴،

یَعْشُ: (ن) وہ اندھا بنتا ہے، وہ غفلت کرتا ہے (بصلہ عَنْ) مراد یہ ہے کہ جو اللہ کے ذکر سے اندھا ہو جائے۔ عَشْوٌ سے مضارع۔ ۳۶/۴۳،

یَعْصِ (ض) وہ نافرمانی کرے گا، وہ خلاف کرے گا۔ عِصْیَانٌ سے مضارع، اصل لفظ یَعْصِیْ تھا۔ مَنْ شرطیہ کے آنے سے اس کے آخر سے یا حذف ہوگئی۔ ۱۴/۴، ۳۶/۳۳، ۲۳/۷۲،

یَعْصِرُوْنَ: (ض) وہ نچوڑیں گے۔ عَصْرٌ سے مضارع۔ ۴۹/۱۲،

یَعْصِمُكَ: (ض) وہ آپ ﷺ کی حفاظت کرے گا، وہ آپ کو بچائے گا۔ عِصْمَةٌ سے مضارع۔ ۶۷/۵،

یَعْصِمُكُمْ: وہ تمہاری حفاظت کریگا۔ وہ تم کو بچائے گا. ۱۷/۳۳،

یَعْصِمُنِیْ: وہ میری حفاظت کریگا۔ وہ مجھے بچائے گا. ۴۳/۱۱،

یَعْصُوْنَ: (ض) وہ نافرمانی کرتے ہیں۔ عِصْیَانٌ سے مضارع۔ ۶/۶۶،

یَعْصِیْنَكَ: وہ آپ (ﷺ) کی نافرمانی کرتے ہیں، وہ آپ کے خلاف کریں گے ۱۲/۶۰،

یَعَضُّ: (س) وہ دانت سے کاٹے گا۔ (بصلہ عَلٰی) وہ انتہائی نادم ہوگا۔ عَضٌّ سے مضارع۔ ۲۷/۲۵،

یُعْطَوْا: (اف) ان کو دیا جائے گا۔ اِعْطَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ۵۸/۹،

یُعْطُوا: وہ دیں گے۔ اِعْطَاءٌ سے مضارع۔ ۲۹/۹،

یُعْطِیْكَ: وہ تجھے عطا کرے گا، وہ تجھے دے گا۔ ۵/۹۳،

یَعِظُكُمْ: (ض) وہ تم کو نصیحت کرتا ہے۔ وَعْظٌ سے مضارع۔ ۲۳۱/۲، ۵۸/۴، ۹۰/۱۶،

یَعِظُكُمْ: وہ تم کو نصیحت کرتا ہے۔ ۱۷/۲۴،

یُعَظِّمْ: (تف) وہ تعظیم کرے گا، وہ بڑا سمجھے گا۔ تَعْظِیْمٌ سے مضارع۔ ۳۰/۲۲، ۳۲/۲۲،

یُعْظِمْ: (اف) وہ عظیم کرے گا، وہ بڑا کر کے

دے گا۔ اِعْظَامٌ سے مضارع۔ ٥/٦٥،

یَعِظُهٗ: (ض) وہ اس کو نصیحت کرتا ہے۔ وَعْظٌ سے مضارع۔ ١٣/٣١،

یَعْفُ: (ن) وہ معاف کرے گا، وہ درگزر کرے۔ عَفْوٌ سے مضارع، اصل لفظ یَعْفُوْا تھا، اِن شرطیہ کی جزا ہونے کی بنا پر 'و' حذف ہوگئی۔ ٣٤/٤٢،

یَعْفُوَ: وہ معاف کرتا ہے، وہ رعایت کرتا ہے۔ عَفْوٌ سے مضارع۔ ٩٩/٤،

یَعْفُوَا. وہ معاف کرتا ہے۔ وہ درگزر کرتا ہے۔ ٢٣٧/٢،

یَعْفُوْا: وہ معاف کرتا ہے، وہ درگزر کرتا ہے۔ ١٥/٥، ٢٥/٤٢، ٣٠/٤٢،

یَعْفُوْا: چاہئے کہ وہ معاف (درگزر) کرے ٢٢/٢٤،

یَعْفُوْنَ: وہ معاف کرتے ہیں، وہ درگزر کرتے ہیں۔ ٢٣٧/٢،

یُعَقِّبْ: (تف) وہ پیچھے مڑ کر دیکھتا ہے، وہ پیچھے پھرتا ہے۔ تَعْقِیْبٌ سے مضارع۔ ١٠/٢٧، ٣١/٢٨،

یَعْقِلُوْنَ: (ض) وہ سمجھتے ہیں، وہ غور کرتے ہیں۔ عَقْلٌ سے مضارع ١٦٤/٢، ١٧٠/٢، ١٧١/٢، ٥٨/٥، ١٠٣/٥، ٢٢/٨، ٤٢/١٠، ١٠٠/١٠، ٤/١٣، ١٢/١٦، ٦٧/١٦، ٤٦/٢٢، ٤٤/٢٥، ٣٥/٢٩، ٦٣/٢٩، ٢٤/٣٠، ٢٨/٣٠، ٦٨/٣٦، ٤٣/٣٩، ٥/٤٥، ٤/٤٩، ١٤/٥٩،

یَعْقِلُهَا: وہ اس کو سمجھتا ہے، وہ اس میں غور کرتا ہے۔ ٤٣/٢٩،

یَعْقُوْبَ: حضرت یعقوب علیہ السلام کا اسم گرامی۔ اسرائیل بھی آپ ہی کا عبرانی نام ہے۔ ١٣٣/٢، ١٣٦/٢، ١٤٠/٢، ٨٤/٣، ١٦٣/٤، ٨٤/٦، ٧١/١١، ٦/١٢، ٣٨/١٢، ٦٨/١٢، ٤٩/١٩، ٦/١٩، ٧٢/٢١، ٢٧/٢٩، ٤٥/٣٨،

یَعْقُوْبُ: حضرت یعقوب علیہ السلام کا اسم گرامی۔ ١٣٢/٢،

یَعْکُفُوْنَ: (ن) وہ جمے بیٹھے ہیں، وہ لگے بیٹھے ہیں۔ عُکُوْفٌ سے مضارع۔ ١٣٨/٧،

یَعْلَمْ: (س) وہ علم رکھتا ہے، وہ جانتا ہے۔ عِلْمٌ سے مضارع۔ ٢٨/٧٢، ٥/٩٦، ١٤/٩٦،

یَعْلَمَ: وہ علم رکھتا ہے وہ جانتا ہے۔ ١٤٠/٣، ١٤٢/٣، ١٦٦/٣، ١٦٧/٣، ٩٤/٥، ٥٢/١٢، ٣٩/١٦، ٧٠/١٦، ٥/٢٢، ٥٤/٢٢، ٣٥/٤٢، ٢٥/٥٧، ٢٩/٥٧، ٢٨/٧٢،

یَعْلَمِ: وہ علم رکھتا ہے، وہ جانتا ہے۔ ١٤٢/٣، ٧٠/٨، ١٦/٩،

یَعْلَمُ: وہ علم رکھتا ہے، وہ جانتا ہے۔ ٧٧/٢، ٢١٦/٢، ٢٢٠/٢، ٢٣٢/٢، ٢٣٥/٢، ٢٥٥/٢، ٧/٣، ٢٩/٣، ٦٦/٣، ٦٣/٤، ٩٧/٥، ٩٩/٥، ٣/٦، ٥٩/٦، ٦٠/٦، ٤٢/٩، ٧٨/٩، ١٨/١٠، ٥/١١، ٦/١١، ٨/١٣، ١٩/١٣، ٣٣/١٣، ٤٢/١٣، ١٩/١٦، ...... ٤٧ جگہ

یُعْلَمَ: وہ معلوم ہوجائے گا، اس کو جان لیا جائے گا۔ عِلْمٌ سے مضارع مجہول۔ ٣١/٢٤،

یُعَلِّمٰنِ: (تف) وہ دونوں تعلیم دیتے ہیں۔ وہ دونوں سکھاتے ہیں۔ تَعْلِیْمٌ سے مضارع۔ ١٠٢/٢،

یُعَلِّمُكَ: وہ تجھ کو تعلیم دیتا ہے، وہ تجھ کو سکھاتا ہے۔ ٦/١٢،

یُعَلِّمُکُمْ: وہ تم کو تعلیم دیتا ہے، وہ تم کو سکھاتا ہے۔ ١٥١/٢،

یُعَلِّمُکُمُ: وہ تم کو تعلیم دیتا ہے، وہ تم کو سکھاتا ہے۔ ١٥١/٢، ٢٨٢/٢،

یَعْلَمَنَّ: (س) وہ ضرور معلوم کرے گا، وہ ضرور ظاہر کردے گا۔ عِلْمٌ سے مضارع با نون تاکید۔ ٣/٢٩، ١١/٢٩،

یَعْلَمُوْا: ان کو معلوم ہے، وہ جانتے ہیں۔ عِلْمٌ سے مضارع۔ ٦٣/٩، ٧٨/٩، ٩٧/٩، ١٠٤/٩، ٥٢/١٤،

۲۱/۱۸، ۵۲/۳۹،

يَعْلَمُوْنَ: ان کو معلوم ہے، وہ جانتے ہیں۔ ۱۳/۲، ۲۶/۲، ۷۵/۲، ۷۷/۲، ۷۸/۲، ۱۰۱/۲، ۱۰۲/۲، ۱۰۳/۲، ۱۱۳/۲، ۱۱۸/۲، ۱۴۴/۲، ۱۴۶/۲، ۲۳۰/۲، ۷۵/۳، ۱۳۵/۳، ۱۰۴/۵، ۳۷/۶، ۹۷/۶، ۱۰۵/۶، ۱۱۴/۶، ۳۲/۷، ۱۳۱/۷، ۱۸۲/۷، ۱۸۷/۷، ۳۴/۸،...... ۸۵ جگہ۔

يُعَلِّمُوْنَ: وہ تعلیم دیتے ہیں، وہ سکھاتے ہیں۔ تَعْلِيمٌ سے مضارع۔ ۱۰۲/۲،

يُعَلِّمُهُ: وہ اس کو تعلیم دیتا ہے، وہ اس کو سکھاتا ہے۔ ۴۸/۳، ۱۰۳/۱۶،

يَعْلَمُهُ: وہ اس کو معلوم ہے، وہ اس کو جانتا ہے۔ عِلْمٌ سے مضارع۔ ۱۹۷/۲، ۲۹/۳،

يَعْلَمَهُ: وہ اس کو جانتا ہے۔ ۱۹۷/۲۶،

يَعْلَمُهُ: وہ اس کو جانتا ہے۔ ۲۷۰/۲،

يَعْلَمُهَا: وہ اس (مؤنث) کو جانتا ہے۔ ۵۹/۶،

يَعْلَمُهُمْ: وہ ان کو جانتا ہے۔ ۶۰/۸، ۹/۱۴، ۲۲/۱۸،

يُعَلِّمُهُمُ: وہ ان کو تعلیم دیتا ہے، وہ ان کو سکھاتا ہے۔ ۱۲۹/۲، ۱۶۴/۳، ۲/۶۲،

يُعْلِنُوْنَ: (اف) وہ علانیہ کرتے ہیں، وہ ظاہر کرتے ہیں۔ اِعْلَانٌ سے مضارع۔ ۷۷/۲، ۵/۱۱، ۲۳/۱۶، ۷۴/۲۷، ۶۹/۲۸، ۷۶/۳۶،

يَعْمُرُ: (ن) وہ آباد کرتا ہے، وہ مقیم ہوتا ہے۔ عَمْرٌ اور عُمْرَانٌ سے مضارع۔ ۱۸/۹،

يُعَمَّرَ: (تف) اس کی عمر بڑھائی جاتی ہے، اس کو زیادہ عمر دی جاتی ہے، تَعْمِيرٌ سے مضارع مجہول۔ ۹۶/۲،

يُعَمَّرُ: اس کی عمر بڑھائی جاتی ہے، اس کو عمر زیادہ دی جاتی ہے۔ ۹۶/۲،

يَعْمُرُوا: (س، ن) وہ آباد کرتے ہیں، وہ بساتے ہیں، وہ تعمیر کرتے ہیں۔ عَمْرٌ اور عَمَارَةٌ سے مضارع۔ ۱۷/۹،

يَعْمَلُ: (س) وہ عمل کرتا ہے، وہ کام کرتا ہے۔ عَمَلٌ سے مضارع۔ ۱۱۰/۴، ۱۲۳/۴، ۱۲۴/۴، ۱۱۲/۲۰، ۹۴/۲۱، ۹/۶۴، ۱۱/۶۵، ۷/۹۹، ۸/۹۹،

يَعْمَلْ: چاہئے کہ وہ عمل کرے، چاہئے کہ وہ کام کرے۔ عَمَلٌ سے امر غائب۔ ۱۱۰/۱۸،

يَعْمَلِ: وہ عمل کرتا ہے، وہ کام کرتا ہے۔ ۶۱/۳۷،

يَعْمَلُ: وہ عمل کرتا ہے، وہ کام کرتا ہے۔ ۴۲/۱۴، ۸۴/۱۷، ۱۲/۳۴،

يَعْمَلُوْنَ: وہ عمل کرتے ہیں، وہ کام کرتے ہیں۔ ۹۶/۲، ۱۳۴/۲، ۱۴۱/۲، ۱۲۰/۳، ۱۶۳/۳، ۱۷/۴، ۱۸/۴، ۱۰۸/۴، ۶۲/۵، ۶۶/۵، ۷۱/۵، ۴۳/۶، ۸۸/۶، ۱۰۸/۶، ۱۲۲/۶، ۱۲۷/۶، ۱۳۲/۶، ۱۱۸/۷، ۱۳۹/۷، ۱۴۷/۷، ۱۸۰/۷، ۳۹/۸، ۴۷/۸، ۹/۹، ۱۲۱/۹، ۱۲/۱۰،...... ۵۶ جگہ

يَعْمَهُوْنَ: (ف، س) وہ سرگرداں پھرتے ہیں، وہ بھٹکتے پھرتے ہیں۔ عَمَهٌ سے مضارع ۱۵/۲، ۱۱۰/۶، ۱۸۶/۷، ۱۱/۱۰، ۷۲/۱۵، ۷۵/۲۳، ۴/۲۷،

يَعُوْدُوا: (ن) وہ لوٹے گا، وہ دوبارہ کرے گا۔ عَوْدٌ سے مضارع۔ ۳۸/۸،

يَعُوْدُوْنَ: وہ لوٹتے ہیں، وہ رجوع کرتے ہیں۔ ۳/۵۸، ۸/۵۸،

يَعُوْذُوْنَ: (ن) وہ پناہ مانگتے ہیں (بصلۂ با) عَوْذٌ و مَعَاذٌ سے مضارع۔ ۶/۷۲،

يَعُوْقَ: حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے ایک بت کا نام جو گھوڑے کی شکل کا تھا، اسم علم ہے۔ ۲۳/۷۱،

یَعْیَ: (س) وہ عاجز ہوتا ہے، وہ تھکتا ہے۔ عِیٌّ و عَیَاءٌ سے مضارع۔ ۳۳/۴۶،

یُعِیْدُ: (اف) وہ اعادہ کرے گا، وہ دوبارہ کرے گا، وہ لوٹائے گا۔ اِعَادَۃٌ سے مضارع۔ ۴۹/۳۴، ۱۳/۸۵،

یُعِیْدَکُمْ: وہ تم کو دوبارہ (دریا میں) لے جائے گا، وہ تم کو لوٹائے گا۔ ۶۹/۱۷،

یُعِیْدُکُمْ: وہ تم کو (زمین میں) لوٹائے گا، وہ تم کو پھیرے گا۔ ۱۸/۷۱،

یُعِیْدُنَا: وہ ہم کو لوٹائے گا۔ ۵۱/۱۷،

یُعِیْدُوْکُمْ: وہ تم کو لوٹالیں گے۔ ۲۰/۱۸،

یُعِیْدُہٗ: وہ اس کو لوٹاتا ہے۔ ۴/۱۰، ۳۴/۱۰، ۶۴/۲۷، ۱۹/۲۹، ۱۱/۳۰، ۲۷/۳۰،

ی غ

یُغَاثُ: (ض) خوب بارش ہوگی، خوب مینہ برسایا جائے گا۔ غَیْثٌ سے مضارع مجہول۔ ۴۹/۱۲،

یُغَاثُوْا: (اف) ان کی فریادرسی کی جائے گی۔ اِغَاثَۃٌ سے مضارع مجہول، جواب شرط ہونے کی بنا پر آخر سے نون حذف ہوگیا۔ ۲۹/۱۸،

یُغَادِرُ: (مفا) وہ چھوڑتا ہے، وہ باقی رکھتا ہے۔ مُغَادَرَۃٌ سے مضارع۔ ۴۹/۱۸،

یَغْتَبْ: (افت) وہ غیبت کرتا ہے، وہ پس پشت برائی کرتا ہے۔ اِغْتِیَابٌ سے مضارع۔ ۱۲/۴۹،

یَغُرُّکَ: (ن) وہ تجھے فریب دیتا ہے، وہ تجھے دھوکا دیتا ہے۔ غُرُوْرٌ سے مضارع ۴/۴۰،

یُغْرِقَکُمْ: (اف) وہ تم کو غرق کرتا ہے، وہ تم کو ڈبوتا ہے۔ اِغْرَاقٌ سے مضارع۔ ۶۹/۱۷،

یَغُرَّنَّکَ: وہ تجھے ضرور فریب دے گا، وہ تجھے ضرور دھوکا دے گا۔ غُرُوْرٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ۱۹۶/۳،

یَغُرَّنَّکُمْ: وہ تمہیں ضرور فریب (دھوکہ) دے گا۔ ۳۳/۳۱، ۵/۳۵،

یَغْشٰی: (س) وہ ڈھانک لے گا، وہ عام ہوگا غَشْیٌ اور غَشَیَانٌ سے مضارع۔ ۱۱/۴۴، ۱۶/۵۳،

یَغْشٰی: وہ چھپائے گا، وہ ڈھانک لے گا۔ ۱۵۴/۳، ۱۶/۵۳، ۱/۹۲

یُغْشٰی: اس پر غشی لائی جاتی ہے، اس پر بے ہوشی طاری کی جاتی ہے۔ غَشْیٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۹/۳۳،

یَغْشٰہُ: وہ اس پر چھا جائے گا، وہ اس کو ڈھانک لے گا۔ ۴۰/۲۴،

یَغْشٰہَا: وہ اس کو چھپالے گا، وہ اس پر پردہ ڈال دے گا۔ ۴/۹۱،

یَغْشٰہُمْ: وہ ان پر چھا جائے گا، وہ ان کو ڈھانک لے گا۔ ۵۵/۲۹،

یُغْشِی: (اف) وہ اڑھاتا ہے، وہ ڈھانک دیتا ہے۔ اِغْشَاءٌ سے مضارع۔ ۵۴/۷، ۳/۱۳

یُغَشِّیْکُمُ: (تف) وہ تم کو اُڑھاتا ہے، وہ تم کو ڈھانک دے گا۔ تَغْشِیَۃٌ سے مضارع ۱۱/۸،

یَغْضُضْنَ: (ن) وہ (عورتیں) نیچی رکھیں، وہ بند رکھیں۔ غَضٌّ سے امر غائب۔ ۳۱/۲۴

یَغُضُّوْا: وہ نیچی رکھیں، وہ بند رکھیں۔ ۳۰/۲۴،

یَغُضُّوْنَ: وہ نیچی رکھتے ہیں، وہ بند رکھتے ہیں۔ ۳/۴۹،

یَغْفِرُ: (ض) وہ مغفرت کرتا ہے، وہ بخشتا ہے۔ مَغْفِرَۃٌ سے مضارع۔ ۳۱/۳، ۲۹/۸، ۷۰/۸، ۱۲۹/۳

۳۱/۳۶، ۲۸/۵۷، ۱۲/۶۱، ۱۷/۶۴، ۴/۷۱،

یَغفِرَ: وہ مغفرت کرتا ہے، وہ بخشش کرتا ہے۔ ۱۳۷/۴، ۱۶۸/۴، ۸۰/۹، ۱۰/۱۴، ۳۷/۳۰، ۲۲/۲۴، ۵۱/۲۶، ۸۲/۲۶، ۳۴/۴۷، ۲/۴۸، ۶/۹۳،

یَغفِرُ: وہ مغفرت کرتا ہے، وہ بخشش کرتا ہے۔ ۲۸۴/۲، ۱۲۹/۳، ۱۳۵/۳، ۴۸/۴، ۱۱۶/۴، ۱۸/۵، ۴۰/۵، ۹۲/۱۲، ۵۳/۳۹، ۱۴/۴۸،

یُغفَرُ: اس کی مغفرت کردی جائے گی، اس کو بخش دیا جائے گا۔ مَغفِرَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۶۹/۷،

یَغفِرُوا: چاہئے کہ وہ معاف کردیں۔ مَغفِرَۃٌ سے امر غائب۔ ۱۴/۴۵،

یَغفِرُونَ: وہ معاف کرتے ہیں۔ ۳۷/۴۲

یَغُلَّ: (ن) وہ خیانت کرتا ہے، وہ چھپاتا ہے۔ غَلٌّ اور غُلُولٌ سے مضارع۔ ۱۶۱/۳،

یَغلِبُ: (ض) وہ غالب ہوجائے گا، وہ قابو پالے گا۔ غَلَبَۃٌ سے مضارع۔ ۲۱/۵۸

یَغلِبُوا: وہ غالب آجائیں گے، وہ فتح پالیں گے، اصل لفظ یَغلِبُونَ تھا، جواب شرط ہونے کی بنا پر آخر سے نون حذف ہوگیا ۶۵/۸، ۶۶/۸،

یَغلِبُونَ: وہ غالب آجائیں گے۔ ۳/۳۰

یُغلَبُونَ: وہ مغلوب ہوں گے، ان پر غلبہ پایا جائے گا۔ غَلَبَۃٌ سے مضارع مجہول۔ ۳۶/۸

یَغلُلْ: (ن) وہ خیانت کرے گا، وہ چھپائے گا۔ غَلٌّ اور غُلُولٌ سے مضارع۔ ۱۶۱/۳،

یَغلِي: (ض) وہ جوش مارے گا، وہ ابلے گا۔ غَلْيٌ سے مضارع۔ ۴۵/۴۴

یُغنِ: (افـ) وہ غنی کرتا ہے، وہ بے احتیاج کرتا ہے۔ اِغنَاءٌ سے مضارع۔ ۱۳۰/۴،

یَغنَوا: (س) وہ قیام کرتے ہیں، وہ بستے ہیں، وہ رہتے ہیں۔ غِنَـی غَنٌی سے مضارع۔ ۹۲/۷، ۶۸/۱۱، ۹۵/۱۱،

یُغنُوا: (اف) وہ کفایت کریں گے، وہ کام آئیں گے۔ اِغنَاءٌ سے مضارع، اصل لفظ یُغنُی تھا، اِنْ شرطیہ کی جزا ہونے کی بنا پر آخر سے ی حذف ہوگئی۔ ۱۹/۴۵،

یُغنِهِمُ: وہ ان کو غنی کرے گا، وہ ان کو مالدار کرے گا۔ ۳۲/۲۴

یُغنِي: وہ مجھے غنی کرے گا، وہ مجھے مالدار کرے گا۔ وہ مجھے مشغول رکھے گا۔ وہ مجھے بے نیاز کردے گا۔ وہ فائدہ دے گا۔ ۳۶/۱۰، ۶۸/۱۲، ۴۲/۱۹، ۴۱/۴۴، ۱۰/۴۵، ۴۶/۵۲، ۲۸/۵۳، ۳۱/۷۷، ۷/۸۸، ۱۱/۹۲،

یُغنِیَا: وہ دونوں کام آئیں گے، وہ دونوں فائدہ دیں گے۔ اِغنَاءٌ سے مضارع۔ ۱۰/۶۶،

یُغنِیَکُمُ: وہ تم کو غنی کرے گا، وہ تم کو مالدار کرے گا۔ ۲۸/۹،

یُغنِیهِ: وہ اس کو غنی کرے گا، وہ اس کو بے احتیاج کرے گا۔ ۳۷/۸،

یُغنِیَهُمُ: وہ ان کو غنی کردے گا، وہ ان کو مالدار بنادے گا۔ ۳۳/۲۴

یَغُوثَ: حضرت نوح علیہ السلام کی قوم کے پانچ بتوں میں سے ایک کا نام جو شیر کی شکل کا تھا۔ ۲۳/۷۱

یَغُوصُونَ: (ن) وہ ڈبکی لگاتے ہیں، وہ غوطہ مارتے ہیں۔ غَوصٌ سے مضارع۔ ۸۲/۲۱

یُغوِیَکُمُ: (اف) وہ تم کو گمراہ کردے گا، وہ تم کو بھٹکا دے گا۔ اِغوَاءٌ سے مضارع۔ ۳۴/۱۱

يُغَيِّرُ: (تف) وہ بدلتا ہے، تَغَیُّرٌ سے مضارع۔ ١١/١٣،
يُغَيِّرُنَّ: وہ ضرور بدل دیں گے، وہ ضرور بگاڑ دیں گے۔ تَغَیُّرٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ١١٩/٤،
يُغَيِّرُوْا: وہ بدلتے ہیں۔ ٥٣/٨، ١١/١٣،
يَغِيْظَ: (ض) وہ غصہ دلاتا ہے، وہ ناراض کرتا ہے۔ غَيْظٌ سے مضارع۔ ٢٩/٤٨،
يَغِيْظُ: وہ غصہ دلاتا ہے، وہ ناراض کرتا ہے۔ ١٢٠/٩، ١٥/٢٢،

ی ف

يَفْتَحِ: وہ کھولتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے۔ فَتْحٌ سے مضارع۔ ٢/٣٥،
يَفْتَحُ: وہ کھولتا ہے، وہ فیصلہ کرتا ہے۔ ٢٦/٣٤،
يَفْتَدُوْا: (افت) وہ فدیہ دیں گے۔ وہ بدلہ میں دے کر چھوٹ جائیں گے۔ اِفْتِدَاءٌ سے مضارع۔ ٣٦/٥،
يَفْتَدِىْ: وہ فدیہ دیتا ہے، وہ بدلہ میں دیتا ہے۔ ١١/٧٠،
يُفَتَّرُ: (تف) وہ ہلکا کیا جائے گا، وہ کم کیا جائے گا۔ تَفْتِيْرٌ سے مضارع مجہول۔ ٧٥/٤٣،
يُفْتَرٰى: وہ اپنی طرف سے بنایا جائے گا، وہ کھڑا کیا جائے گا۔ اِفْتِرَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ٣٧/١٠، ١١١/١٢،
يَفْتَرُوْنَ: (افت) وہ افترا کرتے ہیں، وہ بہتان لگاتے ہیں۔ اِفْتِرَاءٌ سے مضارع۔ ٢٤/٣، ٥٠/٤، ١٠٣/٥، ١١/٦، ١١٢/٦، ١٣٧/٦، ١٣٨/٦، ٥٣/٧، ٣٠/١٠، ٦٠/١٠، ٦٩/١٠، ٢١/١١، ٨٧/١٦، ١١٦/١٦، ٧٥/٢٨، ١٣/٢٩، ٢٨/٤٦،
يَفْتُرُوْنَ: (ن) وہ موقوف ہوتے ہیں، وہ رکتے ہیں، وہ تھمتے ہیں۔ فَتُوْرٌ سے مضارع۔ ٢٠/٢١،
يَفْتَرِىْ: وہ افترا کرتے ہیں، وہ بہتان تراشی کرتے ہیں۔ اِفْتِرَاءٌ سے مضارع۔ ١٠٥/١٦،
يَفْتَرِيْنَهٗ: وہ اس کو گھڑتی ہیں۔ ١٢/٦٠،
يَفْتِنَكُمُ: (ض) وہ تم کو فتنہ میں ڈال دے گا، وہ تم کو مصیبت میں ڈال دے گا۔ فَتْنٌ و فُتُوْنٌ سے مضارع۔ ١٠١/٤،
يَفْتِنَنَّكُمُ: وہ تم کو ضرور فتنہ میں ڈال دے گا، وہ تم کو ضرور گمراہ کر دے گا۔ ٢٧/٧،
يَفْتِنُوْكَ: وہ تجھ کو گمراہ کر دیں گے، وہ تجھ کو بہکا دیں گے۔ ٤٩/٥،
يُفْتَنُوْنَ: ان کو فتنہ میں ڈالا جائے گا، وہ مصیبت میں مبتلا کئے جائیں گے۔ فَتْنٌ و فِتْنَةٌ سے مضارع مجہول۔ ١٢٦/٩، ٢/٢٩، ١٣/٥١،
يَفْتِنُوْنَكَ: وہ تجھ کو بہکا دیں گے، وہ تجھ کو پھسلا دیں گے۔ ٧٣/١٧،
يَفْتِنَهُمْ: وہ ان کو تکلیف دے گا، وہ ان کو پریشانی میں مبتلا کرے گا۔ ٨٣/١٠،
يُفْتِيْكُمْ: (اف) وہ تم کو فتوٰی دیتا ہے، وہ تم کو فیصلہ سناتا ہے۔ اِفْتَاءٌ سے مضارع۔ ١٢٧/٤، ١٧٦/٤،
يَفْجُرَ: (ن) وہ نافرمانی کرتا ہے، وہ کھلے عام گناہ کرتا ہے۔ فُجُوْرٌ سے مضارع۔ ٥/٧٥،
يُفَجِّرُوْنَهَا: (تف) وہ بہا کر لے جائیں گے، وہ نکال کر لے جائیں گے۔ تَفْجِيْرٌ سے مضارع۔ ٦/٧٦،
يَفِرُّ: (ض) وہ فرار ہوگا، وہ بھاگے گا۔ فِرَارٌ سے مضارع۔ ٣٤/٨٠
يَفْرَحُ: (س) وہ فرحت پائے گا، وہ خوش ہوگا، فَرْحٌ

سے مضارع۔ ٤٠/٣٠،

يَفْرَحُوْا: وہ خوش ہوں گے۔ ١٢٠/٣،

يَفْرَحُوْا: ان کو خوش ہونا چاہئے، وہ فَرْحٌ سے امر غائب۔ ٥٨/١٠،

يَفْرَحُوْنَ: وہ خوش ہوتے ہیں۔ ١٨٨/٣، ٣٦/١٣،

يَفْرُطَ: (ن) وہ حد سے بڑھتا ہے، وہ زیادتی کرتا ہے (بصلۂ علیٰ) فَرْطٌ سے مضارع۔ ٤٥/٢٠،

يُفَرِّطُوْنَ: (تف) وہ کوتاہی کرتے ہیں، وہ زیادتی کرتے ہیں۔ تَفْرِيْطٌ سے مضارع ٦١/٦،

يُفْرَقُ: (ن) وہ فیصلہ کیا جاتا ہے، وہ طے کیا جاتا ہے۔ فَرْقٌ سے مضارع مجہول۔ ٤/٤٤،

يُفَرِّقُوْا: (تف) وہ تفریق کرتے ہیں، وہ پھوٹ ڈالتے ہیں (بصلۂ بین) تَفْرِيْقٌ سے مضارع۔ ١٥٠/٤، ١٥٢/٤،

يَفْرَقُوْنَ: (س) وہ ڈرتے ہیں، وہ خوف کھاتے ہیں۔ فَرْقٌ سے مضارع ٥٦/٩،

يُفَرِّقُوْنَ: وہ تفریق کرتے ہیں، وہ پھوٹ ڈالتے ہیں (بصلۂ بین)۔ ١٠٢/٢،

يَفْسَحِ: (ف) وہ (اللہ تم کو جنت میں) کھلی جگہ دے گا، وہ کشادہ جگہ دے گا۔ فَسْحٌ سے مضارع۔ ١١/٥٨،

يُفْسِدَ: (اف) وہ فساد پھیلائے گا، وہ خراب کرے گا۔ اِفْسَادٌ سے مضارع۔ ٢٠٥/٢،

يُفْسِدُ: وہ فساد پھیلاتا ہے، وہ خرابی کرتا ہے۔ ٣٠/٢،

يُفْسِدُوْا: وہ فساد پھیلائیں گے، وہ خراب کریں گے۔ ١٢٧/٧،

يُفْسِدُوْنَ: وہ فساد پھیلاتے ہیں۔ ٢٧/٢، ٢٥/١٣، ٨٨/١٦، ١٥٢/٢٦، ٤٨/٢٧،

يَفْسُقُوْنَ: (ن) وہ فسق کرتے ہیں، وہ گناہ کرتے ہیں، وہ نافرمانی کرتے ہیں۔ فِسْقٌ سے مضارع۔ ٥٩/٢، ٤٩/٦، ١٦٣/٧، ١٦٥/٧، ٣٤/٢٩،

يَفْصِلُ: (ض) وہ فیصلہ کریگا۔ وہ طے کریگا (بصلۂ بین) فَصْلٌ سے مضارع. ١٧/٢٢، ٢٥/٣٢، ٣/٦٠،

يُفَصِّلُ: (تف) وہ تفصیل سے بیان کرتا ہے، وہ کھولتا ہے تَفْصِيْلٌ سے مضارع۔ ٥/١٠، ٢/١٣،

يَفْعَلُ: (ف) وہ کرتا ہے۔ فَعْلٌ سے مضارع۔ ٢٣١/٢، ٢٨/٣، ٣٠/٤، ١١٤/٤، ٣٢/١٢، ٦٨/٢٥، ٩/٦٣،

يَفْعَلُ: وہ کرتا ہے۔ ٨٥/٢، ٢٥٣/٢، ٤٠/٣، ١٢٧/٤، ٢٧/١٤، ٢٣/٢١، ١٤/٢٢، ١٨/٢٢، ٤٠/٣٠،

يُفْعَلَ: وہ کیا جائے گا۔ فَعْلٌ سے مضارع مجہول۔ ٢٥/٧٥،

يُفْعَلُ: وہ کیا جائے گا۔ ٩/٤٦،

يَفْعَلُوْا: وہ کرتے ہیں۔ ١١٥/٣، ١٨٨/٣،

يَفْعَلُوْنَ: وہ کرتے ہیں۔ ١٧/٢، ٩٧/٥، ١٥٩/٦، ٣٦/١٠، ٥٠/١٦، ٤١/٢٤، ٤٣/٢٦، ٢٢٦/٢٦، ٣٤/٢٧، ٧٠/٣٩، ٦/٦٦، ٣٦/٨٣، ٧/٨٥،

يَفْعَلُهُ: وہ اس کو کرتا ہے۔ ١/٦٠،

يَفْقَهُوْا: (س) وہ سمجھیں گے، فِقْهٌ سے مضارع۔ ٢٨/٢٠،

يَفْقَهُوْنَ: وہ سمجھتے ہیں، وہ جانتے ہیں۔ ٧٨/٤، ٦٥/٦، ٩٨/٦، ١٧٩/٧، ٦٥/٨، ٨١/٩، ٨٧/٩، ١٢٧/٩، ٩٣/١٨، ١٥/٤٨، ١٣/٥٩، ٣/٦٣، ٧/٦٣،

يَفْقَهُوْهُ: وہ اس کو سمجھتے ہیں، وہ اس کو جانتے ہیں۔ ٢٥/٦، ٤٦/١٧، ٥٧/١٨،

يُفْلِحُ: (اف) وہ فلاح پائے گا، وہ کامیاب ہوگا۔ اِفْلَاحٌ سے مضارع۔ ١٣٥/٦، ١٧/١٠، ٧٧/١٠، ٢٣/١٢، ٦٩/٢٠، ١١٧/٢٣، ٣٧/٢٨، ٨٢/٢٨، ٢١/٦،

يُفْلِحُوْنَ: وہ فلاح پائیں گے، وہ کامیاب ہوں

گے۔ ٦٩/١٠، ١١٦/١٦،

ی ق

یُقَاتِلُ: (مفا) وہ قتال کرتا ہے، وہ لڑتا ہے۔ مُقَاتَلَۃٌ سے مضارع۔ ٧٤/٤،

یُقَاتِلْ: چاہئے کہ وہ قتال کرے، چاہئے کہ وہ لڑے۔ مُقَاتَلَۃٌ سے امر غائب۔ ٧٤/٤،

یُقَاتِلُوْا: وہ قتال کرتے ہیں، وہ لڑتے ہیں۔ ٩٠/٤،

یُقَاتِلُوْکُمْ: وہ تم سے قتال کرتے ہیں، وہ تم سے لڑتے ہیں۔ ١١١/٣، ٩٠/٤، ٨/٦٠،

یُقٰتِلُوْکُمْ: وہ تم سے قتال کرتے ہیں۔ وہ تم سے لڑتے ہیں۔ ١٩١/٢،

یُقٰتَلُوْنَ: ان سے قتال کیا جائے گا، ان سے جنگ کی جائے گی۔ قِتَالٌ سے مضارع مجہول۔ ٣٩/٢٢،

یُقَاتِلُوْنَ: وہ قتال کرتے ہیں، وہ لڑتے ہیں۔ قِتَالٌ سے مضارع۔ ٧٦/٤، ١١١/٩، ٤/٦١، ٢٠/٧٣،

یُقَاتِلُوْنَکُمْ: وہ تم سے قتال کرتے ہیں، وہ تم سے لڑتے ہیں۔ قِتَالٌ سے مضارع۔ ١٩٠/٢، ٢١٧/٢، ٣٦/٩، ١٤/٥٩،

یُقَالُ: (ن) وہ کہا جاتا ہے، وہ بولا جاتا ہے۔ قَوْلٌ سے مضارع مجہول۔ ٦٠/٢١، ٤٣/٤١، ١٧/٨٣،

یَقْبِضُ: (ض) وہ (اللہ تعالیٰ) بند کرتا ہے، وہ کمی کرتا ہے، وہ تنگی کرتا ہے۔ قَبْضٌ سے مضارع۔ ٢٤٥/٢،

یَقْبِضْنَ: وہ سمیٹتی ہیں، وہ بند کرتی ہیں، وہ سکیڑتی ہیں۔ قَبْضٌ سے مضارع۔ ١٩/٦٧،

یَقْبِضُوْنَ: وہ بند کرتے ہیں، وہ روکتے ہیں، وہ بخل کرتے ہیں۔ ٦٧/٩،

یَقْبَلُ: وہ قبول کرتا ہے۔ قُبُوْلٌ سے مضارع۔ ١٠٤/٩، ٢٥/٤٢،

یُقْبَلَ: وہ قبول کیا جائے گا۔ ٨٥/٣، ٩١/٣،

یُقْبَلُ: وہ قبول کیا جائے گا۔ ٤٨/٢، ١٢٣/٢،

یَقْتَتِلٰنِ: (افت) وہ دونوں قتال کرتے ہیں، وہ دونوں لڑتے ہیں۔ اِقْتِتَالٌ سے مضارع ١٥/٢٨،

یَقْتَرِفْ: (افت) وہ نیکی کرے گا، وہ کمائے گا۔ اِقْتِرَافٌ سے مضارع۔ ٢٣/٤٢،

یَقْتَرِفُوْا: وہ کمائیں گے، وہ ارتکاب کریں گے۔ ١١٣/٦،

یَقْتَرِفُوْنَ: وہ کماتے ہیں، وہ ارتکاب کرتے ہیں۔ ١٢٠/٦،

یَقْتُرُوْا: (ن) وہ تنگی کرتے ہیں، وہ بخل کرتے ہیں۔ وہ کنجوسی کرتے ہیں۔ قَتْرٌ سے مضارع۔ ٦٧/٢٥،

یَقْتُلْ: (ن) وہ قتل کرتا ہے، وہ مار ڈالتا ہے۔ قَتْلٌ سے مضارع۔ ٩٣/٤،

یَقْتُلَ: وہ قتل کرتا ہے، وہ مار ڈالتا ہے۔ ٩٢/٤،

یُقْتَلْ: وہ قتل کیا جائے گا، اسے مار ڈالا جائے گا، قُتِلٌ سے مضارع مجہول۔ ٧٤/٤

یُقْتَلُ: وہ قتل کیا جائے گا۔ ١٥٤/٢،

یَقْتُلْنَ: وہ قتل کریں گی، وہ مار ڈالیں گی۔ ١٢/٦٠،

یُقَتَّلُوْا: (تف) وہ خوب قتل کرتے ہیں تَقْتِیْلٌ سے مضارع۔ ٣٣/٥

یَقْتُلُوْکَ: وہ تجھ کو قتل کرتے ہیں۔ ٣٠/٨، ٢٠/٢٨،

یَقْتُلُوْنَ: وہ قتل کرتے ہیں۔ قَتْلٌ سے مضارع۔ ٦١/٢، ٢١/٣، ١١٢/٣، ٧٠/٥، ١١١/٩، ٦٨/٢٥،

یَقْتُلُوْنَ: وہ قتل کرتے ہیں۔ ۱۴/۲۶، ۳۳/۲۸

یُقْتَلُوْنَ: وہ قتل کئے جاتے ہیں۔قَتْلٌ سے مضارع مجہول۔ ۱۱۱/۹،

یُقَتِّلُوْنَ: وہ خوب قتل کرتے ہیں، وہ خوب ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہیں۔تَقْتِیْلٌ سے مضارع۔ ۱۴۱/۷،

یَقْتُلُوْنَنِیْ: وہ مجھے قتل کرتے ہیں۔ ۱۵۰/۷،

یَقْدِرَ: (ض،س،ن) وہ قادر ہوگا، اس کا بس چلے گا۔قُدُوْرٌ وقُدْرَۃٌ سے مضارع۔ ۵/۹۰،

یَقْدِرُ: وہ قدرت رکھتا ہے، وہ اختیار رکھتا ہے۔ ۷۵/۱۶ ۷۶/۱۶

یَقْدِرُ: (ض) وہ (رزق) تنگ کرتا ہے، وہ کم کرتا ہے۔قَدْرٌ سے مضارع۔ ۲۶/۱۳، ۳۰/۱۷، ۸۲/۲۸، ۶۲/۲۹، ۳۷/۳۰ ۳۶/۳۴ ۳۹/۳۴ ۵۲/۳۹ ۱۲/۴۲

یُقَدِّرُ: (تف) وہ اندازہ رکھتا ہے، وہ مقرر کرتا ہے۔تَقْدِیْرٌ سے مضارع۔ ۲۰/۷۳،

یَقْدِرُوْنَ: (ض) وہ قدرت رکھتے ہیں، وہ اختیار رکھتے ہیں۔قُدْرَۃٌ سے مضارع۔ ۲۶۴/۲، ۱۸/۱۴ ۲۹/۵۷

یَقْدُمُ: (ن) وہ آگے چلے گا، وہ پیشوائی کرے گا۔قَدْمٌ سے مضارع۔ ۹۸/۱۱،

یَقْذِفُ: (ض) وہ غالب کرتا ہے، وہ نازل کرتا ہے، وہ پھینکتا ہے، وہ ڈالتا ہے، وہ تیر اندازی کرتا ہے۔قَذْفٌ سے مضارع۔ ۴۸/۳۴،

یَقْذِفُوْنَ: وہ پھینکتے ہیں، وہ تیر اندازی کرتے ہیں، وہ ہانکتے ہیں۔ ۵۳/۳۴،

یُقْذَفُوْنَ: ان پر انگارے پھینک کر مارے جاتے ہیں۔قَذْفٌ سے مضارع مجہول ۸/۳۷،

یَقْرَبُوْا: (س) وہ قریب آتے ہیں، وہ نزدیک آتے ہیں۔قُرْبٌ سے مضارع مجہول۔ ۲۸/۹،

یُقَرِّبُوْنَا: (تف) وہ ہم کو قریب کریں گے، وہ ہم کو مقرب بنادیں گے۔تَقْرِیْبٌ سے مضارع۔ ۳/۳۹،

یُقْرِضُ: (اف) وہ قرض دیتا ہے، وہ ادھار دیتا ہے۔اِقْرَاضٌ سے مضارع۔ ۲۴۵/۲، ۱۱/۵۷،

یَقْرَءُوْنَ: (ف) وہ پڑھتے ہیں۔قِرَاءَۃٌ سے مضارع۔ ۹۴/۱۰، ۷۱/۱۷،

یُقْسِمُ: (اف) وہ قسم کھائیں گے۔اِقْسَامٌ سے مضارع۔ ۵۵/۳۰،

یُقْسِمٰنِ: وہ دونوں قسم کھائیں گے۔ ۱۰۶/۵، ۱۰۷/۵،

یَقْسِمُوْنَ: (ض) وہ تقسیم کرتے ہیں، وہ بانٹتے ہیں۔قَسْمٌ اور قِسْمَۃٌ سے مضارع۔ ۳۲/۴۳،

یَقُصُّ: (ن) وہ بیان کرتا ہے، وہ سناتا ہے۔قَصَصٌ سے مضارع۔ ۵۷/۶، ۷۶/۲۷،

یُقْصِرُوْنَ: (اف) وہ باز آتے ہیں، وہ رکتے ہیں، وہ کمی کرتے ہیں۔اِقْصَارٌ سے مضارع ۲۰۲/۷،

یَقُصُّوْنَ: وہ بیان کرتے ہیں، وہ سناتے ہیں۔ ۱۳۰/۶، ۳۵/۷

یَقْضِ: (ض) چاہئے کہ وہ پورا کرے، چاہئے کہ وہ تمام کرے، یعنی موت دیدے (بصلۂ علیٰ) قَضَاءٌ سے امر غائب۔ ۷۷/۴۳،

یَقْضِ: وہ ادا کرتا ہے، وہ پورا کرتا ہے، وہ تمام کرتا ہے۔قَضَاءٌ سے مضارع۔ ۲۳/۸۰،

یُقْضٰی: اس کی قضا (موت) آئے گی، وہ پورا کیا جائے گا (بصلۂ علیٰ)، قَضَاءٌ سے مضارع مجہول۔ ۶۰/۶، ۱۱۴/۲۰، ۳۶/۳۵،

یَقْضُوْا: ان کو دور کرنا چاہئے، ان کو صاف کرنا چاہئے۔ قَضَاءٌ سے امر غائب۔ ٢٩/٢٢،

یَقْضُوْنَ: وہ فیصلہ دیتے ہیں، وہ حکم دیتے ہیں۔ قَضَاءٌ سے مضارع۔ ٢٠/٤٠،

یَقْضِیْ: وہ فیصلہ کرتا ہے، وہ حکم دیتا ہے۔ ٩٣/١٠، ٧٨/٢٧، ٢٠/٤٠، ١٧/٤٥،

یَقْضِیَ: وہ تمام کرتا ہے، وہ تکمیل کرتا ہے۔ ٤٢/٨، ٤٤/٨،

یَقْطَعُ: (ف) چاہئے کہ وہ کاٹ ڈالے، چاہئے کہ وہ موقوف کردے۔ قَطْعٌ سے امر غائب۔ ١٥/٢٢،

یَقْطَعَ: وہ قطع کرتا ہے، وہ کاٹتا ہے۔ قَطْعٌ سے مضارع۔ ٧/٨،

یَقْطَعَ: اس کو قطع کرنا چاہئے، اس کو چاہئے کہ وہ ہلاک کردے۔ قَطْعٌ سے امر غائب۔ ١٢٧/٣،

یَقْطَعُوْنَ: وہ قطع کرتے ہیں، وہ کاٹتے ہیں، وہ طے کرتے ہیں۔ ٢٧/٢، ١٢١/٩، ٢٥/١٣،

یَقْطِیْنٍ: کدو کا پودا، بیل دار پودا، اسم جنس ہے۔ ١٤٦/٣٧،

یَقُلْ: (ن) وہ کہتا ہے، قَوْلٌ سے مضارع۔ ٢٩/٢١،

یُقَلِّبُ: (تف) وہ ملتا ہے۔ تَقْلِیْبٌ سے مضارع۔ ٤٢/١٨،

یُقَلِّبُ: وہ (رات دن کو) الٹ پلٹ کرتا ہے، وہ ادل بدل کرتا ہے۔ ٤٤/٢٤،

یُقَلِّلُکُمْ: (تف) وہ تم کو کم کرکے دکھاتا ہے۔ تَقْلِیْلٌ سے مضارع۔ ٤٤/٨،

یَقْنُتْ: (ن) وہ فرمانبرداری کرے گا، وہ اطاعت کرے گا۔ قُنُوْتٌ سے مضارع ٣١/٣٣،

یَقْنَطُ: (س) وہ مایوس ہوتا ہے، وہ ناامید ہوتا ہے۔ قُنُوْطٌ سے مضارع ٥٦/١٥،

یَقْنَطُوْنَ: وہ مایوس ہوتے ہیں، وہ ناامید ہوتے ہیں۔ ٣٦/٣٠،

یَقُوْلَ: (ن) وہ کہتا ہے، وہ بولتا ہے۔ قَوْلٌ سے مضارع۔ ٢١٤/٢، ٧٩/٣، ٨٢/٣٦، ٢٨/٤٠، ٣١/٧٤،

یَقُوْلُ: وہ کہتا ہے، وہ بولتا ہے۔ ٨/٢، ٦٨/٢، ٦٩/٢، ٧١/٢، ١١٧/٢، ١٤٢/٢، ٢٠٠/٢، ٢٠١/٢، ٤٧/٣، ٥٣/٥، ١٠٩/٥، ٢٥/٦، ٧٣/٦، ١٤٨/٦، ٥٣/٧، ٤٩/٨، ٤٠/٩، ٤٩/٩، ١٢٤/٩، ١٨/١١، ٧/١٣، ٢٧/١٣، ٤٣/١٣، ٤٤/١٤، ٢٧/١٦، ٦٣ جگہ

یَقُوْلَا: وہ دونوں کہتے ہیں، وہ دونوں بولتے ہیں۔ ١٠٢/٢،

یَقُوْلَنَّ: وہ ضرور کہے گا۔ قَوْلٌ سے مضارع بانون تاکید۔ ٧٣/٤، ٧/١١، ١٠/١١، ٥٨/٣٠، ٥٠/٤١،

یَقُوْلُنَّ: وہ ضرور کہیں گے۔ ٦٥/٩، ٨/١١، ٤٦/٢١، ١٠/٢٩، ٦١/٢٩، ٦٣/٢٩، ٢٥/٣١، ٣٨/٣٩، ٩/٤٣، ٨٧/٤٣،

یَقُوْلُوْا: ان کو کہنا چاہئے۔ قَوْلٌ سے امر غائب۔ ٩/٤، ٥٣/٦، ١٠٥/٦،

یَقُوْلُوْا: وہ کہتے ہیں۔ قَوْلٌ سے مضارع۔ ٩/٤، ٧٨/٤، ٥٣/٦، ١٠٥/٦، ١٦٩/٧، ٥٠/٩، ١٢/١١، ٥٣/١٧، ٤٠/٢٢، ٥١/٢٤، ٢٠٣/٢٦، ٤٧/٢٨، ٢/٢٩، ٤٤/٥٢، ٢/٥٤، ٤/٦٣،

یَقُوْلُوْنَ: وہ کہتے ہیں۔ قَوْلٌ سے مضارع۔ ٢٦/٢، ٧٩/٢، ٧/٣، ١٦/٣، ٧٨/٣، ١٥٤/٣، ١٦٧/٣، ٤٦/٤، ٥١/٤، ٧٥/٤، ٨١/٤، ١٥٠/٤، ٤١/٥، ٥٢/٥، ٧٣/٥، ٨٣/٥، ٣٣/٦، ١٦٩/٧، ٦١/٩، ١٨/١٠، ٢٠/١٠، ٣١/١٠، ٣٨/١٠، ٤٨/١٠، ٩٢ جگہ

یَقُوْمَ: (ن) وہ قائم رہتا ہے، وہ کھڑا ہوتا ہے۔ قِیَامٌ سے مضارع۔ ٢٥/٥٧،

یَقُوْمُ: وہ قیام کرتا ہے، وہ کھڑا ہوتا ہے۔ ٢٧٥/٢،

۴۱/۱۴، ۵۱/۴۰، ۳۸/۷۸، ۶/۸۳،

یَقُومٰنِ: وہ دونوں قیام کرتے ہیں، وہ دونوں کھڑے ہوتے ہیں۔ ۱۰۷/۵،

یَقُومُوْنَ: وہ قیام کرتے ہیں، وہ کھڑے ہوتے ہیں۔ ۲۷۵/۲،

یُقِیْمَا: (اف) وہ دنوں قائم رکھیں گے، وہ دونوں پابندی کریں گے۔ اِقَامَۃٌ سے مضارع۔ ۲۲۹/۲، ۲۳۰/۲،

یُقِیْمُوْا: چاہئے کہ وہ قائم کریں، چاہئے کہ وہ ٹھیک ٹھیک ادا کریں۔ اِقَامَۃٌ سے امر غائب۔ ۳۷/۱۴،

یُقِیْمُوا: وہ قائم کرتے ہیں، وہ ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں۔ اِقَامَۃٌ سے مضارع۔ ۳۱/۱۴، ۵/۹۸،

یُقِیْمُوْنَ: وہ قائم کرتے ہیں، وہ ٹھیک ٹھیک ادا کرتے ہیں۔ ۳/۲، ۵۵/۵، ۳/۸، ۷۱/۹، ۳/۲۷، ۴/۳۱،

یَقِیْنًا: (اف) یقینی طور پر، تحقیقی طور پر۔ اِیْقَانٌ سے۔ ۱۵۷/۴،

یَقِیْنِ: یقینی طور پر، حقیقی طور پر۔ ۵۱/۶۹، ۵/۱۰۲، ۷/۱۰۲،

یَقِیْنٍ: یقینی طور پر، حقیقی طور پر۔ ۲۲/۲۷،

یَقِیْنِ: یقینی طور پر، حقیقی طور پر۔ ۹۵/۵۶،

یَقِیْنُ: موت۔ ۹۹/۱۵، ۴۷/۷۴،

ی ك

یَكُ: وہ ہوگا، وہ ہے، وہ تھا۔ کَوْنٌ سے مضارع بمعنی ماضی، فعل ناقص ہے۔ اصل لفظ یَکُوْنُ تھا، حرف شرط 'اَنْ' کی وجہ سے یَکُنْ ہوا، پھر آخر سے نون حذف ہوگیا۔ ۵۳/۸، ۷۴/۹، ۱۲۰/۱۶، ۶۷/۱۹، ۲۸/۴۰، ۸۵/۴۰، ۳۷/۷۵،

یَكَادُ: (س،ک) وہ نزدیک ہے، وہ قریب ہے، امید ہے۔ کَوْدٌ سے مضارع۔ ۲۰/۲، ۱۷/۱۴، ۳۵/۲۴، ۴۳/۲۴، ۵۲/۴۳، ۵۱/۶۸،

یَكَادُوْنَ: وہ نزدیک ہیں، وہ قریب ہیں۔ ۸۷/۴، ۹۳/۱۸، ۷۲/۲۲،

یَكْبِتَهُمْ: (ض) وہ ان کو ذلیل کرے گا، وہ ان کو بے عزت کرے گا۔ کَبْتٌ سے مضارع۔ ۱۲۷/۳،

یَكْبُرُ: (ک) وہ بڑا ہوتا ہے۔ کُبْرٌ و کِبَرٌ سے مضارع۔ ۵۱/۱۷،

یَكْبَرُوْا: (س) وہ بڑے ہو جائیں گے، وہ بالغ ہو جائیں گے۔ کِبْرٌ سے مضارع۔ ۶/۴،

یَكْتُبْ: (ن) چاہئے کہ وہ تحریر کرے، وہ چاہئے کہ وہ لکھے کَتْبٌ و کِتَابَۃٌ سے امر غائب۔ ۲۸۲/۲،

یَكْتُبَ: وہ تحریر کرتا ہے، وہ لکھتا ہے۔ ۲۸۲/۲،

یَكْتُبُ: وہ تحریر کرتا ہے، وہ لکھتا ہے۔ ۸۱/۴،

یَكْتُبُوْنَ: وہ تحریر کرتے ہیں، وہ لکھتے ہیں۔ ۷۹/۲، ۲۱/۱۰، ۸۰/۴۳، ۴۱/۵۲، ۴۷/۶۸،

یَكْتُمُ: (ن) وہ چھپاتا ہے، وہ پوشیدہ رکھتا ہے۔ کَتْمٌ و کِتْمَانٌ سے مضارع۔ ۲۸/۴۰،

یَكْتُمْنَ: وہ (عورتیں) چھپاتی ہیں، وہ پوشیدہ رکھتی ہیں۔ ۲۲۸/۲،

یَكْتُمُوْنَ: وہ چھپاتے ہیں، وہ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ ۱۴۶/۲، ۱۵۹/۲، ۱۷۴/۲، ۱۶۷/۳، ۳۷/۴، ۴۲/۴، ۶۱/۵،

یَكْتُمْهَا: وہ اس کو چھپائے گا۔ وہ اس کو پوشیدہ رکھے گا۔ ۲۸۳/۲،

یَكَدْ: (س،ک) وہ نزدیک تھا، وہ قریب تھا۔ کَوْدٌ سے مضارع۔ اصل لفظ یَکَادُ تھا۔ ۴۰/۲۴،

یُكَذِّبُ: (تف) وہ تکذیب کرتا ہے، وہ جھٹلاتا

ہے۔ تَکْذِیْبٌ سے مضارع۔ ۸۳/۲۷، ۴۳/۵۵، ۴۴/۶۸، ۱۲/۸۳، ۱/۱۰۷،

یُکَذِّبُكَ: وہ تیری تکذیب کرتا ہے، وہ تجھے جھٹلاتا ہے۔ ۷/۹۵،

یُکَذِّبُوْكَ: وہ تیری تکذیب کرتے ہیں، وہ تجھے جھٹلاتے ہیں۔ ۴۲/۲۲، ۴/۳۵، ۲۵/۳۵،

